کے ذریعے خلیے تحلیل کرنا ۔ (فعل لازم) (حیاتی کیمیا) اس طریقے سے تحلیل ہونا ۔

Lysenkoism, n. (حیاتیات) ماحولیت ؛ ایک نظریہ جس کے مطابق مکسوبہ خصوصیات ماحولی عوامل کے لونیات (chromosoms) اور مورثوں/جین پر اثرات کا نتیجہ ہوتی ہیں ، جو قدیم جینیاتی نظریے کی ضد ہے ۔

lysergic acid, n. ایک تیزابی قلمی ٹھوس مادّہ جو شیلم (ergot) سے ماخوذ ہے اور ایل ایس ڈی (LSD) کی بنیاد ہے ۔

lysin, n. (حیاتی کیمیا) لائی سن ؛ خلیہ پاش مادہ ؛ ان مادوں کے طبقہ میں سے کوئی ایک جو ضدجسمیے (antibody) کے طور پر عمل کرتے ہیں اور بکٹیریا اور خون کے ذرات اور دوسرے خلوی عناصر کو تحلیل یا تباہ کرتے ہیں ۔

lysine, n. (حیاتی کیمیا) لائی سائن ؛ بنیادی امائنو ایسڈ (amino acid) جو حیوانی پرورش کے لیے ضروری ہے ۔

lysis, n. (طب) مرض میں تدریجی تخفیف ۔ (حیاتی کیمیا) خلیہ پاش مادّہ لائنسن (lysin) کے ذریعے خلیوں کی تحلیل یا تباہی ۔

Lysol, n. لائیسول ؛ ایک عفونت رُبا مادّہ جس میں فینول (phenol) کے ماخوذات شامل ہوتے ہیں جن کو پانی میں تحلیل کے قابل بنانے کے لیے صابونی بنایا جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

lysozyme, n. (حیاتی کیمیا) لائسو زائم ؛ ایک خامرہ جو بکٹیریا کو توڑنے کے قابل ہے ، یہ بعض پودوں کے رس ، آنسوؤں ، آنول اور لیوکو سائٹ میں پایا جاتا ہے ۔

lytic, a. (فعلیات) خلیہ پاشانہ ؛ خلیہ پاشی سے متعلّق یا ایسی کیفیت پیدا کرنے والا ۔

lytta n. لائٹا ؛ غیظہ ؛ ایک لمبی کِرم نُما غضروف یا کرکری ہڈّی جو کُتّوں اور دوسرے گوشت خور جانوروں کی زبان میں پائی جاتی ہے ، اس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ اس سے ہلکاؤ یا سُعر پیدا ہوتا ہے

M

M, m, n. انگریزی حروف تہجی کا تیرھواں حرف اور دسواں حرف صحیح ؛ لبوں سے پیدا ہونے والی غنائی آواز کو ظاہر کرنے والا ؛ اس حرف کی ترسیمی شکل ؛ m,M کو ظاہر کرنے والی آواز ؛ اس حرف کی شکل کی کوئی چیز ؛ ایک ہزار کے لیے رومن ہندسہ ۔ (طباعت) حرف M یا m چھاپنے کا آلہ ؛ ایک ایم (فاصلے کا پیمانہ) ۔

ma, n. بچگانہ یا بول چال میں ماما کی ایک شکل ؛ ماں ؛ امّی ؛ امّاں ۔

ma'm, n. Madam کی ترخیم ۔(بول چال) میم ؛ میڈم ؛ خاتون ؛ بیگم ؛ بی بی ۔ (برطانوی) آدابِ شاہی کے مطابق ملکہ یا شہزادی کو مخاطب کرنے کے لیے ؛ عُلیا حضرت ۔

mac, n. (اکثر بڑے M سے) (عوامی) اس شخص کو مخاطب کرنے کے لیے جس کا نام معلوم نہ ہو ؛ فلاں ؛ امکاڈھمکا ۔ (برطانوی ، بول چال) برساتی ؛ باراں کوٹ ۔

macabre, macaber, a. ڈراؤنا ؛ بھیانک ؛ ہیبت ناک ؛ مہیب ؛ قبیح ؛ کریہہ المنظر ؛ موت کا نقشہ سامنے لانے والا ۔

macabrely, adv. ڈراؤنے انداز میں ۔

macaco, n. میکا کو ؛ سیاہ لیمور ؛ لیمور(بندر) کی کسی بھی نوع سے تعلق رکھنے والا ؛ میمون ؛ بوزنہ ۔

macadam, n. [جے ۔ ایل۔میک آدم (۱۷۵۶ء—۱۸۳۶ء) مُوجد کی نسبت سے] میک آدم ؛ پکی سڑک ؛ میک آدم کے طرز و طریقہ پر بنائی گئی سڑک ؛ ایسی سڑک بنانے میں استعمال ہونے والا مسالا ؛ سنگِ فرش ۔

macadamize, v.t. پکّی سڑک بنانا ؛ کُٹی ہوئی روڑی کی سڑک بنانا جس میں تار کول یا تار کول اور ریت کا مرکب یا اسفالٹ استعمال کیا گیا ہو ۔

macadamization, n. پکی سڑک بنانے کا عمل ؛ کنکر کُٹائی ؛ میکادمی طریقے پر سڑک کی تعمیر ۔

macadamianut, n. میکا ڈامیا ؛ سخت خول والا کھانے کا گری دار پھل جو آسٹریلیا کے میکا ڈامیا جنس کے درخت سے حاصل ہوتا ہے ۔

macaque, n. مکاک ؛ مکاکا جنس کے مختلف بندروں میں سے کوئی ایک ، یہ زیادہ تر ایشیا میں پایا جاتا ہے ، اس کی دُم چھوٹی اور گال پُھولے ہوئے ہوتے ہیں ۔

macaroni, maccaroni, n. مکرونی ؛ سوئیاں ؛ میدے کے سیو ۔ (سابقاً) البیلا ؛ چھیلا ؛ رنگیلا ؛ چھبیلا ؛ بانکا ؛ خودبیِن ؛ خود پسند ؛ خودنُما ؛ خوش پوش ؛ بنا سنورا ہوا ۔

macaronic, a. (ادب) اُس نظم سے متعلق جس میں کئی زبانیں استعمال کی گئی ہوں ؛ اُس نظم کا جس میں لاطینی یا یونانی زبان کے ساتھ دوسری زبانوں کے الفاظ کام میں لائے گئے ہوں ؛ ظریفانہ نظم جس میں لاطینی الفاظ اور غیر لاطینی اختتامیوں یا لاحقوں سے ترکیب دیئے گئے مرکبات استعمال کئے گئے ہوں ؛ زبانوں کا مرکب ۔ (مجازاً) معجون مرکب ؛ کھچڑی ؛ خلط ملط ؛ گھال میل ؛ گڈ مڈ ۔ (اسم ، عموماً جمع) مرکب ذہن ، نظم یا شعر ؛ کھچڑی قسم کی زبان ۔

macaronically, adv. مرکب انداز سے ؛ کھچڑی کی طرح سے ۔

macaroon, n. مکرون ؛ بادام کے آٹے کے بنے ہوئے بسکٹ ؛ میٹھی بادامی روٹی ؛ بادامی کیک بسکٹ ؛ ایک طرح کا میٹھا کیک یا بسکٹ جو انڈے کی سفیدی اور چینی کے ساتھ بادام کے آٹے یا کدوکش کیے ہوئے کھوپرے کو ملا کر بنایا گیا ہو ۔

macaw, n. مَیکا ؛ مکاؤ ؛ امریکی طوطا ؛ لمبی دُم والا طوطا ؛ خوش رنگ طوطا ؛ لمبی دُم والا طوطا ، خصوصاً ارا جنس کا ، جو امریکہ کے حارّی اور معتدل حارّی خطے میں پایا جاتا ہے اور اپنے چمکیلے پروں اور بھاری آواز کی وجہ سے مشہور ہے ۔

Macabees, n. مکابی ؛ عہد قدیم کی وہ کتابیں جو میکابی شہزادوں کے زیرنگیں یہودی تاریخ سے متعلق ہیں اور ان کو مشکوک کتابوں میں شمار کیا جاتا ہے ؛ یہودی پیشواؤں اور وطن پرستوں کا

خاندان ، جو متاہیاس اور اس کے بیٹوں کی نسل سے ہے ، جس نے قومی اور مذہبی آزادی کے لیے ۱۶۸ قبل مسیح میں شامیوں کے خلاف انقلاب شروع کیا ۔

Macabean, a. مکابی ۔

maccaboy, maccoboy, maccabaw, n. ایک قسم کی معطر نسوار ؛ سونگھنے والی نسوار جو عطر گلاب میں بسی ہوتی ہے ۔

mace, n. عصا ؛ بلم ؛ نیزا ؛ قرون وسطیٰ کا ایک ہتھیار ، جو دھات کی شام چڑھی ہوئی لاٹھی پر مشتمل ہوتا تھا ؛ لاٹھی سے مشابہ کوئی ہتھیار یا آلہ ؛ وہ عصا جو عہدے یا منصب کے اظہار کے لیے بعض منصب داروں کے آگے رکھا جاتا ہے ؛ عصائے عہدہ ؛ عصا بردار ؛ چپٹے سرے والی ہلکی چھڑی جو پہلے بلیرڈ کھیلنے کے لے کیو (cue) کی جگہ استعمال ہوتی تھی ۔

macebearer, n. عصا بردار ۔

mace, n. جَوتَری ؛ جوتری ؛ جاوتری ؛بسباسہ ؛ بسباسہ ؛ پوست جوز ؛ بزباز ؛جائفل (جائے پھل) کے بیجوں کا سوکھا ہوا چھلکا جو عموماً پیس کر کھانا پکانے یا اچار ڈالنے میں کام آتا ہے ۔

Mace, n. میس ؛ ایک چھڑکنے والی کیمیائی دوا جو ۳۰ فٹ تک موثر ہوتی ہے ، یہ متاثرہ شخص کو مطیع بنا دیتی ہے ، پولیس ا سے خود سر مجرموں پر قابو پانے کے لیے استعمال کرتی ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔ (چھوٹے m سے) (فعل متعدی) میس دوا کا چھڑکاؤ کرنا ۔

macedoine, n. سلاد ؛ چٹنی ، جس میں جیلی شامل ہو ؛ پھلوں یا سبزیوں کی پھانکوں یا ٹکڑوں کا مرکب ؛ کوئی سا مرکب یا آمیزہ ۔

Macedonian, a. مقدونی ؛ قدیم یا جدید مقدونیہ سے نسبت رکھنے والا ؛ مقدونی زبان یا لوگوں کا یا ان سے متعلق ۔ (اسم) قدیم یا جدید مقدونیہ میں پیدا ہونے یا بسنے والا شخص ؛ جدید مقدونیہ میں بولی جانے والی سلافی (Slavic) زبان ؛ قدیم مقدونیہ کی معدوم زبان ۔

macerate, v.t. کُوٹنا ؛ بھگو کرنرم کرنا ؛کسی شے کے اجزا کو گرم کر کے یا گرم کیے بغیر الگ کرنا ؛ گُھلا نا ؛ نرم کرنا ؛ گداز کرنا ؛ بھگو کر قابل حل اجزا اخذ کرنا ؛ نرم کرنا یا اجزا الگ کرنا جیسا کہ خوراک کو عمل انہضام کے ذریعے ؛ تحلیل کرنا ؛ دُبلا کرنا یا ضائع کرنا ۔ (فعل لازم) اجزا الگ ہونا ؛ نرم ہونا ؛ تحلیل ہونا ۔

mach, mach number, n. (بعض اوقات بڑے M سے) [آسٹریا کے ماہر طبیعیات ارنسٹ میک (۱۸۳۸ء — ۱۹۱۶ء) کے نظریے کے مطابق] میک نمبر ، کسی واسطے میں متحرک شے کی رفتار اور آواز کی رفتار کا باہمی تناسب و تعلق جو عددی صورت میں ظاہر کیا جاتا ہے (جیسے mach 1 آواز کی رفتار کے مساوی رفتار) ۔

mach angle, n. میک زاویہ ؛ میک لائن اور کسی متحرک شے کے خط پرواز کے درمیان زاویۂ حادّہ ۔

machete, n. خنجر ؛ چُھرا ؛ ایک بڑا چاقو جو خاص طور پر وسطی اور جنوبی امریکا میں آلے یا ہتھیار کے طور پر مستعمل ہے ۔

Machiavellian, a. میکیاولیائی ؛ اطالوی سیاست دان اور ادیب نکولائی میکیاولی (۱۳۶۹ء — ۱۵۲۷ء) سے نسبت یا مطابقت رکھنے والا ؛ میکیاولی اصولوں کے مطابق ؛ میکیاولی کے نظریات سیاست پر یقین رکھنے والا ؛ سیاسی اقتدار کو حاصل کرنے اور اسے برقرار رکھنے میں دھوکے اور عیاری سے کام لینے والا ؛ دورُخی چال چلنے والا ؛ چالباز ؛ زمانہ ساز ؛ شاطِر ؛ عیّار ؛ چھلیا ۔ (اسم) میکیاولی کے اُصولوں کو اختیار کرنے والا شخص ۔

Machiavellianism, n. میکیاولیّت ؛ میکیاولی کے اُصولِ سیاست ؛ مکّاری ؛ فریب ؛ عیاری ؛ منافقت ۔

machicolation, n. (فن تعمیر) مزغل ؛ روزن فصیل ؛ چھجّے یا مُنڈیر کے فرش کا وہ سوراخ جو دُشمن پر پگھلا ہوا سیسہ یا تیر اور نیزے پھینکنے کے لیے استعمال ہوتا تھا ؛ ایسے سوراخ والا ساختمان ۔

machicolate, v.t. مزغل یا سُوراخ بنانا ۔

machinate, v.t., v.i. جوڑ توڑ کرنا ؛ چالیں چلنا ؛ سازش کرنا ؛ ریشہ دوانی کرنا ؛ خفیہ منصوبہ بنانا ؛ سانٹھ گانٹھ کرنا ؛ فتنہ پردازی کرنا ؛ عیاری کرنا ۔

machination, n. جوڑ توڑ ؛ ریشہ دوانی ؛ سانٹھ گانٹھ ؛ جوڑ توڑ کا عمل یا فعل ؛ سازش ؛ عیّاری ؛ فتنہ پردازی ۔ (اکثر جمع) عیارانہ منصوبہ ؛ بداندیشی یاخبیث منصوبہ ۔

machinator, n. فتنہ جُو ؛ عیّار ؛ چالباز ؛ گھاتی ؛ چھل باز ؛ سازشی ؛ فتنہ پرداز ۔

machine, n. مشین ؛ کل ؛ آلہ ؛ آلۂ جرِّثقیل ؛ مختلف وظائف انجام دینے والے باہم مربوط حصّوں پر مشتمل آلہ جو کسی بھی قسم کے کام کے لیے استعمال ہو ؛ میکانی آلہ ؛ میکانی طریقے سے چلنے والی چیز مثلاً موٹر کار یا بائیسکل ؛ تدبیر ، جو خصوصاً قدیم تھیٹر میں اسٹیج پر مُختلف تأثّرات پیدا کرنے کے لیے اختیار کی جاتی تھی ؛ کوئی واقعہ یا خاکہ جو کسی ادبی تخلیق میں تاثر پیدا کرنے کے لیے متعارف کیا گیا ہو ؛ انسانی یا حیوانی ڈھانچا جسے ایک میکانی آلہ خیال کیا جاتا ہے ؛ مشین کی طرح کام کرنے والا شخص ؛ کوئی سا مخلوط ذریعہ یا نظام (جیسے :the machine of government) ؛ سیاسی جماعت یا کسی دوسری تنظیم کو چلانے والے افراد کی جمعیت ؛ توانائی کو منتقل یا اس میں اصلاح کرنے والا آلہ جیسے بیرم ؛ فانہ ، پہیّہ اور دُھرا ، چرخی ، پیچ اور سطح مائل ۔ دیکھیے : simple machine ۔ (فعل متعدی) مشین یا میکانی آلے کے ذریعے بنانا ، تیار کرنا یا مُکمّل کرنا ۔

machinability, n. آلہ پذیری ؛ مشین پذیری ؛ مشین کی طرح کام کرنے کی صلاحیت ؛ مشین کے ذریعے بننے یا گھڑے جانے کی صلاحیت ۔

machinable, machineable, a. آلہ پذیر ؛ مشین پذیر ؛ مشین کی طرح کام کرنے کے قابل ؛ مشین کے ذریعے بننے یا گھڑے جانے کے قابل ۔

machinelike, a. آلہ نما ؛ مشین جیسا ۔

machine gun, n. مشین گن ؛ خود کار ہتھیار ، جو تیز رفتاری سے مسلسل گولیاں چلانے کی صلاحیّت رکھتا ہے ۔ (فعل متعدی) مشین گن کے ذریعہ گولیاں برسانا ۔

machine gunner, n. مشین گن چلانے والا ۔

machine language, n. مشینی زبان ؛ خاص اشاروں کے ذریعے ظاہر کی گئیں ایسی ہدایات یا معلومات جنھیں کمپیوٹر کے ذریعے محفوظ کیا جاسکے یا دوسروں تک پہنچایا جاسکے ۔

machinery, n. مشینری ؛ کل پُرزے ؛ کلیں ؛ کل کی ساخت ؛ آلات ؛ آلاتِ جرِّثقیل ؛ مشینوں یامیکانی آلات کا مجموعہ یا وظائفی اکائی ؛ مشین کے پُرزے بحیثیت مجموعی ؛ نظام کار ؛ اداروں کا کوئی امتزاج یا نظام جس کے ذریعہ عمل کو جاری و ساری رکھا جاسکے (جیسے :

(machinery of government) - (اسٹیج ڈراما) اسی تدابیر کا مجموعہ جن کے ذریعے اسٹیج پر مختلف تاثرات پیدا کیے جاتے ہیں - (ادب) پلاٹ یا اصل قصّے کی مختلف تدابیر خصوصاً اسی تدابیر جن میں مافوق الفطرت مخلوق یا واقعات ملوث ہوں -

machine shop, n. خراد گھر ؛ کارخانہ ؛ ورکشاپ ؛ صنعت گاہ ؛ ورکشاپ جہاں مواد خصوصاً دھات کو مشینی آلات کے ذریعے کاٹا جاتا ہے اور اسے مختلف صورتیں دی جاتی ہیں -

machine tool, n. مشینی آلہ ؛ توانائی سے چلنے والی مشین جو لکڑی ، دھات وغیرہ کو کاٹنے اور صُورت دینے کے کام آتی ہو مثلاً خراد مشین یا رندہ -

machine translation, n. مشینی ترجمہ ؛ کمپیوٹری ترجمہ ؛ کمپیوٹر کی ہدایات کی ایک سے دوسری زبان میں منتقلی -

machinist, n. مستری ؛ مشین چلانے والا ؛ مشین بنانے والا ؛ مشین مرمت کرنے والا ؛ مشین کار ؛ مشین ساز ؛ کل ساز - (امریکی بحریہ) وارنٹ آفیسر جو انجنیئر افسر کے ماتحت کام کرتا ہے -

machismo, n. مظاہرۂ مردانگی (مبالغہ آمیز) ؛ مردانہ یقین دہانی -

machline, n. خطِ میک ؛ میک لائن ؛ ایک ایسا فرضی خط جو اُس مخروطی شکل کی صدمہ موج (shock wave) کے عقبی پھیلاؤ (back sweep) کو ظاہر کرتاہے کہ جو ایک انتہائی مہین فرضی ذرّے کی حرکت سے اُس وقت پیدا ہوتا ہے جب یہ ذرّہ حقیقی جسم یا ذرّے ہی کی رفتار سے اور خط پرواز پر حرکت کر رہا ہو ، یہ بالا صوتی رفتار (supersonic speed) کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اثرات کے تعیّن کے لیے استعمال ہوتا ہے -

machmeter, n. مَیک میٹر ؛ میک پیمانہ ؛ ایک خصوصی پیمانہ جو صوتی رفتار کی اضافی نسبت سے ہوا کی رفتار کی پیمایش کرتا ہے اور اُس رفتار کو ظاہر کرتا ہے جس سے یہ پیمانہ استعمال کرنے والا جہاز ، داب پذیری یا میک اثر کی وجہ سے ، نقصان اُٹھائے بغیر ، تجاوز نہیں کر سکتا - دیکھیے : mach -

mach wave, n. میک موج ؛ صدمہ موج کی ایک قسم جو ایک انتہائی مہین فرضی ذرّے سے نظری طور پر اُس وقت پیدا ہوتی ہے جب وہ حقیقی جسم یا ذرّے کی طرح بالا صوتی رفتار (supersonic speed) سے حرکت کر رہا ہو ، یہ موج خطِ پرواز کے ساتھ میک زاویہ بناتی ہے - دیکھیے : mach -

mack, mac, n. (برطانوی بول چال) برساتی ؛ باراں کوٹ -

mackerel, n. اسقمری (مچھلی) ؛ ایک قسم کی خوردنی مچھلی جو شمالی اوقیانوس میں پائی جاتی ہے جس کے جسم کا نچلا حصہ نقرئی ہوتا ہے اور اوپر گہری نیلی دھاریاں ہوتی ہیں ؛ اسقمری خاندان کی کوئی مچھلی -

mackerel sky, n. آسمان لکہ دار ، آسمان جس پر بادلوں کے اون جیسے چھوٹے سفید ٹکڑے چھائے ہوں -

Mackinaw, Mackinaw coat, n. میکینا ؛ چھوٹا کوٹ جو اکثر دھاری دار کمبل جیسے اونی کپڑے سے بنایا جاتا ہے -

Mackinaw blanket, n. میکیناکمبل ؛ ایک موٹا کمبل جو اکثر رنگین دھاریوں یا پٹیوں کی صورت میں بُنا ہوتا ہے جسے پہلے زمانے میں شمالی اور مغربی امریکا کے انڈین ، لکڑہارے (چوب تراش) اور تاجر وغیرہ اوڑھتے تھے -

Mackinaw boat, n. میکینا کشتی ؛ چپٹے پیندے والی کشتی جس کا اگلا حصّہ (پیش) اور دُنبالہ چوکور ہوتا ہے اور جسے اکثر چپّوؤں اور کبھی کبھی بادبانوں کی مدد سے چلایا جاتا ہے -

mackintosh, macintosh, n. [موجد چارلس میکنٹوش (۱۷٦٦ء — ۱۸۴۳ء) کے نام پر] میکنٹوش ؛ برساتی ؛ باران کوٹ ؛ وہ کپڑا یا اس سے بنا ہوا کوٹ جِسے ہندوستانی ربڑ کی تہ کے ذریعے پانی روک یا واٹر پروف بنایا جاتا ہے ؛ پانی سے محفوظ کپڑا یا کوٹ -

mackintoshed, a. مومیایا ہوا ؛ واٹر پروف بنایا ہوا ؛ پانی روک ؛ واٹر پروف -

mackle, macule, n. دوہری چھپائی یا کسی اور وجہ سے چھپائی کا دھندلا پن یا دھبّا - (فعل متعدی و لازم) دھبّا ڈالنا یا دھبّا پڑنا -

macle, n. جُفت بِلّور ؛ جفت کرسٹل خصوصاً چپٹا ؛ ہیرے کا جُفت کرسٹل -

macrame, macrame lace, n. میکریم ؛ (بٹے ہوئے دھاگے کی) جھالر جو عموماً ہندسی نمونوں کی صورت میں بُنی ہوتی ہے ؛ حاشیہ -

macrobiotics, n. نظریۂ کلاں حئی ؛ جاپانی بدھ فرقے زین کے تصوّرات سے ماخوذ یہ نظریہ کہ نباتی غذا متوازن اور کائنات سے ہم آہنگ ہوتی ہے -

macrocephalic, macrocephalous, a. (طب) کلاں سر ؛ بڑے سر والا ؛ غیر معمولی بڑے سر یا قحفی گنجایش والا -

macrocephaly, n. (طِب) کلاں سری -

macrocosm, n. (فلکیات) دُنیا ؛ سنسار ؛ جگت ؛ کائنات ؛ عَالَمِ اکبر یا عالمِ کبیر ؛ عالمِ صغیر کی ضد ؛ مکمل مختلف الاجزا ادارہ یا تنظیم (جیسے : macrocosm of poverty) ؛ کسی چھوٹی اکائی کا بڑا نمونہ ؛ کوئی بڑا کُل جو بجائے خود ایک دُنیا ہو -

macrocosmic, a. کائناتی -

macrocosmically, adv. کائناتی طریقے سے ؛ بڑے پیمانے پر -

macrocyte, n. کلاں خُلیہ ؛ خون کا وہ سرخ خلیہ جو غیر معمولی طور پر بڑا ہو -

macrocytic, a. کلاں خُلیائی -

macrocytosis, n. کلاں خُلیائیت -

macroevolution, saltation evolution, n. ارتقائے کبیر ، جستی ارتقا ؛ حیوانات یا نباتات میں انواع کی سطح سے بلند تر اچانک پیچیدہ تغیُّر یا موروثی تبدیلی -

macroevolutionary, a. ارتقائے کبیر سے متعلق ؛ ارتقائے کبیر لانے والا -

macrogamete, megagamete, n. (حیاتیات) کلاں گمٹہ ؛ مادہ گمٹہ ؛ ملاپ کرنے والے دو گمٹوں میں سے بڑا گمٹہ ، عموماً مادہ باز آفریں خلیہ -

macrograph, n. جَلی خط ؛ بڑا بڑا لِکّھا ہُوا ؛ کلاں ترسیم ؛ قد آدم یا اس سے بڑی تصویر یا فوٹو -

macrography, n. جَلی نویسی ؛ کلاں نگاری ؛ کسی چیز کی ننگی آنکھ سے تفتیش کرنا ، خُرد نگاری (micrography) کے برعکس ؛ تحریر میں بڑے حروف کا استعمال ؛ موٹے حروف میں لکھائی یا ایسی تحریر -

macroinstruction, macro, n. واضح ہدایت ؛ ایسا مرموز (coded) حکم جِس میں کمپیوٹر کے عمل کے کسی تسلسل کی ہدایت کی جاتی ہے -

macron, n. (گرامر) بڑا مدّ ؛ مدِّ کلاں ؛ کسی حرفِ عِلّت

پر ایک چھوٹی سی اُفقی لکیر [–] جس سے ظاہر ہو کہ اس حرف کو کھینچ کر پڑھنا ہے جیسے لفظ Cave میں a ؛ اردو میں [آ] کی علامت جیسے لفظ آنا میں آ ۔

macronucleus, n. (حیوانیات) نواتِ کبیر ؛ بڑا مرکزہ ؛ بدبہ دار (مژگاں دار) نُخُر حوینی (ciliate protozoan) میں بڑا مرکزہ ۔

macronuclear, macronucleate, a. بڑے نوات یا مرکزے والا ۔

macrophage, n. (حیاتیات) ایک بڑا اکّال خُلیہ جو واصل بافتوں میں پایا جاتا ہے ۔

macrophagic, a. بڑا اکّال خلیائی ۔

macropterous, a. (حیوانیات) بڑے پروں والا ؛ لمبے پروں والا ؛ دراز پرا ؛ کلاں پرا ۔

macroptery, n. کلاں پری ؛ دراز پری ۔

macroscopic, macroscopical, a. کلاں بینی ؛ بڑا ؛ کلاں ؛ مرئی بچشم ؛ ننگی آنکھ سے نظر آنے والا ؛ خُردبین کی مدد کے بغیر دکھائی دینے والا ؛ اجمالی ؛ مرئی ؛ تفصیلی ؛ خُرد بینی (microscopic) کی ضد ۔

macroscopically, adv. اجمالی طور پر ؛ ننگی آنکھ کے ذریعہ ؛ مرئی طور پر ؛ کلاں بینی سے ۔

macrurun, macrurul, macruroid, a. (حیوانیات) لمبی دُم والے گروہ سے متعلق ؛ دراز دُمہ ؛ خول دار (قشریہ) حیوانات کے ذیلی گروہ دراز دُمہ کا یا اس سے تعلّق رکھنے والا ، جن میں جھینگا مچھلی ، میگو ماہی اور چنگری شامل ہیں اور جو لمبے پیٹ اور لمبی دُم کی وجہ سے قشر یہ حیوانات کی دوسری اقسام سے ممیّز ہیں ۔ (اسم) دراز دُم خول دار حیوان ۔

macrurous, a. دراز دُمہ ؛ قشریہ حیوانات کے ذیلی گروہ سے تعلق رکھنے والا ۔

macula, macule, n. (حیاتیات) داغ ؛ خال ؛ کَلف ؛ جلد کا داغ یا دھبّا ، خاص طور پر جلد کا بے رنگ داغ ۔

macular, a. جلد کے داغ کا ؛ جلدی داغ سے متعلّق ۔

maculate, v.t. داغنا ؛ داغ لگانا ؛ دھبّا لگانا ؛ نجس کرنا ؛ آلودہ کرنا ؛ گندا کرنا ۔ (صفت) داغدار ، دھبّوں والا ، نخالص ، آلودہ ۔

maculation, n. دھبّا ؛ نِشان ؛ داغ جلد ؛ داغ دار حالت ؛ داغوں کے ذریعے لگائی ہوئی نشانی (جانوروں یا پودوں پر) ؛ مسخ کرنے والا داغ ؛ بگاڑ ۔

macule, n. داغ جلد ؛ کلف ؛ دھبا ؛ سیاہی ؛ چھپائی کا دھبّا ؛ داغِ طباعت ۔ (فعل لازم/متعدی) داغ لگنا ؛ داغ لگانا ۔

mad, a. پاگل ؛ باؤلا ؛ سودائی ؛ بے خود ؛ سڑی ؛ مجنون ؛ حواس باختہ ؛ جُنونی ؛ بولایا ہوا ؛ پاگلوں کا سا ؛ دیوانہ وار ؛ مجنونانہ (جیسے : mad cries, mad haste) ؛ (کسی چیز کے پیچھے) دیوانہ ؛ آپے سے باہر ؛ (غصے سے) پاگل ؛ آگ بگولہ ؛ جھنجلایا ہوا ؛ جھلا یا ہوا ؛ تندو تیز (جیسے: mad tempest) ؛ غیر معمولی غصیلا اور تُند (جیسے : a mad bull) ؛ (خوشی سے) پاگل یا باؤلا (جانور) ۔ (فعل لازم) پاگل ہونا ؛ سودائی ہونا وغیرہ ۔ (فعل متعدی) پاگل کرنا ؛ سودائی کرنا وغیرہ ۔ (اسم) دیوانگی کا دورہ ؛ جھنجلاہٹ یا غصّے کا دورہ ، غصّہ ؛ پاگل پن ۔

like mad, (عوامی) دیوانہ وار ؛ بہت عجلت اور جوش کے ساتھ ۔

mad as a hatter, بالکل پاگل ، خبطی ۔

madly, adv. دیوانہ وار ؛ پاگلوں کی طرح ۔

madam, n. میڈم ؛ خاتون ؛ بانو ؛ خانم ؛ محترمہ ؛ بیگم ؛ اصلاً رُتبے یا اقتدار کی حامل عورت کو مخاطب کرنے کا کلمہ ، لیکن اب کسی بھی عورت کو اخلاقاً مخاطب کرنے کے لیے ؛ اُمور خانہ داری کی منتظم عورت ؛ گھر والی ؛ خاتون خانہ ؛ چکلا چلانے والی عورت ؛ نائکہ ۔

madame, n. (لفظ madam کی فرانسیسی صورت) مادام ؛ خاتون ؛ محترمہ ؛ عزت کا فرانسیسی خطاب جو اس شادی شدہ عورت کے لیے استعمال ہوتا ہے جو انگریز یا امریکی نہ ہو ۔ مخفف : Mme ۔

madcap, a. غصیلا ؛ جنونی ؛ جلد باز ؛ بے پروا ؛ عاقبت نا اندیش ؛ بے دھڑک ؛ من موجی ؛ مضطر ؛ بدحواس ؛ بے وقوف ؛ وہمی ، وحشی ؛ سر پھرا ؛ شو ریدہ سر ۔ (اسم) متلوّن مزاج یا شوریدہ سر شخص ۔

madden, v.t. دیوانہ بنانا ؛ پاگل بنانا ؛ سودائی بنانا ؛ مجنون بنانا ؛ آپے سے باہر کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ بھڑکانا ؛ برانگیختہ کرنا ، طیش میں لانا ؛ برافروختہ کرنا ۔ (فعل لازم) غصّے میں آنا ؛ برافروختہ ہونا ؛ طیش میں آنا ؛ برانگیختہ ہونا ؛ باؤلا یا سڑی ہونا ؛ دیوانہ ہونا ؛ مجنون ہونا ۔

maddening, a. پاگل کرنے والا ؛ وحشت انگیز ؛ جنون خیز ؛ دیوانہ بنانے والا ؛ برافروختہ کرنے والا ؛ طیش میں لانے والا ؛ غصہ آور ۔

maddeningly, adv. دیوانہ کن انداز سے ؛ دیوانہ وار ، دیوانوں کی طرح ؛ وحشت انگیز طور سے ؛ جنون خیز اسلُوب سے ۔

madder, n. (نباتیات) مجیٹھ ؛ رُوناس ؛ میدر ؛ جنس مجیٹھ سے تعلق رکھنے والا یورپی پودا جو ہالینڈ اور تُرکی میں پایا جاتا ہے ، کسی زمانے میں اس کی وسیع کاشت کی جاتی تھی اور اس کی جڑوں سے سُرخ رنگ حاصل کیا جاتا تھا ؛ سرخ مجیٹھیا رنگ جو اس پودے کی جڑوں سے حاصل ہوتا ہے ؛ جنس مجیٹھ کا کوئی بھی پودا ۔

madding, a. پاگلوں کی سی حرکت کرنے والا ؛ بیوقوفانہ روش کا مظاہرہ کرنے والا ؛ پاگل پن کی ترغیب دینے والا ؛ جنون آور ۔

made, a. بنایا ہوا ، وضع کیا ہوا ؛ تعمیر شدہ ؛ ساختہ ؛ وہ شے جو قُدرتی طور پر وجود میں نہ آئی ہو ؛ ایجاد کی ہوئی ، گھڑی ہوئی مثلاً گھڑا ہوا لفظ ؛ خاص طور پر ایسی چیز جو کئی اجزا کو ملا کر بنائی گئی ہو (جیسے : a made dish, a made gravy) ؛ وہ جس کی خوش نصیبی یا کامیابی یقینی ہو (جیسے : a made man,) ۔

have it made, (عوامی) اچھی صورتِ حال میں ہونا ؛ خوش قسمتی ہونا ؛ کامیاب ہونے کا یقین رکھنا ۔

Madeira, n. (پُرتگالی) مدیرا ؛ سفید انگوری شراب ؛ وہ شراب جو شیری کی مانند ہوتی ہے ، جو پُرتگالی جزیرے مدیرا میں بنائی جاتی ہے ۔

mademoiselle, n. مادامو زیل ؛ مادمُزیل ؛ آنسہ ؛ فرانس کا احترامی خطاب جو ایسی غیر شادی شدہ لڑکی کے لیے احتراماً بولا جاتا ہے جو انگریز یا امریکی نہ ہو ، یہ یا تو الگ سے بولا جاتا ہے یا Miss کی طرح نام سے پہلے لگا دیا جاتا ہے ۔ دیکھیے : madame ۔ مخفف : Mlle ۔

made-up, a. گھڑی ہوئی ؛ من گھڑت ؛ جی سے بنائی ہوئی ؛

خود سے بنائی ہوئی ؛ خود ساختہ ؛ بنایا ہوا ، ایجاد کیا ہوا ؛ ایجاد شُدہ ؛ اکٹھی کی ہوئی ؛ یکجا کی ہوئی ؛ طے کیا ہوا ؛ ٹھانا ہوا ؛ پکا/اٹل/مصمّم (ارادہ) (جیسے : a made-up mind) ؛ آراستہ ؛ بناؤ سنگار والا ؛ بنا سنورا ہوا ؛ غازہ ، سُرخی وغیرہ سے آراستہ ۔

madhouse, n. پاگل خانہ ؛ اُلجھی ہوئی / گڈ مڈ/پریشان کن/درہم برہم جگہ یا صُورتِ حال ؛ دماغی طور پر پریشان لوگوں کا شفاخانہ یا ٹھکانا ۔

madman, n. پاگل ؛ خبطی ؛ دیوانہ آدمی ؛ سودائی ؛ باؤلا ؛ سڑی ۔

madness, n. دیوانگی ؛ پاگل پن ؛ جنون ؛ سودا ؛ خبط ؛ پاگل پن کی حالت یا وصف ؛ انتہائی جوش یا جذبہ ؛ نادانی ؛ (کُتے کا) پاگل پن ؛ باؤلا پن ۔

Madonna, n. مریم عذرا ؛ حضرت مریم ؛ عموماً the کے ساتھ ؛ حضرت مریم کا مجسمّہ یا تصویر ۔

Madonna lily, Annunciation lily, n. سفید سوسن ؛ ایک عام سخت جان سوسن جس کی پتیاں سفید ، مومی اور شفاف ہوتی ہیں ۔

madras, n. (مدراس کے نام پر) مدراسی ؛ باریک دھاگے سے گھنا بُنا ہُوا کپڑا جس پر دھاریاں یا نمونے بنے ہوتے ہیں اور لباس بنانے کے کام آتا ہے ؛ ہلکا چھدرا بُنا ہوا کپڑا جس پر نسبتاً زیادہ وزنی دھاگے سے پٹیاں بنی ہوتی ہیں ؛ بڑا سُوتی رومال ۔

madrepore, n. (حیوانیات) مرجان سفتہ ؛ مرجانی کرم ؛ ایک قسم کا بندھا ہوا مُونگا ؛ وہ کیڑا جس سے یہ مونگا پیدا ہوتا ہے ؛ ایک عام قسم کا شاخ دار پتھر جیسا ترائی مونگا ۔

madreporian, madreporic, madreporitic, a. مرجانی ؛ مرجان کا ؛ مرجان سے متعلق ۔

madrigal, n. گوال گیت ؛ شبانی نظم ؛ دیہاتی عاشقانہ راگ ؛ مختصر عاشقانہ یا شبانی نظم ، جو خاص طور پر سولھویں صدی میں مقبول تھی ؛ گوال گیت جسے بآسانی موسیقی میں باندھا جاسکے ؛ رتوائی ؛ کجری ؛ بغیر ساز کے گایا جانے والا گیت جسے عموماً پانچ یا چھ افراد گاتے ہیں جس میں گمکی تال استعمال ہوتی ہے ؛ کوئی جزوی گیت ۔

madrigalist, n. گوال گیت گانے والا یا اس کی دُھن بنانے والا ۔

madrilene, شفّاف ، ٹماٹر کی مہک والی یخنی جو عام طور پر یخ بستہ پیش کی جاتی ہے ۔

madrono, madrona, madrone, n. (نباتیات) میڈرونا ؛ آرایشی سدابہارجھاڑی جو مغربی شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ، اس کی چھال ہموار ، سرخ ، پتے چمکدار اور پھل نارنجی سُرخ ہوتے ہیں ، اس کا تعلق اریقی خاندان کے توت فرنگی سے ہے ۔

maduro, n. میڈورو ؛ سیاہ رنگ کا تیز مہک والا سگار ۔

madwort, n. (نباتیات) زر مسرّت ؛ گاؤ زبان کی جنس کا خار دار ڈنٹھل والا پودا ؛ رائی کے خاندان کا زرد پھولوں والا پودا ۔

Maecenas, n. [رومی ادبی سرپرست میسی نس ۷۰ تا ۸ ق م کے نام پر جو ورجل اور ہوریس کا دوست تھا] میسیناس ؛ ادب و فنون کا سرپرست ؛ اہلِ ہُنر کا قدردان ۔

maelstrom, n. بھنور ؛ گرداب ؛ بڑا بھنور ؛ گردابِ کبیر ؛ گردابِ بلا ؛ ورطۂ ہلاکت ؛ ہلچل والی صورت حال یا حالت ، جیسے معاملات یا جذبات کی ۔ (بڑے M سے) مائیل گرداب ؛ ناروے کے ساحل کا گرداب ۔

maenad, menad, n. مے پرست عورت ؛ شرابن ؛ غُصیلی ، جنونی یا خبطی عورت ۔

maenadic, a. غُصیلی ، جنونی ، خبطی ، مخبوط الحواس ۔

maenadism, n. خبط ؛ جنون ، مخبوطُ الحواسی ۔

maestoso, a., adv. (موسیقی) شان و شوکت سے ؛ شاندار انداز سے ؛ وقار سے ؛ موسیقی کی ایک ہدایت ۔

maestro, n. (موسیقی) ماہر موسیقی ، موسیقی کا اُستاد ؛ معلّمِ موسیقی ، میرِ مُطرب ؛ باکمال نغمہ نگار ؛ دُھن بنانے والا ؛ کسی بھی فن کا استاد ۔

Mae West, n. (بڑے سینے والی امریکی ایکٹرس مے ویسٹ کی نسبت سے) مے ویسٹ ؛ ہوا سے پھولنے والی ربڑ کی واسکٹ جو جان بچانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Mafia, Maffia, n. مافیا ؛ اٹلی کے شہر صقلیہ کی ایک خفیہ تنظیم جو قانون کو نظر انداز کرکے اپنے ضابطے منواتی ہے اور اکثر دہشت گردی سے کام لیتی ہے ، اس کی مانند اور شاید اس سے وابستہ امریکا اور دوسرے ممالک کی تنظیمیں جو مبیّنہ طور پر بڑے پیمانے پر مُجرمانہ سرگرمیوں مثلاً قمار بازی اور منشیّات کے کاروبار میں مصروف رہتی ہیں ۔ (چھوٹے m سے) اہل صقلیہ میں قانون شکنی کا جذبہ ۔

magazine, n. [عربی لفظ مخزن سے] میگزین ؛ رسالہ ؛ جریدہ ؛ صحیفہ ؛ مجلّہ ؛ میعادی رسالہ جس کی جلد عموماً کاغذ کی ہوتی ہے اور جس میں مختلف مضامین اور اکثر نقشے اور تصویریں چھپتی ہیں ؛ بارُودخانہ ؛ سامانِ جنگ اور رسد وغیرہ کا گودام ؛ فوجی سازو سامان مثلاً ہتھیار ، بارود اور اسلحہ رکھنے کا کمرا یا عمارت ؛ اسلحہ خانہ ؛ کسی قلعے یا جنگی جہاز میں بارود وغیرہ رکھنے کی جگہ ؛ بندوق وغیرہ میں کار توس ڈالنے کی جگہ ؛ خزانہ ، مخزن ؛ بعض کیمروں میں الگ ہونے والا فلم کا خانہ ۔

magazinist, n. میگزین کے عملے کا فرد ؛ کسی رسالے کے عملہ کا رُکن ۔

magdalen, magdalene, n. [میری میگڈلن سینٹ لیوک ہفتم ۳۶ تا ۵۰ ء کے نام پر] میگڈلن ؛ تائب کسبی ؛ تائب رنڈی ؛ وہ ادارہ جو رنڈیوں اور کسبیوں کی اصلاح کے لیے قائم کیا گیا ہو ؛ اصلاح خانہ برائے طوائف ۔

Magdalenian, a. میگڈالینی ؛ پتھر کے آخری زمانے کا ؛ آخری زمانۂ حجریہ کا ؛ آخری حجریہ عہد کی اس ثقافت سے متعلق جو یورپ کے قدیم انسان کے حاصل کردہ اعلیٰ صنعتی اور فنکارانہ کمالات کے لیے ممتاز ہے ۔

Magellanic cloud, n. [پُرتگالی مہم جُو فرڈیننڈ میجلن (۱۴۸۰ء — ۱۵۲۱ء) کے نام پر] (فلکیات) کہکشاں سے قریب ترین ستاروں کا جُھرمٹ ؛ سحابِ مَیجلن ؛ سحابِ کبیر و صغیر ؛ جنوبی آسمان میں سحابی ستاروں کی دوگزر گاہوں میں سے کوئی ایک ۔

Magen David, n. (فلکیات) ستارۂ داؤدی ۔

magenta, n. [شمالی اطالیہ کے مقام میجنٹا کے نام پر جہاں ۱۸۵۹ء میں یہ رنگ دریافت ہوا] مجینٹا ؛ مجیٹھیا ؛ قرمزی رنگ ۔

maggot, n. (حیوانیات) مگسیہ ؛ لاروا مگس ؛ سُنڈی ؛

ایک قسم کا کیڑا ؛ دوپرے حشروں (خاص طور پر وہ حشرے جو سڑتے ہوئے حیوانی مادے میں پائے جاتے ہیں) کا بے پاؤں کا کیڑے جیسا پہل رُوپ ۔

maggoty, a. (حیوانیات) لاروائی ؛ کرم خوردہ ؛ پہل روہی ؛ میگسیائی ۔

Magi, n. وہ تین دانا جو شیر خوار مسیح کی زیارت اور ان سے اظہار عقیدت کے لیے یروشلم آئے تھے ۔ (بعض اوقات چھوٹے m سے) قوم مجوس ؛ مجوسی ؛ زرتشتی ؛ قدیم شروان (میدیا) اور ایران (فارس) کے زرتشتیوں کے کاہن جو مافوق الفطرت فنون میں مہارت کے لیے مشہور تھے ۔ (چھوٹے m کے ساتھ) جادوگر ؛ ساحر ؛ نجومی ۔

Magian, n., a. مجوسی ؛ ساحِر ؛ موبد ؛ مُغ ؛ آتش پرست ۔

Magianism, n. مجوسیت ۔

magic, n. جادُو ؛ طِلسم ؛ سحر ؛ افسُوں ؛ شعبدہ ؛ فطری قوتوں پر بظاہر مافوق البشر غلبے کے ذریعے اثرات مُرتّب کرنے کا فن ؛ کوئی سی قوّت یا اثر جو ناقابل مزاحمت یا غیر معمولی ثابت ہو ؛ فریبِ نظر یا چالبازی کے لیے شعبدہ بازی کا استعمال ۔

magical, a. جادُوئی ؛ طِلسمی ؛ سحری ؛ افسونی ؛ طلسماتی ؛ جادُو بھرا ؛ پُر افسوں ۔

magically, adv. جادو سے ، طِلسم سے ، سَاحِرانہ طور پر ؛ شُعبدہ بازی سے ؛ افسوں سے ۔

magician, n. افسُوں گر ؛ جادُوگر ؛ طِلسم کار ؛ ساحِر ؛ افسوں کار ؛ شُعبدہ باز ؛ کھیل تماشا دکھانے والا جو چالیں ، فریبِ نظر اور جُل دے کر تفریح مہیّا کرتا ہے ۔

magic lantern, n. جادو کی لالٹین ؛ فانوس جادُو ؛ سلائڈ پروجیکٹر کی ابتدائی صورت ۔

maginot line, n. [فرانسیسی وزیر جنگ آندرے مژینو (۱۸۷۷ء تا ۱۹۳۲ء) کے نام پر] مژینو لائن ۔ (عسکری) خط مژینو ؛ فرانسیسیوں کی وہ بڑی قلعہ بندیاں ۱۹۴۰ء میں جرمن فوجیں جن سے پہلو بچا کر آگے نکل گئیں ۔ (مجازاً) کوئی بھی ایسی صورت حال ، انتظام یا ادارہ جو تحفظ کا فریب دے ؛ وہ دفاعی نظام جو حفاظت کرنے میں ناکام رہے ۔

magisterial, a. میجسٹریٹ کا یا اس کے عہدے سے متعلق ؛ حاکمانہ ؛ با اختیار ؛ متحکّم ؛ پُرشکوہ ۔

magisterially, adv. حاکمانہ انداز سے ۔

magisterialness, n. میجسٹریٹی ، تحکّم ؛ حاکمیّت ، آمریت ۔

magistral, a. (دوا سازی) کسی خاص شخص یا موقع کے لیے تجویز کی گئی دوا ۔ (قلعہ بندی) بڑی یا اہم (جیسے : magistral line) ۔

magistrate, n. میجسٹریٹ ؛ حاکم فوجداری ؛ حکومت کی انتظامیہ کا غیر فوجی افسر ؛ محدود اختیارات والا عدلیہ کا کم درجہ افسر (جیسے : justice of peace یا police court judge) ۔

magistracy, magistrature, n. میجسٹریٹ کا عہدہ ، اس کا وقار/دائرۂ اختیار ؛ میجسٹریٹ بحیثیت مجموعی ؛ میجسٹریٹی ؛ مُنصفی ؛ فوجداری عدالت ۔

magma, n. معدنی یا نامیاتی مادے کی نرم یا رقیق مقدار ۔ (ارضیات) مگما ؛ مواد برکانی ؛ قشرِ زمین کے نیچے کی رقیق تہ جس سے آتشیں چٹان بنتی ہے ۔ (دوا سازی) تھوڑے سے مائع میں کسی مادّے کا آمیزہ ؛ معجون ۔

magmatic, a. معجونی ؛ برکانی ۔

Magna Charta, Magna Carta, n. (تاریخ) منشور عظیم ؛ میگنا کارٹا ؛ منشورِ آزادی ؛ وہ منشور جو ۱۵ جون ۱۲۱۵ء کو رنی میڈ کے مقام پر انگریز جاگیرداروں نے بادشاہ جان (John) سے حاصل کیا جس کی رُو سے انگریز قوم کو شخصی اور سیاسی آزادی حاصل ہوئی ؛ کوئی بھی آئین جو بنیادی ، شخصی اور دوسرے حقوق کی ضمانت دے ۔

magnacum laude, adv. بڑی عزت اور امتیاز کے ساتھ ؛ یہ ماضی میں ادبی فضیلت کی علامت کے طور پر استعمال ہوتا تھا ۔ دیکھیے : Cum laude, summa cum laude. ۔

magnanimity, n. عالی ظرفی ؛ شرافت ؛ فراخ دلی ؛ بلند نظری ؛ اخلاقی یا روحانی عظمت ؛ عظیم کارنامہ ۔

magnanimous, a. عالی ظرف ؛ بلند ہمّت ؛ بلند نظر ؛ بلند حوصلہ ؛ کریم النفس ؛ رُوحانی شرافت اور ذہنی فیاضی کا مظاہرہ کرنے والا ؛ غیر شریفانہ مقاصد اور آزردگی سے بلند؛اعلیٰ جذبات کا حامل ۔

magnanimously, adv. عالی ظرفانہ ؛ بلند حوصلے سے ؛ عالی ہمّتی سے ؛ فیّاضی سے ۔

magnanimousness, n. عالی ہمّتی ؛ بُلند حوصلگی ؛ بُلند نظری ؛ کریم النفسی ۔

magnate, n. بڑا آدمی ؛ امیر ، رئیس ؛ صاحبِ ثروت ؛ سربر آوردہ ؛ صاحبِ اختیار ؛ مقتدر ؛ ممتاز ؛ معزز ؛ کسی مخصوص شعبے میں صاحب اختیار ، اثر و رتبہ ؛ کسی بھی میدان میں مُمتاز شخص ۔/

magnesia, n. (کیمیا) طباشیر فرنگی ، مگنیشیا ؛ مگنیشیا کا آکسائڈ ؛ میگنیشیم آکسائڈ ۔ (عام استعمال) میگنیشیم کا مرکب جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے ؛ ایک سفید بے ذائقہ مادہ جسے دوسری اشیا تیار کرنے اور جُلاب لانے والی دوا میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

magnesian, a. میگنیشیائی ۔

magnesite, n. (کیمیا) میگنیسائیٹ ؛ ایک معدن ۔ جس میں میگنیشیم کاربونیٹ شامل ہوتا ہے جو عموماً ٹھوس سفید تودوں کی صورت میں پایا جاتا ہے اور اس سے بھٹیوں کی استرکاری کا مسالا تیار کیا جاتا ہے ۔

magnesium, n. (کیمیا) میگنیشیم ؛ مقنیشیہ ؛ ایک دھاتی عنصر ، یہ ایک ہلکا ، تہ دار ، ورقی ، لچکدار ، نقرئی عنصر ہے ،اسے جلایا جائے تو اس کی روشنی آنکھوں کو خیرہ کر دیتی ہے ۔ اسے ہلکے وزن کے بھرت میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

magnet, n. مقناطیس ؛ سنگ مقناطیس ؛ آہن ربا ؛ قطب نما ؛ کوئی جسم مثلاً لوہے یا فولاد کا ٹکڑا جس میں بعض چیزوں خصوصاً لوہے کو اپنی طرف کھینچنے کی خصوصیت ہو اور اگر اسے آزاد معلق سوئی کی صورت میں چھوڑ دیا جائے تو یہ شمال اور جنوب کا رخ اختیار کر لیتا ہے ۔ (مجازاً) جاذبِ چیز ؛ کشش کا مرکز ؛ دل کَش چیز ؛ کوئی شخص یا چیز جو اپنی ذاتی قوّت یا کشش کے باعث دوسروں کے

لیے کشش رکھتی ہو۔

magnetic, a. مقناطیسی ؛ جاذب ؛ دلِکش ؛ عمل کشش مقناطیس سے اثر پذیر ہونے والا۔

magnetically, adv. مقناطیسانہ ؛ مقناطیسی قُوّت سے ؛ قوت جاذبہ سے۔ (مجازاً) دل پذیر طریقے سے ؛ پرکشش انداز سے۔

magnetic bottle, n. مقناطیسی دائرہ ، جو پلازمہ کوحر مرکزی تعامل میں محدود کرتا ہے۔

magnetic bubble, n. مقناطیسی حب ؛ مقناطیسیت کا ایک مختصر متحرک خطہ جس پر مقناطیسی طور پر کمپیوٹر سے حاصل ہونے والی کثیر معلومات ذخیرہ کی جا سکتی ہیں۔

magnetic equator, aclinic line, n. استوائے مقناطیسی ؛ معدلِ مقناطیسی ؛ مقناطیسی خط استوا ؛ وہ بے قاعدہ خیالی خط جو زمین کے خط استوا سے قریب ، کم و بیش اس کے متوازی کھینچا گیا ہے جس کے کسی بھی نقطے پر مقناطیسی سوئی کا جُھکاؤ نہیں ہوتا۔

magnetic field, n. مقناطیسی میدان ؛ وہ جگہ یا علاقہ جہاں مقناطیسی قوت موجود ہو مثلاً مقنائے ہوئے لوہے کے ٹکڑے کے اندر اور گردونواح کا علاقہ یا جگہ یا برقی رو کے اندر اور گردونواح کا علاقہ۔

magnetic flux, n. مقناطیسی نفاذ ؛ مقناطیسی قُوّت کی وہ مقدار جو مقناطیسی میدان کی معلومہ سطح سے گزرتی ہے ، اسے میکسویل کی اکائی کے ذریعہ ظاہر کیا جاتا ہے۔

magnetic moment, n. (طبیعیات) مقناطیسی معیار اثر ؛ مقناطیس کی قطبی قُوّت اور اس کے دونوں قطبوں کے درمیانی فاصلے کا ماحصل۔

magnetic needle, n. مقناطیسی سوئی ؛ قطب نما وغیرہ کی سوئی ؛ فولاد کی پتلی مقناطیسی سلاخ ، جسے اگر افقی سطح پر آزاد معلق کر دیا جائے تو وہ زمین کی مقناطیسی قوتوں اور ان کی سمت کو ظاہر کرتی ہے اور جو قطب نما کا سب سے اہم پرزہ ہوتی ہے۔

magnetic north, n. مقناطیسی شمال ؛ وہ سمت جسے قطب نما کی سوئی بطور شمال دکھاتی ہے یہ عموماً اس سمت سے مختلف ہوتی ہے جسے صحیح شمال سمجھا جاتا ہے۔

magnetic pole, n. مقناطیسی قطب ؛ مقناطیس کے دونوں سروں یا قطبوں میں سے کوئی ایک جہاں مقناطیسی قوت سب سے زیادہ ہوتی ہے ؛ زمین کی سطح پر دونوں پچکے ہوئے حصوں میں سے کوئی ایک جن میں سے ہر ایک مخالف مقناطیسی کشش ظاہر کرتا ہے ، ان میں سے ایک شمالی قطب اور دوسرا جنوبی قطب میں واقع ہے۔

magnetic recording, n. مقناطیسی صوت نگاری/ریکارڈنگ ؛ وہ عمل جس میں کوائف ، خاص طور پر آواز ، مقناطیسی فیتے ، تار یا کسی اور مقنائی ہوئی چیز پر محفوظ کیے جاتے ہیں ؛ وہ ریکارڈنگ جو اس عمل کے ذریعے کی گئی ہو۔

magnetic storm, n. مقناطیسی طوفان ؛ زمین کے مقناطیسی میدان کی طبعی حالت میں عارضی انتشار جو داغ آفتاب کے عمل کے ساتھ تقریباً بیک وقت پیدا ہوتا ہے جس سے قطب نما ، ریڈیو اور تار کے ذریعے خبر رسانی کا عمل متاثر ہوتا ہے۔

magnetic tape, n. مقناطیسی فیتہ ؛ کاغذ ، پلاسٹک یا دھات کا بنا ہوا فیتہ جس پر ایسے مادے کی تہ چڑھی ہوتی ہے جو برقی مقناطیسی لہروں کا اثر قبول کر سکے ، اسے مقناطیسی ریکارڈنگ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

magnetism, magnetics, n. مقناطیسیت ؛ مقناطیس کی خصوصی صلاحیت ؛ مقناطیسی مظاہر پیدا کرنے والا عامل ؛ وہ علم جو مقناطیسی مظاہر سے بحث کرتا ہے ؛ مقناطیسیات ؛ مقناطیس شناسی ؛ مقناطیسی قوت یا کشش۔

magnetite, n. سنگ مقناطیس ؛ مقناطیسی لوہا ؛ آہن مقناطیسی ؛ مقنیطہ ؛ لوہے کا آکسائڈ جسے مقناطیس بہت قُوّت سے اپنی طرف کھینچتا ہے۔

magnetitic, a. مقناطیسی لوہے کا۔

magnetize, v.t. مِقنانا ؛ مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا ؛ مقناطیسی اثر ڈالنا۔ (مجازاً) کشش کرنا۔ (قدیم) مسمریزم کے عمل سے بے ہوش کرنا۔

magnetizable, a. مقنا پذیر ؛ مقنانے کے قابل ، مقنائے جانے کی صلاحیت رکھنے والا۔

magnetization, n. مقناؤ۔

magnetizer, n. مِقنانے والا ؛ مقناطیسی اثر ڈالنے والا۔

magneto,
magneto electric generator, magneto generator, n. مِقنا برقیہ ؛ مقناطیسی برقی مشین ؛ خاص طور پر چھوٹا برقی جنریٹر جس میں مستقل مقناطیس لگے ہوتے ہیں جسے متبادل برقی رو (اے ۔ سی) پیدا کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں جو دروں احتراقی انجن کو احتراق مہیا کرتا ہے۔ (بطور سابقہ) مقناطیسی : مقنا۔

magneto electric, magneto electrical, a. مِقنا برقی ؛ مقناطیس کے ذریعے برقی رو کے امالے سے متعلق۔

magneto electricity, n. مِقنا برق۔

magnetogasdynamics,
magnetoplasmadynamics, n. (طبیعیات) مقنا نخزمائی حرکیات ؛ مقناگیس حرکیات۔

magnetohydrodynamics, n. (طبیعیات) مقنا آبی حرکیات ؛ مقناطیسی میدان اور برقی موصل مائع کے درمیان عمل و ردِعمل کا مطالعہ۔

magnetohydrodynamic, a. مِقنا آبی حرکیاتی۔

magnetometer, n. مِقنا میٹر ؛ مقناطیسیت پیما ؛ مقناطیسی قُوّت ناپنے کا آلہ۔

magnetometric, a. مقنا پیمایانہ ؛ مقناطیسیت پیما سے متعلق۔

magnetometry, n. مقنا پیمائی ؛ مقناطیسیت پیمائی ؛ مِقناطیسی قوت ناپنے کا عمل۔

magnetomotive, a. مقنا محرک ؛ مقنا خیز ؛ مقناطیسی اثر پیدا کرنے والا ؛ ایسے اثر سے متعلق۔

magnetomotive force, n. مقنا خیز قُوّت ؛ مقناطیسی اثر پیدا کرنے والی قُوّت ؛ وہ قُوّت جو مقناطیسی نفاذ کو ابھارتی ہے اور جو مقناطیسی نفاذ اور تامل کے حاصل ضرب کے برابر ہوتی ہے۔

magneton, n. (طبیعیات) مقنیطیہ ؛ مگنی ٹون ؛ جوہری ذرات کے مقناطیسی معیار اثر کو ناپنے کی اکائی۔

magnetosphere, n. (طبیعیات) مقنائی کُرّہ ؛ فضا میں رواں مقناطیسی کُرّہ ؛رواں کردہ(ionized) ذرّات کی پٹی جو اپنی جگہ پر زمین کے مقناطیسی میدان کے ذریعے وہاں ٹھہری رہتی ہے ، یہ بیرون کُرّہ سے

شاندار الفاظ استعمال کرنے کا شوق ؛ عبارت آرائی ؛ لسّانی۔

magniloquently, adv. لفّاظی سے ، شاندار الفاظ میں ، شیخی سے ۔

magnitude, n. عظمت ؛ بڑا حجم ؛ قدر ؛ مقدار ؛ جسامت ؛ ضخامت ؛ وسعت ؛ اہمیت ؛ چھوٹے یا بڑے ہونے کے حوالے کے بغیر ضخامت ، مقدار یا وسعت (جیسے : to determine the magnitude of an angle) ؛ اخلاقی عظمت ۔ (فلکیات) قدر ؛ اشراق ؛ ستاروں کی ظاہری روشنی کا درجہ جسے ہئیت دانوں کے ہاں مستعمل عددی نظام کے مطابق ظاہر کیا جاتا ہے (سب سے زیادہ روشن ستارہ اول قدر کا اور سب سے کم روشن ستارہ چھٹی قدر کا کہلاتا ہے)۔ نیز : visual magnitude ۔ (ریاضی) معلومہ عدد جسے ایک ہی یا ایک جیسے درجے کی مقدار کا مقابلہ کرنے کے لیے بطور اساس استعمال کیا جاتا ہے ۔

magnolia, n. [فرانسیسی ماہر نباتیات پیری میگنول (۱۶۳۸ء۔۱۷۱۵ء) کے نام پر] میگنولیا ؛ چمپا ؛ ایک آرایشی درخت یا جھاڑی جو اصلاً مشرقی شمالی امریکا اور ایشیا سے تعلق رکھتی ہے جس کے پھول کناروں پر چمکیلے اور پتوں کے آگے ہوتے ہیں ؛ ایسے درخت کے پھول ؛ خاص طور پر میگنولیا گرینڈی فلورا جو امریکا کی ریاستہائے مسی سیپی اور لوئی زیانا کا سرکاری پھول ہے ۔

magnoliaceous, a. (نباتیات) چمپائیہ ؛ اسی نام و جنس سے تعلق رکھنے والے پودے جن کے پھولوں کے مختلف حصے چکردار (لولبی) انداز میں مرتب ہوتے ہیں ، ان میں چمپا اور لالہ کے پودے شامل ہیں ۔

magnum, n. (شراب کا) بڑا شیشہ ؛ بڑے سائز کی شراب کی بوتل جس میں تقریباً ۵۱ مائع اونس شراب آتی ہے ۔

magnum opus, n. (ادب ، فنون) شاہکار ؛ کسی فنکار یا ادیب کا بہترین کام یا شہ پارہ ۔

magpie, n. (طیوریات) نیل کنٹھ ؛ عقعق ؛ جنس نیل کنٹھ کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک بڑا سفید و سیاہ غرابی پرندہ ، جو یورپ اور شمالی امریکا کا باسی ہے ، جس کی فانہ نما دُم اس کے جسم سے لمبی ہوتی ہے ، جو اپنی شرارت اور پرشور بھاری آواز کے لیے مشہور ہے ۔ (مجازاً) باتونی شخص ۔

maguey, n. (نباتیات) جنس صِبر ؛ امریکی صبر ؛ ایلوا ؛ ایلوانشید ؛ ایک ایشیائی پودا جو اپنے ریشے کے لیے اگایا جاتا ہے ، یہ ریشہ رسی یا ڈوری بنانے کے کام آتا ہے ؛ جنس صبر کا پودا جو میکسیکو میں پایاً جاتا ہے اس کا رس میکسیکو کی شراب پولکی اور مسکل بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ اس جنس کا کوئی بھی پودا ؛ ایسے پودے سے حاصل ہونے والے مختلف ریشے ۔

Magus, n. دیکھیے : Magi ۔

Magyar, n. (جُغرافیہ) مجار ؛ مگیار ؛ ہنگری کے وہ باشندے جو تاتاری نسل سے ہیں اور یہاں ان کی اکثریت ہے ؛ ان لوگوں کی زبان ؛ مگیاری زبان ؛ ہنگری کا باشندہ ۔ (صفت) مگیاروں کا یا ان کی زبان کا یا ان سے متعلق ؛ ہنگری کی زبان کا ؛ ہنگرین ۔

maharajah, maharaja, n. مہاراجا ؛ ہندوستان کے بعض حکمرانوں کا لقب جو آبائی ریاست یا کسی بڑے علاقے پر حکمرانی کرتے تھے ۔

کوئی چالیس ہزار میل تک پھیلی ہوئی ہے ۔

magnetospheric, a. (طبیعیات) مقناتی کُرّہ سے متعلّق ؛ مقناتی کُرّے کا ۔

magnetostriction, n. (طبیعیات) مقنا انقباض ؛ مقناطیسی میدان کے زیر اثر ہونے کے دوران لوہ مقناطیسی (فیرو مقناطیسی) جسم میں ابعادی تبدیلی ۔

magnetostrictive, a. مِقنا انقباضی ۔

magnetron, n. (برقیات) مقنیطرون ؛ خلائی نلکی جس میں برقیوں کا بہاؤ ، نلکی سے باہر موجود مقناطیسی میدان کے قابو میں ہوتا ہے ، اسے مختصر تعدّدات کی ریڈیو لہریں پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Magnificat, n. لوقا کی انجیل میں مریم عذرا کی مناجات کا ابتدائی لفظ (۱:۴۶۔۵۵)جو یوں شروع ہوتی ہے : "My soul doth magnify the Lord." اسے شام کے گیت یا شام کی عبادت کی مختصر مناجات کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس گیت کے لیے مرتب کی گئی موسیقی ۔

magnification, n. مبالغہ کاری ؛ بڑا کرنے کا عمل ؛ بلند کرنے کا عمل ؛ تکبیر ؛ کلاں نمائی ؛ بلند/ارفع ہونے کی حالت ؛ کلاں نمائی قُوّت کا درجہ ؛ (کسی چیز کی ظاہری جسامت کو) بڑھا کر دکھانے کی قُوّت کا درجہ ؛ مکبّر چربہ ؛ (کسی چیز) کی جسامت کو بڑا کر کے دوبارہ پیش کرنے کا عمل ۔

magnificent, a. عظیمُ الشّان ؛ عالیشان ؛ شاندار ؛ پرشکوہ ؛ رفیع الشان ؛ پرتکلف ؛ آراستہ پیراستہ ؛ شاہانہ ؛ گراں قدر ؛ ٹھاٹ دار ؛ بیش بہا ۔ (عموماً بڑے M سے) بہت عمدہ ؛ بہت خوب کارناموں یا کامیابیوں کے اعتبار سے عظیم ، اسے بطور لقب کے بھی استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : Lorenzo the Magnificent) ۔

magnificence, n. شان و شوکت ؛ تزک و احتشام ؛ کروفر ؛ جاہ و جلال ؛ عظمت و جلالت ؛ ٹھاٹ باٹ ؛ شوکت و حشمت ۔

magnificently, adv. شاہانہ ؛ شان و شوکت سے ؛ تزک و احتشام سے ؛ ٹھاٹ باٹ سے ۔

magnifico, n. (اٹلی کے شہر وینس کا) رئیس ؛ رئیس یا ممتاز شخص ۔

magnify, v.t. بڑا کرنا ؛ کسی چیز کی ظاہر جسامت کو آلات کے ذریعے بڑا کر کے دکھانا جیسے عدسے کے ذریعے ؛ تکبیر کرنا؛ بڑھانا ۔ (قدیم) حد سے زیادہ تعریف کرنا ؛ آسمان پر چڑھانا ؛ مبالغہ کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ تفضیل کرنا ۔ (فعل لازم) بڑا ہونا؛ چیزوں کی ظاہری جسامت میں بڑا کرنے کی صلاحیت رکھنا ؛ کلاں نمائی کے قابل ہونا ۔

magnifiable, a. بڑھائے جانے کے قابل ؛ تکبیر پذیر ؛ قابل تکبیر ؛ قابل کلاں نمائی ۔

magnifier, n. کلاں نما ؛ مکبّر ؛ کلاں کار ؛ چیزوں کی ظاہری جسامت کو بڑھا کر دکھانے والا آلہ ۔

magniloquent, a. چرب زبان ؛ شوکت الفاظ کا شیدائی ؛ شاندار الفاظ استعمال کرنے والا ؛ شیخی باز ؛ لسّان ؛ لفّاظ ؛ پر شوکت ، شاندار (عبارت) ۔

magniloquence, n. چرب زبانی ؛ لفّاظی ؛ شوکت الفاظ ؛

maharanee, maharani, n. مہارانی ؛ مہاراجا کی بیوی ۔

mahatma, n. مہاتما ؛ خاص طور پر ہندوستان میں نہایت معزز بزرگ دانا شخص ۔ (مذہب) بعض ایشیائی نیک لوگوں کا نام جن کے پاس مبینہ طور پر خفیہ خرقِ عادت قوت ہوتی ہے ۔

mahatamaism, n. مہاتمائی ۔

Mahayana, n. مہایان ؛ بدھ مت کا فرقہ جس میں آفاقی نجات اور دَیا پر زور دیا جاتا ہے ، بنیادی طور پر یہ چین ، جاپان ، تبت اور منگولیا میں موجود ہے ۔

Mahdi, n. [عربی] مہدی ؛ مہدیٔ موعود ؛ امام مہدی ؛ متوقّع روحانی اور دنیوی مسلم حکمران جو دنیا بھر میں حق کی حکومت قائم کرے گا ؛ مہدیٔ موعود ہونے کا کوئی بھی مدعی خاص طور پر محمد احمد جس نے انگریزوں کے مقبوضہ خرطوم کے خلاف ۱۸۸۵ء میں سوڈانی فوجوں کی کامیاب رہنمائی کی تھی ۔

Mahdism, n. مہدیت ۔

Mahdist, n. مہدیٔ موعود کو ماننے والا ؛ مہدوی ۔

Mahican, Mohican, n. الگونکی انڈین (Indian Algonquian) قبیلہ جو شمالی ہڈسن وادی میں رہتا تھا ؛ اس قبیلے کا فرد ۔

mah-jongg, mah-jong, n. چین کا ایک کھیل جسے چار آدمی کھیلتے ہیں ، اس میں ڈومینو جیسے ۱۴۴ مہرے ہوتے ہیں ، ہر شخص اپنے خانے سے بعض مہروں کو نکالتا اور بعض کو داخل کرتا ہے تا کہ جیتنے والا سیٹ حاصل ہو جائے ۔

mahlstick, maulstick, n. (فنون) مال اسٹک ؛ عصائے توازن ؛ چھڑی جسے مصور یا نقاش اپنے بائیں ہاتھ میں رکھتا ہے تا کہ سیدھے ہاتھ سے جس میں قلم ہوتا ہے ، توازن قائم رہے ۔

mahogany, n., a. مہوگنی ؛ ماغون ؛ ماہون ؛ ایک قسم کا سخت لکڑی والا سدابہار استوائی درخت جو وسطی امریکا اور غرب الہند میں پایا جاتا ہے ، جو بعد میں دوسرے استوائی علاقوں میں بھی اگایا گیا ؛ سرخی مائل بھوری ، مضبوط ، سخت اور بھاری لکڑی جو اس درخت سے حاصل ہوتی ہے ، اس کی لکڑی فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے ، اس پر روغن بہت عمدہ ہوتا ہے ؛ مہوگنی رنگ ؛ ماہونی رنگ ؛ ماغونی رنگ ؛ سرخی مائل بادامی رنگ ؛ مہوگنی کا درخت ؛ مہوگنی کی لکڑی ، مہوگنی کا متبادل درخت جو کولمبیا میں پایا جاتا ہے ۔

mahout, n. [اردو] مہاوت ؛ فیلبان ؛ ہندوستان اور شرق الہند میں ہاتھی چلانے اور اس کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

Mahratta, Maratha, n. مرہٹہ ؛ مراٹھی ؛ جنوب مغربی اور وسطی ہندوستان میں رہنے والی ایک مقامی نسل ۔

maid, n. کنیز ؛ نوکرانی ؛ لڑکی ؛ کنواری لڑکی ؛ باکرہ ؛ دوشیزہ ؛ بن بیاہی لڑکی ؛ ناکتخدا ؛ بن بیاہی عورت ؛ لونڈی ؛ باندی ؛ مہری ؛ خواص ؛ چھوکری ؛ ٹہلنی ؛ خادمہ ؛ دائی ۔

maiden, n. کنواری ؛ باکرہ ؛ عذرا ؛ دوشیزہ (لڑکی/عورت) ؛ (گلوٹین کے مانند) گردن مارنے کا آلہ ؛ وہ گھوڑا جس نے کوئی دوڑ نہ جیتی ہو ۔ (صفت) کنواری کے لائق یا اس سے متعلق ؛ بن بیاہی ؛ پہلی مرتبہ بنی ہوئی ، استعمال ہونے والی یا سامنے آنے والی (جیسے : a maiden voyage) ؛ کنواری ؛ باکرہ ؛ عذرا ؛ تازہ ؛ غیر مستعمل ؛ اچھوتی ۔

maiden over, (کرکٹ) خالی اوور جس میں کوئی رن نہ بنے ۔

maidenhair, n. (نباتیات) بالچھڑ ؛ سنبل سیاہ ؛ پرسیاؤش ؛ شمالی امریکا کی سنبل سیاہ ، جو وہاں اکثر کاشت کی جاتی ہے ، جس کے ڈنٹھل سیاہ ، روغنی اور مثلثی پریزے یا بالچے (pinnules) نِم مدور گمساق (Frond) کی صورت میں مرتب ہوتے ہیں ۔

maidenhead, n. بکارت ؛ کنوار پنا ؛ دوشیزگی ؛ پردۂ بکارت ؛ غشاء بکارت ؛ وہ جھلی جو فرج کے اندر ہوتی ہے ۔

maidenhood, maidhood, n. کنوار پن ؛ بکارت ؛ دوشیزگی ؛ اچھوتا پن ۔

maidenliness, n. حیا ؛ عصمت ؛ لاج ؛ کنوار پنے کا رویہ ؛ کنواریوں کے شایان شان وطیرہ ۔

maidenly, a. کنواریوں کے شایان شان ؛ نیک چلن ؛ اچھوتی ؛ شرمیلی ؛ لاجونتی ۔

maiden name, n. (عورت کا) شادی سے پہلے کا نام ؛ کنوار پن کا نام ۔

maid-in-waiting, n. ملکہ یا شہزادی کی مصاحبہ ؛ خواص ؛ کنواری خواص یا خادمہ جو شہزادی یا ملکہ کی خدمت یا مصاحبت کے لیے مقرر کی گئی ہو ۔

maid of honor, n. دُلھن کی شہ بالی ؛ معزز کنواری خاتون جو ملکہ یا شہزادی کی مصاحبت کرتی ہے ؛ خواص ۔

maidservant, n. کنیز ؛ ٹہلنی ؛ نوکرانی ؛ خادمہ ؛ لونڈی ؛ باندی ۔

maieutic, maieutical, a. سقراطی ؛ سقراطی طرز تحقیق سے متعلق ؛ سقراطی طریق بحث کا ؛ ذہن میں پوشیدہ خیالات کو باہر لانے کے سقراطی طریقہ سے متعلق ؛ سوالاً جواباً ۔

maigre, a. وہ شے جس میں رس ہو نہ گودا مثلاً ایسی خوراک جسے عیسوی مذہبی اجتناب یا روزے کے دنوں میں کھانے کی اجازت ہوتی ہے ۔

mail, n. خطوط ، کاغذات اور پیکٹ جو ڈاک خانے کے ذریعے بھیجے اور تقسیم کیے جائیں ؛ ڈاک ؛ ڈاک کا تھیلا جو مقررہ وقت پر بھیجا جائے ؛ ڈاک کا انتظام ؛ ڈاک گاڑی ۔ (فعل متعدی) ڈاک میں ڈالنا ؛ ڈاک کے ذریعے بھیجنا ۔ (صفت) ڈاک کا یا اس سے متعلق ۔

mail, n. زرہ بکتر ، جوشن ؛ چار آئینہ ؛ لچک دار پتروں کی بنی ہوئی بکتر ؛ کوئی بھی حفاظتی غلاف یا خول جیسے جھینگے کا خول ۔ (فعل متعدی) زرہ بکتر پہننا یا سجانا ؛ چار آئینہ سجانا ۔

mailed, a. زرہ بکتر سے آراستہ ۔ (حیوانیات) کسی سخت مادے ، چھلکوں یا خول سے محفوظ ۔

mailable, a. قابلِ ڈاک ؛ ڈاک میں بھیجے جانے کے لیے موزوں ؛ قانوناً بطور ڈاک منظور شدہ ۔

mailability, n. ڈاک میں بھیجے جانے کی قابلیت ۔

mailbag, n. ڈاک کا تھیلا ؛ تھیلا جس میں عام ڈاک

لے جائی جاتی ہے یا بڑی بوری جو بڑی تعداد میں ڈاک بھیجنے کے لیے
استعمال ہوتی ہے ۔

mailbox, n. ڈاک ڈبّا جس میں بھیجنے کے لیے ڈاک ڈالی
جاتی ہے ؛ لیٹر بکس ؛ ڈاک کا ڈبّا جس میں ڈاکیا مکتوب الیہ کے لیے
ڈاک ڈالتا ہے ، گھر پر لگا ہوا ڈاک کا صندوقچہ ۔

mailed fist, n.
فولادی پنجہ ؛ آہنی پنجہ ۔
(مجازاً) جبروتشدد ؛ بدتر اور ڈرانے دھمکانے والی قوت خصوصاً قوموں
کے درمیان ؛ بالادستی ۔

mailer, n. ڈاک بھیجنے والا ؛ ڈاک دان ؛
وہ ڈبّا جس میں رکھ کر کوئی چیز ڈاک میں بھیجی جاتی ہے جیسے گتے
کی نلی ؛ پتہ چھاپ ؛ بنڈلوں اور خطوں پر پتے چھاپنے کی مشین ۔

maillot, n. تنگ جامہ ، وہ لباس جو جسم پر بالکل
چسپاں ہو جسے بازیگر ، رقاص اور کسرتی (جمناسٹک کرنے والے)
پہنتے ہیں ؛ عورتوں کے غسل کا لباس ؛ نہانے کا لباس ؛ اون کی بنی
ہوئی تنگ قمیص ۔

mailman, n. ڈاکیا ؛ ڈاک پہنچانے والا ؛ ہرکارہ ۔

mail order, n. بذریعہ ڈاک چیزیں منگوانے کا آرڈر ؛
موصول شُدہ مال ۔

mail-order house, n. وہ ادارہ جو اپنی تجارت ڈاک
کے ذریعے کرتا ہے ۔

maim, v.t. مُثلہ کرنا ؛ اپاہج کرنا ؛ لنگڑا کرنا ؛
لُولا کرنا ؛ ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالنا ؛ کوئی عضو کاٹ ڈالنا ، معذور بنا دینا ،
ناقص بنا دینا ۔ (مجازاً) نکما بنا دینا ، بیکار کر دینا ۔

maimer, n. ناکارہ بنانے والا شخص/چیز ؛
لنگڑا لُولا بنانے والا شخص/چیز ۔

main, a. بڑا ، صدر ، مرکزی ؛ پوری طاقت والا ؛
ایڑی چوٹی کا (زور) ؛ خاص ؛ سب سے مقدم/ ممتاز/نمایاں ؛ وسیع
(جیسے : a main river) ؛ حجم/جسامت/اہمیت/عہدے میں سب سے
مقدم ؛ طاقتور ، انتہائی ۔ (اسم) پوری قُوّت ؛ پورا زور ؛ شدید کوشش
(جیسے : with might and main) ؛ خاص حصہ ؛ گیس یا پانی کا بڑا
پائپ ، ان چھوٹے نلکوں سے ممتاز جو اس سے گیس یا پانی لیتے ہیں ؛
بجلی کی ترسیل کا وہ تار جو کسی مکان یا مقام پر بجلی پہنچاتا ہے ۔
(ادب) بڑا سمندر ؛ کھلا سمندر ؛ بحر محیط ؛ بحر زخار ؛ مہا ساگر ۔

in the main, اکثر ؛ بہت ؛ اکثر حصے کے لیے ؛
بڑے حصے کے لیے ، عمومی بات کرتے ہوئے ؛ بالعموم ۔

mainframe, n. مرکزی ڈھانچا ؛ کمپیوٹر کا
مرکزی عمل کار حصہ/ یونٹ ، جس میں کنٹرول یونٹ اور حلقے شامل
ہوتے ہیں ؛ صدر فریم ۔

mainland, n. برّاعظم ؛ خشکی کا بڑا ٹکڑا یا قطعہ ؛ اس کے قریبی
جزیرے کے مقابلہ میں ملک یا برّاعظم کا اصل بڑا حصہ ۔

mainlander, n. برّاعظم باش ؛ خشکی کے بڑے حصے
کا رہنے والا ۔

mainly, adv. زیادہ تر ؛ بڑی حد تک ؛ خصوصاً ؛
بیشتر ؛ خاص طور پر ۔

mainmast, n. (جہاز رانی) جہاز کا بڑا یا مرکزی مستول ؛
مستول کبیر ؛ کلاں ترین مستول ؛ تین مستولوں والے جہاز کا درمیانی
مستول ؛ وسطی مستول ؛ دو مستولی جہاز کا پچھلا مستول ۔

mains, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (برطانوی)
کسی جاگیر کا خانگی کھیت ؛ وہ کھیت جسے جاگیر دار ذاتی کاشت
کے لیے محفوظ کرے ۔

mainsail, n. (جہاز رانی) بڑا یا مرکزی بادبان ۔

mainsheet, n. (جہاز رانی) وہ رسّا جو مرکزی بادبان
کے ایک یا دونوں سروں پر باندھا جاتا ہے تا کہ بادبان کو صحیح طور
پر اپنی جگہ پر قائم رکھا جا سکے ۔

mainspring, n. بڑی کمانی ؛ کسی بھی میکانی
حصّے کا مرکزی یا اہم ترین اسپرنگ ؛ اصلی کمانی ، بڑی کمانی ، جیسے
گھڑی کی ۔ (مجازاً) کسی عمل کا بنیادی سبب ۔

mainstay, n. بُنیادی سہارا ؛ آسرا ؛ اگلے
مستول کے بڑے سہارے کی رسّی جو مستول کے اوپر والے سرے سے لے
کر عرشے تک پھیلی ہوتی ہے ۔ (مجازاً) سب سے بڑا سہارا ؛ وہ چیز جس
پر دارومدار ہو ۔

mainstem, n. بڑا راستہ ، گزرگاہ یا تنا جیسے
ندی/ریلوے لائن/ درخت کا ۔ (عوامی) شہر کی مرکزی سڑک ۔

mainstream, n. بڑی ندی ؛ دریا کی بڑی ندی جس کے
کئی معاون ہوں ؛ مقبول رجحان ؛ عام رجحان ؛ سوچ یا سرگرمی کا اصل
مروجہ رُجحان ؛ بڑا دھارا ۔

maintain, v.t. برقرار رکھنا ؛ بحال رکھنا ؛ قائم رکھنا ؛
کسی چیز کو کسی خاص حالت میں رکھنا یا محفوظ کرنا ؛ حمایت کرنا ؛
سہارا دینا ؛ قبضہ کرنا ؛ جاری رکھنا ؛ خرچہ مہیا کرنا ؛ نان نفقے کا
بندوبست کرنا ؛ کفالت کرنا ؛ غذائیت پہنچانا ؛ دفاع کرنا ؛ (اپنے مقصد
یا حق کے لیے) جواز پیدا کرنا ؛ دعا کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛ حق جتانا ؛ وثوق
سے کہنا ، دعوے سے کہنا ؛ ثابت کرنا ؛ حمایت کرنا ۔

maintainable, a. برقرار رکھنے کے قابل ؛ حفاظت پذیر ؛
محفوظ ؛ قابل حمایت ؛ قائم کرنے کے لائق ؛ قابل تائید ؛ قیام پذیر ۔

maintenance, n. استقرار ؛ محفوظ رکھنے کا عمل ؛
عمارت/سڑک/ مشینری کی دیکھ بھال اور حفاظت ؛ پرداخت ؛
خبرگیری ۔ (قانون) کسی مقدمے میں ایسے شخص کی دخل اندازی جو
اس میں قانوناً ملوث نہ ہو ؛ نان نفقہ ، کفالت ، ضروریات زندگی
پرورش ؛ سہارا ؛ حفاظت ؛ حمایت ؛ خبر گیری ۔

maisonette, maisonnette, n. (زیادہ تر برطانوی) نجی گھر میں کوئی
خود کفیل حصّہ ؛ چھوٹا سا گھر ۔

maitre d', n. (بول چال) دیکھیے : maitre d' hotel ۔

maitre d'hotel, n. ہوٹل کا خانساماں یا ریستوران کا
بڑا بیرا ؛ ہوٹل کا مینیجر یا مالک ؛ لیموں کے رس ، پگھلے ہوئے مکھن
اور پسی ہوئی اجوائن سے تیار کی ہوئی چٹنی ۔

maize, n. مکئی کا پودا ؛ مکئی ؛ مکا ؛
پکی ہوئی مکئی کی مانند زرد رنگ ۔

majesty, n. کردار/انداز/عہدے کی شان و شوکت ؛
جاہ و جلال ؛ کروفر ؛ وقار ، عظمت و جلالت ؛ رعب داب ؛ دبدبہ ؛
طنطنہ ؛ منصب شاہی ؛ فرمانروا قُوّت ؛ مقتدر مطلق ؛ حضرت ؛ ان داتا ؛
جہاں پناہ ؛ حضور ؛ فرمانروا ؛ عظمت ؛ قدر ؛ مرتبہ ؛ وقر ۔ (عموماً بڑے M
سے) شہنشاہوں/بادشاہوں کا خطاب جس سے پہلے his/her/you آتے

ہیں ۔

majestic, majestical, a.
دبدبے والا ؛ رعب والا ؛ صاحب جبروت ؛ پرجلال ؛ باوقار ؛ بڑا ؛ شاندار ؛ عظیم الشان ؛ عظیم ؛ عظیم المرتبت ؛ رعب دار ؛ شاہانہ ؛ پرشکوہ ؛ شاہی ؛ عالیشان ؛ بلند ؛ رفیع ؛ عالی ؛ اونچا ۔

majestically, adv.
رعب داب سے ؛ پروقار انداز سے ؛ کروفر سے ۔

majolica, maiolica, n.
میجولیکا ؛ اطالیہ کے قدیم نقشین ظروف جن پر روغنی تہ چڑھائی اور عموماً بھرپور مینا کاری کی ہوتی ہے ؛ اس طرح کا یا اس سے مشابہ کوئی بھی برتن ۔

major, a.
درجے ، رتبے ، عہدے ، اہمیت ، وسعت ، مقدار ، حجم ، جسامت ، ضخامت کے لحاظ سے بڑا ؛ بنیادی یا بڑی اہمیت کا حامل ؛ اہم ؛ زبردست ؛ اکثریت یا اکثریت سے تعلق رکھنے والا ؛ بالغ ۔ (قانون) قانون کی رو سے پوری عمر کا ، بالغ ، بالغہ ۔ (منطق) زیادہ وسیع ، کبریٰ ، جیسے قیاس منطقی کا قضیۂ کبریٰ ۔ (موسیقی) چھوٹے وقفے کی نسبت ۱/۲ مرتبہ بڑے وقفے والا مثلاً سُوم کبیر جو دو کامل مراتب پر مشتمل ہوتا ہے جبکہ سوم صغیر ۱/۲ ۱ پر ؛ اٹھتی تان والا ؛ اصل اور اس کے اوپر والے نشان نغمہ کے درمیان سوم کبیر والا ؛ سُرتی کا ؛ دی ہوئی سرتی سے ایک وقفۂ کبیر جتنا دور ؛ سرگم اسلوب یا پردے سے متعلق جس کی تیسری سُرتی بنیادی سرتی سے بڑی ہو ۔

major, n.
میجر ؛ فوجی عہدہ دار جو کیپٹن سے بڑا اور لیفٹیننٹ کرنل سے چھوٹا ہوتا ہے ؛ کسی علاقے کا اعلیٰ عہدے دار ؛ وہ مضمون یا نصاب جس کا کوئی طالب علم خصوصی مطالعہ کرے ؛ طالب علم (جیسے : an English major یعنی انگریزی کا طالب علم)؛ قانونی عمر کا حامل فرد ، بالغ ۔ (منطق) حدِ کبریٰ؛ قضیۂ کبریٰ ۔ (موسیقی) بڑا وقفہ/تانت/پردہ ؛ سرگم ؛ شدھ سرگم ۔ (جمع، کھیل) میجر لیگز یعنی بڑے پیمانے پر ہونے والے کھیل ۔ (فعل لازم) کسی مخصوص موضوع پر زیادہ سے زیادہ نصابی کورس پڑھنا (in کے ساتھ ، جیسے : to major in English ، دوسرے مضامین کے مقابلے میں انگریزی کے زیادہ کورس) ۔

major-domo, n.
شاہی محل کا میر سامان ؛ رکاب دار ؛ خانساماں ؛ منتظم جائیداد ؛ داروغۂ محل سرا ۔

majorette, n.
پریڈ کرنے والی خواتین کی جماعت سے تعلق رکھنے والی خاص طور پر، چھڑی گھمانے والی جس کے ساتھ عموماً بینڈ باجا بھی ہوتا ہے ۔

major general, n.
میجر جنرل ؛ بریگیڈیر سے بڑا اور لیفٹیننٹ جنرل سے چھوٹا فوجی افسر ۔

majority, n.
اکثریت ؛ کسی خاص تعداد کے نصف سے زیادہ ؛ رائے دہندگان ؛ آرا یا دوسرے متفق لوگوں کی بڑی تعداد ؛ بڑا حصہ یا نصف سے زیادہ تعداد کا حامل ؛ زیادتی ، بڑی تعداد جو باقی پر غالب ہو ؛ محدود کی ضد ؛ کوئی گروہ یا سیاسی جماعت جس کے ووٹوں کی تعداد سب سے زیادہ ہو ؛ قانون کے مطابق بلوغت کی عمر یا حالت (جیسے : to attain one's majority) ؛ میجری ؛ میجر کا دفتر یا اس کا عہدہ ۔

majority rule, n.
اکثریت کی حکومت ؛ اکثریتی حکومت ؛ سیاسی اصول کہ اکثریت کا فیصلہ سب پر لاگو ہوتا ہے ؛ اکثریتی ووٹ جو عموماً نصف سے کم از کم ایک زیادہ پر مشتمل ہوتا ہے ۔

major league, n.
(کھیل) پیشہ ورانہ بیس بال کی دو لیگوں میں سے ایک ؛ دوسرے کھیلوں میں فٹ بال اور بیس بال جیسی اہمیت کی حامل لیگ ۔

major medical, a.
(بیمہ) میجر میڈیکل ؛ کبریٰ طِبّی ؛ ایسے بیمہ کے متعلق جس میں بڑی بیماری کے اتفاقیہ اخراجات کلی یا جزوی طور پر ادا کرنے کی ضمانت دی گئی ہو ،ایسا عام طور پر اس وقت کیا جاتا ہے جب بیمہ شدہ شخص مقررہ رقم ادا کر چکا ہو ۔

major order, n.
درجۂ کبیر ، بڑا درجہ ؛ رُومی کیتھولک کلیسا کے مذہبی رہنماؤں کے تین درجوں میں سے ایک ، یہ تین درجے پروہتاری ، منتظمی اور ذیلی منتظمی (Priesthood, diaconate, sub-diaconate) ہیں ؛ اسی طرح دوسرے فرقوں میں مذہبی رہنماؤں کے درجے ۔

major party, n.
بڑی جماعت ؛ اکثریتی جماعت ؛ کسی حکومتی نظام میں سب سے زیادہ طاقتور سیاسی جماعت ؛ وہ جماعت جس میں حکومت بنانے کے لیے انتخاب جیتنے کی قوت ہو یا جو کسی دوسری برسراقتدار جماعت کے لیے بڑی مزاحمت پیش کر سکے ۔

major premise, n.
(منطق) قضیۂ کبریٰ ؛ وہ قیاس جس میں حدِ کبریٰ موجود ہو ۔

major suit, n.
(برج) بڑی بازی ؛ بڑا رنگ ؛ دونوں میں سے کوئی ایک رنگ پان یا حکم ، خاص طور پر اینٹ اور چڑیا کے مقابلے میں ان کی زیادہ نمبر بنانے کی اہمیت کے لحاظ سے ۔

major term, n.
(منطق) قیاس میں وہ حد جو نتیجے کی محمول ہو ؛ حدِ کبریٰ ۔

majuscule, a.
بڑا ؛ جلی ؛ بڑے ، نمایاں ، موٹے حروف کا ؛ جلی حروف میں لکھا ہوا ؛ خفی کی ضد ۔

majuscular, a.
جلی حروف کا ؛ بڑے حروف سے متعلق ۔

make, v.t.
بنانا ؛ تیّار کرنا ؛ مادّے کے کسی حصّے کو متشکل کر کے ملا کر یا اجزائے ترکیبی کو یکجا کر کے کوئی شے وجود میں لانا (جیسے : to make a dress or a cake) ؛ شکل دینا ؛ ڈھالنا ؛ تعمیر کرنا ؛ مخلوق کرنا ؛ تشکیل کرنا ؛ ڈول ڈالنا ؛ گھڑنا ؛ بڑے پیمانے پر بنانا ؛ (کھانا وغیرہ) تیار کرنا ؛ (شعر) لکھنا یا کہنا ؛ قانونی دستاویز تیار کرنا ؛ کافی ہونا ؛ کام آنا ؛ ارتقا کے ذریعے بننا (جیسے : a lawyer makes the best legislator) ؛ کسی عمل یا ذریعے سے پیدا کرنا (جیسے : to make a mark یا to make trouble) ؛ سبب بننا ؛ قائم کرنا ؛ متعین کرنا ؛ (قوانین/قواعد) وضع کرنا ؛ نمبر حاصل کرنا جیسے کھیل میں ؛ تقرر کرنا (جیسے : to make a manager)؛فیصلہ کرنا ؛ (اندازہ) لگانا ؛ (منصوبہ) بنانا ؛ (شک وغیرہ) ذہن میں لانا ؛ کسی چیز کے معانی/نوعیت/سچائی (کے بارے میں) فیصلہ کرنا ؛ رائے قائم کرنا ؛ نتیجہ اخذ کرنا (جیسے : What do you make of his statement) ؛ کسی چیز کے وجود کے بارے میں اندازہ لگانا (جیسے : I make the distance ten miles) ؛ کام یا عمل کے ذریعے اپنے لیے پیدا کرنا ، کمانا ، حاصل کرنا (جیسے : to make a living)؛حاصل کرنا ؛ فائدہ اٹھانا ؛ کسی حالت/شکل میں لانا ؛ تبدیل کرنا (جیسے : to make clay into bricks) ؛ استعمال کے لیے تیّار کرنا (جیسے : to make a bed) ؛ سدھانا (کتے وغیرہ کو) ؛ کسی کی کامیابی یا خوش نصیبی کا یقین دلانا ؛ کوئی خاص چیز بنانا یا کرنا (جیسے : to make a vessel air tight) ؛ مقرر کرنا؛

(کوئی خاص کام کرنے پر) مجبور کرنا (جیسے : to make a horse go) ؛
کرنا ، سرانجام دینا ، عمل درآمد کرنا (جیسے : to make a movement) ؛
پیش کرنا یا دینا (جیسے : to make a speech) ؛ سفر کر کے طے کرنا
(جیسے : to make five miles an hour)؛ پہنچنا (جیسے : to make a port) ۔
(برق) مکمل کرنا (سرکٹ) ۔ (فعل لازم) کچھ بننا ؛ باعث ہونا ؛ موثر
ہونا ؛ نافذ ہونا ؛ چلنا (عموماً for کے ساتھ) ؛ کسی چیز یا شخص کا
کوئی مخصوص چیز یا شخص بننا (جیسے : to make ready) ؛ اپنے آپ
کو عمل یا رویے میں ظاہر کرنا (جیسے : to make bold) ؛ کسی راہ پر
چلنا یا چلانا (جیسے : to make for home) ؛ بلند ہونا جیسے مد یا جوار
بھاٹا ؛ حجم ، جسامت ، ضخامت ، گہرائی میں بڑھنا ۔

make believe, بہانہ کرنا ؛ مکر کرنا ؛
دھوکا دینا ؛ چھل فریب دینا ۔

make good, تلافی کرنا ، (وعدہ) پورا کرنا ؛
کامیاب ہونا ؛ ادا کرنا ؛ عوض دینا ؛ تصدیق کرنا ۔

make love, مباشرت کرنا ؛ بوس و کنار کرنا ۔

make off, جلدی میں چلے جانا ؛ چھوڑ جانا ؛
چمپت ہو جانا ۔

make out, (عوامی) جنسی عمل میں کامیاب ہونا ۔

make over, جائیداد یا حق وغیرہ منتقل کرنا
یا حوالے کرنا ؛ از سرنو ڈھالنا یا تشکیل دینا ۔

make public, عام کرنا ؛ افشا کرنا ۔

make sail, (جہاز رانی) بادبانوں کے
پھیلاؤ کو بڑھانا ؛ کشتی روانہ کرنا/ہونا ۔

make sure, یقین کرنا ؛ یقینی بنانا ؛
قطعی بات ٹھہرا لینا ؛ پورا اطمینان کر لینا ۔

make the cards, تاش پھینٹنا ۔

make time, جلدی کرنا ؛ مقررہ رفتار
سے سفر کرنا ؛ عشق بازی کرنا ؛ تعشّق کرنا ؛ دل لگی کرنا ۔

make tracks, تیزی سے حرکت کرنا ۔

make up, صلح کرنا ؛ تلافی کرنا ؛
مشتمل ہونا ؛ سنگھار کرنا ؛ روپ بھرنا ؛ خوشامد کرنا ؛ پیش دستی
کرنا ۔

make water, پیشاب کرنا ۔
(جہاز رانی) رسنا ، ٹپکنا ، چونا ۔

make way, گزرنے کے لیے راستہ دینا ؛
جگہ دینا ؛ آگے بڑھنا ۔

makable, a. قابل ساخت ؛ قابل تشکیل ؛
تشکیل پذیر ۔

make, n. کسی چیز کو بنانے کا اسلوب یا انداز ؛
ہیئت یا بناوٹ ؛ ساخت ؛ ڈھنگ ؛ صُورت ؛ ترکیب ؛ مزاج ؛ سرشت ؛
سیرت ؛ اُفتادِ طبع ؛ طبیعت ؛ کردار یا فطرت ؛ وضع قطع ؛ تراش خراش ؛
بناوٹ یا بننے کا طریق عمل ؛ ترکیب ؛ ڈول ؛ شکل ؛ جُثّہ ؛ کاٹھی ؛
پیداوار : بنانے والے یا جگہ یا وقت کے حوالے سے (جیسے : our own
make) ؛ بنی ہوئی چیز ؛ پیداوار یا ماحصل ۔ (بول چال) دوسروں کے
سہارے یا خرچ یا نقصان سے نفع کمانا ؛ دوسرے کے بل پر جلب منفعت ۔
(تاش) ترپ نام زد کرنے کا عمل یا وہ رنگ جسے ترپ نام زد کیا گیا ہو ۔
(برق) سرکٹ کی تکمیل ؛ سرکٹ میں سے برقی رو کا گزر ۔

on the make, (بول چال) ذاتی مفاد
پر تُلا ہوا ؛ آمادۂ اقدام ؛ جنسی عمل کا خواہش مند ۔

make-believe, make-belief, n. افسانہ ؛ من گھڑت بات ؛
بننے والا یا بہروپ بھرنے والا ؛ بہانہ ساز ؛ دل بہلاوا ؛ ظاہر داری ؛
آنکھوں میں دھول جھونکنے کا عمل ؛ دھوکے کی ٹٹی ؛ وانمو ۔ (صفت)
غیر حقیقی ؛ مصنوعی ؛ من گھڑت ۔

make do, v.i. کم سے کم یا متبادل مواد سے کام چلانا ۔

make-do, n. متبادل عموماً عارضی یا کم حیثیت ۔
(صفت) عارضی یا متبادل نوعیت کا ۔

maker, n. بنانے والا ۔ (بڑے M سے) خُدا ؛
کرتا ؛ خالق ؛ آفرینندہ ؛ کارساز ؛ صانع ؛ صنعت گر ۔ (قانون) وہ شخص
جو قانونی دستاویز مثلاً درشنی ہنڈی وغیرہ لکھتا ، جاری اور دستخط
کرتا ہے یا اس کی تعمیل کرتا ہے ۔ (تاش) برج کے کھیل میں سب سے
پہلے کامیاب بولی کا اعلان کرنے والا ۔

make-ready, n. (طباعت) اُوپری اور نچلی تہ استعمال کر کے
چھاپنے کے لیے تیار کرنا تا کہ چھپائی نمایاں ہو ۔

makeshift, n. عام طور پر ہنگامی حالات میں
متبادل یا عارضی انتظام ۔ (صفت) متبادل ؛ عارضی نوعیت کا ۔ نیز
makeshifty ۔

makeshiftness, n. وقتی یا عارضی انتظام ۔

make-up, makeup, n. بہروپ ؛ میک اپ ؛ بناؤ سنگھار ؛
بناؤ سنگھار کا سامان جیسے سُرخی جو عورتیں اپنے منہ پر لگاتی ہیں ؛
بناؤ سنگھار کی چیزیں جو جسم کے دوسرے حِصّوں پر لگائی جاتی ہیں ؛
بناؤ سنگھار کا وہ سامان جسے اداکار کسی خاص کردار کے لیے خود
کو تیار کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے ؛ ایسا کرنے کا طریقہ ؛ تشکیل ؛
ساخت ؛ تشکیل دینے یا یکجا کرنے کا طریقہ (جیسے : make up of the
student body) ؛ طبعی یا ذہنی ساخت ۔ (طباعت) صفحوں پر تصاویر
اور ٹائپ (حُرُوف) کو ترتیب دینے کا عمل ؛ کالم بندی یا صفحہ بندی کا
عمل ۔ (بول چال) امتحان ثانی جو اُن طلبہ سے لیا جاتا ہے جو اصل
امتحان میں غیر حاضر ہوں یا ناکام ہوں ۔

makeweight, n. پاسنگ ؛ وہ چیز جو وزن پورا کرنے کے لیے
ترازو میں رکھی جاتی ہے ۔ (مجازاً) کوئی بھی چیز کمی پوری کرنے کے
لیے جس کا اضافہ کیا جائے ؛ بھرتی کی چیز ۔

make weight, v.i. (کھیل) وزن گھٹانا ؛ کسی مُکّے باز یا
پہلوان کا اپنا وزن کم کرنا تا کہ وہ کسی خاص وزن کے درجے میں
مُقابلہ کر سکے ۔

making, n. دستکاری ؛ ترکیب ؛ بنانے/ترقی دینے/
نافذ کرنے/تشکیل دینے/پیدا کرنے والے کا عمل ؛ ڈھانچا ؛ بناوٹ ؛ کام ؛
بناؤ ؛ شکل ؛ صورت ؛ ساخت ؛ ترقی یا کردار کی کامیاب تشکیل کا
ذریعہ یا باعث (جیسے : discipline is the making of a good student) ۔
(عموماً جمع) وہ مواد جس سے کوئی چیز بنائی جائے (جیسے : The
makings of the meal) ؛ کچھ بننے کی صلاحیت (جیسے : He has the
makings of a fine man) ؛ بنی ہوئی چیز ؛ ایک وقت میں بنائی ہوئی
مقدار ؛ بننے کا عمل ۔

in the making, بننے کے عمل کے دوران ؛ دورانِ تشکیل میں ؛ زیرِ تشکیل ؛ زیرِ تکمیل ۔

Malacca cane, n. [جزیرہ نُمائے ملایا کے ضلع ملاکا کے نام پر] ملاکا بید ؛ شرق الہند کے کلامَس (Calamus) جنس کے بید کے بُھورے ، اکثر چتلے یا خاکستری تنے سے بنائی ہوئی چھڑی ۔

malaceous, a. سیبی ؛ گُلابیہ ؛ گُلابیہ کے ذیلی خاندان سے تعلق رکھنے والا جس میں سیب ، ناشپاتی ، بہی ، لوکاٹ ، خفچہ (بٹ سنگلی) کے درخت شامل ہیں ۔

malachite, n. (معدنیات) مرمَر سبز ؛ تانبے کا بُنیادی سبز کاربونیٹ جو آرایشی اشیا بنانے کے کام آتا ہے ؛ تانبے کی کچ دھات ؛ سبز کچا تانبہ ؛ ملاکیت ۔

malacostracan, malacostracous, a. نرم قِشرہ ؛ نرم خول والے جانور سے متعلق ؛ نرم قشرداروں سے متعلق (نرم خول والے جانور قِشریہ کا ایک ذیلی طبقہ ہیں جن میں جھینگا مچھلی ، چنگری اور کیکڑا شامل ہیں)۔(اسم) نرم خول والے جانور ۔

maladapted, a. ناموزوں ؛ نامناسب ؛ جو کسی خاص حالت یا صورت حال کے لیے موزوں نہ ہو ۔

maladjustment, n. عدم مطابقت ، بے آہنگی ؛ ناسازگاری ؛ بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ غیر تسلی بخش یا ناکافی مطابقت ۔ (نفسیات) کسی شخص کی خواہشات یا صلاحیّتوں اور اس کی خارجی صورت حال کے درمیان عدم مطابقت ؛ بے آہنگی ؛ عدم توافق ۔

maladjusted, a. بے آہنگ ؛ ناساز ؛ بے ترتیب ؛ ابتر ؛ غیر متوافق ۔

maladminister, v.t. بد انتظامی کرنا ؛ نالائقی یا بد دیانتی سے انتظام کرنا ۔

maladministration, n. بد انتظامی ؛ بد عملی ؛ بدنظمی ؛ بُری حکومت ۔

maladroit, a. اناڑی ؛ بھدّا ؛ پھوہڑ ؛ بدسلیقہ ؛ غیر ماہر ۔

maladroitly, adv. بد سلیقگی سے ؛ اناڑی پنے سے ؛ بھونڈے طریقے سے ۔

maladroitenss, n. بد سلیقگی ؛ اناڑی پن ۔

malady, n. عارضہ ؛ روگ ؛ علالت ؛ بیماری ؛ آزار ؛ مرض ؛ انسانی جسم کی کوئی سی بیماری ؛ بُرائی ۔ (مجازاً) کوئی بھی ناپسندیدہ بات جیسے اخلاقی ، ذہنی ، سماجی اختلال یا بے نظمی ۔

Malaga, n. ملاگا (ہسپانیہ) سے درآمد کردہ میٹھی سفید شراب ؛ ملاگا کی شراب ؛ سفید میٹھے انگور جن سے شراب بنتی ہے جو کیلی فورنیا میں بھی اُگائے جاتے ہیں ۔

Malagasy, a. مڈغاسکری ؛ مڈغاسکر کے لوگوں یا ان کی زبان سے متعلق ۔ (اسم) مڈغاسکری باشندہ/زبان ؛ جمہوریہ مڈغاسکر کے باشندے یا وہاں کی زبان کا ، جس کا تعلق ملائی پولی نیشین خاندان سے ہے ۔

malaise, n. (طب) (بیماری سے پہلے کی) بے چینی ؛ بے قراری ؛ طبیعت کی بے کیفی ، بدمزگی ، الجھن جو بیماری کی ابتدائی علامت ہوتی ہے ؛ بے اطمینانی ؛ بیماری کا وہم ۔

malamute, malemute, n. الاسکا کا مالموت ، اسکیمو کا کُتّا ۔

malapropism, n. [رچرڈ شیریڈان کے ڈرامے The Rivals کی مسز مالپروپ کی نسبت سے جو الفاظ کے غلط استعمال کے لیے معروف تھی]الفاظ کا بے موقع/غلط استعمال ؛ بے تُکا پن ؛ خاص طور پر کسی لفظ کی آواز سے ملتا جلتا کوئی غلط لفظ استعمال کرنا ؛ ایسے استعمال کی مثال یا موقع ۔

malaprop, a., n. بے تُکا ؛ ناموزوں ؛ بے محل ۔

malapropian, a. بے موقع ؛ بے محل ؛ بے تُکا ؛ ناموزُوں ؛ نامُناسب ۔

malapropos, a. بے موقع ؛ بے میل ؛ بے جا ؛ بے محل ؛ بے جوڑ ؛ بے تُک ؛ ناموزوں ، نامناسب (جیسے : malapropos remark)۔ (متعلق فعل) نامناسب طریقے سے ۔

malar, a. (تشریح الاعضا) مالائی ؛ نرمئی ؛ خدّی ؛ وجنی ؛ رخسار یا رخسار کی ہڈی سے متعلق ۔ (اسم) (تشریح الاعضا) عظم وجنی ؛ رُخسار کی ہڈّی ۔ نیز malar bone ۔

malaria, n. (امراضیات) ملیریا ؛ موسمی بخار ؛ بخار کی بیماری جس میں بخار وقفے وقفے سے ہوتا ہے یا گھٹتا بڑھتا رہتا ہے جس کی علامتیں کپکپی ، بُخار اور پسینے کا آنا ہیں ، پہلے اس کی وجہ دلدلی ابخرات سمجھے جاتے تھے لیکن اب اس کا سبب وہ طفیلی نخز خوینی (پروٹوزون) سمجھے جاتے ہیں جنھیں مچھر خون میں داخل کرتے ہیں اور جو خون کے سرخ خلیوں کو تباہ کر دیتے ہیں ۔

malarial, malarian, malarious, a. ملیریائی ؛ موسمی بخار سے متعلّق ۔

malarkey, malarky, n. (بول چال) فریب کارانہ ، غیر مخلصانہ اور بے ہودہ باتیں ۔

malate, n. (کیمیا) میلیٹ ؛ سیب کا نمک ۔

Malay, a. ملائی ؛ مالے کے باشندوں ، ملک یا زبان کے متعلق ؛ ملاوی ؛ جزائر شرق الہند اور ملاگالی زبان یا باشندے سے متعلق جس کا قد چھوٹا ، کھوپری چھوٹی اور چوڑی ، منھ بڑا ، رُخسار کی ہڈّی اُبھری ہوئی اور بال سیدھے اور سیاہ ہوتے ہیں ۔ (اسم) جزیرہ نُما مالے اور ملحقہ جزائر پر غالب قوم کا فرد ؛ ملاوی ؛ اس کی زبان ؛ ملائیشیا کی مفروضہ ذیلی نسل کا فرد ؛ پالتو پرندوں کی ایک نسل ؛ ملاوی مرغ ۔

Malayan, a. ملاوی ۔ (اسم) ملاوی باشندہ/زبان ۔

malcontent, a., n. (موجودہ نظام یا حکومت سے) بیزار ؛ غیر مطمئن ؛ آمادۂ بغاوت ؛ شورش پسند ؛ باغی ؛ انتظام حکومت سے ناراض و نامطمئن ۔

male, a. نرینہ ؛ مُذکّر ؛ ذکور ؛ وہ جنس جو نُطفہ پیدا کرتی ، مادہ کو حاملہ کرتی اور بچے پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے ؛ اس جنس سے تعلق رکھنے والا یا اس کی خصوصیات کا حامل ؛ مردانہ (جیسے : a male choir) ۔ (نباتیات) کسی بھی ایسی تخلیقی ساخت سے متعلق جو مادہ میں بارورَی کا باعث بنے ؛ زربردار جیسے تخم یا بیج ۔ (میکانیات) مشین کا وہ پُرزہ جو مُماثل پُرزے کے اندر آ جائے ؛ نرینہ ؛ درونہ ۔ (اسم) مذکر انسان ؛ مرد یا لڑکا ؛ نر جانور ۔ (نباتیات) زربردار پودا ؛ پھول کا زر ریشہ اور زرگُل جو اس سے پیدا ہوتا ہے ۔

maleness, n. مردانگی ؛ تذکیر ۔

male alto, countertenor, n. سب سے اونچا مردانہ سُر ، غیر معمولی بُلند مردانہ آواز ، دھیوت سُر سے اونچی مردانہ آواز ؛ وہ

شخص جو اس کردار کو ادا کرتا ہے ؛ ہاٹ دار آواز ۔

maledict, n. (قدیم) بددُعایا ہُوا ؛ ملعُون ؛ مردُود ۔ (فعل متعدی) بددُعا دینا ؛ لعنت بھیجنا ۔

malediction, n. بددُعا ؛ کوسنا ؛ سراپ ۔

maledictory, a. بددُعا بھری ۔

malefaction, n. فعلِ بد ؛ بُرا کام ؛ جُرم ؛ کارِ بد ؛ غلط کاری ۔

malefactor, n. مُجرم ؛ بدمعاش ؛ بدکار ؛ قانُون شِکن ؛ جو کسی سے بُرائی کرے ؛ ستمگر ؛ شریر ؛ موذی ؛ پاپی ؛ بُرا کام کرنے والا ؛ غُنڈا ۔

malefactress, n. مُجرمہ ؛ ظالِمہ ؛ ایذا رسان عورت ؛ بدمعاش عورت ۔

male fern, n. میل فرن ؛ ایک قسم کا پودا جس کی جڑوں اور ڈنٹھل سے روغنی رال حاصل ہوتی ہے جِسے کدو دانوں یا پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کے کیڑے جو غذا کی نالی میں پائے جاتے ہیں ۔

malefic, a. سِفلی (جادُو وغیرہ) ؛ بد اثر ؛ بُرا اثر ڈالنے والا ؛ نقصان پہنچانے والا ؛ مصیبت انگیز ، مضرت رساں ۔

maleficent, a. مضر ؛ تکلیف/نُقصان پہنچانے والا ؛ تکلیف دہ ؛ نقصان دہ ؛ باعثِ مُضرت ؛ باعثِ ایذا ؛ مُوجبِ آزار ؛ اذّیت رساں ؛ بَداثر ۔

maleficence, n. مضرت ؛ ضرر رسانی ؛ بد اثری ۔

malevolent, a. بدخواہ ؛ بد اندیش ؛ بدباطن ؛ خبیث ؛ کینہ پرور ؛ بد دل ؛ کِینہ وَر ؛ کپٹی ۔ (نجوم) منحوس ؛ بد اثر ؛ نحس ۔

malevolently, adv. بدخواہانہ ؛ بداندیشانہ ؛ خبیثانہ ؛ بداندیشی سے ؛ بدخواہی سے ؛ بہ نیت فساد ۔

malevolence, n. بدخواہی ؛ بداندیشی ؛ بدباطنی ؛ بداثری ؛ خُبث ؛ خباثت ؛ کینہ پروری ؛ بَیر ؛ کپٹ ۔

malfeasance, n. (قانون) غیر قانونی فعل ؛ ناجائز یا نقصان دہ رویہ ؛ خاص طور پر سرکاری ادائیگی میں بدعنوانی ۔

malfeasant, a. بدعنوان ؛ غیر قانونی ۔ (اسم) بدعنوان شخص ۔

malformation, n. بناوٹ کی خرابی ، خاص طور پر کسی جسمانی عضو کی ؛ خلقتِ ناقص ؛ ساخت کی خرابی ؛ بدہیئتی ؛ بُری بناوٹ ؛ بے ترتیبی ۔

malformed, a. ناقِص ؛ بدہیئت ؛ بدشکل ؛ بدوَضع ۔

malfunction, n. عمل پذیری میں جُزوی یا کُلّی ناکامی ؛ بدعملی ؛ خرابی ؛ ناقص کام یا عمل ۔ (فعل لازم) کام کرنے میں پُوری طرح یا جُزوی طور پر ناکام ہونا ؛ فرض کی ادائیگی میں جزوی یا کُلّی طور پر ناکام ہونا ۔

malic acid, n. (کیمیا) تیزابِ سیب ؛ بے رنگ آسانی سے حل ہو جانے والا قلمی مادہ ، جو انگور ، سیب اور ریوند میں پایا جاتا ہے جس کا ذائقہ خوشگوار تُرش ہوتا ہے ۔

malice, n. کینہ پروری ؛ بُرائی ؛ بُغض ؛ عداوت ؛ بدنیّتی ؛ بُرا دل ؛ بُری نیّت ؛ خُبث ؛ بدباطنی ؛ سِتم ظریفی ؛ شرارت ؛ نقصان پہنچانے کی خواہش ، انتقامی یا عملی بدخواہی ۔ (قانون) بُغض ؛ کِینہ ؛ بَدنیتی ؛ عناد ؛ مخاصمت ؛ خصومت ؛ دوسروں کو نُقصان پہنچانے والے غلط کام کے مرتکب کی بدنیّتی یا بدخواہی ۔

malicious, a. دِل کا بُرا ؛ بد باطن ؛ خبیث ؛ کینہ پرور ؛ بدنیّت ؛ کِینہ توز ؛ کینہ ور ۔

maliciously, adv. دشمنی سے ؛ بدنیتی سے ؛ عداوت سے ؛ خُصُومت سے ؛ خبیثانہ ؛ معاندانہ ؛ کینہ پرورانہ ؛ مخاصِمانہ ۔

maliciousness, n. کینہ وری ؛ بدخواہی ؛ دل کی برائی ؛ بدباطنی ؛ بدنیّتی ؛ کینہ پروری ؛ خُبث ؛ خباثت ۔

malign, v.t. بدنام کرنا ؛ دوش لگانا ؛ کسی کی برائی کرنا ، بہتان باندھنا ؛ تُہمت لگانا ؛ جھوٹا الزام لگانا ؛ غیبت کرنا ؛ بدگوئی کرنا ؛ افترا پردازی کرنا ؛ زبانی الزام تراشی کے ذریعہ ہتک عزّت کرنا ۔ (صفت) بدباطن ؛ بدکردار ؛ بدفکر ؛ بدنیت ؛ کینہ پرور ؛ بُرے اثرات ڈالنے والا ؛ مہلک ؛ تباہ کُن ؛ مُضرِ ؛ زیاں کار ؛ ایذا رساں ؛ موذِی ؛ بَیری ؛ مُضرت رساں ۔

maligner, n. بَد گو ؛ تُہمت طراز ؛ بداندیش ؛ مُفتری ؛ کِینہ ور ۔

malignly, adv. تُہمت طرازی سے ؛ بدگوئی سے ؛ بُغض سے ۔

malignancy, malignance, n. بَیر ؛ دُشمنی ؛ بُغض ؛ کینہ ؛ عداوت ؛ خصومت ؛ بدباطنی ؛ خباثت ؛ تُہمت طرازی ؛ بُہتان تراشی ۔ (طب) مُوذی رسُولی ؛ لاگو رسُولی ؛ ورم خبیث ۔

malignant, a. بدخواہ ؛ مُہلک ؛ خبیث ؛ سخت ؛ تیز ؛ شدید ؛ کینہ ور ؛ نحس ؛ بَیر بھرا ؛ کِینہ پرور ؛ بُغض پرور ؛ ہلاکت خیز ۔ (امراضیات) خطرے اور جسامت کے لحاظ سے بڑھنے والا ، جیسے رسُولی ؛ زہریلا ؛ مُہلک یا خبیث ؛ مُوذی ۔

malignantly, adv. بُغض و عداوت سے ، خباثت سے ۔

malignity, n. بَیر؛ کِینہ ؛ بُغض ؛ دُشمنی ؛ نحوست ؛ خصومت ؛ خباثت ؛ بدخواہی کی مثال ۔

malines, maline, n. [بلجیم کے شہر میلین کا] فِیتہ ؛ ایک عُمدہ باریک ریشمی جالی جو کُلاہ سازی کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

malinger, v.i. بیمار بننا ؛ دانستہ بیمار پڑنا ؛ بیماری کو طول دینا ؛ کام کرنے یا فرائض کی انجام دہی سے بچنے کے لیے بیماری کا بہانہ کرنا ۔

malingerer, n. بیماری کا بہانہ کرنے والا ۔

mall, n. مال ؛ خیابان ؛ سیر کے لیے قُدرتی مناظر والا علاقہ ؛ ایسا علاقہ جس کے گرد دکانیں اور دوسری عمارات ہوں لیکن گاڑیوں کے لیے بند ہو ؛ ٹریفک کی قطاروں کو الگ کرنے والی شجر دار یا فرش بندروش ؛ ٹھنڈی سڑک ۔

mall, v.t., n. دیکھیے : Maul

mallard, n. (طیوریات) جنگلی بطخ ، جس کے نر کا سر سبز ہوتا ہے اور جو شمالی نِصف کُرّے میں عام پائی جاتی ہے ،یہ پالتو بطخ کی جدِّ اعلیٰ ہے

malleable, a. متورّق ؛ ورق پذیر؛ جس کے ورق اُتارے جا سکیں ؛ جس کو کوٹ کر یا دبا کر پھیلایا جا سکے یا کوئی شکل دی جا سکے ۔ (مجازاً) لوچ دار ؛ تشکیل پذیر ؛ اثر پذیر ؛ نرم ؛ ملائم ؛ کٹنے اور بڑھنے کے قابل ۔

malleability, malleableness, n. تُورّق ؛ لوچ ؛ تشکیل پذیری ؛ اثر پذیری ؛ ورق پذیری ۔

mallee, n. (آسٹریلیا) مالی ؛ پست قد آسٹریلوی سفیدے کی کوئی بھی قسم ، یہ درخت بعض اوقات جُھنڈ کی صُورت میں دُور دُور تک پھیلے ہوتے ہیں ؛ ان سے پٹا ہوا علاقہ ۔

mallemuck, n. میلیمک ؛ سمندری پرندوں میں سے کوئی سا پرندہ مثلاً قادوس ، فلمار وغیرہ ۔

mallet, n. ہتھوڑا ، عموماً لکڑی کا بنا ہوا ؛ چوبی دُرمٹ ؛ موگرا ، موگری ؛ موسل ؛ کوبہ ؛ چوگان ؛ مارتول ؛ پولو وغیرہ کا چوگان یا چھڑی ۔

malleus, n. (تشریح الاعضا) عظمِ مِطرقی ؛ مطرقہ ؛ مطرقی ہڈّی ؛ انسان یا دودھ پلانے والے جانوروں کے کان کی سب سے باہر والی تین ہڈیوں میں سے درمیانی ہڈّی جس کی شکل ہتھوڑے جیسی ہوتی ہے ۔

mallow, n. (نباتیات) گل خیرو ؛ سونچل ؛ خطمی ؛ خُبّازی ؛ جنس خُبازی کا کوئی بھی گیاہی پودا ، یہ جنگلی پودا ہے جس کے پتّے گول دندانے دار اور پُھول اُودے سفید یا سُرخ ہوتے ہیں ؛ جنس خبازی کا کوئی بھی پودا ۔

malm, n. مام ؛ کِلسی مٹّی ؛ نرم دُودھیا چاک مٹّی ؛ دودھیا چاک مٹی سے مرکب زمین جو جنُوب مشرقی انگلستان میں پائی جاتی ہے ؛ مٹی اور چاک کا مرکب جو اینٹیں بنانے کے کام آتا ہے ۔

malmsey, malvasia, malvoisie, n. مِیٹھی انگورُی شراب ؛ مِیٹھی تیز شراب جو جزائر مدیرا میں بنائی جاتی ہے ؛ اس شراب میں استعمال ہونے والے انگور ۔

malnourished, a. کم درجے یا ناکافی خُوراک پانے والا ؛ کم خوراکی کا شکار ؛ سُوءِ تغذیہ سے متأثر ہونے والا ؛ کمزور ؛ بد پرورده ۔

malnutrition, n. ناکافی یا ناقص غذا ؛ سُوءِ تغذیہ ؛ ناقص تغذیہ ؛ کمیِ غذا ؛ ناکافی غذائیت ؛ ناقص خوراک ؛ ناکافی خُوراک ۔

malocclusion, n. (دندان سازی) بے ترتیب دانت ، دندان بے نظم ؛ دانتوں کی ناقص قُربت ، مثلاً اوپر والے اور نچلے جبڑوں کے بالمقابل دانتوں کا ناقص طور پر ایک دُوسرے کے قریب آنا ؛ بدترتیبیٔ دندان ؛ بدنظمیٔ دنداں ۔

malodor, n. سڑاند ، بدبُو ؛ تعفُّن ۔

malodorous, a. بدبُودار ، سڑا ہوا ، مُتعفّن ۔

malodorously, adv. بدبُودارانہ ؛ سڑاند سے ؛ تعفُّن سے ۔

malodorousness, n. سڑاند ، بدبُو ؛ تعفُّن ؛ بدبُوداری ۔

Malpighian corpuscle, Malpighian body, n. [اطالوی ماہر تشریح الاعضا مارسیلو ملپگی ۱۶۲۸۔۱۶۹۴ء کے نام پر] (تشریح الاعضا) جسیمۂ ملپگی ؛ جسیمۂ گُردہ ؛ گُردے کی بیرونی جھلّی کے مادّے میں چھوٹا سا گول جسیمہ ؛ تلّی کی لِمفی نسیج کی گِلٹی ۔

Malpighian layer, n. (تشریح الاعضا) ملپگی پردہ ؛ شَبکۂ مُخاطیّہ ؛ بیرونی جلد کی گہرائی میں اُن خلیوں کی تہ جو بیرونی جلد کے خارجی خلیوں کی جگہ لیتے ہیں ۔

Malpighian tube, Malpighian vessel, n. (حشریات) عروق ملپگی ؛ عرُوقِ گردہ ؛ حشرات کی غذائی نالی کے زوائد میں سے ایک زائدہ جو عُضوِ اخراجی کے طور پر کام کرتا ہے ۔

malposition, n. (امراضیات) سُوءِ وضع جنین ؛ جابجائی ؛ ناقِص یا غلط وضع ؛ سُوءِ وضع ؛ بے مقامی ؛ خاص طور پر جسم کے کسی حِصّے یا عُضو کی ، یا رحم میں جنین کی ۔

malpractice, n. ناجائز فعل ؛ بدعُنوانی ؛ بد دیانتی ؛ بُرا کام ؛ بُری رسم ؛ بے ضابطگی ؛ خیانت ؛ مُجرمانہ غفلت ؛ بدمعاملگی ؛ بدچلنی ؛ خلاف ضابطگی ؛ بدرویّہ ؛ سُوءِ علاج ؛ وکیل ، طبیب ، سرکاری ملازم کی اپنے فرائض کی نامناسب ، غافلانہ ، ناجائز یا غیر قانونی انجام دہی ، خاص طور پر جب اس کا نتیجہ ضرر یا نقصان کی صورت میں نکلے ۔

malpractitioner, n. بد عُنوان ؛ بد دیانت ؛ خائن ؛ غلط کار ؛ ناجائز کام کرنے والا ۔

malt, n. مالٹ ، شعیرہ ؛ اناج عموماً جَن کو پانی میں بھگو کر خمیر پیدا کیا گیا ہو اور پھر بھٹی میں خُشک کر کے کشید کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ شعیرہ سے بنا ہوا مشروب جیسے بُوزہ ؛ شرابِ جو ؛ بیئر ؛ ایل ، وِھسکی ۔ (فعل متعدی) شعیرہ بنانا ؛ شعیرہ یا اس کے رَس کے ساتھ ملانا ۔ (فعل لازم) شعیرہ بننا ؛ اناج کو شعیرہ میں تبدیل کرنا ۔

malty, a. شَعیری ۔

Malta fever, n. [مالٹا : بحیرہ روم کے ایک جزیرے کا نام] مالٹا بُخار ؛ مالٹی بُخار ۔

maltase, n. (حیاتی کیمیا) مالٹیز ؛ خمیر شَعیر ؛ خامرہ (کیمیائی خمیر) جو قندِ شَعیر کو آب پاشیدگی کے ذریعہ گلوکوز میں تبدیل کر دیتا ہے ۔

malted milk, n. شعیرہ اور خشک دودھ سے بنا ہوا حل پذیر سُفُوف ؛ اس سُفُوف اور دودھ یا دوسرے مائع سے تیار کیا ہوا مشروب ، عموماً آئس کریم اور خوشبُو کے ساتھ ۔

Maltese, a., n. مالٹائی ؛ جزیرۂ مالٹا کا باشندہ یا زبان ؛ مجمع الجزائر مالٹا کا یا اس سے تعلق رکھنے والا ؛ اِن جزیروں کے باشندوں یا ان کی عربی بولی کا یا اُس سے تعلق رکھنے والا ۔

Maltese cat, n. مالٹا بلّی ؛ پالتو بلّی کی ایک قسم جو نیلے بُھورے رنگ کی ہوتی ہے ۔

Maltese cross, scarlet lychnis, n. مالٹائی چلیپا ؛ چلیپا جس کے چار برابر کے بازو ہوتے ہیں جو چوڑائی میں مرکز سے باہر کی طرف پھیلتے ہیں ، ہر بازو دو نوکدار شاخوں پر ختم ہوتا ہے ۔اسے مالٹا کے شہسوار علامت کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ (نباتیات) گلنار کمپا ؛ ایک گیاہی پھول ؛ عُنابی خاندان کے سُرخ پھول جن کی مالٹائی چلیپا کی دو نوکدار شاخوں کی طرح دو نوکوں والی پتیاں ہوتی ہیں ۔

maltha, malthite, n. قیر معدنی ؛ قیر اور موم کا گارا ؛ قِیر اور موم کی گچ ؛ چپچپا قِیری مادّہ جس کی استواری اور توافق پٹرولیم اور اسفال کے درمیان ہوتی ہے ۔

Malthusian, a. (معاشیات) مالتھوسی ؛ مالتھس سے متعلق ؛ انگریز ماہر معاشیات ٹی ۔ آر ۔ مالتھس یا اس کے نظریہ سے متعلق ؛ مالتھس کے نظریے کے مطابق آبادی ہندسی نسبت سے بڑھتی ہے جب کہ خوراک ریاضی کی نسبت سے ، اگر قدرتی آفات ، جنگ یا جنسی

ضبط کے ذریعہ آبادی قابو میں نہ رہے تو آبادی کے اس طرح بڑھنے کا نتیجہ عالمی قحط سالی یا جنگ ہو سکتا ہے ۔ (اسم) مالتھسی نظریے کا حامی شخص ۔

Malthusianism, n. مالتھوسیّت ؛ مالتھسی نظریہ ۔

maltliquor, n. شعیری مشروب جیسے بیئر (بوزہ) ۔

maltose, malt sugar, n. (کیمیا) مالٹوز ؛ مالٹوس ؛ شکرِ شعیر ؛ قندِ شعیر ؛ شعیری شکر ؛ سفید دانے دار شکر جو شعیرہ کی طرح ڈائسٹوس (خمیرۂ جو) کے نشاستے پر عمل سے بنتی ہے اور بُنیادی طور پر مٹھاس کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

maltreat, v.t. بدسلوکی کرنا ؛ بُری طرح پیش آنا ؛ بُرا برتاؤ کرنا ؛ غلط استعمال کرنا ۔

maltreatment, n. بدسلوکی ؛ بُرا برتاؤ ؛ غلط استعمال ؛ بُرا سلوک ؛ بدتمیزی ۔

maltster, n. شعیرہ بنانے یا بیچنے والا ؛ شعیرہ ساز ؛ شعیرہ فروش ؛ دودھ کا شعیرہ بنانے یا بیچنے والا ۔

malvaceous, a. خُبّازیہ ؛ خطمیہ ؛ خُبّازی ؛ خطمی ؛ جنس خبازی سے تعلّق رکھنے والے پودوں مثلاً جنس پٹوا ، خطمی فرنگی وغیرہ سے متعلّق ۔

malvasia, malmsey, malvoisie, n. مامزے ؛ میٹھا انگور جو مدیرا کی مامزے شراب بنانے کے کام آتا ہے ؛ مامزے شراب ۔

malvasian, a. میٹھے انگوروں یا ان سے بنی ہوئی شراب کا ۔

malversation, n. غبن ؛ خیانت ؛ بے ایمانی ؛ رشوت ستانی ؛ تصرُّفِ بے جا ، جیسے مال یا انصاف کا ؛ قابل اعتماد رُتبے یا عہدے میں ہوتے ہوئے نامناسب یا خیانتی رویہ ؛ بدمعاملگی ۔

malvoisie, n. دیکھیے : Malmsey ۔

mamba, n. مامبا ؛ جنوبی افریقہ کا مہلک چھپرا شجری سانپ ، جس کا ڈسنا مہلک ہوتا ہے ۔

mambo, n. مامبو ؛ ہیتی کا رقص ؛ چاچا اور رمبا جیسا مگر ان سے زیادہ پیچیدہ تیز رقص ؛ اس رقص سے وابستہ موسیقی ۔ (فعل لازم) مامبو رقص کرنا ۔

Mameluke, Mamaluke, Mamluk, n. [عربی] مَملُوک (مصری سلاطین کا خاندان ۱۲۵۰ء تا ۱۵۱۷ء) ۔ (چھوٹے m سے) اسلامی ممالک میں غلام کو کہتے ہیں ؛ غلام ۔

mamma, n. مَمّہ ؛ تَھن ؛ پِستان ؛ سینہ ؛ ثَدی ؛ چُوچی ؛ میمل حیوانوں کا وہ عُضو جس سے دودھ نکلتا ہے ۔

mamma, mama, n. ماں ؛ امّاں ؛ امّاں جان ؛ امّی ؛ امّی جان ؛ والدہ ؛ ماتا ؛ مادر ؛ خطاب جس سے اُنس اور محبت کا اظہار ہوتا ہے ، زیادہ تر بچے ماں کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

mammal, n. (حیوانیات) ممالیہ ؛ میمل ؛ پِستان دار جانور ؛ تھنیلا ؛ پستانیہ ؛ ریڑھ کی ہڈی والا اعلیٰ گروہ کا پِستان دار جانور ، جو بچوں کو دودھ پلانے ، بالوں کی موجودگی اور بچّہ جننے کی خصوصیات کا حامل ہو ۔

mammalian, a. (حیوانِ)پستانیہ ؛ پستان دار؛میملی ۔

mammalogy, n. (حیوانیات) ممالیات ، علمِ ذوات الثدی ؛ پِستان دار حیوانوں سے متعلق علم ۔

mammalogist, n. ماہرِ ممالیات ۔

mammalogical, a. ممالیاتی ، پستانی حیوانیات سے متعلق ۔

mammary, a. تھن کا ؛ پِستان کا ؛ پِستانی ؛ پستان یا پستانوں سے مشابہ ؛ چھاتی کا ۔

mammato-cumulus, n. (موسمیات) ممبدلا ؛ سحابِ پستانی ؛ پستان جیسی شکل والے بادل کا ٹکڑا ؛ ڈھلکی ہوئی چھاتی سے مشابہ بدلی (بادل) ۔

mammer, v.i. (برطانوی) ہکلانا ، خیالات یا گُفتگو میں ہچکچانا ؛ لُکنت بھری گُفتگو کرنا ۔

mammilla, n. (تشریح الاعضا) بھٹنی ؛ سرِپستان ؛ حَلمہ ؛ چُوچی ؛ گات ؛ بھٹنی جیسا کوئی عمل یا اُبھار ۔

mammillary, a. حَلمی ؛ بھٹنی کا ؛ بھٹنی جیسا ؛ گات جیسا ؛ سرپستانی ؛ سرِ پستان سے متعلق یا مشابہ ؛ بھٹنی جیسے اُبھار سے مُزَیَّن ؛ چُوچی کا ؛ تھن کا ۔

mammillate, mammillated, a. بُھٹنی جیسا بنا ہوا ؛ بھٹنی جیسے چھوٹے اُبھار؛والا ؛ بھٹنی والا ؛ حلمہ دار ؛ گات نما ۔

mammillation, n. بھٹنی جیسا اُبھار ، حلمہ داری ۔

mammogram, n. حلمہ نگار ؛ چھاتی کا ایکسرے جو پستان کے سرطان کی تشخیص میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

mammography, n. حلمہ نگاری ۔

mammon, n. (عہد نامۂ جدید) دولت ؛ مایہ ؛ لالچ ؛ حرص ۔ (بڑے M سے) حرص و طمع کی تجسیم ؛ دولت کا بُت ؛ مایا دیوی ؛ دولت کا شیطان ؛ دَھن دیوتا ۔

mammonism, n. زرپرستی ؛ دولت پرستی ؛ ہوس پرستی ؛ حرص و طمع ؛ بندگئ زر ۔

mammonist, mammonite, n. زر پرست ؛ بندۂ زر ۔

mammonish, mammonistic, a. مایا کا ، دولت کا ، لالچ کا ؛ زرپرستی کا ؛ زرپرستانہ ۔

mammoth, n. میمتھ ؛ ایک قسم کا ہاتھی جس کی نسل اب معدوم ہو چکی ہے ؛ جدید ترین طبقے کے ہاتھی کی وہ معدوم نسل جس کے دانت لمبے اور نوکیلے ہوتے تھے اور بال لمبے اور موٹے ، اس کے آثار یورپ ، ایشیا اور شمالی امریکا میں مدفون ملتے ہیں ۔ (صفت) بہت بڑا ؛ دیو قامت ؛ فِیل پیکر ؛ قوی ؛ زبردست ؛ عظیم الشان ؛ فیل قامت ؛ دیو سار ؛ عظیم ۔

mammy, n. (بول چال) ممّی ؛ امّی ؛ امّاں ؛ جنوبی امریکا میں حبشی دایہ یا بوڑھی گھریلو ملازمہ ۔

man, n. آدمی ؛ خاص طور پر بالغ نر ؛ مرد ؛انسان ؛ بشر ؛ آدم زاد ؛ شخص ؛ منش ؛ لوگ ؛ خلقت ؛ نفر ؛ گھر والا ؛ خصم ؛ شوہر ؛ خاوند ؛ بنی نوع انسان (جیسے : Man is a dominant species) ۔ (بشریات ، حیوانیات) انسانی خاندان کا فرد جو بڑے دماغ ، گُفتگو اور راست قامتی کی خصوصیات کا حامل ہوتاہے ،جنسِ انسان کی واحد محفوظ و موجود نوع ؛ مذکّر بالغ جس میں نرینہ خصوصیات پائی جائیں ؛ مرد ملازم ؛ کسی کی ملازمت میں بالغ مرد؛ مُہرہ جس سے کوئی کھیل جیسے شطرنج کھیلا جائے ؛ گوٹ ؛ نرد ؛ پیادہ ۔ (فجائیہ ، عوامی) حیرت یا

جوش و خروش کا کلمہ ۔

man, v.t. افراد مہیا کرنا ، کافی افرادی قوّت مہیّا کرنا ؛ کسی مقام پر اپنا فرض منصبی سنبھالنا (جیسے ؛ Man the lifeboats)؛ ہمّت بندھانا ؛ حوصلہ پیدا کرنا ؛ آدمی لگانا ۔ (باز بازی) باز وغیرہ کو انسان سے مانُوس کرنا ۔

mana, n. (بشریات) مانا ؛ پولی نیشیوں کا عقیدہ کہ کوئی مافوق الفطرت قوّت انسان یا چیز میں رہایش پذیر ہو سکتی ہے ؛ آسیب ؛ حُلول ۔

manacle, n. ہتھکڑی ۔ (اکثر جمع) ہتھکڑی ؛ بیڑی ؛ زنجیر ۔ (فعل متعدی) ہتھکڑی لگانا یا زنجیر پہنانا ؛ بیڑی پہنانا ۔

manage, v.t. کسی شخص یا ادارے کی رہنُمائی اور اسے کنٹرول کرنا ؛ استعمال کرنا ؛ چلانا ؛ کام انجام دینا ؛ نظم و نسق کرنا ؛ کام چلانا ؛ اِنصرام/انتظام کرنا ؛ سرانجام دینا ؛ (گھر بار /ادارے وغیرہ کا) انتظام/بندوبست/نظم و نسق کرنا ؛ (چوپایوں وغیرہ کو) سنبھالنا ؛ دیکھ بھال کرنا ؛ (گھوڑے/انسان) کو قابو میں رکھنا ؛ سدھانا ؛ مُشکلات کے باوجود کامیاب ہونا ؛ مطلوبہ انداز میں حرکت کرنا یا استعمال کرنا ؛ کسی شخص سے سمجھ بوجھ کے ساتھ سلُوک کرنا ۔ (فعل لازم) معاملات نمٹنا ؛ کسی ادارے یا کاروبار کا چلنا ۔

manageable, a. آسان ؛ جو سنبھالا جا سکے ، قابلِ اِنتظام ؛ جو آسانی سے قابو میں آ سکے ؛ فرمان پذیر ؛ مطیع ، خوش لگام ؛ سیدھا ؛ سدھا ہوا ۔

manageability, manageableness, n. قابل انتظام ہونے کی صورت ؛ اطاعت پذیری ؛ فرمان پذیری ۔

manageably, adv. فرمان پذیری سے ۔

management, n. اِنتظام ؛ اِنصرام ؛ بندوبست ؛ اہتمام ؛ دیکھ بھال ؛ سُلوک ؛ نِگرانی ؛ استعمال ؛ احتیاط سے کسی صورت حال سے عہدہ برآ ہونے کا عمل ؛ انتظامیہ ؛ کسی تجارت ، کاروبار ، ادارے یا مفاد کے ڈائرکٹر یا منیجر بحیثیتِ مجموعی ۔

manager, n. منتظم ؛ مہتمم ؛ منصرم ؛ سربراہ کار ؛ گماشتہ ؛ کام دار ؛ کرتا دھرتا ؛ منیم ؛ مُنشی ۔

managership, n. مہتممی ؛ منیجری ؛ مُنتظم کا عُہدہ یا کام ؛ منتظمی ؛ سربراہی ۔

manageress, n. (زیادہ تر برطانوی) منتظمہ ؛ منصرمہ ؛ مہتممہ ؛ منتظم خاتون ۔

managerial, a. انتظامی ؛ منیجر کا ؛ منتظمانہ ۔

managerially, adv. منتظمانہ طور پر ۔

manakin, n. مینکِن ؛ بے نغمہ عُصفُوری پرندوں میں سے کوئی سا چھوٹا اور شوخ رنگ پرندہ جو وسطی اور شمالی افریقہ میں پایا جاتا ہے ۔

manana, n. فردا ؛ (آنیوالا) کل ؛ مستقبل ؛ عام طور پر اس سے لااُبالی تاخیر مراد لی جاتی ہے ؛ لیت و لعل ، التوا ۔ (متعلق فعل) لااُبالی تاخیر سے ، دیر سے ؛ لیت و لعل سے ؛ ٹال مٹول کر کے ۔

man ape, n. آدم بوزنہ ؛ بن مانس ؛ نسناس ؛ کوئی بھی آدم نما بوزنہ جیسے گوریلا ؛ انسان الغاب ؛ چمپانزی ، گِبن یا لنگور ؛ کوئی رکاز جس میں بوزنے اور ابتدائی انسان دونوں کی مشترکہ خصوصیّات پائی جائیں اور جو دونوں کا مُمکنہ جد ہو ۔

man-at-arms, n. سپاہی ؛ قُرونِ وُسطیٰ کا پوری طرح مسلح سپاہی ؛ پوری طرح اسلحہ سے لیس سپاہی ؛ فوجی ؛ مسلّح سوار ہتھیار بند سپاہی ۔

manatee, sea cow, n. (حیوانیات) مناٹی ؛ دریائی گائے ؛ جل گائے ؛ سمندری گائے ؛ آبی ، سمندری نبات خور میمل جو لمبے تکلے نما جسم ، چپو نما اگلے پاؤں ، پچھلے پاؤں کی غیر موجودگی کی خصوصیات کا حامل ہے اور فلوریڈا ، غرب الہند اور برازیل کے گرم سمندروں اور دریاؤں میں پایا جاتا ہے ۔

manatoid, a. دریائی گائے سے متعلّق ۔

manchineel, n. منچی نیل ؛ آنولیہ درخت جو غرب الہند اور وسطی امریکا میں پایا جاتا ہے جس کا رس نہایت کڑوا اور زہریلا ہوتا ہے ، اس کی لکڑی بعض اوقات صندوقچے بنانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

Manchu, n. منچو ؛ منچوریا میں رہنے والے منگولی نسل کے لوگ جنھوں نے ۱۶۴۴ء میں چین فتح کیا اور وہاں شاہی حکومت کی بنیاد رکھی جو ۱۹۱۲ء تک قائم رہی ؛ منچو لوگوں کی زبان جس کا تعلق یورالی ،التائی کے ذیلی خاندان تنگوسک (Tungusic) سے ہے ۔ (صفت) منچو لوگوں کے ملک یا زبان سے تعلّق رکھنے والا ۔

manciple, n. خانساماں ؛ کالج یا خانقاہ کا سربراہِ کار ؛ داروغہ رسد ؛ داروغۂ توشہ خانہ ۔

Mandaen, Mandean, a. مندائی ؛ اس باطنی فرقے کے رکن یا اس سے متعلق جو جنوبی عرب میں اب بھی موجود ہے ؛ اس فرقے کی تحریروں میں استعمال ہونے والی ارامی بولی کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) مندائی فرقہ کا رُکن ۔

mandala, n. منڈل ؛ منڈلا ؛ ارتسامی کائناتی علامت جسے ایک دائرے کے اندر مربع کی شکل میں ظاہر کیا جاتا ہے اور جس میں دیوتاؤں کی اشکال حسنِ تناسب سے بنائی جاتی ہیں ، اس علامت کو بندو اور بدھ گیان دھیان میں مدد دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ سوئٹزر لینڈ کے ماہرِ نفسیات کارل یُونگ (Carl Jung, ۱۸۷۵ء — ۱۹۶۱ء) کی اصطلاح میں استحکامِ ذات کی کوشش کی علامت ۔

mandamus, n. (قانون) روبکارِ عدالتِ عالیہ ؛ وہ حکم نامہ جو عدالت عالیہ کی جانب سے عدالتِ ماتحت/کارپوریشن (بلدیہ) یا فرد کے نام جاری ہوتا ہے اور جس میں کسی خاص کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہو ؛ فرمان ؛ پروانہ ؛ حکمنامہ ۔

mandarin, n. منتری ؛ ملکِ چین کا عامِل ؛ ماندرین ؛ چینی سلطنت کے عمال کے نو طبقوں میں سے کسی طبقے کا عامل ۔ (بڑے M سے) چین کی سب سے بڑی بولی خاص طور پر مرکزی چین اور بیجنگ (بیکنگ) کے گرد و نواح کی ؛ سرکاری بولی جسے حکومت نے قومی زبان کی حیثیت سے ترقی دی ۔ (اسم) چھوٹا ، چپٹا چینی سنگترہ ؛ اس کا درخت ۔نیز: mandarin orange ۔

mandatary, n. مختار ؛ وکیل ؛ فرد یا قوم جسے بذریعہ حکم یا فرمان اختیار دیا گیا ہو ؛ صاحبِ فرمان ۔

mandate, n. تولیت ؛ حُکم ؛ فرمان ، کسی اعلیٰ عدالت یا حاکم اعلیٰ کا ماتحت عدالت یا افسر کے نام حکم ؛ منشور ؛

عارضی اختیار ؛ توقیعیت ؛ معاہدہ ؛ حکم برداری ؛ حکماً عدالت ؛ حکومت یا عارضی اختیار ؛ مختار نامہ ؛ توقیع ؛ سربراہی ؛ انتظام ؛ رومی کتھولک کلیسا کے پوپ کا حکم نامہ ؛ پاپائے اعظم کا حکم نامہ ، جس میں کسی شخص کو کلیسائی عہدہ تفویض کیا گیا ہو ۔ (سیاسیات) رائے دہندگان کی طرف سے منتخب رکن کو حکمت عملی کے بارے میں دیا جانے والا اختیار ۔ (قانون) معاہدہ جس کی رو سے کوئی شخص کسی کو اس کے لیے بلامعاوضہ خدمت کے انجام دینے کو کہے ؛ کوئی بھی معاہدۂ گماشتگی یا تولیت ۔ (بین الاقوامی سیاسیات) حق تولیت ؛ حقِ وکالت ؛ انجمن اقوام کی طرف سے کسی ریاست کو کسی ملک پر حکومت کرنے کا عارضی اختیار ، اس طرح تفویض کردہ مُلک یا علاقہ ۔ (فعل متعدی) معاہدے کے تحت کسی ملک یا علاقے کو عارضی طور پر کسی ملک کی تحویل میں دینا ۔

mandator, n. فرمانروا ؛ حکمنامہ جاری کرنے والا ۔

mandatory, a. تولیتی ؛ حکم نامے پر مشتمل ، اس کی نوعیت کا یا اس سے متعلق ؛ حکم کی وجہ سے لازمی ؛ جس کو تولیت ملی ہو ، متولیّ ۔ (اسم) کوئی شخص یا حکومت جسے اختیار تولیت دیا گیا ہو ؛ متولی شخص یا قوم ۔

mandatorily, adv. حکمنامے کے ذریعے ؛ بذریعہ تولّیت ۔

mandible, n. جبڑا ؛ فک اسفل ؛ چانہ ؛ فقاری حیوانات کے نچلے جبڑے کی ہڈی ؛ پرندے کی چونچ کا اوپر یا نیچے کا حصّہ ، جوڑ دار پاؤں والے جانوروں (مفصل پایاں) کے سامنے والے بغلی جبڑوں کے جوڑے میں سے ایک ؛ فکِ اوّل حشرہ ؛ فکِّ طیر ۔

mandibular, mandibulary, mandibulate, a. فکّی ؛ جبڑے سے متعلق ؛ جبڑے کا ؛ وہ جسے جبڑا دیا گیا ہو مثلاً بہت سے کیڑے جن کے جبڑے ہوتے ہیں ؛ جبڑوں والا ؛ فک دار ، جیسے متعدد کیڑے ۔ (اسم) فک دار حیوان ۔

Mandingo, a. مینڈنگو ؛ مغربی افریقہ میں حبشیوں کے وسیع لسانی گروہ کا یا اس سے متعلق ؛ ان کی زبان کا یا اس سے متعلّق ۔ (اسم) مغربی افریقہ میں حبشیوں کا وسیع لسانی گروہ ؛ ان کی زبان ۔

mandolin, n. مینڈولین ؛ چھوٹی سارنگی ؛ چکارا ؛ ستار کی قسم کا ایک ساز جس میں عموماً تاروں کے چار جوڑے ہوتے ہیں ، جس کا تونبا ناشپاتی کی شکل کا ہوتا ہے اور اس کی گردن پر انگلیوں سے پردوں کو دبانے کے لیے کھونٹیوں کی قطار ہوتی ہے ۔

mandolinist, n. مینڈولین بجانے والا ؛ چکارا بجانے والا ۔

mandragora, n. دیکھیے : Mandrake ۔

mandrake, mandragora, n. (نباتیات) مردم گیاہ ؛ لُفّاح ؛ مکو کے خاندان کی ایک یورپی بُوٹی ، اس سے ایک طاقت ور جوہر حاصل ہوتا ہے ، ماضی میں اس کی پنجہ نما جڑوں کے بارے میں عوام میں توہم پرستانہ کہانیاں مشہور تھیں ؛ بر گیاہ ۔ نیز دیکھیے : May apple ۔

mandrel, mandril, n. (مشین) تکلا ، دُھرا یا سلاخ جس پر کوئی چیز ، جس پر کام کرنا ہو ، باندھ دی جاتی ہے ؛ خراد کا تکلا ؛ سلاخ یا قالب جس کے اردگرد دھات وغیرہ ڈالی جاتی ہے اور کوئی شکل دی جاتی ہے ؛ سانچا ؛ قالب ؛ کلنگ ۔

mandrill, n. (حیوانیات) رُبّاح ؛ مینڈریل ؛ ڈراؤنی شکل کا خونخوار بڑا لنگور جو مغربی افریقہ میں پایا جاتا ہے ، جس کے چہرے پر سرخ اور نیلی رگیں ہوتی ہیں ۔

mane, n. (حیوانیات) ایال ؛ گردن کے بال ؛ کمر ، گردن یا اس کے قریب اگنے والے لمبے بال جیسے گھوڑے یا شیر کے ہوتے ہیں ۔ (مجازاً) کسی شخص کے لمبے اور گھنے بال ۔

maned, a. ایال دار ۔

man-eater, n. آدم خور حیوان ؛ کوئی بھی جانور جو انسان کو کھا جاتا ہو جیسے شیر ، چیتا یا شارک مچھلی وغیرہ ۔

man-eating, a. آدم خور ۔

manege, n. گھوڑوں کو سدھانے اور سواری کا فن ؛ گھوڑے سدھانے اور سواری سکھانے کا مدرسہ ۔

manes, n. (جمع) رومیوں کے ہاں مُردہ لوگوں کی ارواح ۔ (بطور واحد) کسی خاص شخص کی روح ۔

maneuver, Brit. manoeuvre, n. باقاعدہ نقل و حرکت بالخصوص برّی یا بحری فوج کی ۔ (جمع) فوج یا بحری بیڑے کی تدبیراتی اور بڑے پیمانے پرحرکت ،واقعی جنگی حالات کے مطابق ؛ جنگی مشقیں ؛ ماہرانہ انتظام ۔ (فعل لازم) نقل و حرکت کرنا (جیسے :- military or naval maneuvers) ؛ فوجوں کی نقل و حرکت کرنا ؛ چال چلنا ؛ جوڑ توڑ کرنا ؛ سازش کرنا (کسی مقصد کے حصول کے لیے) ۔ (فعل متعدی) نقل و حرکت کرانا ؛ مہارت سے سنبھالنا ۔

maneuverability, n. نقل و حرکت کی قابلیت ؛ حرکت پذیری ۔

maneuverable, a. نقل و حرکت کے قابل ؛ حرکت پذیر ۔

man Friday, n. مرد ملازم جو مستعد انتظامی معاون کی حیثیت سے کام کرے ؛ مستعد انتظامی معاون ۔

manful, a. بہادُر ؛ جری ؛ شجاع ؛ ارادے کا پکا ؛ دلیر ؛ مردانہ ؛ جوانمرد ؛ بلند ہمت ؛ بات کا دھنی ؛ راسخ الارادہ ۔

manfully, adv. بہادرانہ ؛ مردانہ ؛ مردانہ وار ؛ دلیرانہ ؛ پکے ارادے سے ۔

manfulness, n. جوانمردی ؛ مردانگی ؛ بہادری ؛ شجاعت ؛ راسخ الارادیت ؛ ارادے کی پختگی ؛ عزم و استقلال ۔

manganate, n. (کیمیا) کچا مینگنیز ؛ مینگینک ایسڈ کا نمک ۔

manganese, n. (کیمیا) مینگنیز ؛ ایک سخت خاکستری مائل سفید دھاتی عُنصر ، جو فولاد میں سختی پیدا کرنے کے لیے بہرت کار کے طور پر ، استعمال ہوتا ہے ۔

manganesian, a. مینگنیز کا ۔

manganous, a. مینگنیز کا ؛ مینگنیزی ۔

manganese spar, n. (کیمیا) مینگنیزی بِلّور ؛ روڈونائٹ ؛ روڈو کروسائٹ ۔

manganic, a. (کیمیا) مینگنیزی اجزا کا یا ان سے متعلق بالخصوص سہ گرفتہ مینگنیز سے متعلّق ۔

manganic acid, n. (کیمیا) ایک آنی تیزاب جو صرف محلول یا نمکیات کی صورت میں وقوع پذیر ہوتا ہے ۔

manganite, n. (کیمیا) مینگینائٹ ؛ کچا مینگنیز ؛ سیاہ یا بھورا مینگنیز ہائیڈروآکسائڈ ؛ بہت سے نمکیات میں سے کوئی سا بھی نمک جس میں مینگنیز چو گرفتہ حالت میں پایا جائے ۔

mange, n. گر ؛ خارشت ؛ ہمّن ؛ کُتّے وغیرہ کی کُھجلی ؛ جلد کی بیماری جو جانوروں اور کبھی کبھی انسانوں کو ایک کیڑے سے ہو جاتی ہے جس میں بال جھڑ جاتے ہیں اور خارشی ابھار ، گومڑ یا پُھنسی پھوڑے نکل آتے ہیں ۔

managel-wurzel, mangel, mangold wurzel, n. (زیادہ تر برطانوی) چقندر کی ایک قسم جو جانوروں کے چارے کے کام آتی ہے ۔

manger, n. کُھرلی ؛ چرنی ؛ چارا کھلانے کا برتن ؛ دانہ کھلانے کا برتن ؛ کونڈا ، ناند ؛ کٹھرا ۔

mangle, v.t. کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ مسلسل ضربوں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا کچلنا ؛ پرزے پرزے کرنا ؛ دھجیاں اڑانا ؛ زخموں سے چُور کرنا ؛ قیمہ کر دینا ؛ بھرکس نکالنا ؛ کاٹ پیٹ کر خراب کر دینا ؛ مسخ کر دینا ؛ بُرا حال کرنا ؛ دھجی دھجی کرنا ؛ ادل بدل کر دینا ؛ توڑ پھوڑ ڈالنا ؛ چکنا چور کر دینا ؛ چیر پھاڑ دینا ؛ کاٹ چھانٹ کرنا ؛ ہڈی پسلی چُور کر دینا ؛ توڑ مروڑ ڈالنا ؛ صورت بگاڑ دینا ۔

mangle, n. استری مشین ؛ کل دار استری ؛ شکنیں دور کرنے کی مشین ؛ استری کرنے کی مشین ۔ (فعل متعدی) کپڑوں پر مشین کے ذریعہ استری کرنا ۔

mangler, n. مشینی استری سے استری کرنے والا ۔

mango, n. آم ؛ انبہ ، گرم خِطّہ کا ایک خوشبودار خوردنی پھل ، جس کا تعلق سمّاق یا کاجو خاندان سے ہے ؛ آم کا درخت ۔

mangosteen, n. منگوسٹین ؛ شرق الہند کا ایک درخت اور اس کا رسیلا پھل ۔

mangrove, n. (نباتیات) کرنا ؛ چمرنگ ؛ گرم خِطّے کا ایک درخت ، جو دریاؤں کے کناروں اور سمندروں کے ساحلوں پر اُگتا ہے ، اس کے تنے اور شاخوں سے جا بجا جڑیں نکلتی ہیں ، یہ دباغت میں کارآمد ہے ؛ اسی قسم کے متعدد درختوں میں سے کوئی ایک ۔

mangy, a. خارشتی ؛ گرزدہ جسے خارشت کی بیماری ہو ؛ جرب زدہ ؛ خارشت کی بیماری سے ملتا جلتا ۔ (مجازاً) قابل نفرت ؛ حقیر ؛ بدہیئت ؛ بھدّا ۔

mangily, adv. خارشتیوں کی طرح ۔

manginess, n. خارشتی پن ؛ کُھجلی کی حالت ؛ جرب زدگی ۔

manhandle, v.t. بُرا سلوک کرنا ؛ زبردستی دھکیلنا ؛ دھکے دینا ؛ زبردستی کرنا ۔

manhattan, n. مَین ہٹن ؛ کاک ٹیل ؛ ملی جلی شراب ؛ ایسی ملی جلی شراب جو وہسکی اور افسنتین سے مرکب ہو ، اس میں کبھی کبھی کوئی تلخی بھی ملا دی جاتی ہے ۔

manhole, n. مین ہول ؛ مانس موکھا ؛ گول سوراخ ، جو اکثر ڈھکا ہوتا ہے ، جس میں سے انسان زیر زمین یا بند جگہ جیسے نالے ، بدرو وغیرہ میں مرمت یا صفائی کے لیے داخل ہو سکتا ہے ۔

manhood, n. مردانگی ؛ مردمی ؛ جوانمردی ؛ بہادری ؛ مردی ؛ جوانی ؛ بلوغ ؛ رجولیت ؛ بلوغت ؛ بنی نوع انسان ؛ آدمیت ؛ انسانیت ۔

man-hour, n. مزدوری ساعت ؛ ایک آدمی کے کام کا ایک گھنٹہ ؛ صنعت میں اسے لاگت اور مزدوری کا حساب لگانے کے لیے وقت کی اکائی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ پیمانۂ مزدور ۔

manhunt, n. آدم کھوج ؛ منظم اور وسیع پیمانے پر کسی شخص ، خاص طور پر مجرم یا ملزم کی تلاش ۔

manhunter, n. آدم کھوجی ؛ مجرم وغیرہ کو تلاش کرنے والا ۔

mania, n. خبط ؛ سودا ؛ مالیخولیا ؛ سنک ؛ دُھن ؛ جنون ؛ حد سے زیادہ اشتیاق ، جذبہ یا جوش ؛ شدید جذبہ یا خواہش ؛ مانیا ۔ (طِبِ نفسی) ایک قسم کا پاگل پن جس میں اختباط کے ساتھ یا اس کے بغیر شدید جذباتیت ہوتی ہے اور جو اپنی انتہائی صورت میں تشدد آمیز ہو جاتا ہے ۔

manic, a. خبطی ؛ مجنون ؛ سودائی؛جنونی ؛ سنکی ۔

maniac, n. دیوانہ/جنونی/خبطی شخص ؛ پاگل آدمی ۔ (صفت) فاترالعقل ؛ پاگل یا مجذوب ؛ مجنون ؛ سودائی ؛ سِڑی ۔

maniacal, a. دیوانہ ؛ مجنون ، جنونی ؛ خبطی ۔

maniacally, adv. دیوانہ وار ؛ مجنونانہ ؛ پاگلوں کی طرح ۔

manic depressive, a. (طِبِ نفسی) مجنونِ افسردگی ؛ ایسے ذہنی اختلال سے متعلق جس میں شدید جوش و جذبے کے بعد انتہائی افسردگی چھا جاتی ہے ۔ (اسم) جنون افسردگی میں مبتلا شخص ؛ افسردگی زدہ شخص ۔

manicure, n. ناخنوں اور ہاتھوں کی حفاظت ؛ ناخن تراشی ؛ ہاتھوں اور ناخنوں کی صفائی ۔ (فعل متعدی) ناخنوں اور ہاتھوں کی حفاظت کرنا ؛ ناخن تراشنا ۔

manicurist, n. ناخن تراش ؛ ناخنوں اور ہاتھوں کی حفاظت کرنے والا ؛ ناخنوں اور ہاتھوں کی حفاظت کا ماہر ۔

manifest, a. آشکارا ؛ صاف ؛ ہویدا ؛ بیّن ؛ کُھلا ؛ معلوم ؛ عیاں ؛ واضح ، صاف ظاہر ؛ روشن ؛ سہل ؛ آسان ۔ (اسم) بیجک ؛ تعلیقۂ مالِ تجارت ؛ فہرست ؛ جہاز کے مال کی فہرست اور ترسیل و منزل مقصود کے متعلق معلوماتی کاغذات ؛ بحری یا ہوائی جہاز کے مسافروں کی فہرست ۔ (فعل متعدی) ظاہر کرنا ، واضح کرنا ؛ صاف دکھانا ؛ ثابت کرنا؛ عیاں یا اعلانیہ کرنا ؛ صاف صاف دکھانا ؛ افشا کرنا ؛ فاش کرنا ؛ ہویدا کرنا ؛ روشن کرنا ؛ آشکار کرنا ؛ کھولنا ؛ نمایش کرنا ؛ نمایاں کرنا ۔

manifestative, a. اظہاریہ ، وضاحتی ؛ اظہار رائے کا ۔

manifester, n. ظاہر کرنے والا ؛ عیاں کرنے والا ؛ واضح کرنے والا ؛ ثابت کرنے والا ۔

manifestly, adv. برملا ؛ بدیہی طور پر ؛ صاف طور پر ؛ صاف صاف ؛ کُھلم کُھلا ؛ اعلانیہ ؛ واضح طور پر ؛ اعلانیہ طور پر ؛ بالوضاحت ؛ صریحاً ۔

manifestation, n. ظہور ؛ اعلان ؛ وضاحت ؛ تصریح ؛ توضیح ؛ انکشاف ؛ افشا ؛ مظاہرہ ؛ تجلّی ؛ اظہار ؛ نظر یا فہم پر ظاہر کرنا ؛ واضح شہادت کے ساتھ پیش کش ؛ ظاہر یا واضح کرنے والی چیز ؛ روح کی تجسیم ؛ روح کا جسم کی صورت میں ظہور ؛ (سیاسی جماعت وغیرہ کا) مظاہرہ ۔

manifestant, n. مظاہرہ شروع کرنے والا یا
اس میں حصہ لینے والا ؛ مظاہر ـ

manifest content, n. (تحلیل نفسی) خواب میں نظر
آنے والے واقعات یا اشکال ـ

Manifest Destiny, n. نوشتۂ دیوار ؛ انیسویں صدی میں
امریکا کے وُسعت پسندوں کا یہ نظریہ کہ امریکا یقیناً تمام براعظم شمالی
امریکا تک اپنا اثر اور اپنی سرحدیں پھیلا دے گا ـ (چھوٹے m سے) ایسا
نظریہ جو کسی بھی ملک یا قوم کے جغرافیائی علاقے سے متعلق اس
کی موجودہ قومی سرحدوں سے قطع نظر لاگو ہوتا ہو ـ

manifesto, n. منشور ؛ اعلان ؛ محضر ؛ اعلامیہ ؛ حکومت
یا سیاسی جماعت کے اصولوں ، مقاصد اور آراءکا اعلان ؛ مینی فیسٹو ـ

manifold, a. تہ در تہ ؛ طرح طرح کا ؛ قسم قسم کا ؛
بھانت بھانت کا ؛ رنگا رنگ ؛ گوناں گوں ؛ بوقلمون ؛ چند در چند ؛
متنوع ؛ کثیر الجہت ؛ کثیر النقول ؛ مختلف اجزا ، عناصر ، اشکال اور
ہیئات پر مشتمل (جیسے : manifold duties) ؛ ایک قسم کی کئی
اکائیاں رکھنے یا ان کو چلانے والا ـ (اسم) گوناں گوں چیز ؛ کسی تحریر
کی بہت سی نقلیں ؛ کوئی تہ در تہ یا مختلف اجزا پر مشتمل چیز ـ
(میکانیات) نالی جس میں داخل/خارج ہونے کے لیے بہت سے سوراخ
ہوں ـ (فعل متعدی) گوناں گوں بنانا ؛ کثیرالجہت بنانا ؛ بڑھانا ؛ اضافہ
کرنا ؛ (کاربن پیپر وغیرہ) کے ذریعہ نقول تیار کرنا ـ

manifolder, n. نقول تیّار کرنے کا آلہ ؛ نقل کار ـ

manifoldly, adv. گوناں گوں طریقے سے ؛ طرح طرح سے ؛
بہتیرے رنگ سے ـ

manifoldness, n. بوقلمونی ؛ تہ در تہ بنانے کا عمل ؛
رنگارنگی ؛ تنوُّع ـ

manikin, manakin, mannikin, n. پُتلا ؛ ٹھڑی ؛ مردوا ؛
ٹھنگنا آدمی ؛ انسان کا ڈھانچا ؛ انسانی ماڈل ؛ انسانی جسم کا نمونہ
جو تشریح الاعضا اور آپریشن کے مظاہرے کے لیے ہوتا ہے ؛ کوتاہ قامت
شخص ؛ بَونا ـ

manila, manilla, a., n. [جزائر فلپائن کے شہر منیلا
کے نام پر] اباکا نامی پودے کے ریشوں سے بنا ہوا ـ (بڑے M سے) منیلا
کے سن کا بنا ہوا ـ

Manilla hemp, abaca manila, n. منیلا سن ؛ جنسِ کیلا سے
متعلّق ایک پودا اور اس سے حاصل کردہ لچک دار اور مضبوط ریشہ
جس سے رسیّاں ، بحری تار اور کپڑے بنائے جاتے ہیں ـ

manila paper, n. منیلا کاغذ ؛ مضبوط ، ہلکے بھورے
رنگ کا کاغذ جو پہلے صرف منیلاسن کے ریشہ سے بنایا جاتا تھا ـ

man in the street, n. عام آدمی ؛متوسط آدمی ؛
عام شہری ؛ عام سمجھ بوجھ والا فرد ـ

manioc, cassava, n. (نباتیات) کساوا ؛ ات کھٹ ؛
جزائر غربُ الہند کا ایک پودا جس کی نشاستے دار جڑیں کھائی جاتی
ہیں ـ

maniple, n. رومی فوج کا چھوٹا دستہ جس میں
۶۰ تا ۱۲۰ جوان ہوتے تھے ؛ کلیسائی لباس کا ایک جزو (جو عشائے
ربانی کے وقت استعمال ہوتا ہے) ؛ عشائیہ کپڑے کی لمبی پٹی جو بائیں
بازو پر آرایش کے لیے کلائی کے قریب باندھی جاتی تھی ـ

manipular, a. رومی دستے سے متعلق ؛
دراز دستی یا دھاندلی سے متعلق ؛ دراز دستانہ ـ

manipulate, v.t. سلیقے سے برتنا ؛ خوش اسلُوبی
سے انجام دینا ؛ ہنرمندی سے کرنا ؛ خوبی سے نپٹانا ؛ سلجھانا ؛ بحث
کرنا ؛ چالاکی یا ناجائز اثر ڈال کر کام نکالنا (اپنے لیے) ؛ راہ ہموار کرنا ؛
ساز باز کرنا ؛ جوڑ توڑ کرنا ؛ مالی گوشوارے میں رد و بدل کرنا کہ اس
سے مطلوبہ فوائد حاصل ہو سکیں ؛ دھاندلی کرنا ؛ ہوشیاری سے مطلب
نکالنا ؛ نپٹانا ؛ انجام دینا ؛ چلانا ؛ کام میں لانا ؛ چال چلنا؛ اپنے مطلب
کا بنا لینا؛ بے ایمانی سے ادل بدل کرنا؛ جھوٹا کرنا؛ چترائی سے کام کرنا؛
بس میں کرنا ؛ بے ایمانی کرنا ؛ دست کاری کرنا ؛ کسی چیز کو سلیقے
سے استعمال کرنا یا برتنا ـ

manipulatable, manipulable, a. ساز باز ؛ جوڑ توڑ کے قابل ؛
(فوائد حاصل کرنے کے لیے) رد و بدل کے لائق ؛ ہنر مندی کا ؛ دھاندلی
کا ـ

manipulative, manipulatory, a. ہنر مندی کا ؛ جوڑ توڑ کا ؛
ردوبدل کا ؛ چالاکی کا ـ

manipulation, n. برتنے کا طریقہ/سلیقہ؛ چالاکی ؛
ہنرمندی ؛ سازش ؛ دھاندلی ؛ رد و بدل ؛ اپنے فائدے کے لیے دھوکا دہی ؛
ساز باز کا عمل ؛ جوڑ توڑ ؛ کارستانی ـ

manipulator, n. چالاک/ہوشیار/ہنرمند/چابکدست ؛
تدبیر سے کام نکالنے والا شخص ؛ سازشی شخص ؛ جوڑ توڑ کرنے والا ؛
ان حالات میں جب کہ کسی مواد کو چھوا نہ جا سکے ، اسے چھونے اور
اس پر عمل کرنے کا میکانی آلہ ـ

manitou, manitu, manito, n. شمالی امریکا کے انڈین قبائل
کے عقیدے کے مطابق وہ روح جو فطرت پر حکومت کرتی ہے ؛ حکم رانِ
فطرت روح ؛ بھوت ؛ پاک یا ناپاک رُوح ـ

mankind, n. بنی نوع انسان ؛ آدم زاد ؛
بنی آدم ؛ نوعِ انسانی ؛ نوعِ بشر ؛ نسلِ انسان ؛ مرد ؛ انسانی نسل کے
مذکر افراد/مرد ـ

manlike, a. انسانی ؛ بشری ؛ آدم نما ؛
انسان سے مشابہ ؛ نوع انسانی سے ملتا جلتا ؛ انسانیت کے متعلق
آدمیت سے متعلق ؛ (عورت) مردانی ـ

manly, a. مردانہ ؛ دلیرانہ ؛ بہادرانہ؛جواں مرد ؛
شجاع؛مردانہ صفات کا حامل ؛ جوانمردانہ ؛ شریفانہ ؛ بہادر ؛ جیوٹ ؛
ہمت والا ؛ شجاعانہ ؛ مردصفت ؛ مرد سیرت ـ (متعلق فعل) مردانگی
سے ؛ دلیری سے ؛ شرافت سے ؛ جوانمردی سے ؛ بہادُری سے ـ

manliness, n. مردانگی ؛ شجاعت ؛ بہادری ؛ جوانمردی ؛
دلیری ـ

man-made, a. انسان کی بنائی ہوئی ؛
قدرت کی بجائے انسان کی تخلیق کردہ یا مصنوعی (جیسے :-man-
made lake) ؛ مصنوعی جیسے کپڑا وغیرہ ـ

manna, n. (عہد نامۂ قدیم) منّ ؛ وہ خوراک جو
خدا نے بنی اسرائیل کو صحرائے سینا میں عطا فرمائی ؛ نعمتِ ایزدی ؛
عشائے ربّانی ؛ ایک طرح کا گوند ؛ قیمتی خوراک ؛ نعمت ؛ امرت ؛
قُوتِ روحانی ؛ شیر خشت ؛ ربّانی یا روحانی غذا ؛ کوئی چیز جو
اسرائیلیوں کے من و سلوی سے مشابہ ہو ؛ دیودار کی نوع سے نکلنے

والا میٹھا رس ؛ کسی دوسرے پودوں سے حاصل ہونے والا ایسا مادہ جو ملین دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

manned, a. آدمی کے ذریعے چلنے والا ؛ آدمیوں پر مشتمل ، آدمی بردار (جیسے : a manned space craft) ۔

mannequin, n. پورے قد کا انسانی مجسمہ جو لباس بنانے یا اس کا مظاہرہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ جوڑدار مجسمہ ، جو اکثر لکڑی کا بنا ہوتا ہے اور جسے فنکار کام میں لاتے ہیں ؛ فیشن ماڈل کے طور پر کام کرنے والا مرد یا عورت ۔

manner, n. انداز ؛ اسلوب ؛ طرز ادا ؛ اطوار ؛ روش ؛ طرز ؛ روپ ؛ ڈھب ؛ بھاؤ ؛ گت ؛ کام کرنے یا واقع ہونے کا ڈھنگ ؛ دھج ؛ رویّہ ؛ طریقہ ؛ چال ڈھال ؛ فن کارانہ اسلوب ؛ وضع قطع ۔ (جمع) طرز معاشرت ؛ ریت و رواج ؛ اخلاق و عادات ، آداب و رسوم ؛ شایستگی ۔ (واحد لیکن ترکیب میں جمع) اقسام یا انواع (جیسے : all manner of things) ۔

by all manner of means, یقیناً ۔

in a manner, کسی حد تک ؛ خاص درجے تک ؛ کسی قدر ۔

mannered, a. خاص وضع کا حامل ؛ مؤدب عموماً ترکیب میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : well-mannered) ۔

mannerless, a. بے تمیز ؛ ناشایستہ ؛ گاؤدی ، گنوار ؛ بدتمیز ؛ بدتہذیب ؛ کندۂ ناتراش ؛ بدسلیقہ ۔

mannerism, n. گفتگو یا روش کا ایک خاص انداز ؛ خاص ڈھب ؛ آداب پرستی ؛ مصنوعی یا مخصوص سنبک ؛ تکیۂ فن ؛ تکیۂ کلام ؛ ڈھب ؛ تکیۂ فن کا جا و بے جا استعمال ۔ (عموماً بڑے M سے) سولھویں صدی میں یورپین فن کی ایک صورت جو ہیئت کے مبالغے اور رنگوں کی تیزی کی حامل ہوتی تھی ۔

mannerist, n. تکیۂ فن کا جا و بے جا استعمال کرنے والا ؛ خاص انداز استعمال کرنے والا ؛ صنعت کار جو ایک ہی وضع اختیار کرے ۔

manneristic, a. جس میں تکیۂ فن سے کام لیا گیا ہو ؛ خاص انداز کا حامل ۔

mannerly, a., adv. خوش اخلاق ؛ شایستہ ؛ مُہذّب ؛ باتمیز ؛ خلیق ؛ باوضع ؛ تمیز دار ؛ خوش خُلق ؛ شایستگی سے ۔

mannerliness, n. سلیقہ ؛ خوش اخلاقی ؛ شایستگی ؛ تہذیب ؛ تمیز ؛ انسانیت ۔

mannish, a. مردانی ؛ مردنُما ، آدمی کی صفات کا حامل یا اس جیسا ، اس کا اطلاق عورت پر ہوتا ہے ؛ مردانہ ؛ غیرنسائی ۔

mannishly, adv. مردانگی سے ؛ مردوں کی طرح ۔

mannishness, n. مردانہ پن ؛ مردنمائی ۔

mannite, n. شکرِ شیرخشت ۔ دیکھیے : Mannitol ۔

mannitic, a. شیر خشتی ۔

mannitol, n. (کیمیا) ایک سفید ، خفیف میٹھی ، شفاف (الکوحل) جو تین مختلف صورتوں میں ملتی ہے ، اس کی عام قسم دیودار کے شیر خشت میں اور دوسرے پودوں میں ملتی ہے ، اسے لاکھ ، بیروزہ اور مُلیّن دوا بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

mannose, n. (کیمیا) مینوز ؛ قند کے طبقہ کا کسی قدر میٹھا مرکب ، جسے مینسی ٹول کی تَکسید سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

man-of-war, n. جنگی کشتی ؛ جنگی جہاز ۔ دیکھیے : Portuguese man-of-war ۔

manometer, n. فشار پیما ، گیسوں ، مائع یا بخارات کے دباؤ کو ناپنے والا آلہ ۔

manometric, manometrical, a. فشار پیمایانہ ۔

manometrically, adv. فشار پیمائی کے طریقے سے ۔

manor, n. جاگیر ؛ تعلقہ ؛ زمینداری ؛ سِیر ؛ جاگیردار کی ڈیوڑھی ؛ علاقہ ؛ حویلی ؛ انگلستان میں ، جاگیرداری ملکیت کی نوعیت کی زمین جو جاگیردار کی قلمرو اور ان زمینوں پر مشتمل ہوتی ہے جہاں اسے بعض حقوق و مراعات حاصل ہوتے ہیں ؛ نو آبادیاتی امریکا میں زمین کا ٹکڑا جس میں مالک کو ایسے حقوق حاصل ہوں ۔

manor house, جاگیردار کی کوٹھی یا محل ؛ تعلق دار کا مکان ؛ جاگیردار کی حویلی بشمول ملحقہ اراضی ۔

manorial, a. جاگیردارانہ ؛ زمینداری سے متعلق ۔

manorialism, n. جاگیردارانہ نظام ؛ جاگیردارانہ رویّہ ۔

manpower, n. افرادی قُوّت ؛ آدم قُوّت ؛ ایک اکائی جو اس شرح کے برابر تصوُّر کی جاتی ہے جس سے ایک آدمی میکانکی کام کر سکتا ہے ، یہ عموماً اسپی قُوّت کا دسواں حصّہ ہوتی ہے ؛ اس اکائی کے حساب سے شرح یا کام ؛ افراد کی تعداد جو کسی کام کے لیے ضروری یا موجود ہو (جیسے : manpower of an army) ۔

manrope, n. (جہاز رانی) وہ رسّا جو جہاز سے کنارے پر آنے جانے یا عرشے سے تہ خانے تک مال اُتارنے کے راستے کے دونوں طرف ہاتھ کو سہارا دینے کے لیے بندھا ہوتا ہے ۔

mansard, n. [فرانسیسی ماہر تعمیرات منسارٹ کے نام پر جس نے ۱۶۶۶ء میں یہ چھت بنائی] (فن تعمیر) منسارِوی چھت: ایک خمیدہ چھت جس کی نچلی ڈھلان عمودی اور بالائی ڈھلان قریباً افقی ہوتی ہے ؛ ایسی چھت والا کمرہ ۔

manse, n. پادری کی قیام گاہ یا مکان ۔ (قدیم) جاگیردار کی کوٹھی یا محل ۔

manservant, n. مرد نوکر ؛ ملازم ؛ خادم ۔

mansion, n. محل ؛ بڑا اور وسیع مکان ؛ حویلی ؛ گڑھی ؛ مَسکن ؛ محل سرا ؛ دولت سرا ۔

man-sized, man-size, a. (بول چال) بڑا ؛ ایک آدمی کے لیے جسامت اور وضع میں مناسب ۔

manslaughter, n. (قانون) کسی شخص کا غیر قانونی قتل جس میں بدنیتی یا پیشگی منصوبہ بندی نہ کی گئی ہو ؛ غیرارادی قتل ؛ قتل انسان ؛ مردم کُشی ؛ قتلِ عام ؛ قتل شبہ عمد ؛ قتل بہ شُبہ ؛ قتل بہ خطا ۔

manslayer, n. قاتلِ انسان ؛ مردُم کُش ۔

manslaying, n. قتل انسان ؛ مردم کُشی ۔ (صفت) قتل انسان کا یا اس سے متعلق ؛ مردم کُشی کے بارے میں ۔

mansuetude, n. (قدیم) مسکینی ؛ شرافت ؛

سرخی ؛ ڈھانپا جانا ؛ ملفوف ہونا ؛ استر کاری ہونا ۔(طیوریات) پرندے کا بڑھائی ہوئی مماثل ٹانگ پر پہلے ایک اور پھر دوسرا بازو پھیلانا جیسا کہ باز اور دوسرے پرندے کرتے ہیں ۔

mantle rock, n. غلافی چٹان ؛ چٹان ، زمین اور دوسرے مادوں کے غیر مربوط اجزا کا غلاف ، جن سے زمین کی سطح کی تہ بنتی ہے ۔

mantra, n. منتر ، جو ہندو اور بودھ پوجا پاٹ ، عبادت یا گیان دھیان میں پڑھتے ہیں ۔

man-trap, n. انسانی پھندا ؛ پھندا ، خاص طور پر مداخلت بے جا کرنے والوں کو پھانسنے کے لیے ؛ مَنش جال ۔(بول چال) آدمی کو لُبھانے کا ذریعہ جیسے ورغلانے یا دل لبھانے والی عورت ۔

mantua, n. عورتوں کا ڈھیلا چوغہ یا لبادہ جو خاص طور پر سترھویں اور اٹھارویں صدیوں میں پہنا جاتا تھا ۔

manual, a. دستی ، جسمانی ؛ ہاتھوں سے چلایا/بنایا/ استعمال کیا جانے والا ؛ دستکارانہ ؛ انسانی توانائی استعمال کرنے والا ؛ جس میں انسانی توانائی مطلوب ہو یا استعمال ہو ؛ کتابچے کی صورت یا نوعیت کا ؛ کتابی ۔(اسم) دستی کتاب ؛ رہنما کتاب ؛ چھوٹی کتاب جو خاص طور پر حوالے کے لیے تیار کی گئی ہو ۔(موسیقی) آرگن یا ارغنوں کا کلیدی تختہ ۔(عسکری) بندوق یا ہتھیار چلانے کی مقررہ مشق ۔

manually, adv. دستی طور پر ؛ ہاتھ سے ۔

manual alphabet, dactylology, fingerspelling, n. اشاروں کی زبان ؛ بہروں کے اِبلاغ کی ایک صورت، جس میں ہاتھ اور انگلیوں کے مختلف اوضاع حروف تہجی کی نمائندگی کرتے ہیں ۔

manual training, n. دستی تربیت ؛ نصاب تعلیم جس میں ہاتھ کی مہارت اور عملی ہنروں پر زور دیا جاتا ہے ، مثلاً نجّاری ، لوہاری ۔

manubrium, n. (تشریح الاعضا) مُوٹھ ؛ بتّا ؛ قبضہ ؛ دستہ ؛ یدالقص ؛ دستہ نُما خلیہ یا ہڈی ؛ سینے کی ہڈی کا اوپر والا حصّہ یا مطرقی ہڈی کا دستہ نُما حصّہ ۔(حیوانیات) فالودہ مچھلی کا نلکی جیسا منھ ۔

manubrial, a. دستہ نُما خلیہ یا ہڈّی کا ۔

manufacture, n. انسانی محنت یا مشین کے ذریعے چیزیں بنانے کا عمل ، خاص طور پر بڑے پیمانے پر ؛ کوئی بنائی ہوئی چیز ؛ ساختـــہ ؛ صنعت ؛ کاری گری ؛ تیاری ؛ مشینی پیداوار یا ساخت ؛ کارخانے کی بنی ہوئی چیزیں ؛ بَنَت ؛ گھڑت ؛ بناوٹ ؛ کپڑے کی بناوٹ ؛ صنعتی پیداوار ؛ مصنوعات ۔(فعل متعدی) تجارتی پیمانے پر انسانی محنت یا مشینوں کے ذریعے اشیاء بنانا ؛ کسی مادے کو قابل استعمال شے میں ڈھالنا ۔(مجازاً) میکانکی صنعت کے ذریعے پیدا کرنا ؛ مصنوعی طور پر بنانا ؛ افسانہ گھڑنا (جیسے : to manufacture an alibi) ۔

manufacturable, a. بنانے کے قابل ؛ قابل ساخت ۔

manufactural, a. صنعت سے متعلق ۔

manufacturer, n. بنانے والا ، ڈھالنے والا ؛ صنعت کار ؛ صانع ؛ کارخانہ دار ۔

manumit, v.t. (غلام) آزاد کرنا ؛ غُلامی سے چھڑانا ؛

نرمی ؛ حِلم ؛ اطاعت شعاری ۔(بول چال) بڑا یا بڑی ؛ ناپ یا قسم کے اعتبار سے مرد کے لیے موزوں ۔

manta, n. ہسپانوی امریکا کا چوغہ یا چادر ؛ جسم پرلپیٹنے والی ایک قسم کی چادر جو عموماً عورتیں استعمال کرتی ہیں ؛ لبادہ ۔(حیوانیات) امریکا کے گرم سمندر میں پائی جانے والی بڑی شعاعیہ مچھلیوں کے گروہ سے تعلق رکھنے والی مچھلی ؛ رائیہ ماہی ۔ نیز devil fish ۔

manteau, n. (متروک) عورتوں کا بے آستین چوغہ ، لبادہ ، فرغل ۔

mantel, mantle, mantelshelf, chimney piece, mantel piece, n. آتش دان کے اوپر اور اس کے اطراف کا آرایشی کام ؛ آتش دان کے اوپر کا تختہ یا دیوار گیر الماری ؛ تختۂ آتش دان ؛ مینٹل پیس ۔

mantelet, mantlet, n. چھوٹا جُبّہ ، فرغل یا لبادہ ۔(عسکری ، شکاریات) ایک طرح کی حفاظتی ڈھال جو لڑائی میں استعمال ہوتی ہے یا جسے شکاری استعمال کرتے ہیں ۔

mantelletta, n. (رومی کیتھولک کلیسا) ریشمی یا اونی قبا جو گھٹنوں تک لمبی ہوتی ہے اور جسے مذہبی رہنما مثلاً کارڈینل ، بشپ ، ایبٹ اور دوسرے معززین پہنتے ہیں ۔

mantic, a. کاہنانہ ؛ پیش گوئی یا غیب دانی کا یا اس سے متعلق ؛ پیغمبرانہ ۔

mantically, adv. پیشگوئی یا غیب دانی کے طریقے سے ؛ کاہنانہ طور پر ۔

manticore, n. مینٹی کور ؛ اسد عقرب ؛ ایک اساطیری جانور جس کا جسم شیر کا ، سر انسان کا اور دُم اژدہے یا بچھّو کی ہوتی ہے ۔

mantilla, n. ہسپانوی عورتوں کے سر کا رومال جو اکثر جھالر کا بنا ہوتا ہے ، جس سے سر اور کندھے ڈھانپتے ہیں ؛ چھوٹی بے آستین قبا یا چوغہ ۔

mantis, praying mantis, mantid, praying mantid, preying mantid, n. مَطس ؛ نمازی مَطس ؛ جھینگر کی قسم کا ایک کیڑا ؛ مطس خاندان کا گوشت خور کیڑا جس کا اگلا سینہ زیادہ لمبا اور اگلے ہاتھ اس طرح ہوتے ہیں جیسے کوئی شخص دعا مانگ رہا ہو ۔

mantissa, n. (ریاضی) اعشاریۂ لوگارتھم؛ لوگارتھم کا اعشاری جزو ؛ لوگارتھم کا وہ جزو جس میں کسر اعشاریہ واقع ہو ۔ بمقابلہ Characteristic ۔

mantle, n. چوغہ ؛ فرغل ؛ لبادہ ؛ عورتوں کا بے آستین چوغہ یا لبادہ ؛ کوئی چیز جو ڈھانپنے ، چھپانے یا لپیٹنے کے کام آئے ؛ کیمیائی طور پر تیار کی گئی غیر آتش گیر جالی جو گیس نکلنے والے سوراخ پر لگا دی جاتی ہے ، جب سوراخ سے نکلنے والی گیس کو آگ دکھائی جاتی ہے تو یہ جالی روشن ہو کر تیز روشنی دیتی ہے ؛ جال ٹوپی ؛ مینٹل ؛ بھٹّیوں کی بیرونی حفاظتی تہ ؛ آتش دان پر آرایشی کام ؛ تختۂ آتش دان ۔(حیوانیات) گھونگھے وغیرہ کے پیٹ کی جِھلّی ۔(طیوریات) پرندوں کی پُشت کے ساتھ یک جا پَر جب وہ ہم رنگ ہوں ۔

mantle, v.t. ڈھانکنا ؛ اُڑھانا ؛ پہنانا ؛ ڈھکنا ؛ لبادہ یا چوغہ پہنانا ؛ چھپانا ؛ گھیرنا ؛ لپیٹنا ؛ ڈھانپنا ؛ ڈھک لینا ۔(فعل لازم) سطح پر پھیلنا ؛ چوغے یا چادر کی طرح پھیلنا جیسے چہرے پر

نجات دینا ؛ غلامی سے رہا کرنا ؛ خلاص کرنا ۔

manumission, n.
غلامی سے رہائی ؛ آزادی ؛ نجات ۔

manumitter, n.
آزاد کرنے والا ؛ غلامی سے رہا کرنے والا ۔

manure, v.t.
کھاد ڈالنا ؛ کھاد دینا ؛
زرخیز کرنا ۔ (اسم) قدرتی یا مصنوعی چیز جو زمین کو زرخیز بنائے ،
خاص طور پر گوبر یا فُضلہ ؛ پانس ؛ کھات ؛ کھاد ۔

manurial, a.
کھاد کا ۔

manurer, n.
کھاد ڈالنے والا ۔

manus, n.
(تشریح الاعضا) ہاتھ ؛ جانور کے اگلے
پاؤں کا وہ حصہ جو انسانی ہاتھ سے مماثل ہو ۔

manuscript, n.
مخطُوطہ ؛ مُسوّدہ ؛ قلمی نُسخہ ؛
دستاویز ؛ قلمی کتاب ؛ ہاتھ کا لکھا ہوا کاغذ ؛ ٹائپ یا ہاتھ سے لکھی
ہوئی کتاب یا مقالہ ، جس سے مطبوعہ نقل تیار کی جاتی ہے ۔

manward, manwards, adv.
آدمی کی طرف ۔

manwise, adv.
انسانوں کی فطرت یا اطوار کے مطابق ۔

manx, a.
مانوی ؛ مَینی ؛ آئرلینڈ کے سمندر
میں واقع جزیرہ مان (Isle of Man) کا یا اس سے متعلق ؛ اس جزیرے کے
باشندوں یا ان کی زبان کا ۔ (اسم) جزیرہ مان کے باشندے بحیثیت
مجموعی ؛ ان باشندوں کی کلٹی (celtic) زبان جو قریب قریب معدُوم ہو
چکی ہے ۔

Manxman, n.
جزیرہ مان کا باشندہ ۔

Manx cat, n.
مان بلیّ ؛ پالتو بلی جو اصلاً
جزیرہ مان سے تعلق رکھتی ہے ، اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی
دُم نامکمل اور پچھلے پاؤں اگلے پاؤں سے زیادہ لمبے ہوتے ہیں ۔

many, a.
بہت ؛ متعدد ؛ بہتیرے ؛ بڑی یا کثیر تعداد ؛ کئی ؛
اکثر ؛ بہت سارے ؛ کئی ایک ؛ ڈھیر سارے ؛ بسیار (اس کے بعد a یا an
آئے تو کثیر تعداد میں سے کوئی ایک ، جیسے : many a day) ۔ (ضمیر ،
ترکیب میں جمع) لوگوں یا چیزوں کی کافی تعداد ۔ (اسم ، ترکیب میں
جمع) بہت یا کافی تعداد ؛ جم غفیر ؛ بہت آدمی ؛ جمعیّت ؛ جماعتِ کثیر ؛
بڑی تعداد ۔

as many,
تعداد میں برابر ؛ جتنے ؛ جس قدر ۔

the many,
کثرت تعداد ؛ انبوہ ؛ بھیڑ ۔

many plies, n.
(حیوانیات) معدۂ سوّم ؛ اُم التلافیف ۔

many-sided, a.
کئی اطراف والا ؛ کثیرالجہت ؛
متنوّع ؛ ہمہ گیر ؛ بہت سی صلاحیتوں کا مالک ؛ جامع الصِّفات
(جیسے : a many-sided man) ۔

many-sidedness, n.
کثیرالجہتی ؛ تنوُّع ؛ ہمہ گیری ۔

manzanita, n.
(نباتیات) مینزنیتا ؛ ایک جھاڑی جو مغربی امریکا میں
پائی جاتی ہے ؛ ان جھاڑیوں کے بیر یا پھل ۔

maoism, n.
ماؤمت ؛ چینی کمیونسٹ رہنما ماؤزے تُنگ
کا سیاسی نظریہ ، جو مارکسی لیننی نظریے سے ماخوذ ہے ۔

map, n.
نقشہ ؛ خاکہ ؛ پوری زمین یا اس کے کسی
حصّے ، آسمانوں یا اجسام فلکی میں سے کسی حصّے کا ترسیمی چربہ
یا نقشہ ؛ کوئی سی چیز جو صورت یا مقصد میں نقشے سے مشابہ ہو ۔
(فعل متعدی) نقشہ کھینچنا یا تیار کرنا ؛ خاکہ بنانا ؛ نقشہ بنانا ؛ نقشے
میں ظاہر کرنا ؛ مفصل طور پر نمائندگی کرنا ؛ آئندہ کے لیے لائحۂ عمل
تیار کرنا ؛ مفصل خاکہ بنانا ۔

off the map,
معدُوم ؛ نقشے سے مٹا ہُوا ؛ مٹا ہُوا ؛
زوال پذیر (جماعت یا قوم) ۔

mapper, n.
نقشہ نویس ؛ نقشہ بنانے والا ؛ منصوبہ بندی
کرنے والا ؛ لائحۂ عمل تیار کرنے والا ۔

maple, n.
میپل ؛ جنسِ آج یا جنس افرا کی کوئی سی جھاڑی یا
درخت جو شمالی نِصفِ کُرّے میں پایا جاتا ہے ، جس کے پتّے پنکھے کی
نوک کی مانند ہوتے ہیں اور متضاد صورت میں مرتب ہوتے ہیں ، اس
کا پھل دو بازو دار اور خشک ہوتا ہے ، اقتصادی طور پر یہ لکڑی کی
پیٹیاں اور شربت بنانے میں اہمیت رکھتا ہے اور آرایشی سایہ دار درخت
کے طور پر بھی اہم ہے ؛ اس درخت کی لکڑی ، خاص طور پر سخت
میپل کی لکڑی ، جو ہلکی بُھوری ، اکثر خوبصورت دانہ دار اور
مضبوط ہوتی ہے ، فرنیچر ، آلات موسیقی اور فرش بندی میں استعمال
ہوتی ہے ۔

maple leaf, n.
میپل کا باریک نوکدار پتّا ؛
کینیڈا کا قومی و امتیازی نشان ، عموماً سفید پس منظر میں بنا ہوا
سُرخ پتّا ۔

maple sugar, n.
میپل شکر ؛ جنسِ آج یا جنس افرا کے
شکر ین میپل سے حاصل کردہ شکر ، جو موسم بہار کی ابتداء میں اس
درخت کے تنے سے نکالے ہوئے گودے کو اُبال کر حاصل کی جاتی ہے ۔

maple syrup, n.
میپل شیرہ ؛ میپل شکر سے
تیار کیا ہوا شربت جو میپل کے درختوں میں قُدرتی گودے کو جزوی
طور پر گاڑھا کرکے تیار کیا جاتا ہے ؛ مصنوعی شربت یا شیرہ جو اصلی
میپل شیرے سے مشابہ ہو ۔

maquette, n.
(فن تعمیر ، فنون لطیفہ)
مُجوزّہ ڈیزائن کا چھوٹا سہ جہتی پیمایشی نمونہ (کسی مجسمے کا
ابتدائی چھوٹا نمونہ) ۔

maqui, n.
ماکی؛ چائل کی آرایشی جھاڑی ؛
طبّی شراب جو اس جھاڑی کے پھلوں سے بنائی جاتی ہے ۔

maquis, n.
ماکس؛ پودوں کے نیچے اُگنے والی
سدا بہار جھاڑی جو اوقیانوسی علاقے میں عام پائی جاتی ہے جہاں اکثر
لٹیرے اور پناہ گزین چھپے ہوتے ہیں ۔ (عموماً بڑے M سے) دوسری جنگ
عظیم کے دوران فرانسیسی تحریکِ مزاحمت ؛ اس تحریک کا فرد ؛ مالی ۔

mar, v.t.
کسی طرح مجروح کرنا ؛ خراب کرنا ؛
تباہ کرنا ، مسخ کرنا ؛ صورت بگاڑنا ؛ کسی بھی طریقے سے نُقصان
پہنچانا ؛ ضرر یا نقصان پہنچانا ؛ زیاں کرنا ؛ ابتر کرنا ؛ خراب کرنا ؛
بدصورت کرنا ؛ بگاڑنا ؛ برباد کرنا؛ غارت کرنا ۔ (اسم) خرابی ، صورت
کا بگاڑ ، نقصان ؛ بدصُورتی ؛ ضرر ؛ زیاں ؛ ابتری ؛ خرابی ؛
بربادی ؛ غارت گری ؛ غارت ۔

marabou, marabout, n.
[مغربی افریقہ کے مسلمان درویشوں
''مرابط'' کی بنا پر] (طیوریات) مَیرَبُو ؛ افریقہ یا شرق الہند کا بڑا مُردہ
خور سارس ؛ افریقی لَق لَق ، اس کے بازوؤں اور دُم کے نیچے سفید نرم
پر ہوتے ہیں جو زنانہ ٹوپیوں یا پشم جیسی آرایش کے لیے استعمال ہوتے
ہیں ؛ ایسے پروں سے تیار کردہ آرایش ؛ ایک خاص قسم کا رنگا ہوا خام
ریشم جس سے گوند الگ نہ کیا گیا ہو ۔

marabout, n.
مرابط ؛

شمالی افریقہ میں مسلمان بزرگوں کا ایک طبقہ ، جن کی اولیا کی طرح
عزّت کی جاتی ہے ، یہ طبقہ مذہبی اور دُنیاوی معاملات میں بہت اثر
رکھتا ہے ؛ ایسے بزرگ کا مزار ؛ مرابط کا مزار ۔ (طیوریات) دیکھیے :
marabou ۔

maraca, n. مَراکا ؛ تونبے کا بنا ہوا ایک تال
دینے والا ساز یا تونبے کی شکل کی کھڑتال ، اِس میں بیج یا کنکریاں
بھری ہوتی ہیں ۔

maraschino, n. مَیرسکِینو ؛ کھٹّی چیری (شاہ دانہ)
کی بنی ہوئی شراب ۔

maraschino cherry, نقلی مَیر سکِینو میں محفوظ کی
ہوئی چیری (شاہ دانہ) جو کھانے میں چٹنی کے طور پر استعمال ہوتی
ہے ۔

marasmus, n. (امراضیات) سُوکھا (بیماری) ؛ تحلیل بدن : بدن
کا سُوکھ جانا ، بخار یا بظاہر کسی بیماری کے بغیر گوشت کا ضائع
ہونا ، خصُوصاً بچّوں میں ۔

marasmic, marasmoid, a. سُوکھے کا یا اس سے متعلق ۔

Maratha, n. دیکھیے : Mahratta ۔

Marathi, Mahratti, n. مراٹھی ؛ مرہٹی زبان ؛
مرہٹوں کی زبان ، جو وسطی ہند کی ایک ہندو قوم ہے ۔

marathon, n. میراتھن ؛ لمبی دوڑ ، خاص طور پر
26 میل کی پیدل دوڑ ؛ کوئی بھی مقابلہ جس میں بڑی قوّتِ برداشت
مطلوب ہو ۔ (صفت) ایسی دوڑ کا یا اس سے متعلق ۔

marathoner, n. ایسی دوڑ میں حِصّہ لینے والا ۔

maraud, v.i. ڈاکا ڈالنا ؛ لُوٹ کے لیے حملہ کرنا ۔ (فعل متعدی)
چھاپہ مارنا ؛ لُوٹ مار کرتے پھرنا ؛ غارت گری کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ لُوٹنا ۔

marauder, n. ڈاکو ؛ حملہ آور ؛ لٹیرا ؛ قزّاق ؛
پِنڈارا ؛ رہزن ؛ غارت گر ؛ ڈکیت ۔

marble, n. مَرمَر ؛ سنگ مرمر ؛
مُنقلب چُونے کا پتّھر جو مختلف رنگوں میں بعض اوقات بُندکیوں والا
ہوتا ہے ، جس کی ساخت دانے دار ہو سکتی ہے یا اتنی ہموار کہ اعلیٰ
پالش قبول کر سکے ؛ اس پتھر کا بڑا ٹُکڑا یا اس کا بنا ہوا مُجسمّہ ؛
شیشے یا کسی دُوسرے سخت مواد کی گولی جسے بچے کھیلنے کے لیے
استعمال کرتے ہیں ۔ (جمع) بلّوروں سے کھیلا جانے والا کھیل ؛ گولیوں
کا کھیل ۔ (صفت) مَرمَریں ؛ مَرمَر جیسا ؛ مَرمَر کی سی بُندکیوں یا
دھاریوں والا ۔ (مجازاً) پتھر کی طرح سخت یا بے حس ۔ (فعل متعدی)
مَرمر کی طرح (کسی چیز میں) دھاریاں یا داغ بنانا ؛ مرمرانا ؛ مرمریں
بنانا ۔ نیز : marbleize ۔

marbled, marbly, a. مرمریں ، سنگِ مرمر جیسا ۔

marbler, n. مرمرکار ۔

marble cake, n. مرمریں کیک ؛ سیاہ اور سفید
پھینٹے ہوئے اجزا سے بنا ہوا کیک جس کا رنگ مرمر جیسا ہوتا ہے ۔

marbling, n. کوئی نشان جو رگ دار یا دھاری والے
مَرمَر سے مشابہ ہو ؛ نقلی مَرمَر کو رنگنے کا عمل ؛ کتاب کے کناروں یا
جلد کو مرمر جیسا رنگ دیناجس سےمرمریں تأثُّر پیدا ہو ۔

marc, n. سیٹھی ؛ پھوک ؛ سیب یا انگور وغیرہ سے
رس نکالنے کے بعد جو کچھ بچ رہتا ہے ؛ کَھل ؛ سُفل ؛ فُضلہ ؛ اس
پھوک سے بنی ہوئی برانڈی شراب ۔

marcasite, n. (عربی) مرغش ؛ حجرالطُّور ؛ آہنی
پائرائٹ یا لوہے کا بائی سلفائیڈ جو قلعی کے رنگ کا ہوتا ہے ، یہ صنعتی
یا آرایشی کاموں کے لیے اِستعمال ہوتا ہے ؛ اس مادّے کا بنا ہُوا زیور یا
کوئی اور شے ۔

marcasitical, a. آہنی پائرائٹ سے متعلّق ؛ مَرغش کا ۔

marcel, v.t. لہرانا جیسے بالوں کو ؛ خاص انداز میں
لوہے کے چھلّوں کے ذریعے گھنگھریالے بال بنانا ، جن کے گھنگھرو یا
لہریئے پیشانی کے اُوپر پھیلے ہوئے ہوں ۔ (اسم) لہریا ۔

marceller, n. لہرانے والا ۔

marcescent, a. (نباتیات) پژمردہ ؛ مُرجھانے لیکن
پکنے کے موسم یا اس سے بعد تک زندہ رہنے والا جیسا کہ گھاس کے
پتّے ۔

marcescence, n. پژمُردگی ۔

march, v.i. مارچ کرنا ؛ فوجی اُصول سے چلنا ؛
باقاعدہ اور باضابطہ قدم اٹھاتے ہوئے چلنا ؛ اکثر توازن سے جیسے فوجی
سپاہی منظم گروہ کی صُورت میں چلتے ہیں ؛ باوقار انداز سے چلنا ؛
باقاعدہ رفتار سے ترقی کرنا ؛ آگے بڑھنا ؛ ڈگ بھرنا ۔ (فعل متعدی) مارچ
کرانا ؛ باضابطہ چلانا ۔ (اسم) آدمیوں کے گروہ کی متوازن اور یکساں
چال جیسے سپاہیوں کی ؛ ترتیب کے ساتھ بیک وقت حرکت ، مُستقل
اور پُر مُشقت ترقی ؛ ایک مقام سے دوسرے مقام تک سپاہیوں کی پیش
قدمی ؛ کوچ ؛ روانگی ؛ مارچ ؛ ترقی (جیسے : march of intellect) ۔
(موسیقی) مارچ کے لیے موزوں دُھن ۔

marcher, n. مارچ کرنے والا ۔

march, n. سرحد ؛ کسی علاقہ کی سرحد ۔
(جمع) انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ یا انگلینڈ اور ویلز کا سرحدی علاقہ ۔
(فعل لازم) مُلحق ہونا ؛ مُتّصِل ہونا ؛ ایک دوسرے سے اس طرح مِلا ہوا
ہونا کہ دونوں علاقوں کے درمیان سرحد واقع ہو ؛ سرحد کے آر پار واقع
ہونا ؛ ہمسایہ ہونا ۔

March, n. مارچ ؛ مارچ کا مہینہ ؛ انگریزی سال
کا تیسرا مہینہ جس میں ۳۱ دن ہوتے ہیں مخفف : .Mar ۔

marchesa, n. مارکزہ ؛ مارکوئیس کی بیوی یا
بیوہ ؛ مارکوئیس کے برابر ذاتی رُتبہ رکھنے والی خاتون ؛ مارشنِش کا
اطالوی مُترادف ۔

marchese, مارکزے ؛ مارکوئیس کا اطالوی مُترادف ۔

marchioness, n. مارشنس ، مارکوئیس کی بیوہ یا
بیوی ؛ مارکوئیس کا رتبہ رکھنے والی خاتون ۔

marchpane, n. دیکھیے : Marzipan ۔

marcionism, n. مارشَنزم ؛ دوسری سے ساتویں صدی
عیسوی تک کی باطنی راہبانہ تحریک جو عہدنامۂ قدیم کو رد کرتی
ہے اور اس تصوُّر کو تسلیم نہیں کرتی کہ خدا حضرت عیسیٰ کی شکل
میں نمودار ہُوا ہے ۔

Marcionite, n. مارشَنی ؛ حضرت عیسیٰ
کو خدا نہ ماننے والا ۔

Marconi, a. [اطالوی برقی انجینئر مارکونی کے نام پر]
(بعض اوقات چھوٹے m سے) مارکونی کی وضع کردہ لاسلکی پیغام

رسانی سے متعلق ۔

Marconi rig, Bermuda rig, n. (کشتی رانی) مستول جس میں تکونے بادبان لگے ہوں اور اس کا نکاسا (rake) چوڑا ہو۔

Mardi gra , n. مارڈی گرا ؛ توبہ کا منگل ؛ استغفاری سہ شنبہ ؛ کارنیوال (ایک عیسائی تہوار) کا آخری دن ، یہ تہوار پیرس ، نیو اورلینز اور دوسرے شہروں میں پریڈ اور خاص تقریبات کے ساتھ منایا جاتا ہے ۔

mare, n. گھوڑی ؛ مادہ اسپ ؛ گھوڑے ، گدھے یا زیبرے کی مادہ ، خصوصاً بالغ ؛ گدھی ۔

mare, n. (فلکیات) مَارے ؛ چاند کی سطح کا بڑا گڑھا ؛ مغارۂ قمر۔

mare clausum, n. بحیرۂ محرُوسہ ؛ بحر محرُوسہ ؛ کسی قوم کے زیر تسلُّط آبی علاقہ ۔

mare liberum, n. بحیرہ غیر محرُوسہ ؛ بحرِ غیر محرُوسہ ؛ بحیرۂ آزاد ؛ آبی علاقہ جو سب قوموں کے لیے جہاز رانی کے واسطے کُھلا ہو ؛ کھلا سمُندر ۔

maremma, n. کچھار ، ساحلی دلدلی زمین ؛ ترائی ؛ کھادر ، خاص طور پر اٹلی کے ساحل سمندر پر جہاں ایک طرح کی بَدبُو ہوتی ہے ۔

mare's-nest, n. بیہودہ اور بے اصل چیز ؛ سراب آسا انکشاف ؛ کوئی دریافت یا کام جو جعلی یا بے کار نکلے ؛ بہت بے ترتیب یا گنجلک معاملہ یا جگہ ؛ سراب ؛ اسم بے مسمّیٰ ؛ ہوائی قلعہ ۔

mare's-tail, n. لمبا ، پتلا اور خوبصورت سفید بادل ؛ سُنبلی بادل ۔ (نباتیات) مادیان مو (پودا) ، ایک عام دلدلی پودا جس کی لمبی شاخوں پر گھنے پتے ہوتے ہیں ۔

margaric acid, n. (کیمیا) مرواریدی تیزاب ؛ چربی کے تیزاب سے مِلتا جُلتا سفید روغنی تیزاب جو کائی سے یا مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے ؛ صابن ، پانی اور تیزاب کا مُرکّب ؛ موتی سا آبدار تیزاب ۔

margarine, margarin, oleomargarine,n. مارجرین ؛ مصنوعی مکّھن ؛ مکھن کا بدل جو سبزیوں کے تیل سے حاصل کردہ روغنیات کے مرکب سے بنتا ہے اور اس کی تیاری میں شیری تیزاب کے عصیّات (bacilli) استعمال ہوتے ہیں ۔

margarite, n. (کیمیا) آبیدہ ایلومینم کیلسیئم سِلی کیٹ ۔ (ارضیات) بلوری ساختہاں جو ایسی آتشیں چٹانوں میں نمودار ہوتا ہے جن میں مدَوّر بِلور منکوں کی طرح یک جا ہوتے ہیں ۔

margay, n. (حیوانیات) گُربہ شیر ؛ شیر بِلاّ ؛ مارگے ؛ ایک چھوٹی چتّی دار بِلی جو امریکا کے گرم عِلاقوں میں پائی جاتی ہے ۔

margin, n. حاشیہ ؛ کناراً ؛ سِرا ؛ سنجاف ؛ گوٹ ؛ صفحے پر مطبوعہ یا تحریر کردہ عبارت کے چاروں طرف کی جگہ ؛ وہ حد جس کے بعد کسی شے کا وجود ممکن نہ ہو (جیسے : margin of consciousness) ؛ حقیقتاً ضرُوری مقدار کے علاوہ کُچھ مقدار جس کی اجازت ہو یا جو دستیاب ہو ؛ زائد مِقدار ؛ زائد رقم ۔ (تجارت) لاگت اور قیمت فروخت کا فرق ، کم ترین منافع جو کسی ادارے کے نفع بخش ہونے کے لیے ضروری ہو۔ (مالیات) زرِضمانت (رقم کا کُچھ فی صد) جو نقصان پُورا کرنے کے لیے دلال کے پاس جمع کرایا جاتا ہے۔ (فعل متعدی) حاشیہ یا حد لگانا ؛ حواشی چڑھانا ؛ دستاویز کا حاشیہ لکھنا ؛ (کتاب) کے حاشیے میں لکھنا ۔ (مالیات) زرِضمانت جمع کرنا ؛ زرِضمانت دے کر سودا پکا کرنا ۔

marginal, a. حاشیائی ؛ متعلق بہ حاشیہ ؛ کنارے کا ؛ حاشیے پر کا ؛ زائد ؛ سرے کا ؛ حدی ؛ متعلق حاشیہ ؛ مندرجۂ حاشیہ ؛ حاشیے کا یا اس سے متعلق ، حاشیہ دار ، کنارے یا سرحد پر واقع ؛ کنارے دار ؛ دو ثقافتوں کا ملاپ ، جس میں دونوں ثقافتوں کی اقدار کو نامکمل طور پر قبول کیا گیا ہو ؛ صفحے کے حاشیے میں چھپا یا لکھا ہوا ؛ کم از کم ضروریات ، اقدار یا کمیت وکیفیت کے قریب (جیسے : marginal talent) ۔ (معاشیات) بمشکل منافع دینے والا ؛ کم نفع بخش ۔

marginalia, n. حواشی ؛ حاشیے پر لکھّی ہوئی توضیحات/تشریحات ۔

marginality, n. حاشیّت ؛ حاشیے کی خصوصیت ۔

marginally, adv. حاشیے کے طور پر ؛ بطور حاشیہ ؛ حاشیے پر ؛ کم سے کم منافع پر ؛ اضافی طور پر ۔

marginal utility, n. (معاشیات) حاشیائی افادیّت ؛ اضافی فائدہ ؛ کسی معاشی خدمت یا جنس سے گاہک کو ملنے والا فالتو یا اضافی فائدہ ۔

marginate, v.t. حاشیہ لگانا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ حاشیہ رکھنا ؛ کنارہ یا سنجاف لگانا ۔ (صفت) حاشیہ دار ؛ متعیّن حاشیہ کا حامل ؛ کنارہ دار ؛ سنجافی ۔

margination, n. حاشیہ نگاری ؛ حاشیہ آرائی ۔

margrave, n. مارگریو ؛ اصلاً جرمنی کے سرحدی صوبوں کا محافظ ؛ برطانوی مارکوئیس کا جرمن مُترادف ۔

margravate, n مارگریو کا علاقہ یا دائرۂ اختیار ۔

margravial, a. مارگریو سے متعلّق ۔

margravine, n. مارگریو کی بیوی ؛ زوجۂ مارگریو ۔

marguerite, n. (نباتیات) نُورِچشم ؛ سفید گُلِ دَاؤُدی ؛ گُلِ دَاؤُدی کی جنس کا کوئی بھی پُھول ۔

Marian, a. مریمی ؛ مریم عذرا کا یا اس سے متعلق ؛ کسی اورمیری سے متعلق مثلاً میری ٹوڈر ملکۂ انگلستان یا میری ملکۂ اسکاٹ لینڈ سے متعلق ۔ (اسم) حضرت مریم کا خاص احترام کرنے والا فرد ؛ میری ٹوڈر یا میری ملکۂ/اسکاٹ لینڈ کا حامی شخص ؛ چاند کا ایک خاص گڑھا ۔

mariculture, n. نبات البحر ؛ سمندر کی تہ میں پائے جانے والے پودے اور جانور ۔

marigold, n. (نباتیات) صد برگ ؛ دونا ؛ گیندا ؛ گُلِ صد برگ ؛ جنس گیندا کے مخلوط خاندان کا تیز خوشبُو اور سُنہرے پھولوں کا کوئی سا گلستانی پودا ، ان کو بعض اوقات کھانے کو خوشبودار بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

marijuana, marihuana, n. چرس ؛ بھنگ کا ست ؛ ایک قسم کا نشہ آور پودا اور اس کا مادہ جواُس کےبقچہ دار پُھولوں اور پتّوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور عموماً سگریٹ میں ڈال کر پیا جاتا ہے ۔ دیکھیے : hemp ۔

marimba, n. لکڑ ترنگ ؛ مَرِمبا ؛ زائلو فون کی مانند ایک افریقی نژاد ساز ، جس کو مقبولیّت اور تکمیل وسطی امریکا میں حاصل ہوئی ، یہ مختلف طوالت کی چوبی پٹیوں سے بنایا جاتا ہے ، جب ان پر موگری کی ضرب پڑتی ہے تو مختلف سُر پیدا ہوتے ہیں ، اس کے نیچے آواز کی تقویت کے لیے گمک پیدا کرنے والے آلات ہوتے ہیں ۔

marina, n. چھوٹی لنگر گاہ یا گودی جہاں لنگر اندازی ، سامان رسد اور مرمت کے کام کی سہولت موجود ہو ۔

marinade, n. مَیری نیڈ ؛ سِرکے یا شراب کا اچار جس میں جڑی بوٹیاں اور مسالے ملائے جاتے ہیں ، گوشت یا مچھلی پکانے سے پہلے اسے اس مرکب میں ڈبویا جاتا ہے تاکہ اس کی مہک بہتر ہو جائے ؛ گوشت یا مچھلی جو اس میں ڈبو کر پکائی گئی ہو ۔ (فعل متعدی) گوشت یا مچھلی کو اس مرکب میں ڈبونا ۔ دیکھیے : marinate ۔

marinate, v.t. مَیری نیڈ میں ڈبونا ۔

marination, n. میری نیڈ میں ڈبونے کا عمل ۔

marine, a. بحری ؛ سمندری ؛ سمندر میں موجود ؛ سمندر کی پیداوار ؛ سمندر میں استعمال کے لیے تیار کی گئی (جیسے : a marine barometer) ؛ جہاز رانی سے متعلق ؛ بحری جہاز میں خدمت انجام دینے والا جیسے سپاہی ۔ (اسم) بحریہ کا ایسا دستہ جو سمندری جہاز اور خُشکی دونوں جگہ خدمات انجام دیتا ہے خصوصاً امریکا کی بحری کور رُکن ؛ جہاز رانی بالعموم ؛ سمندری بیڑا ؛ خاص طور پر قومیّت یا درجے کے حوالے سے ؛ بحریہ سے متعلق سرکاری محکمہ ؛ بحری موضوع پر بنائی ہوئی تصویر ۔

marine glue, n. بحری سریش ؛ پانی میں حل نہ ہونے والا مُرکّب جو جہاز کے عرشے پر پہلے سے بھری ہوئی درزوں پر تہ جمانے کے کام آتا ہے ۔

mariner, n. ملّاح ؛ جہاز ران ؛ جہاز رانی کے پیشے سے وابستہ شخص ؛ وہ شخص جو جہاز کو چلاتا یا اس میں مدد کرتا ہے ۔ (بڑے M سے) (طیرانیات) بغیر آدمی کے متعدد امریکی خلائی جہازوں میں سے کوئی ؛ ایک جہاز جو دوسرے سیّاروں خاص طور پر زہرہ اور مریخ کی معلوماتی پروازوں کے کام آتا ہے ۔

mariner's compass, n. (جہاز رانی) بحری قُطب نُما ؛ قُطب نُما جو بہت سی ایسی مقناطیسی سوئیوں پر مُشتمل ہوتا ہے ، جو متوازی چلتی ہیں اور ایک نشان زدہ کارڈ پر لگی ہوتی ہیں جس سے سمَت کا پتہ چلتا ہے ۔

Mariolatry, n. مریم عذرا کی پُوجا ؛ مریم پرستی ؛ مریم عذرا کی تقدیس کی بُنیاد پر عورت کی توصیف میں مبالغہ آرائی ؛ زن پرستی ۔

Mariolater, n. مریم پرست ؛ زن پرست ۔

Mariolatrous, a. مریم پرستانہ ؛ زن پرستانہ ۔

Mariology, n. مریمیات ؛ مریم عذرا کے بارے میں عقائد پر مبنی مذہبی فلسفہ ۔

Mariologist, n. ماہر مریمیات ؛ مریمیات کا عالِم ۔

marionette, n. کٹھ پُتلی ؛ جوڑ والی پُتلی جس کو تار سے حرکت دی جاتی ہے ۔

mariposa lily, mariposa tulip, n. تِتلی سوسن ؛ شمالی امریکا کا کوئی سوسنی پودا جس کے پھول سفید ، زرد یا ہلکے بنفشی ہوتے ہیں ، جن پر اکثر دھّبے ہوتے ہیں اور گولے کی طرح کھلے ہوتے ہیں ۔

Marist, n. مریمی ، ۱۸۱۶ء میں فرانس کے شہر لیونز میں شروع ہونیوالی رومن کتھولک کی اس مذہبی تحریک کا رکن جو مریم عذرا کے لیے وقف ہو کر تبلیغی اور تعلیمی کام کرتا ہے ۔ (صفت) مریمی تحریک سے وابستہ فرد سے متعلق ۔

marital, a. ازدواجی ؛ شادی کا یا اس سے متعلق ؛ زن و شوہری (جیسے : marital harmony) ۔

maritally, adv. ازدواجی طور پر ؛ شادی کی بنا پر ۔

maritime, a. بحری ؛ ساحل سمندر کا ، سمندری ساحل کے ساتھ والا ؛ سمندر کے قریب رہنے والا ؛ سمندر کا یا اس سے متعلق ؛ جہاز رانی کے سلسلے میں سمندر سے وابستہ (جیسے : maritime law) ؛ ملاح کی خصوصیات والا ، جہاز رانی کا ۔

marjoram, n. (نباتیات) نازبو ؛ مروا ؛ مَرزن جوش ؛ مرزنگوش ؛ پودینے کے دو دائمی پودوں میں سے کوئی ایک ؛ ایک شیریں اور خوش ذائقہ بُوٹی ؛ مطبخی مرزنگوش ؛ یہ دونوں کھانے میں مہک پیدا کرنے کے لیے مستعمل ہیں ۔

mark, n. نظر آنے والا نشان یا نقش ، جیسے زخم ، داغ ، مُہر یا جِلد کے چھل جانے کا نشان ؛ علامت ، حرف یا عدد جو کامیابی کا درجہ ظاہر کرے ، جیسے اسکول کے بچوں کا ؛ اصل ، ملکیّت ، تقابلی صلاحیّت ، خوبی کے معیار یا امتیاز کو ظاہر کرنے والی علامت (جیسے : a trade mark) ؛ مُمتاز خاصیت ، کردار یا خصلت (جیسے : the mark of a gentleman) ؛ بِلّا ، تجارتی مارکہ یا کوئی مرئی نشان جو خود اپنایا گیا ہو یا کسی کی طرف سے دیا گیا ہو ؛ ایک مسلّمہ معیار (جیسے : below the mark) ؛ لکھنے یا چھاپنے میں استعمال ہونے والی علامت (جیسے : Punctuation marks) ؛ نشانہ ؛ مقصد ؛ اطلاع ؛ لکیر ؛ دستخط ؛ ہدف ؛ دلیل ؛ دھبّہ ؛ آثار ؛ مارکہ ؛ طرّہ ؛ معیار ؛ ٹھپّا ؛ چھاپہ ؛ ان پڑھ آدمی کا لگایا ہوا کانٹا ؛ صلیبی نشان ۔ (جہاز رانی) چمڑے یا کپڑے کا وہ ٹکڑا جو پانی کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے ۔ (کھیل) دوڑ کا راستہ ؛ دوڑ شروع کرنے کی لکیر ؛ ضرب ۔ (عوامی) اُلّو ؛ بیوقوف ۔ (قدیم) حد یا سرحد ۔ (فعل متعدی) نشان لگانا ؛ نشان زد کرنا ؛ علامت بنانا ؛ سرحدوں کی نشاندہی کرنا ؛ حدود متعین کرنا (اکثر out کے ساتھ) ؛ علامتوں کے ذریعے ظاہر کرنا یا متعیّن کرنا ؛ ثبوت دینا ؛ معیار مُقرّر کرنا ؛ تحریر میں لانا ؛ نمبر یا رن وغیرہ بنانا ؛ امتیازی خصوصیّت ہونا ؛ منفرد کرنا ؛ مقدر ہونا (جیسے : marked for success) ؛ مشاہدہ کرنا ؛ تاکنا ؛ توجُّہ دینا ؛ دھیان دینا ۔ (فعل لازم) متوجِّہ ہونا ، غور کرنا ۔

leave a mark, متاثّر کرنا ؛ اثر انداز ہونا ۔

mark down, قیمت کم کرنا ۔

mark time, آگے بڑھے بغیر پاؤں کو حرکت دینا ۔ (مجازاً) عمل یا ترقی کو وقتی طور پر روک دینا ؛ موقع کا منتظر رہنا ؛ خاموش وقت گزارنا ۔

mark up, قیمت بڑھانا ۔

on your mark, شروع کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ ، بالخصوص دوڑ ۔

wide of the mark, نشانے سے دُور ؛ غلط ؛ ہدف سے دُور ۔

marked, a. مُمتاز ؛ نمایاں ؛ واضح ؛ نشان دار ؛

market price, market value, n. مُروّج قیمت ؛ قیمت رائج الوقت ؛ شرح ؛ دَر ؛ نرخِ بازار ؛ بازار کا بھاؤ ؛ بازاری قیمت ؛ منڈی کا بھاؤ ؛ وہ قیمت جس پر کوئی شے موجودہ وقت میں بِک رہی ہو ؛ موجودہ قدر یا قیمت ـ

market research, n. تحقیقِ بازار ؛ صارفین کی خریداری کی عادات اور ترجیحات کے بارے میں اعداد و شمار اکٹھے کرنے اور انھیں ترتیب دینے کا عمل ؛ کھپت اندازہ ـ

market value, n. دیکھیے : market price ـ

marking, n. نشان زنی ؛ نشان اندازی ؛ نشان لگانے کا عمل ؛ کسی شے پر ایک یا کئی نشانوں کا سلسلہ ـ (اکثر جمع) قُدرتی رنگوں کی خصوصی ترتیب (جیسے : markings on a bird's egg.) ـ

marksman, n. نشانہ باز ، قدر انداز ، نشانہ لگانے میں ماہر ؛ اچھا نشانہ لگانے والا ؛ نشانہ انداز ـ (عسکری) امریکی فوج میں نشانہ بازی میں کامیاب ہونے کا سب سے نچلا درجہ ـ

marksmanship, n. نشانہ بازی ؛ قدر اندازی ؛ نشانہ اندازی ـ

marl, n. کھتیلی مٹّی ؛ کھٹیلی مٹّی ؛ کِلسی مَیرا ؛ وہ زمین جس میں مٹی اور چونے کا کاربونیٹ ملا ہو ؛ یہ مرکّب جسے کھاد کے طور پر استعمال کرتے ہیں؛ کوئی بھی نرم اور بُھربُھرے اجزا جیسے سبز ریت اور مٹّی جو کھاد کے طور پر کام آتی ہے ـ (شاعری) زمین ـ (فعل متعدی) کھٹیلی مٹی کے ذریعے زرخیز بنانا ؛ مٹی کی کھاد ڈالنا؛ زرخیز کرنا ـ

marlacious, a. کھٹیلی مٹّی کا یا اس سے متعلق ـ

marly, a. کھٹیلی مٹّی کا ـ

marl, v.t. (جہاز رانی) دو بَل کے رسّے سے لپیٹنا ، ڈھانپنا یا باندھنا جس میں ہر بَل کو گرہ دے کر مضبوط بنایا جاتا ہے؛ بل دینا ؛ بٹنا ـ

marlin, n. مارلن؛ کوئی سی سمندری شکاری مچھلی جو بادبان مچھلی اور نیزہ مچھلی کے خاندان سے تعلق رکھتی ہو ـ

marline, marlin, marling, n. (جہاز رانی) دو بَلوں کی ڈھیلی بٹی ہوئی رسّی ، اسے رسّوں کے گرد لپیٹا جاتا ہے تاکہ وہ رگڑ سے محفوظ رہیں ـ

marlinespike, marlinspike, marlingspike, n. (جہاز رانی) جوڑ لگاتے وقت رسّی کے بل کھولنے کا آلہ ـ

marlite, n. مار لائٹ؛ ایک قسم کی کِلسی مٹّی ، جس پر ہوا کا اثر نہیں ہوتا ـ

marlitic, a. مارلائٹ کی یا اس سے متعلق ـ

marmalade, n. مارملیڈ؛ نارنگی ، سیبوں وغیرہ کا مربہ ؛ مربہ جس میں پھلوں اور چھلکوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے شامِل ہوتے ہیں اور جسے لیموں یا دوسرے پھلوں کے گُودے اور چھلکوں کو شکر کے ساتھ اُبال کر بنایا جاتا ہے ـ

marmoreal, marmorean, a. مرمریں ؛ سنگِ مرمر کا یا اس سے متعلق یا اس جیسا ؛ سنگِ رخام کا ـ

marmoreally, adv. مرمریں انداز سے ـ

marmoset, n. مَرکٹ ، بوزینۂ کوچک ؛ گلہری سے مشابہ ایک چھوٹا بندر ، جس کا تعلق کیلی تھریسی (Callithricidae) خاندان سے ہے ، اس کی دُم بالوں بھری گُچھے دار ہوتی ہے اور یہ

جسے نشان یا نشانات مہیّا کیے گئے ہوں ؛ نشان زدہ ؛ چُنا ہوا ؛ چنیدہ بیّن ؛ چسپاں کردہ (جیسے : marked price of goods,) ؛ ممتاز یا منفرد (جیسے : marked man) ؛ بہت نمایاں ؛ نہایت قابلِ توجُّہ ـ

markedly, adv. نمایاں انداز سے ـ

marker, n. مارکر ؛ نشان لگانے والا ؛ نشان انداز ؛ ضبطِ تحریر میں لانے والا ؛ محفوظ کرنے والا ؛ درجہ بندی کرنے والا ؛ وہ چیز جس سے نشان لگایا جائے ؛ گِننے کی مشین یا گننے والا جیسے کھیلوں میں ؛ محلِ وقوع کو متعین کرنے والی کوئی بھی چیز جیسے ریڈیو اسٹیشن کا رہنما مینار ـ

market, n. منڈی ؛ طلب و رسد ، مانگ یا کھپت کی جگہ ؛ چیزوں کی خرید و فروخت (جیسے : a cigarette market) ؛ بیچنے کی جگہ یا مُلک (جیسے : U.S. market, foreign market,) ؛ وہ لوگ جن کے لیے کوئی جنس یا خدمت مہیا کی گئی ہو ؛ طبقۂ صارفین (جیسے : the teenage market) ؛ عوامی جگہ جہاں چیزیں بیچنے کے لیے رکھی گئی ہوں چاہے یہ عمارت ہو یا کُھلی جگہ ہو ؛ بازار ؛ مارکیٹ ؛ دُکان ؛ بیع و شریٰ ؛ خرید و فروخت کا نرخ ؛ بھاؤ ؛ رسمی طور پر خریدوفروخت کرنے والے افراد (جیسے : stock market) ؛ اجناس کی مانگ یا طلب ؛ کاروباری میدان (جیسے : worst on the market,) ؛ وہ مقام جہاں سامان عام فروخت کے لیے رکھا جائے اور خریدار خریدنے کے لیے جمع ہوں ؛ میلہ ـ (فعل لازم) منڈی میں کام کرنا ؛ خرید و فروخت کرنا ؛ گھر کے لیے چیزیں خریدنا ـ (فعل متعدی) منڈی میں فروخت کے لیے پیش کرنا ؛ فروخت کرنا ؛ بیچنا ـ

marketer, n. خرید و فروخت کرنے والا ـ

marketable, a. قابلِ فروخت ؛ فروختنی ؛ بہت بِکنے والا ؛ بکاؤ ؛ خرید یا فروخت سے متعلق ؛ بکنے کے لائق ؛ جو بِک سکتا ہے ؛ قابلِ بازار ؛ بِکنے والی ـ

marketability, n. فروخت پذیری ؛ بکاؤ پن ـ

market garden, n. (زیادہ تر برطانوی) وہ کھیت جہاں مقامی منڈی کے لیے سبزیاں اُگائی جائیں ـ

market index, n. منڈی کا اشاریہ ؛ بازار کا اشاریہ ؛ پیمانۂ بازار ؛ بازار نمائی ؛ کسی خاص علاقے کی صنعت یا مخصوص مال یا خدمات کھپانے کی صلاحیت کا اندازہ ـ

marketing, n. منڈی میں کاروبار یا تجارت ؛ خرید و فروخت ؛ ذخیرہ اندوزی ، ترسیل ، اشتہار بازی اور فروخت کا وہ تمام عمل جس سے فروخت اور سودے بازی میں ترقی ہو ؛ بازار کاری ـ

market letter, n. بازاری رُوداد ؛ دلاّلی اور سرمایہ کاری کے اداروں کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی رُوداد جس میں حالیہ بازاروں یا منڈیوں کے بارے میں آراء اور مشورے شامل ہوتے ہیں ، اِس کا مقصد تجارت کو بڑھاوا دینا اور موجودہ گاہکوں کو نئے خیالات سے آگاہ کرنا ہوتا ہے ـ

market order, n. ہدایتِ بازار ؛ ہدایتِ خرید و فروخت ؛ دلاّل کے نام مروج قیمت پر مال خریدنے یا بیچنے کی ہدایات ـ

marketplace, market place, n. منڈی ؛ بازار ؛ مارکیٹ ؛ شہر میں خصوصاً کُھلی جگہ جہاں منڈی لگائی جاتی ہے ؛ حلقۂ تجارت ـ (مجازاً) دُنیا بطور ایک منڈی جہاں خیالات ، اقدار اور فن پارے قبولیّت کے لیے جدّوجہد کرتے ہیں ـ

امیزون کے علاقے میں پایا جاتا ہے۔

marmot, n. مارموٹ ؛ موشِ خُرمائی ؛ مارموت جنس کی چھوٹی ٹانگوں اور چھوٹی دُم والی انواع میں سے کوئی ایک ، جو شمالی کُرۂ ارض میں پائی جاتی ہیں ، یہ امریکی مارموت کی طرح بِلوں میں رہتا ہے۔

maroon, v.t., v.i. کسی کو غیر آباد جزیرے میں سزا دینے کے لیے چھوڑ دینا ؛ بے کس و بے بس چھوڑ دینا ؛ آوارہ گردی کرنا ؛ اکیلی یا سنسان جگہ پر چھوڑ دینا؛ آوارہ پھرنا؛ مارا مارا پھرنا؛ مٹر گشت کرنا ؛ تن بہ تقدیر چھوڑ دینا ۔ (اسم) سترھویں اور اٹھارویں صدی کے مفرور غلاموں کے اخلاف جو آجکل غرب الہند اور گیانا کے پہاڑی علاقے میں رہتے ہیں ۔

maroon, n. گہرا قرمزی رنگ ؛ کشمشی رنگ ؛ ایک قسم کی آتش بازی جو عموماً تنبیہہ کے لیے چھوڑی جاتی ہے۔ (صفت) گہرے قرمزی رنگ کا ؛ کشمشی رنگ کا ۔

marplot, n. منصوبہ کُش ؛ اپنی منصبی دخل اندازی سے کسی منصوبے کو ناکام بنانے والا ؛ رنگ میں بھنگ ڈالنے والا ؛ کام بگاڑنے والا۔

marquee, marquise, n. خرگاہ ؛ بڑا خیمہ ؛ ڈیرا ؛ باہر کے دروازے کا چھجّا جو حفاظت اور اشتہار کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے تھیئٹر میں ؛ سائن بورڈ ؛ بڑا خیمہ جو کھلے میدان میں عارضی طور پر لگایا جائے ؛ شامیانہ ؛ افسر کا میدانی خیمہ۔

Marquesan, n. مارکیزن ؛ فرانسیسی پولی نیشیا میں جزائر مارکوئیس کا باشندہ؛ ان جزیروں کے باشندوں کی زبان۔ (صفت) مارکوئیس کا یا اس سے متعلق۔

marquess, n. دیکھیے: marquis ۔

marquetry, n. خاتم کاری؛ فرشی مینا کاری؛ کندہ کاری کا کام جو عمدہ لکڑی اور دوسرے سامان پر مشتمل ہوتا ہے ، اسے فرنیچر اور فرش بندی کی آرایش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

marquis, marquess, n. مارکوئیس ؛ برطانیہ میں ایک باوقار خطاب جو ڈیوک سے چھوٹا اور انگریز امراء کے پانچ طبقات میں دوسرے درجہ پر ہوتا ہے۔

marquisate, n. مارکوئیس کا رتبہ ، وقار یا علاقہ ؛ مارکوئیس کا درجہ۔

marquise, n. مارکوئیس کی بیوی یا بیوہ یا مارکوئیس کے برابر رتبہ رکھنے والی خاتون ۔ (زیورات) بیضوی شکل کا نوک دار کناروں والا نگینہ ۔ (فن تعمیر) دروازے کے اوپر کا چھجّا۔

marquisette, n. مارکزیٹ ؛ ڈھیلا بنا ہوا سوتی ، ریشمی ، ریان یا نائلون کا کپڑا جو زیادہ تر پردوں یا ملبوسات کے کام آتا ہے ۔

Marrano, n. میرانو ؛ کوئی ہسپانوی یہودی جس نے قرون وسطیٰ کے اواخر میں ہسپانوی عدالتِ احتساب کے دباؤ کے تحت برسرعام رومن کیتھولک مذہب اختیار کر لیا ہو لیکن خفیہ طور پر اپنے یہودی مذہب پر قائم رہا ۔

marriage, n. بیاہ ؛ شادی ؛ ازدواج ؛ نکاح ، عقد ؛ سماجی دستور جس کے ذریعے مرد اور عورت قانونی طور پر یکجا ہو کر ایک نئی خاندانی اکائی کی ابتدا کرتے ہیں ؛ شادی ہونے کی حالت ؛ زن و شوہر کا تعلق ؛ شادی کا عمل یا فعل ؛ شادی کی تقریب ؛ قریبی اتحاد ؛ گٹھ بندھن ؛ عروسی ۔

marriageable, a. قابل عروسی ؛ شادی کے قابل ؛ پُرجوگ ؛ بیاہنے جوگ ؛ قابل نکاح ؛ شادی کے لائق ؛ قابل عقد ۔

marriageability, marriageableness, n. شادی کی صلاحیت ۔

marriage of convenience, n. نفع بخش شادی ؛ ایسی شادی جو مالی یا سماجی فوائد کی خاطر کی گئی ہو ۔

married, a. شادی شدہ ؛ منکوحہ ؛ بیاہتا ؛ سہاگن ؛ متاہل ؛ بیاہا ہوا ؛ شادی یا شادی شدہ لوگوں سے متعلق ؛ ازدواجی ؛ متاہلانہ (جیسے : married life) ؛ انتہائی متحد ؛ قریبی طور پر متحد ۔

maron, n. مربّے وغیرہ کی صورت میں شاہ بلوط کا پھل جو کھانے پکانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

marrow, n. گودا ؛ مینگی ؛ گری ؛ ہڈّی کا گودا ؛ مغز عظم ؛ نرم عروقی ساختمان کی بافت جو ہڈی کی جوف میں پائی جاتی ہے ۔ (مجازاً) ست ؛ لب لباب ؛ جوہر ، نچوڑ ؛ مغز ؛ مخ ۔

marrowy, a. گودے کا ؛ مغز دار ؛ پُرمغز ؛ گودے دار۔

marrow, n. (اسکاٹ لینڈ ، برطانوی ، بولی) ساتھی ، دوست ؛ ساجھی ؛ ہمکار ؛ شریک ۔

marrowbone, n. گودے والی ہڈّی ، جو کھائی جاتی ہے ؛ مغزی ہڈّی ؛ گودے کی نلی ۔ (جمع) گھٹنے (مزاحاً استعمال ہوتا ہے)۔

marrowfat, n. بڑا مٹر ؛ جلبان ؛ ایک قسم کا بڑے بیجوں یا دانوں والا مٹر ؛ اس کا بیج ۔

marry, v.t. شادی کرنا ؛ عقد کرنا ؛ شادی کے ذریعے متحد کرنا ؛ بیاہ کرنا ؛ بیاہنا ؛ نکاح کرنا ؛ ہاتھ پیلے کرنا ؛ پھیرے پھیرنا ؛ نکاح میں دینا ؛ عقد میں دینا ؛ یگانگت پیدا کرنا ؛ گہرا اتحاد پیدا کرنا ۔ (جہاز رانی) قُطر بڑھائے بغیر رسّوں کے سروں کو آپس میں ملانا ؛ گانٹھ باندھنا ؛ ایک کرنا ؛ شامل کرنا ؛ ملانا ؛ امتزاج کرنا ؛ متحد کرنا ۔ (فعل لازم) بیاہا جانا ؛ شادی ہونا ؛ ازدواجی حالت میں آنا ؛ شوہر یا بیوی حاصل کرنا ۔

Mars, n. (فلکیات) مریخ ؛ منگل ؛ زمین سے باہر دُوسرا بڑا سیارہ ، جو شمسی ترتیب میں چوتھے درجے پر ہے ؛ رومیوں کا جنگی دیوتا ؛ جلاد فلک ؛ یُدھ کا دیوتا ۔

marseille, marseilles, n. مارسیل ؛ موٹا سوتی کپڑا جو پٹیوں کی صورت میں اس طرح بنا ہوتا ہے کہ پٹیاں ابھری ہوئی نظر آتی ہیں ۔

marsh, n. دلدل ؛ نشیبی اور بہت گیلی زمین کا قطعہ ؛ گِلابہ ؛ کیچڑ ؛ پنک ۔

marshall, n. مارشل ؛ مختلف یورپی اور دوسری افواج میں بہت بڑا یا سب سے بڑا افسر ؛ سپہ سالار اعظم ؛ سینا پتی ؛ میر تزک ؛ نقیب ؛ قورچی ؛ افسر تقریبات ؛ قانون نافذ کرنے والا افسر ؛ امریکا کے عدالتی ضلع کا منتظم جس کے فرائض شیرف جیسے ہوتے ہیں ؛ شاہی گھر گرہستی یا عدالت کا اعلیٰ افسر ۔ (فعل متعدی) صحیح ترتیب میں رکھنا ؛ مرتّب کرنا ؛ معائنہ جنگ کے لیے صف بندی کرانا ؛ قیادت کرنا ۔ (نقابت) مکمل خاندانی نقابت کی صورت دینے کے لیے یکجا کرنا ۔

marshalcy, marshalship, n. سپہ سالاری ؛مارشل کا عہدہ/ کام/حدود اختیار۔

marshelder, sump weed, n. شور جھاڑی ؛ مارشلڈر ، جنس ایوا کی جھاڑی جس کے پتے موٹے اور جُھکے ہُوئے سبزی مائل پھول ہوتے ہیں جو شمالی امریکا کی شور زدہ ویران زمین میں پیدا ہوتی ہے۔

marsh gas, n. آتش گیر دلدلی گیس ؛ جو نباتات کے گلنے سڑنے سے پیدا ہوتی ہے ، بالخصوص دلدلی زمین میں ؛ مِیتھین۔

marsh hawk, n. دلدلی باز ؛ امریکی باز جو سبزہ زاروں اور دلدلوں میں پایا جاتا ہے ، اس کا پُٹھا سفید ہوتا ہے ، یہ چھوٹے جانوروں مثلاً گلہری ، مینڈک اور سانپوں کا شکار کرتا ہے۔

marsh hen, n. (طیوریات) شور مرغی ؛ دلدلی مرغی ؛ آبچلیک خاندان کا پرندہ جو بحر اوقیانوس اور خلیج کے ساحلوں پر شور زدہ دلدلوں میں رہتا ہے۔

marsh mallow, n. (نباتیات) دلدلی خباز ؛ خطمی ؛ خبازی جنس کی ایک جھاڑی جو یورپ سے شمالی امریکا میں پہنچی اور نیلے سے سرخ رنگوں کے کثیر پھولوں کی وجہ سے ممتاز ہے۔

marshmallow, n. ایک مٹھائی جو شکر ، جلاٹین ، مکئی کے شیرے اور البومن سے بنتی ہے ، اس پر شکر کے سفوف کی تہ چڑھادی جاتی ہے ، بطور نُقل استعمال ہوتی ہے ؛ دلدلی خباز کی جڑوں سے حاصل کردہ گوند جو مٹھائیوں اور دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔

marsh marigold, cowslip, n. دلدلی گیندا ؛ گُلِ اشرفی کے خاندان کی جَلد پھول دینے والی دلدلی بوٹی جس کے شوخ زرد پھول اور چمکدار پتے ہوتے ہیں۔

marshy, a. دلدلی ؛ دلدل کی پیداوار ؛ دلدل میں پیدا شدہ ؛ کیچڑ دار ؛ فالیزی۔

marshiness, n. دلدلی پن۔

marsupial, a. کیسوی ؛ کیسہ دار۔ (اسم) کیسہ دار ممیل جانور جن میں کنگرو ، صاریغ (بالوں والے کیسہ دار) اور خیرسک کوالا شامل ہیں ،ان میں سے اکثر کی مادہ کے پیٹ کے باہر ایک تھیلی سی ہوتی ہے جس میں ممالی غدود ہوتے ہیں اور یہ تھیلی بچوں کو بٹھانے کے کام بھی آتی ہے ؛ کیسہ دار جانور۔

marsupium, n. کیسہ ؛ کیسہ دار مادہ کی جلد کی تھیلی جس میں تھن ہوتے ہیں اور جو اس کے بچوں کے لیے جھولی کاکام بھی دیتی ہے جیسا کہ موش کیسہ دار میں ؛ اس قسم کی تھیلی جس میں بعض مچھلیاں انڈے لیے پھرتی ہیں جیسے کہ نر سمندری گھوڑا۔

mart, n. بازار ؛ نیلام گھر ؛ منڈی ؛ تجارتی مرکز۔

martello tower, n. (بعض اوقات بڑے M سے) مدوّر قلعہ ؛ مارٹیلو قلعہ ؛ چھوٹا گول قلعہ جس کی دیواریں بہت موٹی ہوتی ہیں اور جو زیادہ تر ساحل کی حفاظت کے لیے بنایا جاتا ہے۔

marten, baum marten, n. مارٹن ؛ راسو ؛ دلہ ؛ شمالی امریکا کا نیولے کے خاندان کا ایک گچھے دار دم والا ممیل جانور جو شمالی جنگلات میں رہتا ہے،اس کی پشم قیمتی ہوتی ہے ؛ اس جانور کی سیاہی مائل بھوری پشم۔

martensite, n. (فلزیات) مارٹن زائٹ ، سخت فولاد کا ایک بنیادی جزو ، جو کاربن اور لوہے کا مرکب ہوتا ہے اور فولاد کو سخت بنانے کے عمل کے دوران فولاد میں موجود رہتا ہے۔

martensitic, a. مارٹن زائٹ کا یا اس سے متعلق۔

martial, a. جنگی ؛ حربی ؛ عسکری ؛ جنگ سے متعلق ؛ فوج ؛ جنگ جو ؛ فوجی ؛ جری ؛ بہادُر ؛ لڑاکا ؛ فوج کا ؛ لڑائی سے متعلق ؛ قابل جنگ۔

martialism, n. جنگجوئی۔

martialist, n. جنگجو ؛ حرب دوست ؛ جنگ دوست۔

martially, adv. جنگجویانہ ؛ عسکری انداز میں۔

martialness, n. جنگ جوئی ؛ حربیت ؛ عسکریت۔

martial arts, n. حربی فنون ؛ ذاتی مدافعت کے کئی طریقوں میں سے ایک مثلاً کراٹے ، جوڈو وغیرہ ؛ مارشل آرٹس۔

martial law, n. مارشل لا ؛ فوجی قانون ؛ آئین جنگ ؛ عسکری قانون ؛ عارضی فوجی حکومت جو اس وقت قائم کی جاتی ہے جب غیر فوجی حکومت امن و امان قائم رکھنے میں ناکام رہے۔

Martian, a. مریخی ؛ مریخ سیارے یا جنگ کے دیوتا مریخ سے متعلق۔ (اسم) مریخ کا خیالی باشندہ۔

martin, purple martin, house martin, n. (طیوریات) ابابیل ؛ ابابیل کی نسل کا کوئی بھی پرندہ ، خصوصاً سب سے بڑی ابابیل ؛ یہ کئی خانوں والے گھونسلوں کی جانب رغبت کے لیے مشہور ہے ، یہ واحد ابابیل ہے جس کا نر یکساں طور پر بوقلموں نیلے سیاہ رنگ کا ہوتا ہے ؛ یورپی ابابیل۔

martinet, n. فوجی افسر جو نظم و ضبط کے معاملہ میں بہت سخت ہو ؛ نظم و ضبط کے معاملہ میں بہت سخت اور قواعد کی پابندی میں بے لچک شخص۔

martinetish, a. سخت گیر ؛ بے لچک قواعد پرست۔

martinetism, n. سخت گیری ؛ بے لچک قواعد پرستی۔

martingale, n. پیش بند ؛ زیر بند ؛ گھوڑے کے ساز کا وہ تسمہ جس کا ایک سرا تنگ سے اگلی ٹانگوں کے درمیان گزار کر اور دوسرا سرا پوزی سے منسلک ہوتاہے ، تا کہ گھوڑا سر نہ مار سکے۔ (جہاز رانی) ایک چھوٹا عمودی تھم جو جہاز کے پیش مستول کے سرے کے نیچے ہوتا ہے یا وہ پشتیبان جو اس تھم سے حبالہ تک پھیلا ہوا ہو ؛ قمار بازی کا ایک نظام جس میں ہر ہار کے بعد داؤں کی رقم دوگنی ہو جاتی ہے۔

martini, n. مارٹینی ؛ مرکب شراب جس میں عموماً تین حصے جن یا ووڈکا اور ایک حصہ افسنتین کی خُشک شراب ہوتی ہے اور جو لیمو کے چھلکے یا زیتون کے ساتھ پیش کی جاتی ہے۔

martlet, n. یورپی ابابیل ؛ پرند بے پا۔ (نقابت) ایک پرندہ جیسے بغیر پاؤں کے (تصویر وغیرہ میں) پیش کیا جاتا ہے۔

martyr, n. شہید ؛ جاں نثار ؛ وہ شخص جو عقائد ترک کرنے پر موت کو ترجیح دیتا ہے ؛ کسی اصول یا عقیدے سے وابستہ رہنے کی وجہ سے شدید مصائب سہنے والا شخص ، شدید

مصائب برداشت کرنے والا ؛ دوسروں کی ہمدردی حاصل کرنے کے لیے اپنے مصائب کے بیان میں مبالغہ آمیزی کرنے والا شخص ۔ (فعل متعدی) مقصد/اصول/مذہب سے وابستہ رہنے پر قتل کرنا ؛ شہید کرنا ؛ قربان کرنا ؛ مذہب (دین) کے نام پر قتل کرنا ؛ ایذا دے کر ہلاک کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ ایذا پہنچانا ۔ نیز : martyrize ۔

martyrdom, n. شہادت ؛ جاں نثاری ۔

martyrology, n. علمِ الشہدا ؛ شہیدوں کی تواریخ ؛ سیر الشہدا ؛ شہادت نامہ ؛ سلسلۂ شہدا ؛ فہرست شہدا ؛ تاریخ شہدا ؛ مأثرِ شہدا ؛ مذہبی شہدا کی زندگیوں سے متعلق مذہبی تاریخ کی شاخ ؛ کسی شہید کی شہادت کا مفصل بیان ؛ ایسا عمومی بیان ؛ عیسائی شہیدوں کی فہرست ۔

martyrologic, martyrological, a. علمِ شہادت سے متعلق ۔

martyrologist, n. ماہرِ علمِ شہادت ۔

martyry, n. شہید کا مزار یا مقبرہ ۔

marvel, n. اعجوبہ ؛ عجیب و غریب چیز ؛ معجزہ ؛ حیرت انگیز واقعہ ؛ انوکھی چیز ؛ انوکھا آدمی ؛ تعجب خیز ؛ عجوبۂ روزگار ؛ عجیب و غریب بات ؛ کمال ؛ انوکھی بات ؛ اچنبھا ؛ نہایت حیرت انگیز چیز ۔ (فعل لازم) حیرت زدہ ہونا ؛ حیران ہونا ؛ متعجب ہونا ؛ متحیّر ہونا ؛ محو حیرت ہونا ؛ اچنبھا کرنا ۔ (فعل متعدی) حیران کرنا ؛ ورطۂ حیرت میں ڈالنا ؛ محو حیرت کرنا ۔

marvelous, Brit. marvellous, a. حیرت انگیز ؛ حیرت خیز ؛ حیران کن عقیدہ سے بالاتر ؛ معجز نما کام میں شریک ؛ اچنبھے کا ؛ نادر ؛ طُرفہ ؛ عجیب ۔ (بول چال) اوّل درجے کا ؛ بہترین (جیسے : marvelous dinner) ۔

marvelously, Brit. marvellously, adv. حیران کُن طریقے سے ؛ نرالی راہ سے ؛ عجب طرح سے ۔

marvelousness, Brit. marvellousness, n. حیرت ؛ حیرت انگیزی ؛ انوکھا پن ؛ انوٹھا پن ؛ حیرت خیزی ۔

Marxism, n. مارکسزم ؛ مارکسیت ؛ کارل مارکس اور فریڈرک اینجلز کے معاشی ، عمرانی اور سیاسی نظریات ، جن میں جدلیاتی مادیت پرستی ، طبقاتی جدوجہد، مزدوری کا نظریہ قدر اور سرمایہ دارانہ نظام کے ناگزیر زوال پر زور دیا گیا ہے جو غیر طبقاتی معاشرے پر منتج ہو گا ۔

Marxist, a., n. مارکسی ؛ مارکس کے نظریات کا پیرو یا حامی ۔

Marxian, a. مارکسی ۔

Marxism-Leninism, n. مارکسیّت ، لیننیّت ؛ اشتراکیت کی ایک شکل جسے لینن نے مارکس کی بنیادی تعلیمات پر استوار کیا اور روس میں نافذ و رائج کیا ۔

Mary, Virgin Mary, n. حضرت عیسیٰ کی والدہ ؛ مریم عذرا ۔

Mary Magdalene, n. (عہد نامۂ جدید) مریم میگڈالینی ؛ ایک عورت جسے حضرت عیسیٰ نے معافی دی،جس کو جرم پسند گناہ گاروں میں شامل کیا جاتا تھا؛ وہ جن کو یسوع نے معافی دی ۔

marzipan, marchpane, n. مار زی پین ؛ ایک قسم کی مٹھائی جو باداموں کی لئی ، شکر اور انڈوں کی سفیدی سے بنائی جاتی ہے ۔

mascara, n. [ہسپانوی نقاب] مسکارا ؛ کاجل ؛ پلکوں کو سیاہ کرنے کی آرائشی چیز ۔

mascot, n. سعد ؛ ہُما ؛ ہُمایوں ؛ بختاور ؛ کوئی چیز ، شخص ، جانور یا پرندہ جس کے بارے میں خیال کیا جائے کہ وہ خوش قسمتی لاتا ہے ۔

masculine, a. نر کا ؛ مُذکر ؛ مردانہ ؛ جواں مردانہ ؛ نرینہ ؛ قوی ؛ طاقتور ؛ مذکر جنس سے متعلق ؛ جو مونث جنس سے نہ ہو ؛ ایسی عورت جو الھڑ ، مردانہ وار اور دلیر ہو ؛ بہادُر جواں مرد عورت ، مردانہ صفات کی عورت ۔ (گرامر) الفاظ کی اس جنس سے متعلق جن کا اطلاق مذکر پر ہوتا ہے ۔ (اسم) (گرامر) مذکر لفظ ، مذکر جنس ؛ نر ؛ الفاظ کی جنس جو خاص طور پر مذکر کے لیے استعمال ہوتے ہیں یا وہ چیزیں جو قواعد کے اعتبار سے مذکر سمجھی جاتی ہیں ۔

masculinely, adv. مردانہ وار ؛ شجاعانہ ۔

masculineness, masculinity, n. تذکیر ؛ مردانگی ۔

masculinize, v.t. (کسی کو) مردانہ بنانا ؛ مردانہ صفات پیدا کرنا ۔ (طب) کسی مادہ میں ثانوی نرینہ جنس کی خصوصیات کو ترقی دینا ۔

maser, n. مَازر ؛ کسی جوہری یا سالمی نظام سے پیدا ہونے والی قوت کو استعمال کر کے برقی مقناطیسی لہروں کو مکبّر کرنے کا آلہ ۔

mash, n. نرم پلپلا مادّہ ؛ پلپلا پن ؛ پسا ہوا اناج یا شعیرہ جس میں بُوزہ (بیئر) بنانے کے لیے گرم پانی ڈالا گیا ہو ؛ غلے کا حریرہ یا دلیا ؛ ملغوبہ ؛ معجون مرکب ؛ کچومر ؛ بھرتا ؛ گیلا یا خشک چارا ، چنے ، چوکر اور بھوسے کا مرکب چارا ، خُشک یا تر جو جانوروں اور پرندوں کو کھلاتے ہیں ۔ (فعل متعدی) ملانا ، جیسے شعیرہ میں بیئر بنانے کے لیے گرم پانی ملانا ؛ کوٹ کوٹ کر ، کچل کر یا دبا کر پلپلا اور نرم کرنا ؛ کچومر نکالنا ، بھرتا بنانا ۔

masher, n. کچومر نکالنے والا شخص ؛ شعیرہ سے شراب بنانے والا ؛ چارا تیار کرنے والا ۔ (عوامی) عورتوں ، بالخصوص اجنبی عورتوں سے تعلقات بڑھانے والا ؛ رسیا ؛ چھیلا ؛ عاشق مزاج شخص ۔

mashie, mashy, number five iron, n. گالف کھیلنے کا چوگان ؛ چوگان جس کے سرے پر لوہے کا ایسا چھوٹا سرا لگا ہو جس کا اگلا حصہ ترچھا ہو ، اسے درمیانی فاصلے کی اٹھتی ہوئی ضرب کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

mask, n. نقاب ؛ مقنع ، برقعہ ؛ پوشہ،مصنوعی چہرہ جسے رومی اور یونانی اداکار استعمال کرتے تھے ؛ بھیس بدلنے ، حفاظت وغیرہ کے لیے چہرے کو ڈھانپنے کی کوئی چیز یا اس سے مشابہ کوئی چیز ؛ چہرے کی شبیہہ ؛ چہرے کا چربہ جیسے سنگ مرمر یا موم وغیرہ میں ڈھالا گیا چہرہ یا ایسی کوئی چیز (جیسے : a death mask) ؛ چھپانے یا بہروپ بھرنے والی کوئی چیز ؛ بناوٹ ، بہروپ ؛ بہانہ ؛ حیلہ ؛ پردہ ؛ پوشش ؛ نقاب پوش ؛ بہروپیا ؛ ڈرامائی تشکیل ؛ سوانگ ۔ (فن تعمیر) سر یا چہرے کا خاکہ ، تصویر یا مجسمہ ، عموماً مضحکہ خیز جو سجاوٹ کے طور پر بنایا جاتا تھا ۔ (عسکری) پردے ، مٹی یا جھاڑیوں وغیرہ کی اوٹ ، جو کسی فوجی سرگرمی یا توپوں وغیرہ کو چھپانے کے لیے استعمال ہو ۔ (عکّاسی) دھندلا کاغذ ، فیتہ یا ایسی کوئی چیز جو تصویر کے دھوئے جانے والے حصے کو روکنے یا تبدیل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کتے یا لومڑی کا سر ۔

masker, masquer, n.
نقاب پوش ؛ سوانگ میں حصہ لینے والا اداکار ؛ چہرہ لگانے والا ۔

masklike, a.
نقاب نُما ۔

mask, v.t., v.i.
نقاب سے چھپانا ؛ بھیس بدلنا ؛ چھپانا ؛ پوشیدہ رکھنا ؛ پردہ ڈالنا ؛ نقاب ڈالنا ؛ مصنوعی چہرہ لگانا ؛ مصنوعی شکل اختیار کرنا ؛ بناوٹی چہرہ لگانا ؛ بناوٹ کرنا ؛ مخفی کرنا ؛ ڈھکنا ؛ پوشیدہ رکھنا ؛ سوانگ بھرنا ؛ بہروپ بھرنا ؛ مبہم بنا دینا ۔ (عسکری) توپ خانہ یا فوجی سرگرمی کو دشمن سے چھپانا ؛ روکنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ فوج کی کارروائی کو برتر قُوّت کے ذریعے روکنا ؛ سوانگ میں حصّہ لینا ۔

masked, a.
پردہ پوش ؛ نقاب پوش ؛ پوشیدہ (جیسے : masked intention) ؛ مخفی بیماری ، جیسے مخفی نمونیا ۔ (حیوانیات) جس کے چہرے اور سر پر ایسے نشانات ہوں ، جیسے نقاب پہنا ہو ۔ (حشریات) مستقبل کے اماگو (اتم روپ) کی ٹانگیں ، پنکھ اور دوسری خصوصیات (جنھیں کھال کے نیچے خاکے کی صورت میں ظاہر کیا گیا ہو) کا حامل ، جیسے بعض حشراتی پیوپے (منجھروپ) ۔

masochism, n.
[آسٹریا کے ناول نگار ساکر ماسوک (۱۸۳۶ء۔۱۸۹۵ء) کا نظریہ] (نفسیات) ماسوکزم ؛ جنسی کج روی جس میں مبتلا شخص جسمانی غلط کاری سے لطف اندوز ہوتا ہے ؛ جسمانی یا جذباتی اذیت سے محظوظ ہونے کی عادت ؛ مرضیاتی خود اتلافی؛ماسوکیت۔

mason, n.
معمار ؛ راج ؛ پتھروں سے تعمیر یا کام کرنے والا ؛ وہ شخص جوائنٹ ، مصنوعی پتھر یا اس قسم کی چیز سے تعمیر کرتا ہے ؛ سیمنٹ یا بجری وغیرہ کو مصنوعی پتھر کے سانچے میں ڈھالنے والا ۔ (اکثر بڑے M سے) فری میسن (Free-mason) تنظیم کا رُکن ۔ (فعل متعدی) تعمیر کرنا ؛ پتھر کی عمارت بنانا ؛ تعمیر کے ذریعہ تقویت دینا ۔ (صفت) تعمیر سے متعلق ، معماری سے متعلق ۔ (اکثر بڑے M سے) فری میسن سے متعلق ۔

Mason-Dixon line, Mason and Dixon's line, n.
خطِ میسن ، ڈکسن ؛ پنسلوانیا اور میری لینڈ کی سرحد ، جس کی مساحت جزوی طور پر چارلس میسن اور جرمیا ڈکسن نے ۱۷۶۳ء اور ۱۷۶۷ء میں کی تھی ، یہ سرحد ، غلامی کے خاتمے سے پہلے ، غلام اور آزاد ریاستوں کے درمیان حد بندی سمجھی جاتی تھی ۔

Masonite, n.
میسونائٹ ؛ ایک ریشہ تختہ جو لکڑی کے ریشوں کو بھاپ سے نرم کرکے دباؤ (فشار) کے ذریعے تختوں کی صورت میں تیار کیا جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

Mason jar, n.
شیشے کا مرتبان جس پر دھات کا سخت ڈھکن لگا ہوتا ہے ، جو گھر میں سبزیاں اور پھل محفوظ رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

masonary, n.
معماری ؛ راج گیری ؛ راج کا کام ؛ عمارت گچ ؛ معمار کا پیشہ ؛ معمار کا فن ؛ معماری کا کام ؛ معمار کا کیا ہوا کام ۔ (اکثر بڑے M سے) فری میسن کے اسرار ، اصول اور عمل ۔

mason wasp, n.
راج زنبور ؛ انجن ہاری ؛ کمہاری ؛ تنہائی پسند بھڑوں میں سے کوئی ایک جو گارے سے اپنا گھر بناتی ہیں ۔

Masoretic, a.
یہودیوں کی روایتی تفسیر عہد نامۂ قدیم مسورا سے متعلق ۔

Masora, Masorah, n.
روایتی عہد نامۂ قدیم کی تفسیر ؛ مسورا ۔

masque, mask, n.
رہسس ؛ ماسک ؛ سوانگ ایک طرح کا ڈراما جو انگلستان میں سولھویں اور سترھویں صدی میں بہت مقبول تھا ، ابتداً اس میں رقص اور سوانگ ہوتا تھا لیکن بعد میں اس میں بڑی اسٹیج ، ملبوسات،رقص و نغمات کا اضافہ کیا گیا جس میں شوقیہ اور پیشہ ور اداکار حصّہ لیتے ہیں ؛ اس طرح پیش کرنے کے لیے تیار کی ہوئی کوئی چیز ۔

masquerade, n.
میسکریڈ ؛ سوانگ میلہ ؛ ایک میلہ جس میں لوگ طرح طرح کے لباس پہن کر اور چہرے پر مختلف چہروں کی شبیہہ لگا کر آتے ہیں ؛ اس موقع پر بھرا جانے والا بہروپ ؛ حیلہ ؛ بُرقع ؛ مِقنَع ؛ نقلی چہرہ ؛ اصلیّت کو چھپانے کا فعل ؛ ظاہری صورت جو اصل کو چھپانے کے لیے پیش کی جائے ؛ بناوٹ ؛ دکھاوا ؛ سوانگ ؛ ریاکاری ؛ رقص نقابی ۔ (فعل لازم) سوانگ میلے میں حصہ لینا ؛ اپنی اصلیت چھپانا ؛ بہروپ بھرنا ؛ جُھوٹے بہروپ میں گھومنا پھرنا ؛ جُھوٹا یا نقلی کِردار اختیار کرنا ؛ سوانگ بھرنا ؛ روپ دھارنا ۔

mass, n., a.
ڈھیر ؛ انبار ؛ تودہ ؛ جمِ غفیر ؛ بھیڑ ؛ ازدحام ؛ کمیت ؛ مربوط مادّے کا ڈھیر عموماً غیر قطعی شکل کا اور کثیر مقدار میں (جیسے : a mass of dough) ؛ غیر مربوط ریزوں ، اجزا یا اشیا کا اجتماع جس سے ایک جسم بنتا ہو (جیسے : a mass of flowers) ؛ اجتماع ؛ کثیر تعداد یا مقدار (جیسے : a mass of information) ؛ کسی چیز کا سب سے اہم یا بڑا حصہ ؛ حجم یا فراوانی ۔ (مصوری) روشنی ، رنگ اور سائے کی وسعت یا پھیلاؤ ۔ (طبیعیات) کمیت ؛ کسی جسم کی وہ خصوصیت جس سے اسکے جمود کو منسوب کیا جاتا ہے جو معلومہ قوّت لگانے پر اس کے اسراع کا پیمانہ ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) ڈھیر لگانا ، انبار لگانا ؛ جمع کرنا ۔ (فعل لازم) ڈھیر بننا ؛ ڈھیر کی صورت اختیار کرنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ بِھیڑ لگنا ۔

the masses,
عوام الناس ؛ جمہور ۔

Mass, n.
رسمِ عَشائے ربّانی ؛ رومن کیتھولک ، یونانی یا اینگلیکن کلیساؤں میں مُقدّس عشائے ربّانی کی تقریبات ؛ اس موقع پر گائے جانے والے نغموں کی دُھن ؛ (بعض اوقات چھوٹے m سے) دعا ۔ دیکھیے : High Mass, Low Mass ۔

massacre, n.
قتلِ عام ؛ سفاکانہ قتل ؛ انسانوں کا اندھا دُھند قتل ؛ وحشیانہ قتل ؛ خوں ریزی ۔ (بول چال) زبردست شکست جیسے کھیل میں ۔ (فعل متعدی) قتلِ عام کرنا ؛ خون کرنا ؛ خونریزی کرنا ؛ خون بہانا ۔

massacrer, n.
قتل عام کرنے والا ۔

massage, n.
چمپی ؛ مالِش ؛ مساج ؛ مُشت مالی ؛ مُٹھی مالی ؛ دوران خون تیز کرنے یا لچک بڑھانے کے لیے جسم کی مالش یا چپّی کرنے کا فن ؛ مُٹھی چاپی ۔ (فعل متعدی) چپّی کرنا ؛ مساج کرنا ؛ مالش کرنا ؛ مشتمالی کرنا ؛ مُٹھی چاپی کرنا ؛ چپّی مُکّی کرنا ۔

massager, massagist, n.
چپّی کرنے والا ؛ مالشی ؛ مالشیا ۔

massasauga, n.
مار زنگی ؛ ایک چھوٹا کھڑکھڑانے والا سانپ جو جنوبی ٹیکساس اور گریٹ لیکس کے درمیانی علاقے میں پایا جاتا ہے ۔

mass defect, n.
(طبیعیات) فرقِ کمیّت ؛ مرکزے کے کمیتی عدد اور اس کے ترکیبی ذرّات کے عظیم تر کُل کی

کمیّت کے درمیان فرق جو اس توانائی کے برابر ہوتا ہے جو مرکزے کی تشکیل سے خارج ہوتی ہے۔

masse, masse shot, n.
(بلیرڈ) چھڑی کو تقریباً یا ٹھیک عمودی رکھ کر چھڑیل گیند کو ضرب لگانے کا عمل۔

mass-energy equation, n.
کمیتی توانائی مساواتی ؛ مساوات جو کمیّت اور توانائی کے باہمی تعلّق کو ظاہر کرتی ہے۔

masseter, n.
جبڑی پٹّھا ؛ عضلۂ مضغ ؛ رافعۂ فک ؛ موٹا پٹّھا جو نچلے جبڑے کو اُوپر اُٹھا کر چبانے میں مدد دیتا ہے۔

masseteric, a.
جبڑی پٹّھے کا ؛ عَضلۂ مضغ سے متعلق۔

masseur, n.
مالشیہ ؛ چپّی کرنے والا۔

masseuese, n.
مالشن ؛ چپی کرنے والی۔

massicot, n.
مُردار سنگ ؛ لیڈمونوآکسائڈ جو زرد سُفوف کی صورت میں صبغہ (رنگ) کے طور پر اور خُشک کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

massif, n.
(ارضیات) میخ کوہ ؛ اونچے پہاڑوں کا گٹھا ہوا سلسلہ ؛ پہاڑی سلسلے کا سخت پیوستہ حصّہ جس میں ایک یا ایک سے زیادہ چوٹیاں ہوں اور جو کم و بیش نشیبوں سے گھرا ہو جس کے سبب یہ ایک آزاد اکائی دکھائی دے ؛ قشر ارض کی پٹّی یا خطّہ ، جو اکائی کی طرح اونچا یا نیچا ہو اور رخنوں سے گھرا ہوا ہو۔

massive, a.
جسیم ؛ بڑا ؛ بھاری ؛ ضخیم ؛ٹھوس ؛ غالب؛ بڑی کمیت والا جیسے اسلُوبِ تعمیر ؛ وسیع ، کثیر ؛ متاثّر کُن (جیسے : massive brow) ؛ مقصد میں وسیع ؛ شدت میں زیادہ جیسے ہیجان۔ (طب) جسمانی بافتوں کے بڑے اور مسلسل حِصّے کو متاثّر کرنے والی بیماری۔ (معدنیات) نقلمی ؛ جس میں بیرونی قلم نہ ہوں اگرچہ بعض اوقات اس کی ساخت میں یہ قلمیں موجود ہوتی ہیں۔(ارضیات) یک جنس ؛ ٹھوس۔

massively, adv.
بھاری پن یا ٹھوس پن سے ؛ بڑے پیمانے پر۔

massiveness, n.
ٹھوس پن ، بھاری پن ، وسعت یا کثرتِ احساس۔

mass meeting n.
جلسۂ عام ؛ عمومی اجلاس جو کسی خاص مقصد کے بارے میں سُننے یا بحث کرنے کے لیے بلایا گیا ہو۔

mass number, n.
(طبیعیات) کمّی عدد ؛ کمیتی عدد ؛ صحیح عدد جو کسی عنصر کے ہم جا (آئسو ٹوپ) کے جوہری وزن سے قریب ترین ہو ، جو مرکزے کے (پروٹون) اور (نیوٹرون) کے مجموعے کے برابر ہوتا ہے۔

mass-produce, v.t.
کثیر تعداد میں یا بڑی مقدار میں (اشیا وغیرہ) پیدا کرنا عموماً مشین کے ذریعے۔

mass-producer, n.
کثیر تعداد یا مقدار میں پیدا کرنے والا۔

mass production, n.
کثیر پیداوار ؛ تھوک پیداوار۔

mass spectograph, n.
(طبیعیات) کمیتی طَیف نگار ؛ ایک آلہ جو مقناطیسی اور برقی میدان کے استعمال سے باردار ذرات کے دھارے کے کمیّتی طَیف کو منضبط (ریکارڈ) کرتا ہے۔

massy, a.
دیکھیے : Massive ۔

massiness, n.
بھاری پن ، ٹھوس پن ، بوجھل پن ؛ اہمیت ؛ وقعت ؛ کلانی ؛ گرانی۔

mast, n.
مستُول ؛ لمبا گول شہتیر یا لوہے یا فولاد کا خول والا,کھوکھلا کھمبا جو جہاز میں عموداً کھڑا ہوتا ہے اور بادبانوں کے سہارے کی بَلّیوں اور رسیوں وغیرہ کو سہارا دیتا ہے ؛ کوئی بھی بڑا عمودی کھمبا جیسے وہ کھمبا جس پر ایریل یا اینٹینا لگایا گیا ہو ؛ کھمبا ؛ بانس ؛ بلی ؛ کھمب ؛ بلاّ ؛ ستوَن ؛ شہتیر۔ (فعل متعدی) مستول لگانا ؛ مستول کھڑا کرنا۔

mast, n.
جوز ؛ ثمر بلوط ؛ بلوط ، بتولا یا کسی جنگلی درخت کا پھل جو اکثر سُور کی خوراک کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

mastaba, mastabah, n.
(عربی) مَصطبہ ؛ قدیم مصری مستطیل فرعونی مقبرہ جس کی دیواریں ڈھلوان اور چھت سپاٹ ہوتی ہے ؛ بینچ یا سیٹ ؛ مسند ؛ کرسی ؛ چوکی۔

mastectomy, mammectomy, n.
پستان براری ؛ عمل جراحی کے ذریعہ پستان کاٹنے کا عمل۔

master, n.
مالک ؛ آقا ؛ حاکم ؛ ناظم ؛ آجر ؛ ماہر فن ؛ استاد ؛ ولی نعمت ؛ قابض ؛ تاجر ؛ تجارتی جہاز کا کپتان ؛ ناخدا ؛ برتر ؛ ہنرمند جو اتنا ماہر یا تجربہ کار ہو کہ دوسروں کو ہنر سکھا سکے اور اپنے ہنر کو آزادانہ برت سکے ؛ وہ جس کے قبضے میں کوئی چیز ہو اور اسے اپنی مرضی سے استعمال کرنے کا اختیار اور قدرت ہو ؛ فنکار ؛ سنگتراش ، مُجسمّہ ساز ؛ ماہر تعمیر یا مُفکِّر ؛ فلسفی یا مذہبی رہنما ؛ کسی علم ، حِکمت ، فن یا سائنس کا ممتاز ماہر۔ (برطانوی) مدرسے کا استاد ؛ قابل (جیسے : master of sarcasm) ؛ نام سے پہلے استعمال ہونے والا احترامی لقب ، اکثر لڑکے یا نوجوان کے لیے ؛ عزت و وقار کا لقب ؛ دارالعلوم اور دانشگاہ کی سند (جیسے : Master of Arts) رئیس یا سربراہ ادارہ کا لقب ؛ اس قانونی عہدیدار کا لقب جو منصف کی ، اس کے فرائض کے سلسلے میں مدد کرتا ہے۔ (فعل) آقا بننا ؛ غالب آنا ؛ مغلوب کرنا ؛ قابو پانا ؛ ماہر ہونا ؛ کمال حاصل کرنا ؛ حکومت کرنا ؛ مہارت حاصل کرنا ؛ قدرت حاصل کرنا ؛ دسترس پیدا کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ تسخیر کرنا ؛ مطیع کرنا ؛ فتح کرنا ؛ قابو میں لانا ؛ ضبط کرنا ؛ زیر حکم کرنا ؛سر کرنا ؛ بس میں کرنا ؛ تصرف میں لانا ؛ بس میں کر لینا ؛ دبا لینا۔ (صفت) آقا سے متعلق ؛بڑا ؛ منتظم ؛ متصرف ؛ قابض ؛ مختار ؛ مالک ؛ کسی میکانی نظام کی توضیح کرنے والا ، جو اس طرح کے دوسرے نظاموں پر تسلط رکھتا ہو۔

masterdom, masterhood, n.
آقائی ؛ حکومت ؛ تصرُّف ؛ قبضہ ؛ مہارت ؛ غلبہ۔

masterliness, n.
اُستادی ؛ مہارت ، کمال ، حاکمیت۔

masterly, adv.
استادانہ/ماہرانہ/حاکمانہ/آقایانہ طور سے۔ (صفت) استادانہ ؛ماہرانہ ؛ آقایانہ ؛ فائق ؛ بہتر ؛ عمدہ ؛ عالی ؛ بڑھ کر ؛ خود مختار ؛ متکبر ؛ صاحبِ اختیار۔

master-at-arms, n.
(بحریہ) ماسٹر ایٹ آرمز ؛ بحریہ کا وہ چھوٹا افسر جو جہاز پر امن و امان قائم رکھنے اور قیدیوں کی رکھوالی پر مامور ہوتا ہے۔

master chief petty officer, n.
(بحریہ) ماسٹر چیف پیٹی افسر ؛ نان کمیشن گریڈ کا سب سے بڑا افسر۔

masterful, a.
یکتائے فن ؛ خود رائے ؛ خود سر ؛ تحکم پسند ؛ قوی العزم ؛ ماہر فن ؛ استاد فن ؛ کامل۔

masterfully, adv.
ہنرمندانہ/ماہرانہ انداز سے ؛

استادی سے ؛ خود سری سے ؛ تحکم پسندی سے ۔

master key, n. شه چابی ؛ شاه چابی ؛ ہر
قفلی چابی ؛ وہ چابی جس سے ایسے تالے بھی کھل جاتے ہیں جن میں
اپنی چابی کے علاوہ کوئی دوسری چابی نہیں لگ سکتی ۔

master mind, v.t. کسی منصوبے یا ذمّہ داری
کی ماہرانہ منصوبہ بندی کرنا اور اس پر عمل کرنا ۔ (اسم) شه عقل ؛
اعلیٰ دماغ ؛ عالی دماغ ؛ بیدار مغز ؛ پیش بیں ۔

master of ceremonies, n. میر تشریفات ؛ میر تقریبات ؛
وہ شخص جس کے ذمے آداب و رسوم بجا لانے کی نگرانی ہو ؛ وہ
شخص جو تھیٹر یا عوامی تقریبات میں صدر ، ناظم یا میزبان کی حیثیت
سے کام کرے ۔ مخفف : emcee., M.C. ۔

masterpiece, n. شاہکار ؛ شہ پارہ ؛ کسی کا بلند
ترین کارنامہ ؛ کسی ہنر مند کا وہ کام جو اس کو کسی پیشہ ورانہ
تنظیم میں استاد کے درجے پر فائز کر دے ؛ اپنی نوعیت اور وصف کے
لحاظ سے غیر معمولی چیز ؛ اعلیٰ مہارت سے بنائی ہوئی کوئی چیز ؛
عمدگی ؛ خوبی ؛ عظیم الشان کارنامہ ؛ سب سے اچھا کام ؛ سب سے
اچھی چیز ؛ استادی کا کام ؛ صنعت بالغہ ؛ عمدہ کام ؛ کمال ۔

master race, n. شاہ نسل ؛ اعلیٰ نسل ؛
وہ لوگ یا قوم جو خود کو دوسروں سے برتر سمجھتی ہے اس لیے
دوسروں پر حکومت کرنے اور انھیں غلام بنانے کے لیے اپنے آپ کو
موزوں گردانتی ہے ۔

master sergeant, n. (عسکری) ماسٹر سارجنٹ ؛ دوسرے
نمبر کا سب سے بڑا نان کمشنڈ بحریہ یا فوج کا افسر ؛ فضائیہ کے تین
سب سے اونچے نان کمشنڈ افسروں میں سے کوئی ایک ۔

mastership, n. استادی ؛ مُعلِمی ؛ فوقیت ؛
معلّم کے فرائض یا اس کا منصب ؛ مہارت ؛ تسلط ؛ غلبہ ؛
حاکمی ؛ ہنرمندی ؛ تجربہ ؛ لیاقت یا عِلم ۔

mastersinger, n. دیکھیے : Meistersinger ۔

master stroke, n. ماہرانہ کارنامہ یا عمل ؛
معرکے کی تدبیر ؛ غضب کی چال ؛ استادی کا کام ؛ اصلاح استادانہ ؛
صنعت ؛ کمال ۔

masterwork, n. شاہکار ؛ نمایاں کارنامہ ؛
استادی کا کام ؛ صنعت بالغہ ؛ عمدہ کام ؛ کمال ؛ عمدگی ؛ خوبی ۔

mastery, n. ہنر مندی ؛ مہارت ؛ دسترس ؛
قبضہ ؛ غلبہ ؛ یکتائی ؛ یدطولیٰ ؛ کاریگری ؛ چابکدستی ؛ فتح ؛ کامل
علم ۔

masthead, n. (جہاز رانی) مستُول کی چوٹی خاص
طور پر چھوٹے مستول کی ؛ مجلے کا وہ حصّہ جس میں مجلے ، مدیر ،
عملے اور مالک کے نام ہر شمارے میں درج کیے جاتے ہیں ۔ (فعل
متعدی) (جہاز رانی) مستول کی چوٹی پر بطور سزا بھیجنا ؛ مستول
کے سر تک بلند کرنا جیسے جھنڈے کو ۔ (صفت) مستول کی چوٹی سے
متعلق ۔

mastic, n. (نباتیات) مصطگی ؛ مصطگی درخت
(جو جنوبی یورپ میں پایا جاتا ہے) سے نکلنے والا گوند جو وارنش بنانے
اور شراب میں مہک پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایک مرکب
جو چپکانے اور مہر لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ سیمنٹ کی ایک
قسم جو پلستر یا عمارت کے سوراخ بند کرنے میں کام آتی ہے ۔

masticate, v.t., v.i. چبانا ؛ چابنا ؛ کچل کر یا گوندھ کر
نرم کرنا جیسے ربڑ کو ۔

masticable, a. چباؤ ؛ چبانے کے قابل ۔

mastication, n. چبائی ؛ چاب ؛ چبینہ ؛ چپانا ؛
چبانے کا عمل ؛ مضغ ۔

masticator, n. چبانے یا چابنے والا ؛ ماضغ ۔

masticatory, a. چبانے کا ، مضغی ؛ ڈاڑھ ۔
(اسم) چبانے والا عضو یا آلہ ؛ ماضغ (آلہ) ؛ خُرد کُن ۔ (علمِ ادویہ) دوا
جو تھوک کے اخراج کو بڑھانے کے لیے چبائی جاتی ہے ۔

mastiff, n. مَستِف ؛ درواس ؛ شکاری کُتّے کی
ایک قسم ؛ ایک پرانی انگریزی نسل کا کُتّا جس کا قد بڑا ، جسم
مضبوط ، لٹکے ہوئے ہونٹ اور جُھکے ہوئے کان ہوتے ہیں ۔

mastigophoran, mastigophore, n. سوطیہ ؛ سوطیہ گروہ کا
کوئی بھی نخزحوینی (protozoan) جس میں ایک یا ایک سے زیادہ
سوطیے (flagella) ہوں ۔

mastigophorous, a. سوطی ۔

mastitis, n. (امراضیات) ورم پستان ؛
پستانوں کی سوجن ۔ (بیطاری امراضیات) گائیوں کے حوانے کا ورم ۔

mastitic, a. ورم پستان سے متعلق ؛ پستانوں
کی سوجن کا یا اس سے متعلق ۔

mastodon, n. ممدندا ؛ مالوت جنس کے میمل
جانوروں کی معدوم انواع میں سے کوئی ایک جو ہاتھی سے مشابہ مگر
اس سے بڑی ہے ، اس کا یہ نام اس لیے پڑا کہ اس کی ڈاڑھ پستان کی
طرح بڑی ہوتی تھی ۔

mastodonic, a. ممدندا کا یا اس سے متعلّق ۔

mastoid, a. (تشریح الاعضا) زائدہ حلمیہ سے متعلق ؛
کنپٹی کی ہڈی اور اس سے متعلقہ حصوں کے ابھار سے متعلق ۔ (اسم)
زائدہ حلمیہ ؛ کنپٹی کی حلمہ نما ہڈی ۔

mastoidectomy, n. زائدہ حلمیہ براری ؛ کنپٹی
کی ہڈی کے حصّے یا خلیوں کا آپریشن کے ذریعہ اخراج ۔

mastoiditis, n. (امراضیات) ورم عظم حلمیہ ؛
کنپٹی کی ہڈی کے کسی حصہ کی سوجن ۔

masturbate, v.i. جلق لگانا ، ہتھ رس کرنا ؛ مُٹھ مارنا ؛
مُشت زنی کرنا ۔

masturbation, n. جلق ؛ مٹھولے بازی ؛ ہتھ رسی ؛ مُشت زنی ۔

masturbational, a. جلقی ؛ جلق سے متعلق ۔

masturbator, n. جلق زن ؛ مٹھولے باز ؛ مشت زن ؛
جلق لگانے والا ۔

masurium, n. (کیمیا) مسوریم (عنصر) ؛ میگنیز سے مشابہ
ایک فرضی دھاتی عنصر جس کی جگہ اب دَوری جدول میں
ٹکنیشیئم نے لے لی ہے ۔

mat, n. بوریا ؛ چٹائی ، زیرانداز ؛ سیتل پاٹی ؛
پا انداز ؛ میٹ ؛ کپڑے کا ٹکڑا جو چنٹ والے یا بُنے ہوئے سینٹھوں ،
تنکوں ، سن یا اسی قسم کے کسی دوسرے مواد سے بنایا جاتا ہے جو اکثر
لیٹنے ، فرش ڈھانپنے یا جوتے صاف کرنے کے لیے بچھایا جاتا ہے ؛ اس

کا چھوٹا سا ٹکڑا جو میز پر گلدان یا برتن وغیرہ رکھنے کے لیے رکھا ہوتا ہے ؛ دبیز فرش جیسے فوم لگی ہوئی کینوس جو ورزشی کھیلوں کے لیے فرش پر بچھا دی جاتی ہے ؛ میٹ کا بنا ہوا تھیلا یا بوری (چینی یا کافی کے لیے) ؛ گھنا گُچھا جیسے بالوں یا گھاس پھوس کا ۔ (فعل متعدی) چٹائی سے ڈھانپنا ؛ چٹائی بچھانا ؛ چٹائی بنانا ؛ گچھا بنانا ؛ چٹائی یا بوریا منڈھنا ؛ چٹائی کی طرح بننا ۔

mat, matt, matte, a. بے آب ؛ بے چمک ؛ ماند (جیسے : mat gold) ۔ (اسم) بے آب ، بے چمک سطح ؛ ایسی بے چمک سطح بنانے کا آلہ ۔ (فعل متعدی) بے چمک سطح بنانا ؛ بے آب سطح بنانا ۔

mat, n. غیر مُجلّا حاشیہ ؛ دفتی یا کسی اور مواد کا فریم جیسا ٹکڑا جو تصویر کے گرد لگایا جاتا ہے جو بیرونی فریم تک پھیلا ہوتا ہے یا خود فریم کا کام دیتا ہے ۔ (طباعت) وہ عکس جس سے طباعت کے لیے پلیٹ تیار کی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) تصویر کو غیر مجلاّ حاشیہ یا چوکھٹا لگانا ۔

matador, n. ثور افگن ؛ میٹڈار ؛ بیل سے لڑنے والا ، جسے بیل سے لڑائی کے دوران بیل کو مار ڈالنے پر مامور کیا جاتا ہے ؛ تاش کے بعض کھیلوں میں سب سے بڑی ترپ ۔ (بڑے M سے) (عسکری) پائلٹ کے بغیر امریکی میزائل ۔

match, n. جوڑ ؛ رشتہ ؛ وہ چیز یا شخص جو کسی دوسری چیز یا شخص کے کسی اعتبار سے برابر یا مشابہ ہو ؛ کوئی شخص یا چیز جو دوسرے کا صحیح مثنی ہو ؛ بر ؛ مناسب جوڑا ؛ ہم سر ؛ ہم رتبہ ؛ ہم عمر ؛ ہم چشم ؛ نظیر ؛ مثال ؛ ہم پلہ ؛ ہم ذہن ؛ مقابلے یا کھیل میں حصہ ؛ خود کھیل ؛ شادی ؛ ازدواجی اتحاد یا وابستگی ؛ شادی میں مناسب یا موزوں شریک (شوہر یا بیوی) ۔

matchable, a. جوڑ کے قابل ؛ قابل ہمسری ۔

matchless, a. لاجواب ؛ عدیم النظیر ؛ عدیم المثال ؛ بے عدیل ؛ لاثانی ؛ فرد ؛ یکتا ؛ اجوڑ ؛ بے جوڑ ؛ بے مثال ؛ بے نظیر ؛ بے مثل ۔

matchlessness, n. بے مثالی ؛ بے نظیری ۔

match v.t. برابر کرنا یا ہونا ؛ کسی کا مدمقابل یا ہم سر ہونا ؛ منطبق کرنا ؛ میل کرنا ؛ مدمقابل بنانا ؛ جوڑ بنانا ، جیسے چیزوں یا انسانوں کا برابری یا مماثلت کے اعتبار سے ؛ دو چیزوں کو اکٹھا جوڑنا ؛ مقابل رکھنا ؛ یکساں قوت کا حامل حریف مہیا کرنا ؛ برتری کے لحاظ سے مقابلہ کرنا ؛ شادی کے ذریعہ متحد کرنا ؛ شادی کرانا ۔ (فعل لازم) برابر یا موزوں ہونا ؛ کسی لحاظ سے مماثل ہونا ؛ مساوی ہونا ؛ میل کھانا ؛ شادی میں شریک یا زوج بننا ؛ ازدواجی رفیق بننا ۔

matcher, n. جوڑ ملانے والا ؛ ہم سر مہیا کرنے والا ؛ میل کرنے والا ؛ شادی کرانے والا ؛ موازنہ کرنے والا ۔

match, n. ماچس ؛ دیا سلائی ؛ (توپ وغیرہ کا) فتیلہ ؛ بتی ؛ توڑا ؛ شتابہ ؛ لکڑی یا کسی اور مواد کی چھوٹی تیلی جس کے سرے پر کیمیائی مواد لگا ہوتا ہے ، جو ناہموار یا کیمیائی طور پر تیار کی گئی سطح پر رگڑنے سے آگ پیدا کرتی ہے ۔

matchboard, n. سال تختہ ؛ وہ تختہ جس کے ایک طرف دندانہ ہو اور دوسری طرف چول تا کہ دوسرے تختے میں سال دیا جائے ، اس طرح چست جوڑ لگ جاتا ہے ، یہ فرشوں ، اطراف یا دوسرے تعمیری کاموں میں استعمال ہوتا ہے ۔

matchbook, n. کاغذی دیا سلائی کی ڈبیا ؛ کاغذ جس میں کاغذی دیا سلائیاں قطاروں میں تہ در تہ رکھی جاتی ہیں ۔

matched order, n. بازار حصص کا ایک ممنوعہ عمل جس میں کوئی فرد کسی اسٹاک کو خریدنے اور بیچنے کے آرڈر بیک وقت مختلف دلالوں کے ذریعے دیتا ہے ۔

matchlock, n. توڑے دار بندوق ؛ بندوق کا گھوڑا جس میں گولی چلانے کے لیے ماچس یا فتیلہ استعمال ہوتا ہے ۔

matchmaker, n. بچولا ؛ مشاطہ ؛ بچولن ؛ نائن ؛ رشتہ طے کرانے والا/والی ۔ (مقابلہ) میچ کرانے والا جیسے باکسنگ کے مقابلے ۔

matchmaking, n. بچولی پن ؛ رشتہ طے کرنے یا کرانے کا عمل ۔ (صفت) بچول پن سے متعلق ۔

match play, n. (گالف) میچ پلے ؛ میڈل پلے کے برعکس وہ کھیل جس میں ضربوں کی تعداد کی بجائے ہر ٹیم یا فرد کے گیند سوراخ میں ڈالنے کے شمار پر اسکور کا تعین کیا جاتا ہے ۔

match point, n. میچ پوائنٹ ؛ آخری پوائنٹ جس پر ٹینس ، بیڈ منٹن ، اسکواش اور دوسرے کھیلوں میں جیتنے والے کا فیصلہ ہوتا ہے ۔ (دوہری برج) مخالف کے اسکور سے تجاوز کرنے یا اس کی کوشش کے لیے دیا جانے والا ایک یا آدھا پوائنٹ ۔

matchwood, n. تیلی ؛ لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا ؛ دیا سلائی ؛ وہ لکڑی جو ماچس کی تیلیوں کے لیے مناسب جسامت میں کاٹی گئی ہو ۔

mate, n. جوڑے میں سے ایک ؛ رفیق ، ساتھی ؛ ہم صحبت ؛ اکثر مرکب الفاظ میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : Playmate) ؛ برابر ؛ ہم سر ؛ جہاز کا افسر جو کپتان اور دوسرے افسروں کی مدد کرتا ہے ؛ شوہر یا بیوی ؛ جانوروں کی اس جوڑی میں سے ایک جو نسل کُشی کے لیے جفتی کرتی ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) برابر کرنا ؛ جوڑی بنانا ؛ یکجا کرنا (جیسے جانوروں کو) ؛ جفتی کرنا ؛ مناسب طور پر یک جا کرنا ؛ شادی کرنا ؛ نسل کشی کے لیے جماع کرنا ؛ ساتھی بننا ؛ وابستہ ہونا ؛ برابر ہونا ۔

mateless, a. بے جوڑی کا ؛ فرد ؛ مجرد ۔

mate, n. v.t. interj. (شطرنج) مات ؛ شہ مات ؛ مات دینا ؛ شاہ کی ضیق ؛ زچ ۔

mate, maté, paraguay tea, n. (نباتیات) چھوٹا راج کا درخت ، اس کا وطن جنوبی برازیل ، پیراگوئے اور ارجنٹینا ہے ؛ چائے جیسا خوشبو دار مشروب جو اس درخت کے پتوں سے تیار کیا جاتا ہے ۔

matelote, n. شراب اور پیاز وغیرہ کے مسالے میں پکی ہوئی مچھلی کا سالن ۔

mater, n. (برطانوی ،بول چال) ماں ؛ والدہ ۔

mater familias, n. [لاطینی] گھر کی بڑی بوڑھی ؛ کسی خاندان کی ماں ۔

material, n. مواد ؛ مسالا ؛ ہیولیٰ ؛ لوازمہ ؛ سامان ؛ مال ؛ مواد جس سے یا جن سے کوئی چیز بنی ہو یا جس پر مشتمل ہو ؛

کسی چیز کے اجزائے ترکیبی ؛ خام مال ؛ خام مادہ ؛ کوئی سی چیز جو کام کرنے یا ترقی دینے کے لیے خام مواد کا کام دے(جیسے روداد یا ناول وغیرہ کے لیے)؛بنیادی حقائق یا خیالات ؛ کپڑا ؛ پارچہ ۔ (جمع) سامان ؛ وہ چیزیں جو کوئی چیز بنانے یا کوئی کام کے کرنے کے لیے ضروری ہوں (جیسے : writing materials) ۔ (صفت) طبعی ، مادی ، دنیوی ؛ جسمانی (جیسے : material world) ؛ مادے سے متعلق یا منسلک یا مشتمل (جیسے : material force) ؛ مادی اشیا یا مفادات سے نامناسب طور پر وابستہ ، اشیا کے روحانی یا ذہنی پہلو کے بجائے جسمانی پہلو سے متعلق (جیسے : material civilization) ؛ بنیادی اہمیت کی حامل ؛ بہت نتیجہ خیز ؛ اہم ؛ ناگزیر ؛ لازمی ۔ (قانون) ایسی شہادت جو اتنی اہم ہو کہ کسی فیصلے کو متاثر کر سکے ۔ (فلسفہ) ہیئت کے بجائے موضوع سے متعلق ۔

materially, adv. مادی طریقے سے ؛ مادی طور پر ؛ فی نفس الامر۔

materialism, n. مادہ پرستی ؛ مادیت ۔ (فلسفہ) فلسفیانہ نظریہ کہ مادے اور اس کی حرکت ہی سے کائنات بنی ہے اور تمام مظاہر بشمول ذہنی مظاہر کے مادی ذرائع ہیں ؛ کوئی رائے یا رجحان جو خالص مادی مفادات پر مبنی ہو ؛ روحانی مقاصد اور وجوہ کی بجائے مادے سے وابستگی ۔

materialist, n. مادہ پرست ؛ مادیت پرست ؛ منکر روح ؛ وہ شخص جو روح کو جسمانی مانے ؛ مادی ؛ دہریہ ۔

materialistic, a. مادہ پرستانہ ؛ مادی ؛ دہریانہ ؛ دنیاوی

materialistically, adv. مادہ پرستانہ طور پر ؛ مادہ پرستانہ انداز سے ۔

materiality, materialness, n. مادیت ؛ جسمانیت ؛ مادی ہونے کی کیفیت ؛ کوئی چیز جو کسی مسئلے کی نوعیت کے مطابق اور درست ہو ۔

materialize, v.t. کسی شے کو مادی شکل دینا ؛ مادی صفات پیدا کرنا ؛ مادی طور پر محسوس بنانا ؛ مجسم بنانا ؛ مادی بنانا ؛ حقیقت بنانا ؛ وجود میں لانا ؛ عملی جامہ پہنانا ۔ (فعل لازم) جسمانی یا مادی صورت اختیار کرنا ، مرئی شکل یا محسوس وجود میں ظاہر ہونا ؛ حقیقت کا جامہ پہننا ؛ حقیقت بننا ؛ باور ہونا ؛ عملی جامہ پہننا ؛ عمل میں آنا ؛ کام ہونا ؛ دکھائی دینا ؛ نظر آنا ؛ ظہور میں آنا ؛ نکل آنا ؛ واقع ہونا ؛ وقوع میں آنا ۔

materialization, n. وقوع ؛ تجسیم ؛ مادی بنانے کا عمل ؛ مادی ظہور ۔

materializer, n. مادی بنانے والا ؛ تجسیم کرنے والا ۔

materia medica, n. [لاطینی] (طب) قرابا دین ؛ مخزن الادویہ ؛ علم طب کا وہ شعبہ جس کا تعلق دواؤں میں استعمال ہونے والی اشیا سے ہے ؛ مجموعی طور پر وہ تمام شفابخش اشیا جو دواؤں میں کام آتی ہیں ۔

materiel, n. مسالا ؛ لوازمہ ؛ مواد ؛ سامان ؛ اسباب ؛ ان تمام اشیا کا مجموعہ جو کسی کام ، منصوبے ، ذمہ داری یا عمل کے لیے ضروری ہوں مثلاً فوجی رسد اور سامان (افراد کے علاوہ) ۔

maternal, a. مادرانہ ؛ ماں کا ؛ ماں سے متعلق ، وابستہ یا ماں ہونے کے لیے موزوں یا ماں بننے کی خوبیوں کی حامل ؛ ماں سے حاصل شدہ ؛ ماں کے رشتے سے منسلک ؛ مادری ؛ ماں کی طرف سے یا ننھیالی ۔

maternalism n. امومیت ؛ مادریت ؛ اُمیت ؛ مادری ہونے کی حالت ۔

maternalistic, a. مادرانہ ، مادری ۔

maternalistically, adv. مادرانہ طور سے ۔

maternity, n. امومت ؛ زچگی ؛ مادری طور و طریق ؛ ماں بننے کی حالت یا خصوصیات ؛ ممتا ؛ مامتا ۔ (صفت) زچگی سے متعلق ؛ زچگانہ ؛ عورت کے حمل اور بچے کی پیدائش کے زمانے کے لیے بنایا ہوا یا اس دور سے متعلق یا اس زمانے کے لیے بنائی گئی اشیا (جیسے : maternity clothes) ۔

matey, a. (برطانوی ، بول چال) دوستانہ ؛ ملنسار ؛ یار باش ۔ (اسم ، برطانوی، بول چال) ساتھی ؛ رفیق ؛ دوست ؛ یار، لنگوٹیا یار ۔

math, n. (بول چال) ریاضی ۔

mathematical, mathematic, a. ریاضی سے متعلق ؛ ریاضیاتی ؛ اصول ریاضی کے مطابق ۔ (مجازاً) قطعی ؛ جچا تلا ؛ بالکل ٹھیک ؛ حتمی ؛نپا تُلا۔

mathematically, adv. ریاضی کے طریقے سے ؛ بقاعدہ علمِ ریاضی ؛ ریاضی کے قاعدوں سے ۔

mathematical logic, n. ریاضیاتی منطق ؛ علامتی منطق ۔

mathematician, n. ریاضی دان ؛ ماہر ریاضی ۔

mathematics, n. ریاضی ؛ علمِ ریاضی ؛ وہ علم جس کا تعلق مقدار، ہیئت، پیمایش اور ترتیب سے ہے اور خاص طور پر تصوّرات اور علامات کے ذریعے معلوم کرنے سے اور مقادیر اور اقدار کے خصائص اور باہمی تعلق کی دریافت سے ہے ۔ مرخم : maths ۔

matin, a. فجری ؛ صبح کے وقت کا ؛ صبح سے متعلق ؛ صبح کے وقت استعمال ہونے والا ؛ صبحی ؛ سَحری ؛ صبحگاہی ۔ (اسم ، جمع لیکن ترکیب میں واحد) (کلیسیات)دعائے فجر ؛ صبح کی عبادت یا گیت ؛ صبح کی عبادت کا وقت ؛ سات کلیسائی گھنٹوں میں سے پہلا (یعنی آٹھ بجے صبح سے تین بجے شام تک عبادت یا شادی کا وقت) ؛ اینگلیکن کلیسا میں صبح کی عام دعا یا عبادت ۔ (شاعری) صبح کا نغمہ ؛ نغمۂ سحر گاہی جیسے پرندوں کا زمزمہ صبح ؛ پرندوں کا صبح کے وقت چہچہانا ۔

matinal, a. صبح گاہی ؛ سَحری ۔

matinee, matinee, n. دن کا کھیل ؛ میٹنی ؛ دن کے وقت عموماً بعد دوپہر کی محفل موسیقی یا ڈرامہ ۔

matriarch, n. شاہ مادر ؛ حکمران عورت ؛ سردار عورت ؛ سربراہ عورت ؛ وہ عورت جو رتبے میں مرد سردار قبیلہ کے برابر ہو جیسے خاندان میں (سربراہ عورت) ۔

matriarchal, a. شاہ مادری ، مادر سرانہ ؛ عورت کی سربراہی سے متعلق ۔

matriarchalism, n. مادرسری ؛ عورت کی سربراہی ۔

matriarchate, n. مادر سرانہ نظام یا جماعت ۔

matriarchy, n. حکومتِ مادری ؛ شاہ مادری نظام ؛ مادر سرانہ نظام ؛ ایک قسم کا سماجی نظام جس میں ماں سربراہ خاندان ہوتی ہے اور جس میں شجرہ نسب عورتوں کی نسبت سے چلتا ہے ۔

matricide, n. اپنی ماں کا قتل ؛ مادر کُشی ؛ اپنی ماں کا قاتل ؛ مادر کُش ۔

matriculant, n. میٹرک پاس ؛ میٹرک کا امتحان پاس کرنے والا طالب عِلم ؛ جامعہ میں داخلے کا حق پانے والا طالب عِلم ۔

matriculate, v.t. رُکنیت دینا جیسے بطور طالب عِلم کالج میں یا دانشگاہ میں ۔ (فعل لازم) داخل ہونا یا شامل فہرست ہونا ۔ (اسم) داخلِ جامعہ ہونے والا طالب علم ؛ میٹرک پاس طالب عِلم ۔

matriculation, n. میٹرک ؛ میٹرک کا امتحان ؛ امتحان داخلہ ؛ حق داخلہ ۔

matriculator, n. جامعہ میں داخل ہونے والا یا داخلے کا امتحان دینے والا طالبِ عِلم ۔

matrilineal, a. شجرۂ مادری سے متعلق ؛ شجرۂ مادری پر مبنی ؛ مادرانہ نسب سے متعلق یا اس پر مبنی ۔

matrilineally, adv. شجرۂ مادری کے طریقے سے ۔

matrimonial, a. نکاحی ؛ شادی کا ؛ شادی سے متعلق ؛ ازدواجی ۔

matrimonially, adv. ازدواجی طور پر ۔

matrimony, n. شادی کی تقریب ؛ بیاہ ؛ شادی ؛ ازدواج ؛ عقد ؛ نکاح ؛ تاش کا ایک کھیل جس میں کھیلنے والوں کی تعداد متعین نہیں ہوتی ؛ اس کھیل اور بعض دوسرے کھیلوں میں شاہ و ملکہ کا ملاپ ۔

matrimony vine, n. (نباتیات) عروسی بیل ؛ عَوسج ۔

matrix, n. رِحمِ مادر ؛ بچہ دانی ؛ کوکھ ؛ جائے نشوونما ؛ منشا ؛ صوت گیر سانچا ؛ صوتی (فونو گراف) ریکارڈ یا توے کا برقی تشکیل کے ذریعے بنا ہوا سانچا جس کے ذریعے اصل ریکارڈنگ کے مثنیٰ کثیر تعداد میں بنائے جاتے ہیں ۔ (حیوانیات) بین الخلویہ ؛ کسی بافت کا بین خلوی مواد ؛ دھارن ؛ جسم حیوانی کا جزو ترکیبی ۔ (تشریح الاعضا) تشکیلی خلیہ جیسا کہ ناخنوں کے نیچے اَدمہ (corium) ۔ (ارضیات) کوئی چٹان یا نمایاں مواد جس میں بلور، معدنیات اور رکاز پیوستہ ہوں اور ان کا باقی ماندہ نشان ۔ (کان کنی) دھتیلا پتھر ؛ دھتیلی مٹی ؛ گِل معدن ؛ سنگ معدن ۔ (طباعت) ٹائپ وغیرہ کا سانچا ؛ مہر یا صوری نقش جو اسٹیریو ٹائپ ، لائنو ٹائپ اور ٹائپ ڈھالنے میں استعمال ہوتا ہے ؛ ٹھپا ؛ قالب ۔ (ریاضی) قالب ؛ عناصر کی افقی و عمودی ترتیب ، جیسا کہ خطی مساوات کے سیٹ کے سر جنھیں ایک وحدت فرض کر کے الجبرے کے خاص اصول استعمال کرتے ہوئے عناصر کے باہمی ربط کے مطالعے میں آسانی پیدا کی جاتی ہے ۔

matron, n. میٹرن ؛ منتظمہ ؛ ہسپتال/مدرسے/جیل/ آرامگاہ کی منتظمہ ؛ شادی شدہ عورت خاص طور پر وہ جس کے بچے ہوں ؛ نگراں نرس ؛ محافظ ؛ دیکھ بھال کرنے والی جیسے کسی مدرسہ یا آرامگاہ کی ؛ کسی ادارے کی خاتون سپرنٹنڈنٹ ، جیسے زنانہ جیل کی ۔

matronage, n. میٹرن ہونا ؛ میٹرن کے فرائض اور اس کا عہدہ ؛ منتظمہ کا عہدہ ۔

matronize, v.t. میٹرن بنانا یا میٹرن کی سی صفات پیدا کرنا ۔

matronly, matronal, a. میٹرن کا ؛ میٹرن سے متعلق ؛ منتظمہ سے متعلق یا مشابہ ۔

matron of honor, n. شادی شدہ شہ بالی ؛ شادی شدہ عورت جسے دلہن شادی کے وقت اپنی خواص کے طور پر منتخب کرتی ہے ۔

matronymic, metronymic, n. نسبت مادری ؛ ماں کی نسبت یا ننھیال کی نسبت سے اختیار کردہ نام ؛ مادری نام ۔

matt, matte, a, n, v.t. دیکھیے : mat ۔

matte, n. (فلزیات) بعض کچدھاتوں ، بالخصوص خام تانبے کو سودھ کر نامکمل طور پر تیار کی ہوئی کوئی چیز ؛ بے آب، بے جلا ، فلزی مصنوعات ۔

matter, n. مادہ ؛ مواد ؛ مغز ؛ معاملہ ؛ موضوع ؛ بات ؛ جنس خام جس سے مادی اشیا بنتی ہیں ؛ اجزائے ترکیبی ؛ ایک خاص قسم کی شے (جیسے : coloring matter) ؛ زندہ جسم سے رسنے والا مواد جیسے پیپ ؛ مادی یا جسمانی شے خواہ وہ ٹھوس حالت میں ہو یا مائع یا گیس ، خصوصاً غیر مادی شے جیسے روح ، ذہن ، عمل ، صفات سے ممیز یا الگ ؛ جگہ گھیرنے والی چیز ؛ ہیولیٰ ؛ جوہر مادی ؛ وہ مواد جس سے خیالات وابستہ ہوں ؛ گفتگو یا کتاب کا مواد ؛ موضوع ، مغز ؛ کسی مخصوص تعلق یا نوعیت کی چیز یا چیزیں (جیسے : a matter of record) ؛ مقام ،موقع ، بنیاد ، وجہ یا باعث (جیسے : a matter of complaint) ؛ شے ، معاملہ ، کام (جیسے : a matter of life and death) ؛ تخمینی مقدار یا تعداد (جیسے : a matter of ten miles) ؛ کوئی اہم چیز ؛ اہمیت کی حامل کوئی چیز ؛ مصیبت یا مشکل (عموماً ان معنوں میں اس سے پہلے the آتا ہے ، جیسے : What is the matter ?) ۔ (فلسفہ) قضیے کا موضوع ؛ مدعا ۔

matter, v.i. اہمیت کا حامل ہونا ؛ اہم ہونا ؛ ضروری ہونا ؛ اہمیت رکھنا ۔ (امراضیات) پیپ پڑنا/بننا/یا بہنا ؛ زخم کا بہنا ۔

matter-of-course, a. (بات) جو معمولاً خودبخود یعنی قدرتی طور پر واقع ہو جائے ؛ قدرتی (بات) ؛ معاملے کو آسانی سے سمجھنے یا نبٹانے کا (عمل) ؛ معاملہ فہمی کا ۔

matter-of-fact, a. حقیقی ؛ واقعی ، جو خیالی ، تصوراتی یا مثالیاتی نہ ہو ؛ حق پرست ؛ حقیقت پسند ؛ ٹھس ؛ غیر دلچسپ ؛ محض عملی ۔

matter-of-factly, adv. حقیقت پسندانہ طریقے سے ۔

matter-of-factness, n. حقیقت پسندی ؛ واقعیت ؛ اصلیت ؛ امرواقعہ ۔

matting, n. چٹائی ؛ ٹاٹ ؛ بوریہ ؛ چٹائی میں استعمال ہونے والا مواد ؛ چٹائی بننے کا عمل ؛ بوریہ سازی ۔

matting, matte, n. کھردری ، دندانے دار یا بے چمک سطح ؛ تصاویر کے فریم بنانے میں استعمال ہونے والا ٹاٹ یا حاشیہ ۔

mattock, n. ایک طرح کی کدال ؛ پھاوڑا ، جس سے کھود کر زمین نرم کی جاتی ہے ، جس کا ایک بازو یا پھالا ہوتا ہے اور عموماً اس کے ساتھ ایک اور بازو ہوتا ہے جو یا تو نوک دار ہوتا ہے یا کلہاڑی

کے پھل کی مانند ہوتا ہے ۔

mattress, n. گدّا ؛ نہالی ؛ توشک ؛ غلاف
عموماً کپڑے کا ، جس میں ربڑ ، روئی یا کوئی لچکدار مواد بھرا ہوتا ہے
جس میں عموماً نگندے ڈالے جاتے ہیں ، فاصلے فاصلے پر بندش ہوتی ہے
اورجسے بستر کے طور پر یا پلنگ پر بچھا کر استعمال کیا جاتا ہے ؛
درخت کی شاخوں یا بَلّیوں کا جال جو تعمیر میں یا
پشتوں اور دوسری تعمیرات کی حفاظت کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ پاڑ ؛
نرم زمین پر بنیاد کے طور پر بچھایا جانے والا مواد یا جال ۔

maturate, v.i. v.t. پُختہ ہونا ؛ پکانا ؛ پکنا ؛
بالغ ہونا ؛ پختہ کرنا ؛ پھوڑے کا پکنا ۔

maturation, n. پکنے یا بلوغت کا عمل ، پختگی ؛ بلوغ ۔
(حیاتیات) زواجوں (گمٹوں) یا پیداواری خلیوں کی تکمیل کا آخری
مرحلہ ، اس مرحلے میں ان میں بعض ترکیبی اور فعلیاتی تبدیلیاں آتی
ہیں خاص طور پر لونیوں (chromosomes) کی تعداد میں کمی ؛
نشوونما ؛ پختگی ۔

maturational, a. بلوغت کا ؛ پکنے کے متعلّق ؛ بلوغی ؛
بالغانہ ۔

maturative, a. (پھوڑے وغیرہ کو) پکانے والی ؛
پُختہ ساز ۔

mature, a. پکا ہوا ؛ پختہ ؛ بالغ ؛ پورا ؛ تیار ؛
بھرا ہوا ؛ رسیدہ ؛ پختہ کار ؛ قدرتی طریقے سے مکمل ارتقا تک پہنچا
ہوا ؛ ذہنی اور جسمانی طور پر پوری طرح ترقی یافتہ ؛ جسمانی یا
جذباتی بلوغت/ارتقا کی خصوصیات کا حامل (جیسے : mature ap-
pearance یا mature judgment) ؛ پوری طرح مفصل یا مکمل ؛ پوری
طرح سوچ سمجھ کر کیا گیا فیصلہ ؛ وہ جسے غوروفکر کے بعد پوری
طرح مکمل کیا گیا ہو (جیسے : a mature plan) ۔ (طِب) نشوونما کے
آخری مرحلہ تک پہنچا ہوا ۔ (تجارت) واجب الادا (ہُنڈی) ۔ (ارضیات)
کٹاؤ کے ذریعے مکمل نشوونما یافتہ جیسے مقام نگارانہ خصوصیات ۔
(فعل متعدی) پختہ کرنا ؛ بالغ کرنا ؛ پکانا ؛ کسی خاص کام کے لیے
مکمل یا تیار کرنا ۔ (فعل لازم) پکا ، پختہ ، رسیدہ یا بالغ ہونا ؛ پکنا ؛
تیار ہونا ؛ پورا ہونا ؛ پکا ہو جانا ؛ وقت آنا ؛ میعاد پوری ہونا ؛ بڑا ہونا ؛
پُختگی پر آنا ۔ (تجارت) واجب الادا ہونے کے وقت پر پہنچنا (ہُنڈی وغیرہ
کا) ؛ واجب الادا ہونا ۔

mawkishly, adv. پختہ طور پر ، مکمّل نشوونما کے ساتھ ؛
بہ پختگی ؛ بغور ۔

matureness, n. پختگی ؛ رسیدگی ؛ بُلُوغ ؛
وجوب الادائیگی ۔

maturity, n. بُلُوغت ؛ پختگی ؛ بالیدگی ؛ بُلُوغ ؛
پختہ یا بالغ ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛ پکنا (پھل یا پھوڑے وغیرہ
کا) ، تکمیل یا مکمل ارتقا کی حالت ۔ (تجارت) واجب الادائیگی کا
وقت یا مدت (ہُنڈی وغیرہ کا) ۔

matutinal, a. سَحر گاہی ؛ سویرے کا ؛ صبح کا ؛
سَحری ؛ صبحگاہی ؛ پہلے ؛ جلد ؛ قبل ؛ ابتدائی ؛ قدیم ۔

matutinally, adv. سَحر گاہانہ طور پر ؛ ابتدائی طریقے سے ۔

matzo, matza, matzah, matzoh, n. ایک طرح کی فطیری
روٹی ، عام طور پر بڑی اور چپٹی جو خاص طور پر یہودیوں کے یوم
نجات کی تقریب میں کھائی جاتی ہے ۔

matzo ball, n. غیر خمیری اجزا سے بنی ہوئی پڈنگ
جو یخنی کے ساتھ پیش کی جاتی ہے ۔

maudlin, a. رونی صورت والا ؛ اشک ریز ؛ پُراشک ؛
آبدیدہ ؛ نشے کی وجہ سے جذباتی ؛ بہت زیادہ جذباتی ؛ حساس ۔

maudlinly, adv. روتے ہوئے ؛ رقیق القلبی سے ؛
جذباتی انداز سے ۔

matureness, n. رقیق القلبی ؛ اشک ریزی ؛ جذباتیت ۔

maul, mall, n. ایک قسم کا بڑا ہتھوڑا ، جو خاص
طور پر کھمبوں وغیرہ کو گاڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ بھاری
ہتھوڑا ؛ موگری ؛ گُرز ۔ (فعل متعدی) موگرے یا ہتھوڑے سے ضرب
لگانا ؛ بری طرح مارنا ؛ پیٹنا ؛ دھننا ؛ ٹھوکنا ؛ مار مار کے زخمی کرنا ؛
زد و کوب کرنا ؛ بُرا سلوک کرنا ؛ چیرنا ، چھینی اور ہتھوڑے کے ذریعے
(لکڑی کو) ۔

mauler, n. ہتھوڑا چلانے والا ؛ پٹائی کرنے والا ؛
مارنے والا ؛ (لکڑی وغیرہ) چیرنے والا ؛ بدسلوکی کرنے والا ۔

maulstick, n. دیکھیے : Mahlstick ۔

maund, n. من ؛ چالیس سیر کا وزن ؛ برصغیر کا ۸۲،۲۸۶
پونڈ کا سرکاری وزن ؛ برصغیر اور دوسرے ایشیائی ملکوں میں
استعمال ہونے والا وزن کا پیمانہ جو علاقے کے اعتبار سے ۲۰ سے ۱۶۰
پونڈ تک کا ہوتا تھا ۔

maunder, v.i. بے ربط تقریر یا باتیں کرنا ؛
اَنمل جملے کہنا ؛ بے جوڑ باتیں کرنا ؛ بہکی بہکی باتیں کرنا (کسی
شرابی کی طرح) ؛ کھویا کھویا رہنا ؛ بڑبڑانا ؛ ادھر ادھر کی باتیں کرنا ۔

maunderer, n. انمل اور بے ربط باتیں کرنے والا ؛
بہکی بہکی باتیں کرنے والا شخص ۔

maundy, n. (رومن کیتھولک ملکوں میں) غریبوں کے پیر
دھونے کی رسم جو کلیسا کا عہدے دار یا بادشاہ مذہبی رسم کے طور
پرخیراتی جمعرات کو ادا کرتا ہے ؛ اس دن یا اس تقریب میں تقسیم کی
جانے والی خیرات ۔

Maundy Thursday, خیراتی جمعرات ؛ گڈ فرائی ڈے
(ایسٹر شروع ہونے سے پہلے آنے والا جمعہ) سے پہلے آنے والی جمعرات ۔

mausoleum, n. روضہ ؛ مقبرہ ؛ مقبرے کی شاندار عمارت ۔

mausolean, a. مقبرے سے متعلق ؛ مقبرے کا ۔

mauve, n. ہلکا نیلگوں ارغوانی رنگ ؛
سرخی مائل بنفشی رنگ جو انیلین سے حاصل ہوتا ہے ۔

maverick, n. بے مالک مویشی ؛ آوارہ جانور ؛
ان علاقوں میں جہاں مویشی پالے جاتے ہیں ایسا مویشی جس پر مالک
کا نشان نہ لگا ہو خاص طور پر ایسا بچھڑا جو ماں سے بچھڑ گیا ہو ۔
(بول چال) اپنے گروہ کے رسم و رواج یا عقائد سے انحراف کرنے والا
شخص ؛ منحرف شخص ۔

mavourneen, mavournin, n. (آئرلینڈ) میری پیاری ؛
میری محبوبہ ؛ میری جان ۔

maw, n. مُنھ ، نرخرا یا معدہ ، خاص طور پر
گوشت خور جانور کا ؛ پرندے کا پوٹا ؛ حوصلہ ؛ شکمیہ ۔ (مجازاً) کوئی
بھی تاریک دراڑ جو مُنھ کھولے انسان کو نگل جانے کو ہو ۔

mawkish, a. مکروہ ؛ کریہہ ؛ ناگوار ؛ بُرا ؛ خوشبو سے عاری یا ہلکی سی ناگوار بُو والی ؛ متلی لانے والی ، متلی آور بُو دار ؛ کراہت انگیز۔

mawkishly, adv. ناخوشگوار طریقے سے ؛ کراہت انگیزی سے ؛ متلی لانے کے طور پر۔

mawkishness, n. کراہت انگیزی ؛ ناگواری۔

maxifootball, n. (فضائیات) کمانڈ شپ کا بیضوی مدار تا کہ ساتھی جہاز زیادہ سے زیادہ فاصلے پر راستہ قائم رکھ سکے۔

maxilla, n. فکِّ اعلیٰ ؛ جبڑا یا جبڑے کی ہڈی ، خاص طور پر اوپر والے جبڑے کی ؛ حشرات کی ٹھوڑی سے متصل پیچھے زوائد کے جوڑے میں سے ایک جو اضافی جبڑے کا کام دیتا ہے۔

maxillary, a. جبڑے کا؛ جبڑے سے متعلق ؛ فکی ؛ گلپھڑے کا۔ (اسم) جبڑے والا حیوان ؛ فکی حیوان۔

maxilliped, maxillipede, n. جھینگے ، کیکڑے اور دوسرے خول دار جانوروں میں جبڑوں کے بالکل پیچھے واقع چھوٹے زوائد جنھیں وہ کھانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

maxillipedary, a. جبڑی زائدے سے متعلق ؛ فکّی جبڑے کا۔

maxim, n. مسلّمہ اصول یا عمومی سچائی ؛ اصول یا کلیہ جس میں ضابطۂ اخلاق بیان کیا گیا ہو جیسے کہاوت ؛ مثل ؛ قول ؛ قاعدہ ؛ ضابطہ ؛ گر ؛ حکمت ؛ مقولہ ؛ ضابطۂ عمل۔

maximal, a. زیادہ سے زیادہ کا ؛ سب سے اونچا ؛ اعلیٰ ترین ؛ بزرگ ترین ؛ کلاں ترین ؛ سب سے بڑا۔

maximally, adv. اعلیٰ سے اعلیٰ طریقے سے ؛ زیادہ سے زیادہ طور پر۔

Maximalist, n. زمانۂ سابق میں روسی سیاست میں اشتراکیوں کے انتہا پسند یا انقلابی گروہ یا طبقہ کا رکن جیسے سماجی انقلابی پارٹی میں۔ (چھوٹے m سے) کہیں اور ایسے ہی نظریات کے حامل گروہ یا طبقے کا رکن ؛ انتہا پسند ؛ متشدد۔

maximize, v.t. بہت بڑھانا ؛ انتہا کو پہنچانا ؛ مبالغہ کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر دکھانا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔

maximizer, n. زیادہ سے زیادہ بڑھانے والا ؛ غالی۔

maximum, n سب سے بڑی ممکنہ تعداد یا مقدار جس کی اجازت ہو؛ سب سے زیادہ مقدار ، قیمت یا درجہ جو کسی نے حاصل کیا ہو یا جو ریکارڈ پر ہو؛ کم سے کم کی ضد ؛ انتہا ؛ منتہا ؛ غایت ؛ بڑی سے بڑی تعداد ؛ بڑی سے بڑی مقدار ؛ حد ۔ (صفت) اعلیٰ ترین ؛ کلاں ترین ؛ انتہائی ، اعظم ، اکثر ؛ زیادہ سے زیادہ ؛ بڑے سے بڑا ؛ سب سے زیادہ ؛ چوٹی کا۔

maxixe, n. مشیش ؛ ابتدائی بیسویں صدی کا برازیلی رقص ، جو دو قدمی رقص کی مانند ہوتا ہے۔

Maxwell, n. (برق) میکسویل ؛ مقناطیسی توانائی کے بہاؤ کی شرح کی اکائی جو کسی مقناطیسی میدان کے ایک مربع سینٹی میٹر سے آڑے طور پر گزرتی ہو اور اس کی مقدار ایک گاؤس (gauss) ہو ؛ برقی مقناطیسی بہاؤ کی سنٹی میٹر، گرام، سیکنڈ اکائی (مندرجہ بالا طریقے سے پیمایش کردہ)۔

may, aux, v. ہو سکتا ہے ؛ ممکن ہے ؛ خدا کرے ؛ ہو سکتا ؛ کر سکنا ؛ اجازت یا موقع کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : You may enter) ؛ امکان کے اظہار کے لیے (جیسے : We may be late)؛ خواہش یا دعا کے لیے (جیسے : May you live long) ؛ ایسے جملوں میں جن میں شرط ، رعایت ، مقصد یا نتیجہ ہو وہاں بطور صلہ (جیسے : He fought so that others may have peace) ۔

May, n. مئی ؛ انگریزی سال کا پانچواں مہینہ جس میں ۳۱ دن ہوتے ہیں۔

ma-ya, n. (سنسکرت) مایا ۔ (ہندو فلسفہ) سراب ؛ دھوکا ؛ فریب نظر۔

Maya, n. (بول چال) مایا ؛ کولمبس کے امریکا دریافت کرنے سے پہلے کی اعلیٰ تہذیب سے تعلق رکھنے والے امریکی انڈین باشندے جو اب بھی جزیرہ نمائے یوکاٹن (Yucatin) میں اکثریت میں ہیں؛ مایا قبیلے کا فرد ؛ قدیم و جدید مایائی زبان۔

Mayan, a. مایائی ؛ مایا کی زبان یا تہذیب کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) ماین انڈین ؛ مایائی ہندی ، وسطی امریکی اور میکسیکن زبانوں کا وسیع گروہ۔

May apple, mandrake, n. (نباتیات) لکھمنی ؛ مہر گیاہ ؛ یبروج ؛ زرشک خاندان کی ایک امریکی سدابہار بوٹی ، جس کا واحد سرنگوں بھول چھتری سے مشابہ دو پتوں کے درمیان ہوتا ہے اور لیموں سے مشابہ ایک خوردنی پھل لگتا ہے۔

maybe, adv. شاید ؛ ممکن ہے۔

May Day, n. یوم مئی ؛ یوم مزدوراں ؛ یوم بہار ؛ مئی کا پہلا دن جو روایتی شان سے بیرون خانہ تہوار کے طور پر منایا جاتا ہے ، اب بعض ممالک میں پریڈ اور سیاسی مظاہرے بھی اس دن ہوتے ہیں۔

Maying, n. (بعض اوقات چھوٹے m سے) یوم مئی کی تقریبات۔

Mayday, n. آفت یا مصیبت کا اشارہ ؛ آفت زدہ بحری یا ہوائی جہازوں کا بین الاقوامی اشارہ جو عام طور پر ریڈیو، ٹیلیفون کے ذریعہ بھیجا جاتا ہے۔

mayflower, n. گُل بہار ؛ گل خفچہ ؛ گُلِ عضاۃ ؛ مئی میں کھلنے والا کوئی بھی پھول، بالخصوص توت فرنگی۔ (برطانوی) بٹ سنگلی قسم کا کوئی بھی پودا ۔ (بڑے M سے) وہ بحری جہاز جو انگلستان سے زائرین کو ۱۶۲۰ء میں امریکا لایا تھا۔

mayfly, Mayfly, n. مئی مکھی؛ ایک موسمی کیڑا ؛ مئی مکھی کے سلسلے کا ایک کیڑا جس کے شفاف پنکھ ہوتے ہیں، اگلے ، پچھلے پنکھوں کی نسبت بڑے ہوتے ہیں،اس کی زندگی کا بڑا حصہ لاروی (بہل روپی) مرحلے کا ہوتا ہے جبکہ بلوغت کی زندگی مختصر ہوتی ہے ؛ مئی مکھی سے مشابہ ایک مصنوعی کیڑا جو مچھلیاں پکڑنے میں استعمال ہوتا ہے۔

mayhem, maihem, n. (قانون) ضرب شدید ؛ کسی کو اراداتاً معذور بنانے یا ایسی ضرب لگانے کا عمل جو مضروب کو معذور ، مفلوج یا کسی عضو سے محروم یا اس کی دفاعی صلاحیت کو متاثر کر دے ؛ تشدد آمیز یا تخریبی رویہ ؛ تشدد آمیز یا تخریبی صورت حال۔

mayonnaise, n. مَے نیز ؛ میونیز ؛ سلاد کا مسالا جو انڈے کی زردی کو سبزی یا زیتون کے تیل میں پھینٹ کر اور اس میں سرکہ یا لیموں کا رس ، نمک ، کالی مرچ ، شکر اور دیگر مہک دینے والی اشیا ملا کر تیّار کیا جاتا ہے۔

mayor, n.
رئیس بلدیہ ؛ میئر ؛ کسی شہر ، قصبہ یا موضع کا
اعلیٰ منتظم ؛ بلدیہ عظمیٰ کا اعلیٰ افسر ۔

mayoral, a.
میئر کا ؛ صدر بلدیہ کا یا
اس سے متعلق ۔

mayoralty, n.
ریاست بلدیہ ، میئر کا عہدہ ؛
رئیس بلدیہ کا عہدہ یا اس کی خدمات کی میعاد ۔

mayoress, n.
رئیسۂ بلدیہ ؛ خاتون میئر ؛
رئیس بلدیہ کی بیوی ؛ خاتون رئیس بلدیہ ۔ (برطانوی) میئر کی منتخب
کردہ خاتون جو میئر کی بیوی کے سرکاری فرائض ادا کرتی ہے ۔

Maypole, n.
(اکثر چھوٹے m سے)
مئی کھمبا ؛ بلّی جس کے ارد گرد پھول اور فیتے سجائے جاتے ہیں اور پھر
اس کے گرد یوم مئی کے کھیل اور رقص کیے جاتے ہیں ۔

maypop, n.
مے پوپ ؛ گل ساعت ؛ گل صلیبی ؛
مضبوط سدا بہار بیل جس کے بڑے بڑے پھولوں کی پتیاں سفید اور
مرکزے گلابی اور ارغوانی ہوتے ہیں ، یہ زرد خوردنی پھل دیتی ہے ؛
اس بیل کا پھل ؛ بہت سے بیجوں والا بیر ۔

May queen, n.
ملکۂ مئی ؛ وہ نوجوان خاتون جس کے سر پر
مئی کے پھولوں کا تاج رکھا جاتا ہے اور یوم مئی کی تقریبات میں ملکہ
کی طرح احترام کیا جاتا ہے ۔

Maytime, Maytide, n.
مئی کا مہینہ ۔

maze, n.
بھول بھلیاں ؛ بکھیڑا ؛ گورکھ دھندا ؛
الجھاؤ ؛ مشکل ؛ بھنور جال ؛ جنجال ؛ سڑکوں یا راستوں کا پیچیدہ
جال ؛ سراسیمگی ؛ ژولیدگی ؛ الجھن ؛ خیالاتِ پریشان ؛ ژولیدہ فکری ؛
اُلجھے ہوئے خیالات ۔ (فعل متعدی) بکھیڑا ڈالنا ؛ گورکھ دھندا بنانا ؛
سراسیمہ کرنا ؛ بھول بھلیاں بنانا ؛ چکرا دینا ؛ سڑکوں یا راستوں کا
پیچیدہ جال بچھانا ۔

mazel tov, mazal tov, interj.
(یہودیوں کی بول چال) مبارک باد ؛
یہودی زبان کا ایک کلمہ جو اظہار تہنیت کے لیے ہے ۔

mazer, n.
جام ، پینے کا بڑا پیالہ عموماً
قیمتی چیز سے بنا ہوا ، اگلے زمانے میں سخت لکڑی سے بنایا جاتا تھا ۔

mazurka, n.
مزرکا ؛ پولینڈ کا چکردار رقص
جس کی مُدّت پون گھنٹہ ہوتی ہے ؛ اس رقص کے لیے لکھی گئی
موسیقی یا دھن ۔

mazy, a.
الجھا ہوا ؛ ژولیدہ ؛ پیچیدہ ؛
پیچ در پیچ ؛ پیچا پیچ ۔

mazily, adv.
الجھن سے ، الجھاؤ سے ؛ پیچیدہ طور پر ؛
ژولیدگی سے ۔

maziness, n.
الجھن ؛ الجھاؤ ؛ پیچیدگی ؛ ژولیدگی ۔

mazzard, n.
جنگلی چیری جسے میٹھی چیری کی
کاشت کے لیے بطور جڑ یا اصل استعمال کیا جاتا ہے ۔

Mccarthyism, n.
[امریکی سنیٹر، جوزف میکارتھی
(۱۹۰۹ - ۱۹۵۷ء) کے حوالے سے] مکارتھیزم ؛ مکارتھیت ؛
کسی پر اشتراکیت نواز سرگرمیوں ، خیانت یا حکومت سے غداری کی
تہمت تراشی ، یہ الزامات عموماً کسی ثبوت کے بغیر لگائے جاتے ہیں
اور ان کی بنیاد افواہوں پر ہوتی ہے ؛ تفتیش کا غیر اخلاقی طریقہ ۔

Mccoy, n.
[امریکی مُکّے باز کڈ مکوئے کی نسبت سے]
مکوئے ؛ اصلی چیز یا شخص ، اس سے پہلے the یا the real آتا ہے ۔

me, pron.
میں کی مفعولی حالت ؛ مجھے ؛ مجھ کو ؛
اپنے تئیں ؛ اپنے کو ؛ اپنے آپ کو ؛ اسے فعل کے براہ راست مفعول یا
مفعول بہ اور بالواسطہ مفعول یا مفعول لہ یا حرف جار کے مفعول
کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

mead, n.
شربت ؛ مدھ ؛ شراب عسل ؛ شراب جو
شہد ، پانی ، شعیرہ اور خمیر سے بنائی جاتی ہے ، اس میں مسالوں سے
مہک پیدا کی جاتی ہے ؛ کوئی بھی غیر نشہ آور مشروب ۔

meadow, n.
چراہ گاہ ؛ مرغزار ؛ سبزہ زار ؛ ترائی ،
سیراب زمین ؛ ہموار میدان جہاں سبزہ اگا ہو جسے عموماً چرائی کے لیے
استعمال کیا جاتا ہے ۔

meadow beauty, n.
(نباتیات) حُسن مرغزار ؛ گلابی سرخ
پتیوں والا شمالی امریکا کے ریگستان اور ویرانوں میں اُگنے والا پودا
جس کے پھول کی چار ایک طرف کو جھکی ہوئی گلابی سرخ پتیاں
ہوتی ہیں اور بڑا خمیدہ زیرہ دان ہوتا ہے ۔

meadow, fescue, tall fescue, n.
(نباتیات) گیاہ مرغزار ؛ اصلاً یورپ کی
مگر اب امریکا میں اگائی جانے والی ایک اہم چراگاہی گھاس ۔

meadow grass, n.
(نباتیات) گیاہ چراگاہ ؛ چراگاہوں میں
اگائی جانے والی گھاس جسے چارا یا پیال کے طور پر استعمال کیا جاتا
ہے ، بالخصوص کنٹیکی نیلی گھاس ۔

meadowlark, n.
امریکی مَینا ؛ کلچڑی خاندان کا شمالی
امریکا کا ایک کسی قدر بھورا نغمہ زن پرندہ ، جو چراگاہوں اور
کھیتوں میں رہتا ہے ، اس کے چمکیلے زرد سینے پر سیاہ V کا نشان ہوتا
ہے اور اس کی دُم کے بیرونی پر سفید ہوتے ہیں جو اس کی شناخت
ہیں ؛ اس خاندان کا کوئی سا گانے والا پرندہ ۔

meadow mouse, n.
چراگاہی چوہا ؛ مائکروٹس (Microtus)
جنس کا مختصر دم دار کترنے والا جانور جو چراگاہوں یا کھیتوں اور
میدانوں میں رہتا ہے ؛ کھیت کا چوہا ۔

meadow mushroom, n.
چراگاہی کُھمبی ؛ کھائی جانے والی کُھمبی ؛
ایک عام خوردنی کُھمبی جو چراگاہوں اور سبزہ زاروں میں خود رو
ہوتی ہے اور اب امریکا میں تجارتی پیمانے پر اُگائی جاتی ہے ۔

meadow rue, n.
چراگاہی کالا دانہ ؛ سُداب مرغزاری ؛
گُلِ اشرفی خاندان کا گیاہی پودا جس کے سروں پر چھوٹے سرنگوں
پھولوں کے نازک گُچھے اور سہ گوشہ پتّے ہوتے ہیں ۔

meadow saffron, autumn crocus, n.
(نباتیات) سُورنجان ؛
بکائن قسم کا ایک پودا جس کی جڑوں جیسی گٹھیوں اور بیجوں میں
قَلیا ، کولچی سین ہوتی ہے ، یہ گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے علاج اور
پودوں کی نسل افزائی کے تجربوں میں کام آتا ہے ۔

meadowsweet, n.
(نباتیات) گُل مرغزار ؛ ریش بُز ؛
گُلاب کے خاندان کی ایک پست قد ، نیم چوبی جھاڑی ، جو مشرقی
شمالی امریکا میں ہوتی ہے ، اس کی خصوصیّت اس کے سفید سے گلابی
پھولوں کے مینار نُما حاشیائی گُچھے ہیں ۔

meager, (Brit.) meagre, a.
چھوٹا ؛ کم ؛ حقیر ؛ مقدار یا معیار میں کم ؛
ثروت/توانائی/زرخیزی سے عاری ؛ بنجر ؛ اوسر ؛ کم گوشت والا ؛ دبلا ؛
پتلا ؛ لاغر ؛ ذرا سا ؛ ہلکا ؛ بے کار ؛ کم مایہ ؛ تھوڑا ؛ قلیل ؛ ناکافی ؛
بہت کم ؛ معمولی ؛ ناچیز ؛ نامکمل ؛ ناقص ؛ نحیف ؛ غریب ؛ تھوڑا سا ؛

کمزور ۔

meagerly,(Brit.)meagrely, adv.
قلّت سے ؛ لاغری سے ؛
قلیل مقدار میں ؛ نامکمّل طور پر ؛ ناقص طور پر ۔

meagerness, (Brit.)meagreness, n.
کمی ؛ لاغری ؛ نقاہت ؛ تنگی ؛ محتاجی ؛
قلت ؛ کم مقداری ؛ کم معیاری ؛ دُبلاپن ؛ بے مایگی ؛ کوتاہی ۔

meal, n.
کھانا ؛ طعام ؛ غذا کا حصّہ جو
مقررہ وقت پر پکایا ، پیش کیا اور کھایا جائے ؛ کھانا کھانے کا موقع ۔

meal time, n.
وقتِ طعام ؛ کھانے کا معمول کا وقت ۔

meal, n.
اناج ؛ غلّے اور کسی پھلی دار پودے
کا قابل خوراک حِصّہ ، جو موٹا پسا ہُوا اَن چھنا ہو مثلاً جوار ، جَئی ،
مونگ پھلی ، سویابین وغیرہ کا موٹا آٹا ؛ موٹے آٹے کی طرح پسی ہوئی
کوئی بھی چیز۔ بمقابلہ flour ۔

mealie, n.
(افریقی) مکئی کی بالی یا خوشہ ۔
(عموماً جمع) مکئی ۔

mealworm, n.
آٹے کا کیڑا ؛ سُرسُری ؛
کِرم آرد ؛ طُعمی دُودہ ؛ جنس طُعمی کے بھونرے کا پھل روپ جو غلے
اور آٹے میں بکثرت پیدا ہو کر اسے آلودہ کرتا ہے ، جسے مچھلیوں کے
چارے اور پرندوں کی خوراک کے طور پر استعمال کے لیے پالا جاتا ہے ۔

mealy, a.
آٹے یا خوراک کی خصوصیّات کا حامل یا
اس سے مشابہ ؛ آٹے پر مشتمل ؛ آٹے کا ؛ میدے کا ؛ آٹے جیسا یا میدے
جیسا باریک ؛ سُوکھا اور بُھربُھرا ؛ آٹا سا ؛ ملائم ؛ پُھسپُھسا ؛ آٹا سا
اُوپر لگا ہوا ؛ آٹے دار ؛ آٹے جیسی چیز سے اٹا ہوا ؛ ناصاف
گو ؛ غیر مخلص ؛ پیلا ؛ زرد ۔

mealiness, n.
آٹا پن ؛ میدا پن ؛ زردی ۔

mealybug, n.
آٹے کا کیڑا ؛ سُرسُری ؛ آٹے جیسا
کیڑا ؛ کِرم آرد ؛ کِرمِ آرد نُما ؛ بیضوی جسم اور آٹے جیسا مواد خارج
کرنے والا کیڑا جو پودوں ، خاص طور پر پود گھروں (greenhouses)
کو تباہ کرتا ہے ۔

mealy-mouthed, a.
صاف طور پر سچ بولنے سے ہچکچانے والا ،
دو ٹوک بات کرنے سے گریزاں ؛ لُطف آفرینی سے بات کرنے والا ؛ نرم
گُفتار ؛ چرب زبان ؛ بات کی سختی کو نرم لہجے سے کم کرنے والا ؛
سُخن ساز جو مخلص نہ ہو ؛ منافِق ؛ ریاکار ؛ چِکنی چُپڑی باتیں کرنے
والا ۔

mean, v.t.
ذہن میں رکھنا : نیت رکھنا ، مدنظر رکھنا ؛
چاہنا ؛ ارادہ کرنا ؛ ارادہ رکھنا ؛ معنی لینا ؛ قصد رکھنا ؛ مراد لینا
(جیسے : to mean to fix something) ؛ قصد کرنا ؛ معنی خیز بنانا ؛
معنی خیز بنانے کا ارادہ کرنا (جیسے a word that means :
manythings,) ؛ مفہوم ہونا ؛ منشا ہونا ؛ معنی ہونا ؛ مطلب ہونا ؛ مراد
ہونا ۔ (فعل لازم) ذہن میں ہونا ؛ رُجحان ہونا ؛ ارادہ ہونا (جیسے : to
mean well) ؛ بیان کردہ اہمیت کا حامل ہونا (جیسے : His wife means
everything to him.) ۔

mean, a.
حقیر ؛ عام ؛ کم مایہ ؛ کمتر ؛
کم اہم ؛ معمولی ؛ ادنیٰ ؛ ہیچ ؛ چھوٹا ؛ ناچیز ؛ نیچ ؛ اوسط ؛ بیچ کا ؛
بخیل ؛ تنگ خیال ؛ تنگ ظرف ؛ رذیل ؛ سِفلہ ؛ کم ہمّت ؛ بے قدر ؛ کم
حیثیت ؛ درجہ یا خاندانی لحاظ سے پست ؛ کمینہ ؛ ذلیل ؛ گھٹیا ؛
کنجُوس ؛ قابل نفرت ؛ بدہیئت ۔ (بول چال) خُود غرض ؛ ایذا رساں ؛
تکلیف دہ ؛ جسمانی طور پر بیمار ؛ نادم ؛ بدمزاج ؛ خطرناک ۔ (عوامی)
عمدہ ، ہنرمندانہ (جیسے : to play a mean guitar) ۔

meanly, adv.
کمینے پن سے ؛ ذلالت سے ؛
تنگ نظری سے ؛ کم ظرفی سے ؛ قلیل تعداد/مقدار میں ؛ پست حالت
میں ۔

meanness, n.
کمینگی ؛ ذلالت ؛ بے وقری ؛ بے مایگی ؛
دنایت ؛ خِسّت ؛ کنجوسی ؛ تنگدلی ؛ تنگ نظری ؛ کم ظرفی ؛ ذِلّت ؛ بے
حِسی ؛ گھٹیا کردار ؛ گھٹیا فعل ۔

mean, a.
وسط ؛ معتدل ؛ درمیانہ ۔
(ریاضی) دو انتہاؤں کے درمیان قدر کا حامل ؛ اَوسَط (جیسے : mean
distance, mean motion) ۔ (اسم) دو انتہاؤں کے درمیان اوسط قدر
رکھنے والی چیز ؛ وَسط ۔ (ریاضی) عام اوسط جو مقداروں کو جمع
کرکے ان کی تعداد پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے جسے حسابی
اوسط کہتے ہیں ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) واسطہ ؛ وسیلہ ،
ذریعہ یا وہ شے جسے انجام تک پہنچنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛
اقدام ؛ سبب (جیسے : .by this means, a means to an end) ۔ (جمع)
آمدنی ؛ وسائل ؛ محاصل ؛ جاگیر ۔

by all means,
یقیناً ؛ ہر حال میں ۔

by no means,
قطعی نہیں ؛ ہرگز نہیں ۔

meander, n.
چکّر کا سفر ۔ (عموماً جمع) پُر پیچ
و خم راہ ؛ پیچیدہ ؛ پیچ دار راستہ ۔ (فعل لازم) چکّر کھانا ؛ گھومنا ؛
آوارہ پھرنا ؛ بے مقصد گھومنا ؛ بھٹکنا جیسے گُفتگُو میں ۔

meander, n.
آوارہ گرد ؛ بھٹکنے والا ۔

meanderingly, adv.
آوارگی سے ؛ بے مقصد گھومنے سے ؛ پیچیدہ
راستے سے ؛ پُر پیچ راہ کے ذریعے ؛ بھٹکنے کے انداز میں ۔

meandrous, a.
پُر پیچ ؛ پیچیدہ ؛ پیچدار ؛
آوارہ مزاج ۔

mean deviation, average deviation, n.
(شماریات) وسطی انحراف ؛
اوسط انحراف ؛ مرکزی قدر سے،تقسیم میں،انفرادی انحراف کی مطلق
اقدار کی حسابی اوسط ؛ عموماً اَوسَط ۔

mean distance, n.
(فلکیات) بُعد اَوسَط ؛
کوئی سیّارہ یا سیّارچہ جس کے گرد چکر لگاتا ہے ، اس سے اس کے بعید
ترین یا قریب ترین فاصلوں کا حسابی اوسط ۔

meaning, n.
معنی ؛ مطلب ؛ مقصود ؛ مفہوم ؛
منشا ؛ بھاؤ ؛ نیّت ؛ ارادہ ؛ مقصد ؛ مُدّعا ؛ مراد ؛ معنی خیزی ؛ اہمیت
(جیسے : the meaning of a dream,) ۔ (صفت) پُر معنی ؛ پُر مطلب ؛
مفہوم کا حامل ؛ معنی خیز (عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے
،جیسے : Well-meaning gesture,) ؛ اہم یا مظہر معنی (جیسے : a
meaning look,) ۔

meaningly, adv.
معنی خیزی سے ؛ پُر معنی طریقے سے ۔

meaningness, n.
مَعنی خیزی ، معنویت ۔

meaningful, a.
پُر معنی ؛ اہم ؛ معنویت کا حامل ۔

meaningfully, adv.
پُر معنی طریقے سے ۔

meaningfulness, n.
معنویّت ؛ معنی خیزی ؛ اہمیت ۔

meaningless, a.
بے معنی ؛ مُہمل ؛ بے قدر ؛ بے مَقصد لغو ۔

meaninglessly, adv.
بے معنی طریقے سے ؛

لغو طریقے سے ۔

meaninglessness, n. بے معنویّت ؛ لُغویّت ۔

mean solar day, civil day, n. اوسط شمسی دن ؛ ۲۴ گھنٹے کا دن جو ایک نِصف شب سے دوسری نصف شب تک گِنا جاتا ہے ، اِس کی تعریف یوں کی جاتی ہے کہ یہ فرضی سُورج کے ایک ہی نصف النہار پر دو بار مسلسل گزرنے کا درمیانی وقفہ ہے ۔

mean solar time, n. اوسط شمسی وقت ؛ وہ وقت جو فرضی سورج کی مناسبت سے زمین کے دَور پر مبنی ہوتا ہے ۔

mean square, n. (شُماریات) اَوسَط مُربّع ؛ اعداد کے ایک گروہ کے مُربّعوں کا اَوسَط ۔

mean square deviation, n. (شُماریات) انحراف ؛ معیاری اِنحراف ۔

means test, n. جائزۂ آمدنی ؛ کسی شخص کے مُستحق اِمداد ہونے کے بارے میں تفتیش ، خاص طور پر جب یہ امداد سرکاری سرمایہ سے کی جائے ۔

mean sun, n. (فلکیات) ایک فرضی سُورج جس کا نصف النہار پر سے سفر یکساں رفتار سے ہوتا ہے ، اسے وقت کا حساب لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

meantime, n. اَوسَط وَقت ؛ دو معلومہ اوقات کا درمیانی وقفہ ۔ (متعلّق فعل) وقفے کے دوران میں ؛ ایک ہی وقت یا لمحے میں ؛ اس عرصے میں ؛ بیچ میں ؛ اس میں ۔

meanwhile, adv., n. اس عرصے میں ؛ اس اثنا میں ؛ درمیانی مدّت میں ۔

measled, a. کرمِ کدُو کے پہل روپ سے متاثر ، خسرہ (کھسرا) میں مبتلا سُور یا دوسرے جانور ۔

measles, n. (طِب) خسرہ ؛ کھسرا ؛ ایک متعدّی بیماری جو اکثر بچّوں کو ایک قسم کی چھوٹی چیچک ؛ لاحق ہوتی ہے جس کی علامت یہ ہے کہ پورے جسم پر سُرخ دانے نکل آتے ہیں ۔ دیکھیے : german measles ۔ (بیطاری امراضیات) حیوانی کھسرا ؛ حیوانی خسرہ ؛ ایک بیماری جو سُوروں اور دوسرے جانوروں کو لاحق ہوتی ہے ، یہ کرم کدُو کے لاروے (پہل روپ) سے پیدا ہوتی ہے ۔ (ترکیب میں جمع) خُود یہ لاروے (پہل روپ) ۔

measly, a. خسرے کا ؛ کھسرے کا ؛ کھسرے سے متأثّر ؛ کھسرا میں مبتلا ؛ جس میں کرم کدُو کا پہل روپ یا لاروا پایا جائے ۔ (عوامی) حقیر ؛ بہت کم ؛ ناکافی؛ معمولی (جیسے : a measly portion) ؛ بہت غیر تسلی بخش (جیسے : a measly production) ۔

measurable, a. قابلِ پیمایش ؛ پیمایش پذیر ؛ قابل اندازہ ؛ محدُود ؛ ناپنے کے لائق ؛ جو ناپا جا سکے ۔

measurability, measurableness, n. قابلیّت پیمایش ؛ پیمایش پذیری ؛ محدودیّت ؛ حدپذیری ۔

measurably, adv. قابلِ پیمایش طور پر ؛ اعتدال سے ؛ اندازے سے ؛ حد کے اندر ۔

measure, n. پیمایش ؛ ناپ ؛ تول ؛ مقیاس ؛ اندازہ یا پیمانہ (مُحیط حُجم یا کسی اور لحاظ سے) ؛ کسی چیز کی لمبائی ، چوڑائی اور موٹائی؛ناپنے کا معیاری پیمانہ جیسے فُٹ ، پاؤنڈ ، کوارٹ ، میٹر ، گرام وغیرہ ؛ پیمایش کی مقررّہ اکائی ؛ وہ آلہ جس سے کسی چیز کی وسعت یا گنجائش کا تعیّن کیا جاتا ہے ؛ کوئی اندازہ یا پیمانہ جس سے کسی چیز کا مقابلہ یا اندازہ لگایا جائے ؛ پیمایش ؛ ناپنے کا عمل ؛ کوئی خاص متعیّن مقدار (جیسے : a measure of wine,) ؛ وہ شے جو کسی کو دی گئی ہو ؛ کسی کا حصّہ ؛ اعتدال یا صحیح درجہ (جیسے : beyond measure,) ؛ غیر معیّن مقدار یا درجہ ؛ کوئی حُکم ، فتویٰ یا قانون سازی کا عمل یا مقنّنہ کا قانون (جیسے : a house measure.) ۔ (اکثر جمع) جو کام کسی مقصد کی تکمیل کے لیے کیا جائے ؛ اقدام (جیسے : measures taken to avoid punishment,) ۔ (موسیقی) وہ تقسیم جس کے ذریعے سُروں کی ابتدائی تاکیدوں کے باقاعدہ وقوع کے لحاظ سے گروہ بندی کی جاتی ہے ؛ موسیقی کا وہ حصّہ جس کے اوپر دو اُفقی لکیریں لگی ہوں ؛ ایک اُفقی لکیر (عروض) مقدار اور تاکید کے لحاظ سے الفاظ کے ارکان یا ہجائی ارکان کی ترتیب ؛ بحر کا ایک رکن ۔ (طباعت) چھپے ہوئے صفحے یا کالم کی چوڑائی ۔ (جمع ، ارضیات) پرتیں یا تہیں (جیسے : coal measures.) ۔

for good measure, اضافے کے طور پر ؛ کوئی فالتو شے کے طور پر ۔

have or take one's measure, کسی کے کردار ، صلاحیّت یا اعمال کا اندازہ لگانا ۔

measure, v.t. پیمایش کرنا ؛ ناپنا ؛ ماپنا ؛ تولنا ؛ کسی معیار کے مُطابق کسی شے کی لمبائی ، چوڑائی ، موٹائی/گہرائی معلُوم کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ آنکنا ؛ عظمت یا اہمیّت کا اندازہ لگانا ؛ حصّہ متعین کرنا ؛ قیاس کرنا ؛ ناپ تول کر حصّہ دینا یا تقسیم کرنا (عموماً out یا off کے ساتھ ؛ بطور پیمانے کے کام آنا ، جیسے : fidelity measuring love,) ؛ روگردانی کرنا ؛ مقابلہ کرنا (جیسے : to measure my love with his.) ۔ (فعل لازم) پیمایش لینا ، ناپ لینا ؛ مخصوص ناپ کا اُترنا ۔

measure one's length, زمین پر گرنا یا گِرایا جانا ۔

measure swords, شمشیر زنی کرنا ؛ تلوار سے مقابلہ کرنا ؛ مقابلہ کرنا ۔

measure up, قابل ہونا ؛ معیار پر پورا اُترنا ۔

measureless, a. بے انداز ؛ بے حد ؛ بے کراں ، بے انتہا ؛ بے وزن ؛ بے قیاس ۔

measurer, n. ناپنے والا ؛ پیمایش کرنیوالا ؛ پیمانہ ۔

measured, a. پیمائش کردہ ؛ ناپا ہوا ؛ نپا تُلا ؛ موزوں ؛ مُناسب ؛ متناسب ؛ کسی معیار کے مُطابق مقرر کردہ ؛ غور یا احتیاط سے چُنا ہوا ؛ آہستہ اور یکساں ؛ موزوں ؛ متوازن ؛ محدُود ؛ مُعتدِل ۔

measurement, n. پیمایش ؛ ناپ ؛ تول ؛ ناپنے کا عمل ؛ وہ مقدار یا جسامت جس کا تعین ناپ کر کیا گیا ہو ؛ نظامِ پیمایش ۔

measuringworm, inchworm, looper, spanworm, n. کُنڈل کیڑا ؛ ایک چھوٹا جھانجھا (caterpillar) کرمِ بندسہ (Geometridae) خاندان کے پتنگے کا پہل رُوپ (لاروا) جو چلتے وقت جسم کا پچھلا حصہ کنڈل کی صورت میں بنا لیتا ہے اور پھر اگلے سرے کو آگے بڑھاتا ہے ۔

meat, n. گوشت ؛ ماس ؛ لحم ؛ جانور کا گوشت عموماً میمل کا جو کھانے کے کام آتا ہے ؛ کسی چیز کا خوردنی حصّہ (جیسے : coconut meat) ؛ خُوراک ؛ کوئی شے جو توانائی کے لیے کھائی جائے ۔ (مجازاً) لُبِّ لباب ؛ جوہر یا اہم نکات (کسی گفتگو یا کتاب کے) ۔ (عوامی) کوئی شے جس سے حظ اٹھایا جائے (جیسے : Baseball is his meat) ۔

meatless, a. بے گوشت کا ؛ گوشت کے ناغے کا (جیسے : meatless day) ۔

meat-and-potatoes, n. (بول چال) بُنیادی حصّہ ؛ کسی چیز کے لازمی اجزا یا بُنیاد ؛ تجارت میں نفع کا سب سے بڑا ذریعہ ۔ (صفت) بنیادی یا اہم وصف کا حامل ؛ بخلاف اس کے جو تفریحی یا فنکارانہ ہو ۔

meatus, n. (تشریح الاعضا) مجریٰ ؛ منفذ ؛ جسم کا راستہ یا نالی وغیرہ جیسے کان یا ناک کا سُوراخ ۔

meaty, a. گوشت کا ؛ گوشت سے مشابہ ، لحمی ؛ جس میں گوشت بہت ہو ؛ پُر گوشت ؛ لحیم ۔ (مجازاً) پُرمغز ، پُرمعنی ۔

meatiness, n. پُر مغزی ؛ پُر گوشتی ۔

mecca, n. [مکّہ معظمہ کی نسبت سے] مرجع خلائق ؛ بہت سے زائرین یا سیّاحوں کو اپنی جانب مائل کرنے والی جگہ ؛ کسی سب سے بڑی خواہش کا مقصود ، کعبۂ مقصود ۔

mechanic, n. مستری ؛ دستکار ؛ مشین ساز ؛ مشینری کا کام جاننے والا ؛ مشینری ، موٹر یا آلات بنانے ، چلانے اور مرمت کرنے کا ماہر ؛ کاریگر ۔

mechanical, a. میکانکی ؛ میکانی ؛ مشینیاتی ؛ آلات کے استعمال سے متعلق یا اس سے وابستہ ؛ مشینوں یا میکانکیّت سے متعلق ؛ مشینری سے متعلق ؛ آلات وغیرہ کے استعمال میں ماہر ؛ میکانی طریقے سے چلنے والا ؛ ایسے طریقوں سے بننے والا ؛ اس طرح کیا ہوا جیسے مشین نے کیا ہو ؛ مشین جیسا جس میں خود روی ، جذبہ اور انفرادیت نہ ہو ؛ میکانیات کے موضوع سے متعلق ؛ میکانیات کے اصُولوں کے مطابق ؛ ایسی قوتوں سے متعلق یا ان سے متاثر ؛ ایسی طبعی قوتوں کے بس میں ، ان سے متاثر یا ان سے متعلق جو کیمیائی نہ ہوں ؛ ایسے مظاہر کی وضاحت کرنے والا جو کسی میکانی یا کائنات کی طبعی قُوتوں کا نتیجہ ہیں ۔

mechanically, adv. میکانکی طریقے سے ؛ مشین کی طرح سے ۔

mechanicalness, n. میکانکیت ؛ میکانیت ۔

mechanical advantage, n. (میکانیات) میکانکی افادہ ؛ کسی میکانیہ نظام میں کام پیدا کرنے والی توانائی یا خروجی قوت کی اس نظام پر لگائی جانے والی توانائی یا ادخالی توانائی سے نسبت ۔

mechanical drawing, n. مشین یا ڈھانچے وغیرہ کا خاکہ یا نقشہ بنانے کا فن یا ہُنر ، جو خاص آلات مثلاً پیمانے ، پرکاروں اور مِسطروں کے ذریعہ انجام دیا جاتا ہے ؛ اسی طرح بنایا ہوا نقشہ ۔

mechanician, n. مکینک ؛ مستری ؛ مشین ساز ، کل ساز ؛ آلات یا مشینیں بنانے ، مرمت کرنے یا چلانے کا ماہر ۔

mechanics, n. (جمع) میکانیات ؛ علمِ جرّثقیل ؛ علم سکون و حرکت ؛ مشینوں کا علم ؛ مشین دانی ؛ کسی شے کے تفاعلی ، میکانی یا معمول کی تفصیلات ۔ (ترکیب میں واحد) میکانک ؛ میکانیات ؛ طبیعیات کا وہ شُعبہ جو مادی اشیا پر حرکت اور توانائیوں کے اثرات سے بحث کرتا ہے ؛ اس میں حرکیات ، سکونیات اور حرکیات مجردہ بھی شامل ہیں ؛ ان علوم کا نظریاتی اور عملی طور پر مشینوں کے ڈیزائن ، مرمت ، جوڑنے (assembling) اور چلانے میں استعمال ۔

mechanism, n. میکانیہ ؛ میکنزم ؛ پرزہ کاری ؛ کسی مشین یا اس سے مشابہ آلہ کے پرزوں کی ترتیب و ترکیب ؛ پرزے بحیثیت مجموعی ؛ بناوٹ ؛ مشین ، اس کے ڈھانچے یا عمل جیسی کوئی شے ؛ مشینری یا نظام ؛ ذریعہ یا ضابطہ کار جس کے ذریعہ سے مطلوبہ تاثر پیدا کیا جائے یا مقصد حاصل کیا جائے ؛ مشینری یا میکانی آلات بحیثیت عمومی ۔ (مصوری یا موسیقی میں) میکانکی عمل یا فن ۔ (فلسفہ) میکانکی نظریہ ؛ یہ نظریہ کہ کائنات کی ہر چیز میکانکی یا مادی قوتوں سے پیدا ہوئی ہے ۔ (حیاتیات) مشین جیسے کیمیائی یا طبعی اعمال جو بہت سے قدرتی مظاہر کے ذمہ دار ہیں ۔ (نفسیات) میکانکی عمل ؛ شعوری یا لا شعوری ذہنی عمل جو جذبات یا رویے میں ردِ عمل پیدا کرتا ہے ۔

mechanist, n. (فلسفہ) میکانکی نظریے پر یقین رکھنے والا ؛ مشین ساز ، مشین چلانے والا ؛ مشین کی مرمت کرنیوالا ؛ کل بنانے والا ؛ کاریگر ؛ دستکار ؛ میکانیات داں ۔

mechanistic, a. میکانیاتی ؛ میکانیات سے متعلق ؛ میکانیہ سے متعلق ۔ (فلسفہ) میکانکی نظریے کا یا اس سے متعلّق ؛ میکانیات پر مبنی جیسے میکانکی نظریہ جس کا تعین میکانکی طور پر کیا گیا ہو (جیسے : a mechanistic society) ۔

mechanistically, adv. میکانکی طریقے سے ؛ میکانکی طور پر ؛ میکانیات کے طریقے سے ۔

mechanize, v.t. میکاننا ؛ میکانی بنانا ؛ اس طرح بنانا یا انجام دینا جیسے مشین نے بنایا یا انجام دیا ہو ؛ کسی شعبے میں مشینوں کو متعارف کرنا جیسے صنعت یا کاروبار میں ۔ (عسکری) مُسلّح ٹینک اور گاڑیاں مُہیّا کرنا ۔

mechanization, n. میکانک سازی ؛ میکانی بنانے کا عمل ؛ مشین صنعتی ؛ مشینی بنانے کا عمل ۔

mechanizer, n. میکانک ساز ؛ میکانی بنانے والا ؛ مشین صفت بنانے والا ؛ کسی شعبے (مثلاً زراعت وغیرہ) میں مشینوں کو متعارف کرنے والا ۔

Mechlin lace, Mechlin, n. [بلجیم کے شہر مکلین کے نام پر جہاں یہ پہلی بار بنا] مکلین لیس ؛ ایک طرح کا فیتہ جس پر اُبھرے ہوئے نقوش بنے ہوتے ہیں ۔

mecopteran, n. (حشریات) بچّھو مکّھی ؛ بِچّھو مکّھی سلسلے کا کوئی بھی گوشت خور کیڑا ۔

mecopterous, a. بِچھو مکّھی کا یا اس سے متعلّق ۔

medal, n. تمغا ؛ نشان ؛ میڈل ؛ دھات کا آرایشی ٹکڑا جو اکثر سکّے کی شکل کا ہوتا ہے جو کسی شخص کو بطور اعزاز دیا جاتا ہے یا کسی خاص واقعے کی یاد میں جاری کیا جاتا ہے ؛ اسی قسم کی چیز جس پر مذہبی اہمیت کا نقش بنا ہو ۔ (فعل متعدی) تمغا یا نشان دینا یا پیش کرنا ۔

medallic, a. تمغئی ؛ تمغے سے متعلق ؛ نشان سے متعلق ۔

medalist, Brit. medallist, n. تمغے بنانے ، کندہ کرنے ، جمع کرنے والا ؛ تمغا گر ؛ تمغا یافتہ ؛ تمغے پر مشتمل انعام ۔ (گالف) مقابلوں میں سب سے کم نمبر حاصل کرکے شامل ہونے والا ۔

medallion, n. بڑا تمغا ؛ گول یا بیضوی ڈیزائن جو کپڑے ، دیوار ، کاغذ وغیرہ پر بطور نمونہ بنایا جاتا ہے ۔

Medal of Honor, Congressional Medal of Honor, n. امریکا کا سب سے بڑا عسکری اعزاز جو صدر ، کانگریس کی طرف سے اس فوجی کو دیتا ہے جو دشمن کے مقابلے میں جان کی بازی لگا کر اپنے فرائض سے کہیں زیادہ جرأت اور بہادُری کا مظاہرہ کرتا ہے ۔

medal play, n. (گالف) وہ مقابلہ جس میں اسکور کی بنیاد باری مکمل کرنے کے لیے ضربوں کی تعداد پر مبنی ہوتی ہے ، میچ پلے (match play) سے مختلف ۔

meddle, v.i. دخل دینا ؛ مداخلت کرنا ؛ بے جا مداخلت کرنا ؛ دخل در معقولات کرنا ؛ ٹانگ اُڑانا ؛ کسی کام میں خواہ مخواہ ، بے محل یا ناگوار طریقے سے مُداخلت کرنا ؛ بیچ میں پڑنا ؛ ہاتھ ڈالنا ؛ درمیان پڑنا ؛ دست اندازی کرنا ۔

meddler, n. مداخلت کُنندہ ؛ دخل در معقولات کرنے والا ؛ بے جا مداخلت کرنے والا ؛ ٹانگ اڑانے والا ؛ بیچ میں پڑنے والا ؛ دخل دینے والا ؛ درمیان آنے والا ؛ پاؤں اڑانے والا ۔

meddlesome, a. ناحق مداخلت کرنے والا ؛ خواہ مخواہ دخل در معقولات کرنے والا ؛ مداخلت کار ؛ مُخل ۔

meddlesomeness, n. دخل در معقولات ؛ مداخلت کاری ۔

meddlesomely, adv. دخل در معقولات کے طور پر ؛ مداخلت کارانہ طور پر ۔

media, n. (تشریح الاعضا) شامۂ میان ؛ عروقِ خَلْط مائی یا شریانوں کی جدار کی درمیانی تہ ۔ (صوتیات) وسطی یا جہرالصوت بندشہ ؛ درمیانی ٹھہراؤ ؛ صوتی ٹھہراؤ ۔

mediacy, n. وسط ؛ وسطانیت ؛ درمیانی یا وسطی ہونے کی حالت ۔

mediad, adv. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) مرکزی خط کی سمت میں ۔

medial, a. متوسّط ؛ بیچ کا ؛ وسط میں واقع یا وسط سے متعلق ؛ وسطی ؛ درمیانی ، اوسط سے متعلق ، اوسَط ؛ عام ، معمولی ۔ (صوتیات) ایسا حرف ، آواز یا رکن جو نہ ابتدائی ہو نہ آخری ؛ وسطی حرف ، آواز یا رُکن ۔ (اسم) وَسطی حرف ، رُکن یا آواز ؛ کوئی صوتی یا جہری ٹھہراؤ یا بندشہ (b,d,g) جو غیر جہری (k,p,t,) اور ہائیہ آوازوں (bh, dh, gh, ph, the) کے درمیان وسطی آوازوں کے طور پر واقع ہوں ۔

medially, adv. وسطی طور پر ؛ درمیانی طریقے سے ؛ اعتدال سے ؛ اَوسَط درجہ پر ؛ درمیان ۔

median, a. درمیانی ؛ وسطی ؛ بیچ میں واقع یا اس سے متعلق ؛ دو برابر حصوں میں تقسیم کرنے والا ؛ خاص طور پر جانور کو دو برابر حصوں میں کاٹنے والا ۔ (حساب ، شماریات) وسطانیہ ؛ معلومہ سلسلے میں وسطی عدد یا قیمت سے متعلق جیسے ۹،۸،۴،۳،۱ کے سلسلے میں ۴ وسطی عدد ہے ۔ (جیومیٹری) اس خط سے متعلق جو کسی مثلّث کے راس سے بالمقابل ضلع کے وسطی نُقطے تک کھینچا جائے ۔

median strip, وسطی پٹی ؛ زمین کا تنگ ٹکڑا جو شاہراہوں پر متضاد سمتوں میں جانے والے رستوں کو ایک دوسرے سے جُدا کرتا ہے ۔

medianly, adv. وسطی طور پر ؛ درمیانی طریقے سے ۔

mediant, n. (موسیقی) آٹھ سُری شُدھ سَرگم کا تیسرا رُکن جو بُنیادی سُر کے اوپر ہوتا ہے ۔

mediastinum, n. (تشریح الاعضا) غِشائے وسطی ؛ ایک جھلّی جو پھیپھڑوں وغیرہ کے درمیان ہوتی ہے ؛ چھاتی کے جوف کا وہ حاجز جو عظمُ القص (سینے کی ہڈی) سے پیچھے کی طرف تک جوف کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے اور پھیپھڑوں کے سوا تمام صدری اعضا کا احاطہ کیے ہوتا ہے ؛ حجاب ۔

mediastinal, a. غشائے وَسطی کا یا اس سے متعلّق ؛ حجابی ۔

mediate, a. وسطی ؛ درمیانی ؛ بیچ کا ؛ بالواسطہ ؛ حائل ؛ متوسّط ؛ دو انتہاؤں کے درمیان ؛ واسطہ یا ذریعہ ، جو بلاواسطہ یا متصل نہ ہو ؛ کسی واسطے کی مداخلت سے متأثّر ۔ (فعل لازم) مصالحت کی خاطر بیچ میں پڑنا ؛ صُلح کرانا ؛ درمیانی یا وسطی مقام پر ہونا ؛ بیچ میں آنا ؛ بیچ میں ہونا ؛ سبب ہونا ؛ باعث ہونا ؛ وسیلہ ہونا ؛ ذریعہ ہونا ۔ (فعل متعدی) بیچ بچاؤ کرنا ؛ صُلح صفائی کرنا ؛ سمجھوتہ کرا دینا ؛ بیچ میں پڑ کر سمجھوتہ کرانا ؛ صُلح صفائی کرا دینا ؛ رفع شر کرنا ؛ فریقوں کی وساطت یا ثالثی کے ذریعہ لاگو کرنا (جیسے : to mediate a peace) ؛ ثالثی کرنا ؛ کوئی بات پہنچانے یا کسی مقصد کے حصول کے لیے واسطہ کے طور پر کام کرنا ۔

mediately, adv. ثالثی کے طور پر ؛ واسطہ کے طور پر ؛ بہ وسیلہ ، بہ وساطت ؛ بالواسطہ طور پر ۔

mediateness, n. ثالثی ؛ وَاسطہ ؛ بیچ بچاؤ ۔

mediation, n. ثالثی کا عمل ؛ بیچ بچاؤ ؛ ثالثی ؛ شفاعت ۔ (محنت ، بینِ الاقوامی قانون) کسی جھگڑے کا حل ڈھونڈنے کے لیے دوستانہ مداخلت ؛ وسیلہ ؛ واسطہ ؛ وساطت ؛ تَوسُّط ؛ توسُّل ۔

mediative, a. ثالثانہ ؛ مصالحانہ ۔

mediatize, v.t. بالواسطہ الحاق کرنا ؛ کسی چھوٹی ریاست کا کسی بڑی ریاست سے مشروط الحاق کرنا کہ اس کے سابق فرمانروا کے بعض حُقوق برقرار رہیں ۔

mediatization, n. مشروط الحاق ؛ بالواسطہ الحاق ۔

mediator, n. ثالِث ؛ پنچ ؛ سمجھوتہ یا بیچ بچاؤ کرنے والا ؛ بیچ میں پڑنے والا ؛ سمجھوتہ کرانے والا ؛ شفیع ؛ شفاعت کُنندہ ؛ مصالحت کُنندہ ، جھگڑا چُکانے والا ؛ دو مخالف جماعتوں کے درمیان صُلح کرانے والا ۔

mediatorial, a. ثالثی کا ؛ مصالحانہ ۔

mediatress, mediatrice, mediatrix, n. خاتون مصالحت کُنندہ ؛ بچولن ۔

mediatory, a. ثالثی سے متعلق ؛ مصالحتی ؛ ثالثی کرنے والا ۔

medic, n. (بول چال) ڈاکٹر ؛ طبیب ؛ طِب کا طالبِ علم ۔

medic, n. (نباتیات) مَینا ؛ یونجہ ؛ فِصفِصَہ ؛ ایک پھلی دار (بقلی) پَودا جس سے چارا حاصِل ہوتا ہے ، یہ پودا ترفل سے قرابت رکھتا ہے ۔ بمقابلہ : alfalfa ۔

medicable, a. علاج پذیر ؛ قابلِ علاج ۔

medicaid, n (اکثر بڑے M سے) طِبّی امداد ؛ طِبّی امداد کا منصوبہ جس کی کفالت وفاقی اور مقامی حکومتیں مل کر کرتی ہیں ۔ یہ ان بیماروں یا معذوروں کے لیے ہے جو سوشل سکیورٹی کے فوائد کے مستحق نہ ہوں (medicare سے الگ) ۔

medical, a. طِبّی ؛ طِب یا طبیبوں سے متعلق ؛ شفا بخش ؛ ڈاکٹری ؛ دوا دارُو سے متعلق ؛ حکیمی ؛ معالجے سے متعلق ۔

medically, adv. طِبّی طور پر ؛ طب کے طریقے سے ؛ از رُوئے طِب ؛ بطور دوا ۔

medical examiner, n. طِبّی معائنہ کرنے والا ؛ طِبّی تربیت یافتہ سرکاری مُلازم جو ایسی لاشوں کا پس مرگ معائنہ کرتا ہے جن کی موت خود کُشی یا قتل یا کسی دُوسرے غیر فطری حالات میں واقع ہوئی ہو تاکہ موت کا سبب معلوم کیا جا سکے ؛ ڈاکٹر جو کسی ادارے یا بیمہ کمپنی نے ملازمین یا درخواست دہندگان کے طِبّی معائنے کے لیے مقرر کیا ہو ۔

medical jurisprudence, n. طِبّی اصولِ قانون ؛ طِبّی فقہ ؛ فقۂ طِب ۔ دیکھیے : jurisprudence ۔

medicament, n. دوا ؛ مرہم ؛ لیپ ؛ ضِماد ؛ دارو ؛ کوئی بھی چیز جو زخموں کو مندمل کرنے اور بیماری کے علاج کے لیے استعمال ہو ؛ شفا بخش مرہم ۔

medicamental, medicamentary, medicamentous, a. مرہمی ؛ دوا ، مرہم یا علاج سے متعلق ۔

medicare, n. (اکثر بڑے M سے) طِبّی دیکھ بھال ، سوشل سکیورٹی کے سرمائے سے چلنے والا امریکی حکومت کا بیمے کا منصوبہ جس کے ذریعے بعض افراد خاص طور پر معمّر افراد کو ہسپتال اور طِبّی سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں ۔

medicate, v.t. دواؤں یا بطور دوا کام آنے والے مواد کے ذریعے علاج کرنا ؛ کسی شے پر دوا یا دوا جیسا مادہ لگانا ؛ دوا ملانا ؛ چنگا کرنا ؛ علاج کرنا ؛ معالجہ کرنا ؛ دوا دارُو کرنا ۔

medication, n. ایسے علاج کا عمل ؛ دوا لگانے یا دینے کا عمل ؛ طِبّی طریقے سے تیار کردہ مادّہ جسے زخموں کو ٹھیک کرنے یا علاج کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ دوا کی آمیزش ؛ عِلاج ؛ مُعالجہ ؛ مداوا ۔

medicative, a. دوا یا صحت یاب کرنے والے مادّے سے متعلّق ۔

Medicean, a. میڈیسوی ؛ میڈیسی (ایک مشہور دولت مند ، اور طاقتور فلارنسی خاندان) سے متعلّق ، جو پندرھویں اور سولھویں صدیوں میں نمایاں ہوا ۔

medicinal, a., n. دوا سے متعلق ؛ دوا کے خواص کا حامل ؛ ادویاتی ؛ علاجی ؛ صحت بخش (جیسے : medicinal substance) ۔

medicinable, a. قابل دوا ؛ قابل علاج ۔

medicinally, adv. صحت بخش طور پر ؛ قابل علاج طور پر ۔

medicine, n. دوا ؛ طِب ؛ دَرد دُور کرنے یا بیماری کے علاج میں کام آنے والا کوئی بھی مادہ ؛ دوا یا بطور دوا کام آنے والا مادّہ ؛ چارہ ؛ علاج ؛ فن یا حکمت جو صحت کو برقرار رکھنے یا جسمانی حالت کو قائم رکھنے کے کام آتی ہے ، اسے اکثر طِب و جراّحی (surgery) اور قبالت (obsteric) کے شعبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ؛ دواؤں کے ذریعہ علاج کا عِلم ، جراّحی اور قبالت سے مختلف ؛ طِبّی پیشہ ؛ کوئی بھی ایسی چیز یا عمل جسے شمالی امریکی انڈین (باشندے) جادو اثر سمجھتے ہیں ۔ (فعل متعدی) دوا دینا ؛ عِلاج کرنا ۔

give some one a taste of his own medicine, کسی کو زخم یا چوٹ کا ویسا ہی جواب دینا ؛ ادلے کا بدلہ دینا ۔

to take one's medicine, اپنے کیے کی سزا بُھگتنا ۔

medicine ball, n. طِبّی گیند ؛ بڑی وزنی گیند جس پر عام طور سے چمڑا منڈھا ہوتا ہے اور جسے ورزش کے لیے اُٹھایا ، لڑھکایا یا پھینکا جاتا ہے ۔

medicine man, n. سنیاسی ؛ امریکی ہندی (امریکی انڈین) اور دوسرے بدائی قبائل میں وہ شخص جس کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس کے پاس صحت یاب کرنے کی مافوق الفطری قوّت موجود ہے یا وہ رُوحوں سے کام لے سکتا ہے ؛ تسجیلی (پیٹنٹ) دوائیں بیچنے والا ، خاص طور پر ۱۹۰۰ء سے پہلے امریکا میں دوا فروش ۔

medicine show, n. مجمع باز اتائی ؛ انیسویں صدی میں سیلانی ، دل بہلانے والوں کا وہ گروہ جو امکانی گاہکوں کو ان دواؤں کی جانب متوجہ کرتے جو بیچنے کے لیے رکھی گئی ہوتیں ؛ مجمع لگا کر دوائیں فروخت کرنے والا گروہ ؛ مجمع باز دوا فروش ۔

medico, n. (بول چال) ڈاکٹر ؛ حکیم ؛ طِب کا طالب عِلم ۔

medieval, mediaeval, a. قُرونِ وسطیٰ کا ؛ قرونِ وُسطوی ؛ قُرونِ وسطیٰ یا آٹھویں اور پندرھویں صدی عیسوی کے درمیانی عہد سے متعلق ؛ ازمنۂ وُسطیٰ کے متعلّق ۔

medievalism, mediaevalism, n. قرونِ وسطانیت ؛ قُرونِ وسطویت ؛ قُرونِ وُسطیٰ پسندی ؛ قُرونِ وُسطیٰ کی رُوح یا اُصول یا ان سے وابستگی ۔

medievalist, mediaevalist, n. قُرون وسطیٰ پسند ؛ قُرونِ وسطیٰ کی تاریخ ، تہذیب ، فن یا مطالعے کا ماہر ۔

medievally, mediaevally, adv. قُرونِ وُسطیٰ کے طریقوں کے مطابق ؛ قُرونِ وُسطیٰ کے طرز فکر کے مطابق ۔

mediocre, a. مُتوسِّط ؛ اَوسَط درجے کا ؛ اَوسط قابلیّت کا ؛ معمُولی ؛ بمشکل کافی ؛ کم درجے کا ؛ درمیانی درجے کا ؛ اچھا نہ بُرا ؛ بین بین ۔

mediocrity, n. اَوسط درجے کی صلاحیّت ؛ اقدار کی اوسط یا اس سے نچلے درجہ کی صلاحیت ؛ اَوسَط صلاحیت یا قابلیت رکھنے والا فرد ۔

meditate, v.i., v.t. کسی سوچ میں ڈُوب جانا ؛ کسی بات پر غور و خوض کرنا ؛ مراقبے میں جانا ؛ محو خیال ہونا ؛ مگن ہونا ؛ دھیان میں کھو جانا ؛ تفکرُّ کرنا ؛ سوچنا ؛ کوئی کام کرنے کے بارے میں فکر کرنا ؛ ارادہ کرنا ؛ تجویز کرنا ؛ منصوبہ باندھنا ؛ ارادہ رکھنا ؛ سوچ بچار یا غور و فکر کرنا ؛ مراقبہ کرنا ؛ دھیان لگانا ؛ سوچ بچار کرنا ؛ منصوبہ بنانا (جیسے : to meditate murder) ۔

meditatingly, adv. تفکرُّانہ انداز میں ؛ غور و فکر سے ؛ مراقبے کے انداز میں ۔

meditator, n. غور و فکر کرنے والا ؛ مُفکِّر ؛ غور کرنے والا ؛ مراقبہ کرنے والا ۔

meditation, n. تفکُّر ؛ مراقبہ ؛ غور و فکر ؛ فکر کا عمل ؛ فکر ؛ استغراق ؛ مطالعہ ؛ مسلسل سوچ ؛ گہرا یا مسلسل غور و فکر ؛ کسی موضوع کا ذہن میں گھومنا ۔

meditative, a. راجع بہ تفکر ؛ فکر انگیز ؛

فکرمند ؛ متفکر ؛ تفکر سے متعلق ؛ فکری ؛ دھیانی ؛ تفکر پسند ۔

meditatively, adv. تفکرانہ انداز سے ؛ فکر مندی سے ؛ مراقبے کے انداز سے ۔

meditativeness, n. تفکر ؛ غوروفکر ؛ محویت ؛ انہماک ؛ مراقبہ ؛ استغراق ؛ سوچ بچار ؛ فکرمندی ۔

mediterranean, a. ساحل بحر سے دُور ؛ خشکی سے گھرا ہوا یا خشکی کے درمیان ؛ اندرون ملک ؛ ابیض المتوسط ۔ (بڑے M سے) بحیرہ روم سے متعلق ، اس پر واقع ، اس کے نزدیک افریقہ ، یورپ اور ایشیا کے درمیان ۔

medium, n. وسط ؛ درمیان ؛ واسطہ ؛ اوسط ؛ شئے عارض ؛ حائل ؛ درمیانی چیز ؛ وساطت ؛ رقم اوسط ؛ حد اوسط ؛ دوسری چیزوں کے درمیان رکھی ہوئی کوئی چیز ؛ دو انتہاؤں کے درمیان عدل یا اوسط ؛ جس کے وسیلے یا ذریعے سے کوئی کام پایہ تکمیل کو پہنچایا جائے ، لے جایا جائے یا اس کا ابلاغ کیا جائے ؛ ذریعہ ، وسیلہ یا آلہ (جیسے : Television is a communications and advertising medium) ؛ گھیرنے یا سرایت کرنے والا عنصر ؛ ماحول ۔ (حیاتیات) وہ کشت (culture) جس میں کوئی جسم نامی نشونما پاتا ہے یا وہ مادہ جس میں انھیں مطالعے کے لیے محفوظ کیا جاتا ہے ؛ وہ شخص جس کے بارے میں کہا جائے کہ وہ مُردوں کی روحوں سے گفتگو کر سکتا ہے ؛ حاضرات کامعمول؛ وہ مائع بدرقہ جس میں خشک رنگوں کو رگڑ کر یا گھول کر چھپائی کے لیے تیار کیا جاتا ہے ؛ وہ پینٹ یا مواد جو فنکار استعمال کرتا ہے ۔ (صفت) درمیانی ؛ وسطی ؛ اوسط درجے کا ؛ بیچ کا ؛ معمولی ۔

medium frequency, n. وسطی تعدّد ؛ ۳۰۰ اور ۳۰۰۰ کلوسائیکل فی سیکنڈ کے درمیان ریڈیائی امواج کا تعدد ۔ مخفف : mf ۔

mediumistic, a. روحانی معمول یا حاضرات روح کے عمل سے متعلق ؛ حاضراتی ؛ روحانی وسیلے یا معمول سے متعلق یا اس کی خصوصیات کی حامل ۔

medium of exchange, n. وسیلہ مبادلہ ؛ کوئی چیز یا مواد جو کسی سامان یا خدمت کی قیمت یا اجرت کے طور پر قبول کی جائے ۔

medlar, n. ارگیل ؛ کندس ؛ شملہ ؛ گلاب کے خاندان کا ایک چھوٹا یورپی درخت جو جنگلی سیب (crab apple) سے مشابہ پھل دیتا ہے ؛ اس درخت کا پھل ۔

medley, n. ملغوبہ ؛ متبائن ؛ غیر متجانس عناصر کا مرکب ؛ بے ہنگم اجتماع ؛ کھچڑی ؛ معجون مرکب ؛ گھال میل ۔ (موسیقی) وُہ دھن جو دوسری دھنوں کے اجزا سے مرتب کی گئی ہو ۔ (کھیل) ریلے مقابلہ ، جیسے دوڑ جس میں ٹیم کا ہر رُکن مختلف فاصلہ طے کرتا ہے یا تیراکی جس میں ٹیم کا ہر فرد مختلف انداز سے ہاتھ چلاتا ہے یا ضرب (stroke) لگاتا ہے ۔ (صفت) ملغوبے سے متعلق ؛ مرکب ؛ مخلُوط ؛ ملا جلا ؛ پچ میل ؛ پچ رنگا ۔

Medoc, n. میڈوک ؛ جنوب مغربی فرانس میں شراب بنانے والا ایک علاقہ ؛ اس علاقے میں بنائی ہوئی شراب ۔

medulla, n. (تشریح الاعضا) حرام مغز ؛ ہڈیوں کا گودا ؛ نخاعِ مستطیل ؛ راس النخاع ؛ کسی عضو یا حصے کا اندرونی نرم مواد جیسے گردے کا ۔ (نباتیات) پودوں کا لُب یا گودا (pith) ؛ بافت درونی ۔

medullary, a. مغز دار؛ گودے کا ؛ مغزی ؛ لُبی ؛ گُودے والا ۔

medulla oblongata, n. (تشریح الاعضا) نخاعِ مستطیل ؛ راس النخاع ؛ دماغ کا سب سے نچلا یا سب سے پچھلا حصہ جو ریڑھ کی ہڈی تک مسلسل جاتا ہے ۔

medusa, n. (حیوانیات) فالودہ مچھلی ۔ (بڑے M سے) (اساطیری) میڈوسا ؛ مارموئی ڈائن ؛ افعی زلف ؛ تین افعی زلف عورتوں (Gorgons) میں سے ایک جس نے اپنے بالوں کو سانپوں میں بدل لیا تھا اور جسے فرساوس (Perseus) نے قتل کیا ۔

medusan, n., a. میڈوسائی ؛ مارموئی ڈائن سے متعلق ۔

medusoid, a., n. افعی زلف ؛مارموئی ڈائن یا اس سے متعلق ؛ فالودہ مچھلی سے متعلق ؛ مرجانیہ ؛ فالودہ مچھلی سے مشابہ کوئی چیز ۔

meek, a. نرم مزاج ؛ سلیم ؛ مسکین ؛ متحمل ؛ منکسر ؛ حلیم ؛ سیدھا سادا ؛ شریف ؛ حلیم الطبع ؛ اطاعت شعار ؛ بے حوصلہ ؛ ہمت سے عاری ؛ بزدل ۔

meekly, adv. نرم مزاجی سے ؛ ملائمت سے ؛ نرمی سے ؛ بُردباری سے ؛مسکنت سے ؛ اطاعت شعاری سے ؛ بزدلانہ طریقے سے ۔

meekness, n. مسکینی ؛ نرم مزاجی ؛ بے ہمتی ؛ مسکنت ۔

meerschaum, sepiolite, n. میرشم ؛ مگنیشیم کا مزاحِم حدت سلی کیٹ جو عمدہ مٹی کی طرح کے تودوں کی صورت میں ، زیادہ تر ایشیائے کوچک میں پایا جاتا ہے اور پائپ ، پیالے اور آرایشی تراش خراش میں کام آتا ہے ؛ تمباکو پینے کا پائپ ۔

meet, v.t. ملنا ؛ آمنا سامنا ہونا ؛ ملاقات کرنا ؛ دوچار ہونا ؛ مقابلہ کرنا ؛ پورا کرنا ؛ ادا کرنا ؛ چکا دینا؛ منظور کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ قبول کرنا ؛ جواب دینا ؛ رد کرنا ؛ تردید کرنا ؛ کسی کی جائے آمد پر جانا (جیسے : to meet a train) ؛ کسی سے ذاتی شناسائی حاصل کرنا جیسے رسمی ملاقات سے ؛ کسی سے تعلق ، رابطہ یا میل پیدا کرنا جیسے ہاتھ سے ہاتھ ملا کر ؛ کسی کے سامنے آنا ، جیسے آنکھ یا کار کے سامنے آنا ؛ براہ راست یا بغیر گریز کے سامنا کرنا ؛ مخالفت یا تصادم کی صورت میں ایک دوسرے کے سامنے آنا ؛ مقابلہ کرنا (جیسے : to meet in a duel.) ؛ مخالفت کرنا ، مقابلہ کرنا (جیسے : to meet charges with countercharges) ؛ تسلی بخش طریقے سے نمٹنا ؛ جواب دینا جیسے کسی اعتراض کا ؛ ادا کرنا ، جیسے فرائض کا؛ پورا اُترنا جیسے توقعات پر؛ دوچار ہونا (جیسے : to meet one's fate) ؛ پانا (جیسے : to meet one's deserts) ۔ (فعل لازم) ملنا ؛ آمنے سامنے ہونا؛ اکٹھے ہونا ؛ جمع ہونا جیسے مشورہ یا عمل کے لیے ؛ ذاتی طور پر متعارف ہونا یا شناسا ہونا ؛ رابطہ پیدا ہونا یا باہم ملنا جیسے سطروں کا یا خطوط کا ؛ متصل ہونا ؛ متحد ہونا؛ یکجا ہونا (جیسے : qualities that seldom meet in one person) ؛ متفق ہونا ؛ ہم رائے ہونا ؛ مخالفت یا تصادم کے لیے اکٹھے ہونا جیسے مخالفوں کا ۔ (اسم) کھیلوں کے لیے اجتماع ؛ ایسے اجتماع میں شامل ہونے والے ؛ سنگم ؛ اتصال ؛ جائے ملاقات یا مقام اجتماع ؛ جلسہ گاہ ۔

meet with, دوچار ہونا ، ملنا ؛ تجربے سے دوچار ہونا ؛ مشورہ کرنا ؛ حاصل کرنا جیسے تعریف ۔

meeter, n. مقابلہ کرنے والا ؛ متبائن ؛ ملنے والا ؛ ملاقی ۔

meet, a. موزوں ؛ درست ؛ مناسب ؛ مطابق ؛ زیبا ؛ سزا وار ؛ ٹھیک ۔

meetly, adv. مناسب طور پر؛ درستی سے ؛ موزوں یا مناسب طریقے سے ۔

meetness, n. موزونیت ؛ مناسبت ؛ درستی ؛ مطابقت ؛ موافقت ؛ سزا واری ۔

meeting, n. ملاقات ؛ اجتماع ؛ ملنا ؛ ملاپ ؛ اتصال ؛ میل ؛ جلسہ ؛ مشترکہ مقصد کے لیے اجتماع ؛ اجلاس ؛ اجلاس میں شریک لوگ ؛ خائفین (Quakers) کا عبادت کے لیے اجتماع ۔

meeting house, n. عوامی جلسوں کے لیے استعمال ہونے والی عمارت؛ جلسہ گاہ ۔

megacephalic, megacephalous, a. بڑے سَر والا؛ بڑسرا ؛ کلاں سر ؛ وہ کھوپڑی جس میں قحفی گنجایش (carnial capacity) اوسط سے زیادہ ہو ۔

megacephaly, n. کلاں سری ؛ بڑسَری ۔

megacity, n. بڑا شہر؛ شہر کلاں ؛ وہ شہر جس کی آبادی دس لاکھ یا اس سے زیادہ ہو ۔

megacycle, n. میگا سائیکل ؛ بڑا چکر/دس لاکھ چکر ؛ برقی مقنائی لہروں کے تعدد کو ناپنے کی اکائی جو دس لاکھ چکر فی سیکنڈ کے برابر ہوتی ہے ۔

megagamete, n. کلاں گمٹہ ۔

mega hertz, n. میگا ہرٹز ؛ ریڈیائی تعدُّد کی اکائی جو دس لاکھ چکر فی سیکنڈ کے مساوی ہے ۔

megalith, n. (آثاریات) کلاں سنگ ؛ بڑا پتھر خاص طور پر قدیم عمارتوں اور بدائی یادگاروں کے کھنڈروں میں مستعمل ۔

megalithic, a. کلاں سنگی ۔

megalomania, n. (طِبِ نفسی) احساس بزرگی ؛ احساس برتری ؛ بڑائی کا جنون ؛ خبطِ عظمت ؛ ذہنی خرابی کی ایک صورت جس میں مریض اپنی صلاحیتوں یا اہمیت کے بارے میں مبالغہ آمیز اندازہ لگاتا ہے ؛ شان دار کارناموں کے بارے میں غلبۂ وہم ۔

megalomaniac, a. احساسِ برتری کا شکار ؛ خبط عظمت کا شکار ۔ (اسم) بڑائی کے جنون میں مبتلا شخص ۔

megalomaniacal, a. احساس برتری کا ؛ خبط عظمت کا ؛ بڑائی کے جنون کا ۔

megalopolis, megapolis, n. بلدِ عظیم ؛ اُمُ البلاد ؛ دور تک پھیلا ہوا بڑے شہر کا علاقہ ، جس میں ایک سے زیادہ شہر جغرافیائی طور پر مضافات کے ذریعے مربوط یا شامل ہوں ۔

megalopolitan, a. اُمُ البلادی ؛ بلدِ عظیم سے متعلّق ۔

megalopolitanism, n. بلدِ عظیم کی خصوصیت ۔

megalosaur, n. (حجریات) گوشت خور عظیم سوسمار ، ۳۰ سے ۵۰ فٹ لمبا جو جُراسی دور میں پایا جاتا تھا ۔

megaphone, n. میگا فون ؛ آلۂ مکبِّر الصَّوت ؛ بڑ آواز ؛ قِیف نما بڑا آلہ جو آواز کو بلند کرنے یا اسے اونچی کر کے ایک خاص سمت میں بھیجنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، اسے عموماً بڑے مجمعوں کو مخاطب کرنے یا فاصلے پر خطاب کرنے کے لیے کام میں لایا جاتا ہے ۔ (فعل لازم و متعدی) بڑ آوازی کرنا ؛ آواز بلند کرنا ۔

megaphonic, a. بلند آواز ؛ بلند آوازی سے متعلق ۔

megaphonically, adv. بڑ آوازی سے ، بلند آوازی سے ۔

megasporangium, n. (نباتیاتِ) کلاں بذرہ دان ؛ بذرہ دان جو کلاں بذرے پیدا کرتا ہے ۔

megaspore, n. (نباتیات) کلاں بذرہ ، بذرۂ اکبر ؛ دو تناسلی بذروں میں سے ایک بذرہ جو کلاں بذرہ دان میں پیدا ہوتا ہے ؛ بذرہ جو تخم بردار پودے کے جنین دان میں نشوونما پاتا ہے ۔

megasporic, a. کلاں بذرے سے متعلق ۔

megasporogenesis, n. پیدایش کلاں بذرہ ۔

megasporophyll, n. (نباتیات) کلاں بذرہ دان بردار ؛ تبدیلی یافتہ پتا جو تناسلی فعل انجام دیتا ہے اور صرف کلاں بذرہ دان پیدا کرتا ہے ۔

megathere, megatherium, n. (حجریات) میگاتھیر ؛ میگا تھیریم ، بڑممالیہ ؛ بڑا دنتہ ؛ معدوم نسل کا بڑا میمل یا زمینی تنبل (ادنتہ) جو جدید ترین طبقاتی دور میں امریکا میں پایا جاتا تھا ۔

megatherian, a. بڑ ممالی ؛ میگا تھیری ؛ بڑ دنتی ؛ میگا تھیر سے متعلق ۔

megaton, n. میگا ٹن ؛ دھماکا پیدا کرنے والی بارودی قُوّت کی اکائی جو دس لاکھ ٹن (TNT) کے برابر ہوتی ہے ۔

mega vitamin, n. حیاتین کلاں ؛ حیاتین کی بہت بڑی خوراک جو بعض اوقات ذہنی یا ہیجانی مرض کے علاج میں دی جاتی ہے ۔

megawatt, n. (برق) دس لاکھ واٹ کی قُوّت ۔

megilp, magilp, magilph, n. روغنی رنگوں کا محلل ؛ السی اور تارپین کے تیل کا مرکب جسے مصور روغنی رنگوں کے محلل کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

megohm, (برق) میگوم ؛ مزاحمت کی اکائی جو دس لاکھ اوم کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفف : meg.

meiosis, n. (حیاتیات) تخفیفی انقسام ؛ وہ عمل جس کے نتیجے میں بالغ تناسلی خلیے بنتے ہیں اور جس میں لونیوں کی تعداد گھٹ کر آدھی رہ جاتی ہے یعنی وہ جفت خلوی سے یک خلوی رہ جاتے ہیں ۔ (ادب) کم بیانی ؛ صنعت تقلیل ؛ کسی چیز کی اہمیت کو گھٹا کر پیش کرنے کا عمل ؛ تفریط ، بالخصوص منفی انداز ۔

meiotic, a. تخفیفی ؛ منفی ؛ اقلی ۔

meiotically, adv. تخفیفی انقسام کے طریقے سے ؛ منفی انداز سے ۔

Meistersinger, mastersinger, n. ماسٹر سنگر ؛ استاد فن ؛ ان گلڈز انجمنوں سے وابستہ تاجر یا ہنرمند ، جو جرمنی کے بڑے بڑے شہروں میں چودھویں ، پندرھویں اور سولھویں صدیوں میں شاعری اور موسیقی کی ترویج و ترقی کے لیے قائم کی گئی تھیں ۔

melamine, n. مِلمین ؛ نائٹروجن کا مرکب جو تیز آنچ پر پگھلنے والی ، سفید شفاف نامیاتی اساس ہے اور بنیادی طور پر ملمین رال بنانے اوز نامیاتی تالیف کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

melamine resin, n. (کیمیا) ملَمین رال ۔

melancholia, n. (طبِّ نفسی) مالیخولیا ؛ خفقان ؛ وحشت ؛ سودا ؛ جنون ؛ دماغی بیماری جس میں بغیر کسی ظاہری وجہ کے بہت زیادہ دل شکستگی ، اضمحلال ، توہم اور اداسی کی کیفیات شامل ہوتی ہیں اور مریض خارجی محرکات سے اثر پذیر نہیں ہوتا اور اکثر خیالی یا حقیقی جسمانی بیماری میں مبتلا ہوتا ہے ۔

melancholiac, a., n. مالیخولیا کا مریض ؛ سودائی ؛ مالیخولیا میں مبتلا شخص ۔

melancholy, n. دل شکستگی ؛ افسردگی ، اداسی ؛ ملال ؛ غمگینی ؛ دلگیری ؛ افسردہ مزاجی ؛ افسردہ دلی ؛ غم ؛ دل شکستگی کی حالت جو عموماً دیر تک رہتی ہے یا بکثرت طاری ہوتی ہے ؛ افسردہ خیالی ؛ فکر مندی ۔ (صفت) ناشاد ؛ رنجیدہ ؛ دلگیر ؛ ملول ؛ پُرحسرت ؛ دل گرفتہ ؛ حسرتناک ؛ غمناک ؛ طویل دل شکستگی یا افسردگی کا حامل ؛ افسردہ خیال ؛ فکر مند ؛ متفکر ؛ اداس ۔ نیز : melancholic ۔

melancholically, melancholily, adv. دل شکستگی سے ؛ افسردہ خیالی سے ؛ فکر مندی سے ؛ اداسی سے ۔

melancholiness, n. دل شکستگی ؛ دلگیری ؛ دل گرفتگی ؛ اُداسی ؛ افسردگی ۔

Melanesian, a. ملانیشیائی ؛ ملانیشیا جزیرے کا یا اس سے متعلق ؛ اس کے باشندوں یا زبان کے متعلق ، یہ جزیرہ جنوب مغربی بحرالکاہل کے بڑے مجمع الجزائر میں سے ہے۔ (اسم) ملانیشی ؛ ملانیشیا کا رہنے والا ؛ وہاں بولی جانے والی آسٹرونیشین زبانوں یا بولیوں میں کوئی زبان یا بولی۔

melange, n. مرکب ؛ آمیزہ ؛ معجون مرکب ؛ کھچڑی ؛ بچ میل ؛ ملغوبہ۔

melanin, n. (حیاتی کیمیا) ملنن ؛ جلدی سیاہی ؛ انسانوں اور حیوانوں کے بالوں ، خارجی جلد (برادمہ) اور آنکھوں میں موجود سیاہ صبغے (جسمی رنگ) جو بعض اوقات کسی بیماری کی وجہ سے ضرورت سے زیادہ پیدا ہونے لگتے ہیں ۔

melanoid, a., n. جلد کی سیاہی کا یا اس سے متعلق ؛ سیاہ دھبوں والی کوئی چیز یا شخص ۔

melanism, n. (فعلیات) کثرتِ صبغات سیاہ ؛ برص اسود ؛ انسان کی جلد ، بالوں اور آنکھوں میں یا جانوروں کی جلد ، پوست یا بال و پر میں صبغات سیاہ (ملنن) کی زیادہ مقدار میں پیداوار۔

melanic, melanistic, a. سیاہ جلد ؛ صبغات سیاہ کی کثرت والا یا اس سے متعلق ؛ برصِ اسود کا شکار۔

melanite, n. مِلنائٹ ؛ یاقُوتِ اسود ۔

melanitic, a. یاقُوتِ اسود کا یا اس سے متعلق ۔

melanoma, n. (امراضیات) سیاہ رسولی ؛ رسولی جو عموماً مہلک اور سیاہ صبغوں والے خلیوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

melanosis, n. (امراضیات) سیاہ رسولی ؛ بافتوں میں سیاہ یا گہرے رنگ کے صبغوں کا اجتماع یا نشوونما جس سے بعض اوقات مہلک سیاہ رسولیاں پیدا ہوتی ہیں ؛ اس بیماری کی وجہ سے جلد کی بد رنگی ۔

melanotic, a. سیاہ رسولی کا مریض ؛ ایسی علامتوں والا ۔

melanous, a. سیاہ مو و سیاہ فام ؛ کالے بالوں اور کالے رنگ والا ۔

melaphyre, n. سنگِ سیاہ ؛ کالا پتھر ؛ سیاہ رنگ کی آتشی چٹان ۔

Melba toast, n. ملبا ٹوسٹ ؛ ڈبل روٹی کے پتلے اور چھوٹے کرارے ٹکڑے یا سلائس ۔

melatonin, n. میلاٹونِن ؛ ایک قسم کا ضماد جو جلد کے رنگ کو ہلکا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

meld, v.t., v.i. (تاش) پتّے دکھانا ؛ ہاتھ میں تاشوں کے عددی امتزاج کا اعلان کرنا یا دکھانا تا کہ نمبر حاصل کیے جا سکیں ۔ (اسم) یہ عمل ؛ اس مقصد کے لیے تاش کے پتوں کا عددی امتزاج ۔

meld, v.t., v.i. ملانا ؛ ترکیب دینا ؛ متحد کرنا ۔

melee, n. گُھمسان کا رن ؛ جنگ مغلوبہ ؛ دست بدست لڑائی ؛ برسرعام چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی ؛ کشت و خون ؛ لڑائی دنگا ؛ ہنگامہ ؛ بلوہ ؛ فساد ۔

melic, a. نغمہ سے متعلق ؛ (کوئی شے) جو گانے کے لیے ہو ؛ گانے کی (کوئی چیز) ؛ گیت یا قدیم یونانی نغماتی شاعری کی ایک قسم سے متعلق ۔

melilot, n. سینجی ؛ اکلیل المُلک ؛ تپتیاً گھاس (ترفل) جنس کی پھلی والی یک فصلی یا دو فصلی نبات (جڑی بوٹی) جو چارے کے کام آتی ہے ؛ میٹھی تپتیا گھاس ۔

melinite, n. (کیمیا) میلی نائٹ ؛ انتہائی آتشگیر مادہ ، جس کا اہم یا بُنیادی جزو پکرک ایسڈ (picric acid) ہوتا ہے ۔

meliorate, v.t., v.i. بہتر بنانا ؛ خوب تر بنانا ؛ اصلاح کرنا ؛ درست کرنا ؛ سدھارنا ؛ سنوارنا ؛ بہتر کرنا ؛ ترتیب کرنا ؛ عمدہ کرنا ؛ ترقی دینا ۔

meliorable, a. قابل بہتری ؛ قابل اصلاح ۔

melioration, n. بہتری ؛ اصلاح ؛ بناؤ ؛ سدھار ؛ ترقی ۔

meliorative, a. بہتر ؛ اصلاحی ۔

meliorator, n. بہتر بنانے والا ؛ مُصلح ۔

meliorism, n. اصلاحیت ؛ یہ نظریہ یا فلسفہ کہ دنیا کا قدرتی رجحان بہتری کی طرف ہے اور انسانی کوششیں اس عمل کو تیز کر سکتی ہیں ۔

meliorist, a., n. اصلاحیت کا یا اس سے متعلق ؛ نظریۂ اصلاحیت کا قائل ؛ اصلاحیت کا حامی ؛ اصلاح پسند ۔

melioristic, a. اصلاحی ؛ اصلاحیت کا یا اس سے متعلق ۔

melliferous, a. شہد پیدا کرنے والا ؛ عسل خیز ؛ انگبیں خیز ۔

mellifluous, mellifluent, a. (مجازاً) شیریں نوا ؛ خوش آہنگ ؛ خوش نوا ؛ خوش رواں ؛ خوبصورتی سے بہنے والا ؛ خوش رَو ۔

mellifluously, adv. شیریں نوائی سے ؛ خوش آہنگی سے ؛ خوش روانی سے ۔

mellifluousness, n. شیریں نوائی ؛ خوش آہنگی ؛ خوش روانی ۔

mellow, a. پک کر نرم ہونے والا ؛ پختہ اور نرم ؛ دھیما ؛ مدھم ؛ نرم ؛ ملائم ؛ ہلکا ؛ کومل ؛ ہلکا ہلکا ؛

mellowly, adv.
پُختہ کاری سے ؛ نرمی سے۔

mellowness, n.
پختگی ؛ ملائمت ؛ نرمی۔

melodeon, American Organ, n.
میلوڈین ، امریکی ارگن ؛ ہوائی (ہوا سے بجنے والا) ساز، جس کے پپّیے (reeds) دھات کے ہوتے ہیں اور اس کا کلیدی تختہ ہارمُونیم کے کلیدی تختہ سے مشابہ ہوتا ہے ؛ دھاتی پپّیے (reeds) والا چھوٹا امریکی باجا۔

melodist, n.
نغمہ ساز ؛ نغمہ سرا ؛ نغموں کی دھنیں بنانے یا انھیں گانے والا۔

melodize, v.t.
نغمگیں بنانا ؛ نغمات کی دھن ترتیب دینا۔ (فعل لازم) نغمہ بنانا ؛ ہم آہنگ بنانا ؛ ہم آہنگی کے ساتھ ملانا۔

melodizer, n.
نغمہ نگار ؛ نغمہ ساز ؛ نغمگیں کار ؛ نغمے کی دھن بنانے والا۔

melodrama, n.
مِیلوڈراما ؛ سروریہ ؛ نہایت جذباتی ڈراما یا کھیل ؛ جذباتی ؛ خوشگوار کھیل یا واقعہ ؛ دلچسپ بات ؛ سنسنی ناٹک ، سابقاً رومانوی ڈرامہ جس میں وقفے وقفے سے نغمات یا موسیقی شامل کی گئی ہو۔

melodramatic, a.
سروریہ ؛ مِیلو ڈرامے سے متعلق ؛ سروریائی۔

melodramatically, adv.
میلو ڈرامے کے انداز میں ؛ سروریائی انداز سے۔

melodramatist, n.
میلو ڈراما لکھنے والا ؛ سروریہ نگار۔

melody, n.
خُوش آئند یا خوش آہنگ آوازوں کا تسلسل ؛ راگ ؛ رس ؛ نغمہ ؛ روانی ؛ آہنگ ؛ خوش آہنگی ؛ تان ؛ ترانہ ؛ سُر ؛ گان ؛ گیت ؛ دھن ؛ مٹھاس ؛ خوش نوائی ؛ خوش الحانی ؛ آواز کی شیرینی ؛ نہایت خوشگوار آواز ؛ نغمۂ شیریں ؛ سُریلا گیت۔ (موسیقی) سُروں کا تسلسل ، جو عام طور پر ایک ساز یا ایک آواز سے پیدا کیا گیا ہو ؛ لے ؛ آہنگ یعنی تال یا ہم سازی سے مختلف ؛ کسی گیت یا نغمے کا خاص انداز یا لحجہ۔

melodic, a.
شیریں نوا ؛ ترنُّم ریز ؛ نغمگیں۔

melodically, adv.
شیریں نوائی سے ؛ نغمگینی سے۔

melodious, a.
نغمگیں ؛ شیریں نوا ؛ سریلا ؛ رسیلا ؛ خوش آہنگ ؛ پُرنغمہ ؛ میٹھا ؛ بھینا ؛ مدھر ؛ نرم ؛ کومل ؛ خوش الحان ؛ میٹھی۔

melodiousness, n.
شیریں نوائی ، نغمگینی ؛ ملائمت ؛ نرمی ؛ خوش نوائی ؛ خوش الحانی ؛ شیرینی ؛ سُریلا یا رسیلا پن ؛ خوش آہنگی۔

meloid, a.
بھنورا ؛ بھنورے کی کوئی بھی قسم جس کا تعلق میلوئے (Meloidae) خاندان سے ہو، بشمول روغنی بھونرا اور دُرّاج۔

melon, n.
خربوزہ ؛ سردا ؛ گرما ؛ تربوز ؛ پُھوٹ ؛ کدوی پودوں میں سے کسی ایک کا پھل (سردا یا تربوز وغیرہ) ؛ اس کی بیل۔ (عوامی) کمپنی کے تمسکات رکھنے والوں میں تقسیم کرنے کے لیے معمولی مقسومہ سے زیادہ منافع کی جمع کاری۔

melt, v.t.
پگھلانا ؛ گداز کرنا ؛ ٹھوس شے کو گرمی کے ذریعے مائع کی حالت میں لانا ؛ مائع بنانا ؛ حل کرنا ؛ ایک دوسرے میں جذب کرنا یا ملانا ؛ متاثر کرنا ؛ اثر پذیر بنانا۔ (مجازاً) رویے میں نرمی لانا ؛ نرم کرنا ؛ مائل کرنا۔ (فعل لازم) پگھلنا ؛ مائع بننا ؛ گداز ہونا ؛ پسیجنا ؛ حل ہونا ؛ غیر محسوس مدارج سے گزرنا (اکثر اس کے بعد away آتا ہے) ؛ ملنا ؛ ترکیب پانا (اکثر اس کے بعد into آتا ہے)۔ (مجازاً) نرم ، ملائم ، حلیم ہونا۔ (اسم) پگھلی ہوئی چیز ؛ پگھلنے کا عمل یا حالت ؛ گداختگی ؛ گدازپن ؛ ایک دفعہ پگھلائی جانے والی مقدار۔

meltability, n.
پگھلنے کی صلاحیت ؛ گداخت پذیری۔

meltable, a.
پگھلنے کے قابل ؛ گداختنی۔

melter, n.
پگھلانے والا؛ گدازندہ ؛ گلانے والا۔

melt down, n.
گداختہ ؛ کسی ایٹمی ری ایکٹر کے ارد گرد کے حفاظتی خولوں کا پگھلاؤ۔

melting point, n.
پگھلنے کا درجہ ؛ نُقطۂ گداختگی ؛ نُقطۂ اماعت ؛ درجۂ حرارت جس پر کوئی ٹھوس چیز پگھل جاتی ہے۔

melting pot, n.
کُٹھالی ؛ بُوتہ ؛ گداز دان ؛ وہ برتن جو ٹھوس کو پگھلانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (مجازاً) ایسا ملک ، شہر یا معاشرہ جس میں مختلف تہذیبوں اور نسلوں کے لوگ رہتے ہوں۔

melton, n.
میلٹن ؛ چھوٹے روئیں والی ہموار مضبوط اون ، جس سے اوورکوٹ اور دوسرے گھر سے باہر پہنے جانے والے ملبوسات بنائے جاتے ہیں ؛ اس سے بنا ہوا کپڑا۔

meltwater, n.
پگھلا پانی ؛ برفاب ؛ وہ پانی جو برف کے پگھلنے سے حاصل ہوتا ہے۔

member, n.
رکن ؛ عضو ؛ حیوانی جسم کا حصہ یا عضو جیسے ٹانگ وغیرہ ؛ کسی ڈھانچے یا مرکب کا جزو ترکیبی ، جیسے کسی عمارت کا ذیلی تعمیری پہلو ؛ کسی جملے کا جملۂ نا تمام ؛ مرکب ناتمام ؛ ترکیب ؛ الجبری مساوات کی کوئی ایک رقم ؛ ریاضی کے سیٹ کا کوئی جزو ، یا قیاس منطقی کا قضیہ ؛ کسی معاشرے ، جماعت، طبقے یا انجمن وغیرہ کا فرد ؛ آئین ساز ادارے کا رکن ، جیسے برطانوی دارالعوام یا امریکی مجلس نمائندگان کا رکن۔

membered, a.
ذی ارکان ؛ منقسم بہ ارکان ؛ ارکان پر مشتمل۔

memberless, a.
بے رکن ؛ رکن کے بغیر۔

membership, n.
رُکنیت ؛ ممبری ؛ عہدہ نمبر ؛ رکن ہونے کی حالت جیسے کسی معاشرے یا تنظیم کا ؛ رکن کا رتبہ ؛ کسی ایک جماعت سے وابستہ تمام ارکان کی تعداد (جیسے : A church with a large membership)۔

membrane, n.
(حیاتیات) پردہ ؛ جِھلّی ؛ غِشا ؛ حیوانی جسم کی پتلی بافت جو اعضا کو ڈھانپتی ، جوف یا نالیوں کی استرکاری کرتی یا متصل حصوں کو ملاتی ہے ؛ پودوں میں اس قسم کی بافت۔

membranaceous, membranous, a. جھلی دار ؛ پردہ دار ؛ جھلی سا ؛ جھلی کا یا اس سے متعلق ؛ غِشائی ۔

membrane bone, n. (تشریح الاعضا) عَظمِ غِشائی ؛ وہ ہڈی جو غضروف کی بجائے غشائی بافت میں پیدا ہوتی ہے ۔

membranous labyrinth, n. (تشریح الاعضا) غِشائی تیہ ؛ کان کا اندرونی حصہ جو غشائی ساختوں سے بنا ہوتا ہے جیسے که صدف گوش (cochlea) ۔

memento, n. ماضی کی یاد دلانے والی کوئی بھی شے ؛ نشانی ؛ یادگاری ؛ یادگار ؛ یاد داشت ؛ نشانی ؛ کوئی شے جو یاد دہانی یا تنبیہ کراتی رہے ؛ یادگار ۔ (بڑے M سے) (رومن کیتھولک کلیسا) رسم عَشائے ربّانی کی نماز تقدیس کی دو دعاؤں میں سے ایک ، ایک زندوں کے لیے اور دوسری مُردوں کے لیے ۔

memento mori, n. موت کی یاد دہانی کرانے والی یا عبرت دلانے والی شے جیسے موت کے سر کا مجسمہ ۔

memo, n. (بول چال) یادداشت ؛ میمو ؛ میمورنڈم ۔

memoir, n. یاد داشت ؛ عالمانہ روداد ؛ سوانح ؛ آپ بیتی ۔ (عموماً جمع) اپنی زندگی اور مشاہدات کی یاد داشتوں سے ماخوذ قابل ذکر واقعات کا تذکرہ ؛ خود نوشت سوانحِ حیات ؛ توزک ؛ خود نوشت سیرت ؛ آپ بیتی ؛ عِلمی انجمن کی کارروائی کی روداد ؛ فاضلانہ مقالہ ؛ محققانہ رسالہ ۔

memorabilia, n. [لاطینی] (جمع) یاد رکھنے کے قابل باتیں اور مواقع ؛ یادگاریں ۔

memorable, a. قابلِ یادداشت؛ یاد رکھنے کے قابل؛ معروف؛ نامور؛ یادگار ؛ مشہور ؛ یاد رہنے والا ؛ یاد رکھنے والا ؛ یاد رکھنے کے لائق ؛ نامی ؛ اہم ؛ ممتاز ؛ نمایاں ۔

memorableness, n. قابل یاد داشت ہونے کی حالت ۔

memorably, adv. یادگار/یاد داشت کے طور پر؛یاد رکھتے ہوئے ۔

memorandum, memo, n. یادداشت ؛ میمورنڈم ؛ روزنامچہ ؛ رُوداد ؛ کوئی تحریر جو یاد کرنے میں مدد دے ؛ مُختصر ریکارڈ ؛ کسی کمپنی کے عملے کو دفتر کے معاملات کے بارے میں بھیجی گئی غیر رسمی رپورٹ ۔ (قانون) معاہدے ، لین دین یا قانونی نکات کا خُلاصہ ؛ یاد داشت ۔ (سفارت کاری) کسی سوال کی حالت کا خلاصہ یا کسی فیصلے کا جواز ۔ (کاروبار) مال کی ملکیّت کے انتقال کا کیفیت نامہ جس میں خریدار کو یہ اجازت دی گئی ہو کہ اگر وہ چاہے تو مال واپس کر سکتا ہے ؛ پرچہ ؛ ضمانت نامہ ؛ نوشتہ ۔

memorial, a. یاد آور؛ یادگاری؛ یاد دلانے والا؛ یاد میں رہنے والا ؛ یاد کا یا اس سے متعلق ؛ کسی شخص یا چیز کی یاد محفوظ کرنے والا ؛ یادگار ۔ (اسم) درخواست ؛ یاد داشت ؛ عرضداشت ؛ محضر ؛ عرضی ؛ رُوداد ؛ کسی شخص ، واقعہ ، ماضی کی کسی چیز کی یاد یا یادگار ؛ یاد کو محفوظ رکھنے والی کوئی چیز جیسے یادگار یا گاہے گاہے یاد منانے کا عمل ؛ ریکارڈ؛ حاکم یا آئین ساز مجلس کو پیش کیے جانے والے حقائق کی تحریری رُوداد جو بُنیاد کے طور پر یا درخواست کی صورت میں پیش کیے جائیں ؛ محضر نامہ ۔

memorialist, n. محضر گزار ؛ فدوی ؛ عرض پرداز؛ سائل ؛ عرض گزار ؛ عرضداشت لکھنے والا ۔

memorially, adv. یادگار کے طور پر ؛ محضر کی صُورت میں ۔

Memorial Day, Decoration Day, n. یومِ یاد گار ؛ ۳۰ جون کا دن جو امریکا کی اکثر ریاستوں میں جنگ میں کام آنے والوں کی یاد کے طور پر منایا جاتا ہے ؛ کسی بھی مُلک یا ریاست کا کوئی یادگار دن جو کسی اہم واقعے مثلاً یوم تاسیس یا یوم دفاع کی حیثیت رکھتا ہو ۔

memorialize, v.t. یاد منانا ؛ کسی کو یادگار پیش کرنا ؛ یاد داشت پیش کرنا ؛ عرضداشت پیش کرنا ؛ میموریل پیش کرنا ۔

memorialization, n. یادگاری عمل ؛ یاد منانے کا عمل ۔

memorializer, n. یادگار پیش کرنے والا ؛ یاد منانے والا ۔

memorially, adv. بطور یاد ؛ بطور یادگار ؛ یاد منانے کے انداز میں ۔

memorial park, n. قبرستان ؛ گورستان ۔

memoriter, adv., a. [لاطینی] یادگاری ؛ یاد داشت سے ؛ حافظے سے ۔

memorize, v.t. حِفظ کرنا ؛ یاد کرنا ؛ یاد رکھنا ؛ یاد دلانا ؛ یاد داشت لکھ رکھنا ۔

memorizable, a. قابل حِفظ ؛ حِفظ پذیر ؛ یاد کرنے کے قابل ۔

memorization, n. حفظ پذیری ؛ یاد کرنے کا عمل ؛ حفظ ۔

memorizer, n. حافِظ ؛ حِفظ کرنے والا ؛ یاد کرنے والا ۔

memory, n. حافِظہ ؛ یاد ؛ قوتِ حافظہ ؛ یاد داشت ؛ تاثرات کو محفوظ رکھنے اور انھیں تازہ کرنے یا سابقہ تجربات کو ذہن میں لانے کی دماغی صلاحیّت یا استعداد ؛ کسی خاص فرد کی یہ صلاحیّت (جیسے : ,to have a good memory) ؛ مجموعی طور پر وہ باتیں جو کوئی شخص یاد رکھتا ہے ؛ یاد رکھی ہوئی چیز یا شخص ؛ وہ مُدّت جس پر یاد داشت پھیلی ہوئی ہو (جیسے : an event within recent memory) ؛ یاد کرنے والوں میں کسی شخص یا چیز کی شہرت ؛ شہرت ، خاص طور پر مرنے کے بعد ؛ یاد رکھے جانے کی حالت یا حقیقت (جیسے : to remain in perpetual memory) ؛ تقریبی یاد ؛ یادگار ، جیسے کسی شخص کی یاد میں تعمیر کی گئی یادگار ؛ کمپیوٹر کا وہ حصّہ جو خاص معلومات کو فوری رسائی کے لیے محفوظ کرتا ہے ۔

mem-sahib, n. [اردو] میم صاحب ؛ میم صاحبہ ؛ برصغیر میں یورپی خواتین اور اعلی سرکاری افسروں کی بیگمات کے لیے میڈم کا مترادف یا لقب ۔

menace, v.t., v.i. نُقصان ، برائی یا موت کی دھمکی دینا ؛ تہدید کرنا ؛ ڈرانا؛ دھمکانا ؛ خطرہ یا اندیشہ پیدا کرنا ؛ ڈراوا دکھانا ؛ ڈراوا دینا ؛ آنکھیں دکھانا ۔ (اسم) دھمکی ؛ ڈراوا ؛ خطرہ ؛ تہدید ؛ سرزنش ؛ آفت ؛ بلا ؛ کسی آنے والی مصیبت کا پیش خیمہ ؛ وہ شخص جو خطرہ ہو ؛ پریشانی کا سرچشمہ ؛ وبال ۔

menad, n. دیکھیے : Maenad ۔

menage, n. گھر بار ؛ گھر گرہستی ؛ گھر کا انتظام ؛ خانہ داری ۔

menagerie, n. جانوروں کا اجتماع،خاص طور پر وحشی اور غیر ملکی جانوروں کا (نمایش کے لیے) ؛ چڑیا گھر ؛ جانور خانہ ؛ وہ جگہ جہاں ایسے جانور رکھے جائیں ۔

mend, v.t. مرمت کرنا ؛ ٹوٹی ہوئی ، برائی یا

نقصان رسیدہ چیز کو درست یا مضبوط بنانا (جیسے : (to mend broken china, shoes or clothes, a fence or a road ؛ دُور کرنا یا درست کرنا جیسے عادات یا اخلاق کے عیب ؛ سدھارنا ؛ اصلاح یا درُستی کرنا ؛ رفو کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ کسی بھی مناسب عمل سے صحیح حالت میں واپس لانا (جیسے : (to mend sails by adjusting them properly ؛ درست کرنا (جیسے : to mend matters) ۔ (فعل لازم) بہتر ہونا ؛ اصلاح ہونا ؛ بیمار کا رُوبصحت ہونا ؛ اچھا ہونا ؛ درست ہونا ؛ سدھرنا ؛ سنورنا ؛ ٹھیک ہونا ۔

mend, n. دُرُستی ؛ مرمت ؛ رفُو ؛ سُدھار ؛ اصلاح ؛ بہتری ؛ صحت یابی (جیسے : to be on the mend) ؛ مرمّت شدہ مقام ۔

mendable, a. قابلِ مرمت ؛ رفو پذیر ۔

mendacious, a. جُھوٹا ؛ کاذب ؛ غلط ؛ باطل ؛ دھوکے کا ؛ پُرفریب ؛ دھوکا دینے والا ؛ دھوکے باز ؛ جھوٹ بولنے والا ؛ سچ نہ بولنے کا عادی ؛ دروغ گو ؛ دروغ باف ۔

mendaciously, adv. دروغ گوئی سے ؛ جُھوٹے پَن سے ۔

mendaciousness, n. جُھوٹ ؛ دروغ ؛ جُھوٹا پن ؛ دروغ گوئی ؛ دروغ بافی ۔

mendacity, n. ناراستی ؛ دروغ گوئی ؛ کذب ؛ بُطلان ؛ جُھوٹا ہونے کی صفت ؛ جھوٹ ؛ دروغ ۔

mendelevium, n. مَینڈلیوئیم ؛ ایک مصنوعی تابکار عُنصر ۔

Mendelian, Mendelianist, Mendelist, a., n. آسٹریا کے راہب اور سائنسی محقق جون مینڈیل (۱۸۲۲ء-۱۸۸۴ء) کی نسبت سے ؛ مینڈیلین ؛ مینڈیل یا مینڈیل کے نظریہ سے متعلّق ؛ مینڈیلی ۔

Mendelism, Mendelianism, n. مینڈیلیّت ؛ وراثت کا عقیدہ یا نظریہ جو مینڈیل کے ان تجربات پر مبنی ہے جو اس نے مٹروں پر کیے ۔

Mendel's laws, particulate inheritance, n. مینڈیل کے قوانین ؛ پودوں اور جانوروں میں موروثی خصوصیات سے متعلق اصول و قوانین ، جن کے مطابق مخلوط نسلوں کی دوسری اور بعد میں آنے والی نسلوں میں ، جانوروں یا پودوں کے اصل والدین کی خصوصیّات کے تمام ممکنہ امتزاج واقع ہوتے ہیں ، ہر امتزاج ہر فرد میں قطعی تناسب سے وقوع پذیر ہوتا ہے ۔

mendicant, a. بھکاری ؛ بھیک منگا ؛ منگتا ؛ فقیر ؛ گدا ؛ دریوزہ گر ؛ بھکاری کا یا اس سے متعلق جو مذہبی رسومات کے حصّے کے طور پر بھیک مانگتا ہے (جیسے : a mendicant friar) ۔ (اسم) منگتا ؛ درویش ؛ فقیر ؛ گدا گر ؛ دریوزہ گر ؛ ایک بھکاری ؛ بھکاریوں کے سلسلہ کا فرد ؛ بھکاری راہب ۔

mendicancy, mendicity, n. بھیک مانگنے کا عمل ؛ بھیک ؛ بھکاری پن ؛ فقیری ؛ دریوزہ گری ۔

menhaden, n. منہیڈن ؛ کھاد مچھلی ؛ سمندری مچھلی Brevoortia tyrannus جس کی شکل خارماہی (her-ring) جیسی ہوتی ہے ، یہ عام طور پر امریکا کے مشرقی ساحلوں کے ساتھ ساتھ پائی جاتی ہے ، اسے چارے کے طور پر ، تیل نکالنے اور کھاد بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

menhir, n. (آثاریات) لاٹھ ؛ ناتراشیدہ پتھر کی لمبی یادگار جس کی قدامت غیر معلوم ہو اور جو تنہا یا مجموعوں کی

صورت میں واقع ہو ۔

menial, a. گھر گرہستی یا گھریلو ملازم سے متعلق ؛ کم درجہ ؛ گھٹیا ؛ چھوٹا ؛ معمولی ؛ نیچ ؛ ادنیٰ ؛ خانگی ؛ نچلے درجے کا ؛ سفلہ ؛ کمین ؛ کمینہ ۔ (اسم) نوکر ؛ خدمتگار ؛ گھریلو نوکر چاکر ؛ کمین ؛ شاگرد پیشہ ؛ گھریلو ملازم ؛ غلام قسم کا شخص ؛ فرمانبردار شخص ۔

menially, adv. کمینگی سے ؛ فرماں برداری سے ۔

Meniere's disease, n. (امراضیات) مینئیر کی بیماری ؛ تیہی دُوار ؛ کان کے مضل (labyrinth) کی خرابی جس کی علامات غنودگی ، کانوں کی گُونج اور قریب قریب مکمل بہرا پن ہوتی ہیں ۔

meninges, n. (تشریح الاعضا) سحایا ؛ اغشیۂ دماغ ؛ تین جھلّیاں: اُمّ جافیہ (dura mater) ، اُمّ الرقیقہ (pia mater) ، عنکبوتیہ (arachnoid) ، جو دماغ اور ریڑھ کی ہڈّی کو ملفوف رکھتی ہیں ۔

meningeal, a. ان جھلّیوں سے متعلق ؛ سحایائی ۔

meningitis, n. (امراضیات) ورمِ سحایا ؛ ورم اُمّ دماغ ؛ گردن توڑ بخار ؛ دماغ یا ریڑھ کی ہڈّی کی سوزش خاص طور پر اُمّ الرقیقہ (pia mater) اور عنکبوتیہ (arachnoid) کی سوزش ۔

meningitic, a. اس سوزش سے متعلق ؛ ورم سحایا سے متعلق ؛ گردن توڑ بخار کے متعلق ۔

meniscus, n. ہلال یا ہلال کی شکل کا جسم ؛ ہلالی جسم ۔ (بصریات) ہلالی شکل کے حِصّے والا عدسہ ۔ (طبیعیات) ہلالی سطح ؛ مائع کی سطح کی محدب (convex) یا مقعر (concave) شکل جو قُوتِ شعری (capillarity) کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے ۔ (تشریح الاعضا) غضروف کی قُرص جو جوڑ دار ہڈیوں کی سطوح کے درمیان جوڑ میں واقع ہوتی ہے ۔

meniscoid a. ہلالی ۔

Menonite, n. [اس عیسائی فرقے کے بانی مینو سائمن ۱۴۹۲ء—۱۵۵۹ء کے نام پر] مینو نائٹ ؛ اس انجیلی عیسائی فرقے کا رُکن جو بچوں کو بپتسمہ دینے ، فوجی ملازمت ، حلف اُٹھانے اور سرکاری عُہدے حاصل کرنے کا مخالف ہے ۔

Menonitism, n. نظریۂ مینونائٹ ؛ اس فرقے کا نظریہ ۔

menology, n. مہینوں کی یاد داشت ؛ تقویم ؛ جنتری ؛ تقویمِ اولیائے مسیحی ؛ تقویم جس میں عیسائی بزرگ ہستیوں (saints) کے ایامِ ضیافت نشان زد کیے گئے ہوں اور ان کے مختصر حالات درج ہوں ؛ تقویم جس میں مہینوں پر نشان لگائے گئے ہوں ؛ ماہانہ تقویم ۔

meno mosso, adv., a. (موسیقی) آہستہ تر ؛ دھیمی ؛ کم عُجلت سے ۔

menopause, n. (فعلیات) انقطاعِ حیض ؛ سِن یاس ؛ حیض کا قُدرتی طور پر مستقل بند ہو جانا جو عموماً ۴۵ سے ۵۰ برس کی عمر میں ہوتا ہے ؛ عورت کی زندگی میں تبدیلی ۔

menopausal, a. انقطاع حیض سے متعلق ؛ سن یاس کا یا اس سے متعلق ۔

menorah, n. [عبرانی] منورا ؛ نو بازوؤں والا شمعدان جو یہودیوں کی تعطیل خانوکہ (Hanukkah) کی تقریبات میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ اکثر ہفت بازو شمعدان جو تخلیق کی علامت کے طور پر ،

یہودیوں کی مذہبی رسُومات کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔

menorrhagia, n. (امراضیات) جریان حیض ؛ کثرتِ حیض ؛ ماہواری کا طویل مُدت تک یا زیادہ مقدار میں بہنا ؛ رحم سے جریانِ خون ؛ جریان خُونِ رِحمی۔

menorrhagic, a کثرت حیض سے متعلق۔

mensal, a. ماہوار ؛ ماہانہ ؛ مہینے میں ایک بار واقع ہونے والا۔

mensal, a. میز کی، اس سے متعلق یا اس پر استعمال کی گئی۔

mense, n. (برطانوی بولی) اعزاز ؛ تزئین۔ (فعل متعدی) (برطانوی بولی) اعزاز دینا ؛ آراستہ کرنا۔

menseful, a. مزیّن ؛ اعزاز یافتہ ؛ باوقار۔

menseless, a. عاری ؛ بے اعزاز ؛ بے وقار۔

menses, n. (جمع) (فعلیات) ماہواری ؛ حیض؛ نہانی ؛ ایّام۔

Menshevik, Menshevist, n. (روسی سیاسیات) منشیوک ؛ سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کے کم انقلابی فرقے کا رُکن۔ (بالشویک سے مختلف)۔

Menshevism, n. منشیویت۔

menstrual, menstruous, a. (فعلیات) حیضی ؛ حَیض سے متعلق ؛ ماہواری ؛ مہینے کا ؛ ماہانہ ؛ ماہوار۔

menstruation, menses period, n. (فعلیات) حیض ؛ طمث ؛ ماہواری ؛ بچہ دانی سے خون اور لعابی مادّے کا اخراج جو بلوغت سے انقطاع حیض تک اوسطاً ہر اٹھائیسویں دن آتا ہے ؛ حیض کا عمل یا اس کی مُدّت۔

menstruate, v.i. حیض آنا ؛ ماہواری آنا ؛ ایام طمث جاری ہونا۔

menstruum, n. گُھلانے والا ؛ ٹھوس کو حل کرنے والا کوئی بھی مائع؛ محلل۔

mensurable, a. قابل پیمایش؛ پیمایش پذیر۔

mensurabilty, n. پیمایش کی قابلیّت؛ پیمایش پذیری۔

mensural, a. مساحتی ؛ پیمایشی ؛ پیمایش سے متعلّق۔

mensural music, mensurable music, n. (موسیقی) کثیرالاصوات موسیقی جو تیرھویں صدی میں پروان چڑھی ، اس کی خصوصیّت یہ ہے کہ اس کا ہر سُر ایک متوازن قدر کا حامل ہے۔

mensuration, n. مکسّر ؛ مساحت؛ پیمایش ؛ ناپ ؛ کسی چیز کی اطراف ناپنے کا عمل۔ (جیومیٹری) کسی شکل کا طول ، رقبہ یا حجم معلوم کرنے کا علم۔

mensurational, a. پیمایشی ؛ مساحتی۔

mental, a. ذہنی ؛ دماغی ؛ دماغ سے متعلّق ؛ فرد کے بحیثیت مجموعی ذہنی اور جذباتی اعمال سے متعلق ؛ دلی ؛ جذباتی یا جسمانی کی بجائے ذہنی یا دماغی ؛ دماغی خلل کا ، اس سے متعلق یا اس سے متاثّر ؛ سنکی ؛ دماغی خلل کا شکار ؛ پاگل ؛ دماغی خلل کے شکار لوگوں کے علاج یا دیکھ بھال سے متعلّق (جیسے : a mental institution) ؛ ذہن کی انجام دادہ یا ذہن میں موجود خاص طور پر تحریری اعداد کے استعمال کے بغیر ؛ زبانی (جیسے : mental arithmetic)۔

mentally, adv. ذہنی طور پر ؛ دماغی طور پر۔

mental, a. زنخی ؛ ذَقَنی ؛ ٹھوڑی سے متعلق۔

mental age, n. (نفسیات) ذہنی عُمر ؛ دماغی عُمر ؛ عمر جو فرد کی دماغی صلاحیّت کے درجہ سے مطابقت رکھتی ہو ، جیسے ایک چار سالہ لڑکا جس کی ذہنی کارکردگی چھ سالہ بچے کی کارکردگی کے برابر ہو ، اس کی ذہنی عمر چھ سال ہو گی۔

mental deficiency, n. (نفسیات) ذہنی کمی ؛ ذہنی خامی ؛ خام ذہنی ؛ ذہنی صلاحیّت کی نشوونُما میں ناکامی جیسا کہ طِفل دماغی (moronism) ، سخافت (imbecility) اور ابلہی (idiocy) میں ہوتا ہے ، جس کی خصوصیّت یہ ہے کہ ایسا فرد معاشرے میں صحیح طور پر عمل پیرا نہیں ہو سکتا۔

mentality, n. ذہنیّت ؛ ذہنی صلاحیّت ؛ ذہنی معیار ؛ ذہانت ، ذہن ؛ طرزِ طبیعت ؛ اُفتاد طبع ؛ سیرت ؛ ذہنی قابلیّت۔

menthaceous, a. پودینوی ؛ نعنائی پودینہ کے خاندان سے متعلق جن میں حبشی/دکنی پودینہ (horsemint) ، نعناع فِلفلی/فلفلی پودینہ (peppermint) اور پونہ (pennyroyal) شامل ہیں۔

menthene, n. (کیمیا) مَینتھین ؛ ست پودینہ ، نعنائیہ ؛ روغنی ہائیڈروکاربن جو جوہرِ پودینہ سے حاصل کیا جاتا ہے۔

menthol, n. (کیمیا ، علمِ ادویہ) منتھول ؛ جوہرِ نعناع ؛ جوہر پودینہ ؛ پودینے کا ست ؛ سفید قلمی مرکب جو فِلفلی پودینے کے تیل سے حاصل کیا جاتا ہے یا مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے اور دواؤں ، خوشبوؤں اور مٹھائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔

mentholated, a. پودینے کے تیل کا ؛ جوہرِ نعناع کا ؛ جس میں جوہر پودینہ شامل ہو۔

menticide, n. تشدُّد ، منشیّات اور مسلسل سوالات سے کسی فرد کے عقائد اور نظام اقدار کو انقلابی طور پر بدلنے کی باضابطہ کوشش ؛ دماغ شوئی۔

mention, n. حوالہ ، ذِکر ؛ چرچا ؛ تذکرہ ؛ نام ؛ اشارہ ؛ کسی چیز کے بارے میں مختصر اطلاع یا رائے زنی ؛ (کسی کے) بارے میں سرسری بات چیت ؛ (کسی کی) کامیابی کا اعتراف۔ (فعل متعدی) مختصر طور پر تذکرہ کرنا ؛ برسبیل تذکرہ نام لینا ؛ ذِکر کرنا ؛ کامیابی کا اعتراف کرنا ؛ تحسین کرنا ؛ تعریف کرنا۔

mentionable, a. قابلِ اظہار ؛ قابل ذِکر ؛ قابل توجّہ ؛ لائقِ تحسین۔

mentioner, n. اظہار کرنے والا ؛ ذکر کرنے والا ؛ توجُّہ کرنے والا ؛ اعتراف کرنے والا۔

mentor, n. عقلمند ، تجربہ کار اور وفادار مشیر یا اتالیق ؛ اُستاد ؛ مُرشد ؛ گُرو ؛ باتدبیر ؛ معتمد ؛ صلاح کار۔

menu, n. مینیو ؛ کرائے کا بل ؛ کھانوں کی فہرست ؛ فہرستِ طعام ؛ پیش کیے جانے والے کھانوں کی فہرست ؛ طعام نامہ ؛ طعام ؛ کھانا۔

meow, miaou, miaow, mew, n. میاؤں ؛ بِلّی کی آواز۔ (فعل لازم) ایسی آواز نکالنا ؛ میاؤں میاؤں کرنا۔

meperidine, n. (علم ادویہ) میپیریڈین ؛ ایک مصنوعی خواب آور دوا ، جو بطور مسکن یا دافعِ درد مُستعمل ہے۔

Mephistophelian, Mephistophelean, a. مشہور افسانوی کردار مِفسٹوفیلس جیسے شیطانی اوصاف کا حامل ؛ شیطان صفت ؛ خبیث ؛ عیّار ؛ مکّار ؛ دُنیا بیزار۔

mephitis, n. تعفُّن ؛ بدبُو ؛ گندگی ؛ مُضرت رساں شے ؛ سڑاند ؛ کراہت ؛ بدبودار بخارات ؛ متعفن بخارات ؛ زمین میں موجود مواد سے اُٹھنے والی ناگوار بُو ، جیسے زہریلے کیمیائی مادّوں کی بدبُو۔

mephitic, a. مضر ؛ گندا ؛ مکروہ ؛ سڑا ہوا ؛ بدبُو دار ، متعفّن ؛ فاسد۔

mephitically, adv. متعفّن طور پر ؛ تعفُّن کے ساتھ۔

meprobamate, n. (علمِ ادویہ) میپروبمیٹ ؛ ایک سفوف جو مُسکّن اور دافع تشنُج کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

merbromin, mercurochrome, n. (علمِ ادویہ) مربرومین ؛ مرکیوروکروم ؛ ایک مرکب جس کی صورت سبز سفوف کی سی ہوتی ہے جسے پانی میں ملانے سے سُرخ محلول تیار ہو جاتا ہے جو بطور عفونت رُبا اور کِرم کُش استعمال ہوتا ہے۔

mercantile, a. تاجرانہ ؛ تجارتی ؛ تاجروں یا تجارت سے متعلق۔ (سیاسی معاشیات) تجارتی نظام سے متعلق۔

mercantile system, mercantilism, n. (سیاسی معاشیات) تجارتی نظام ؛ تجارتیت ؛ تجارتی نظریۂ زر ؛ بنیا پن ؛ جدید قومی ریاست کے ساتھ اُبھرنے والا نظام جس کا مقصد اپنے حق میں تُوازنِ تجارت کے ذریعے درآمدات کی نسبت برآمدات بڑھا کر اور مطلوبہ سامان اور دولت کے حصول کے لیے منڈی کے طور پر نوآبادیاں قائم کر کے قیمتی دھاتوں کا روز افزوں حصول ہے ؛ نظریۂ زراندوزی ؛ نظریہ جلب زر۔

mercantilism, n. تجارتیت ؛ تجارتی نظام ؛ تجارتی اصول یا فعل ؛ تجارتی جذبہ۔

mercantilist, n., a. تجارتی نظام کا حامی ؛ تجارتی جذبے کا حامل۔

mercaptan, n. (کیمیا) کبریتی الکوحل ؛ کبریتی مرکّب ، گندھک والا کوئی بھی مرکب جو الکوحل کے مماثل فعل (ہم فعل) ہو اور پارے کے ساتھ بآسانی مل سکے ، خاص طور پر اس قسم کے مرکبات میں سے سب سے اہم ؛ ایتھائل مرکپٹن (ethyl mercaptan) جو ایک بے رنگ ، لہسن کی سی چرپری بُو والا مائع ہے۔

Mercator projection, Mercator's projection, n. (نقشہ کشی) مرکیٹری تظلیل ؛ کُرّے یا اس کے کسی حصّے کی تظلیل یا پیشکش (projection) جو مُستطیل ہموار سطح کی صورت میں ہوتی ہے اور جس کے خطُوط نصف النہار برابر فاصلے کے متوازی خطوط مستقیم کی صُورت میں ہوتے ہیں اور عرض بلد کے متوازی خطوط کا درمیانی فاصلہ خط استوا سے قطب کی جانب جاتے ہوئے اس طرح بڑھتا جاتا ہے کہ سب سے زیادہ عرض بلد کے علاقوں کے نقشے میں پیمایش کی غلطی بھی بڑھتی جاتی ہے۔

mercenary, a. اپنا نفع سوچنے والا ؛ منفعت پسند ؛ زرپرست ؛ مطلب کا یار ؛ زر دوست ؛ کرائے کا ؛ بھاڑے کا ؛ بھاڑے کا ٹٹو ؛ کرائے کا سپاہی ؛ ایسا سپاہی جو کسی دوسرے مُلک کے لیے اُجرت پر لڑتا ہو ؛ زرخرید کارکُن۔

mercenarily, adv. مطلب پرستی سے ؛ خود غرضی سے ؛ کرائے کے فوجی کے طور پر۔

mercenariness, n. مطلب پرستی ؛ خود غرضی ؛ کرائے کا فوجی پن۔

mercer, n. (برطانوی) بزاز ؛ حریر فروش ؛ کپڑے کا سوداگر ؛ خاص طور پر ریشمی اور دوسرا قیمتی کپڑا بیچنے والا۔

mercery, n. (برطانوی) کپڑا ؛ حریر ؛ بزاز کی دُکان ؛ بزازی۔

mercerize, v.t. حریر سازی کرنا ؛ سُوتی کپڑے کو مسالا لگا کر رنگنے کے لیے تیّار کرنا ؛ کپڑے کو سوڈا کاسٹک کا کلف لگانا تا کہ اس کی قوّت اور چمک میں اضافہ ہو اور رنگ قبول کرنے کی صلاحیّت بڑھے۔

merchandise, merchandize, n. سامان ؛ اجناس تجارت ؛ مالِ تجارت خاص طور پر تیار کیا ہوا مال ؛ سودا۔ (فعل متعدی و لازم) سوداگری کرنا ؛ بیوپار کرنا ؛ تجارت کرنا ؛ کاروباری سرگرمی جاری رکھنا ؛ خریدوفروخت کرنا ؛ فروخت کی مہم چلانا اور اسے مُنظّم کرنا۔

merchandiser, merchandizer, n. تاجر ؛ خرید و فروخت کرنے والا۔

merchant, n. بیوپاری ؛ بنجارا ؛ تاجر ؛ سوداگر ؛ منافع کے لیے خرید و فروخت کرنے والا ؛ پرچون فروش . دُکان دار۔ (برطانوی) تھوک فروش۔ (صفت) تجارتی ؛ تجارت یا بیوپار سے متعلق ؛ تجارتی بحری بیڑے سے متعلق۔

merchantable, a. قابلِ خرید و فروخت ؛ قابلِ تجارت ؛ بیوپار کے لائق۔

merchantman, n. تجارتی بحری جہاز۔

merchant marine, n. تجارتی بحری بیڑا ؛ کسی قوم کا تجارتی بحری بیڑا ؛ کسی قوم کے تجارتی جہاز ؛ ایسے جہازوں کا عملہ اور افسر۔

Mercian, a. مرشیائی۔ (وسطی انگلستان کی قدیم عیسائی سلطنت) مرشیا (Mercia) یا اس کے باشندوں یا وہاں بولی جانے والی اینگلو سیکسن بولی سے متعلق۔ (اسم) مرشیا کی قدیم سلطنت کا باشندہ ؛ یہاں بولی جانے والی کوئی بولی۔

mercurate, mercuriate, n. (کیمیا) پارا کھار ؛ سیمابی شورہ ؛ دو گرفتہ پارے والا نمک۔ (فعل متعدی) پارے میں ملانا یا اس پر عمل کرنا ؛ پارا کھارنا۔

mercuration, n. پارا کھار ؛ سیمابی شورہ بنانے کا عمل۔

mercurial, a. سیمابی ؛ چنچل ؛ شوخ ؛ طرار ؛ سیماب صفت۔ (اکثر بڑے M سے) عطاردی دیوتا یا سیّارہ عطارد سے متعلق ؛ سیماب (پارے) پر مشتمل یا سیماب آمیز۔ (اسم) سیمابہ ؛ پارے سے تیّار شُدہ دوا۔

mercurially, adv. سیماب صفتی سے ؛ چنچل پن سے ؛ شوخی سے۔

mercurialness, n. سیماب صفتی ؛ شوخی ؛ چنچل پن۔

mercuric, a. (کیمیا) سیمابی ؛ سیماب آمیز ؛ پارے کا یا اس پر مشتمل، خاص طور پر دو گرفتہ پارے کا۔

mercurous, a. (کیمیا) سیمابی ، یک گرفتہ سیماب دار۔

Mercurochrome, n. مرکیوروکروم۔ دیکھیے : Merbromin۔ (تجارتی نشان)۔

mercury, n. پارا ؛ سیماب ؛ ایک وزنی چاندی جیسا

دھاتی عُنصر جو عام درجۂ حرارت پر مائع حالت میں رہنے کے باعث ممتاز ہے ؛ زیبق ؛ اس دھات کا ڈورا جو تھرمامیٹر میں درجۂ حرارت یا بیرومیٹر میں ہوائی دباؤ ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ سَلمَہ ؛ جنسِ سَلمَہ کی کوئی سی بُوٹی خاص طور پر زہریلی دائمی سَلمَہ ۔ (بڑے M سے) رومی دیوتا (مرکری) عطارد ، دیوتاؤں کا قاصد اور تجارت ، ہنرمندی ، خطابت اور چوری کا دیوتا ؛ نظامِ شمسی کا سب سے چھوٹا اور سورج سے نزدیک ترین سیّارہ عطارد ۔

mercury chloride, mercuric chloride, n. سیمابی کلورائڈ ؛ ایک تلخ قلمی ، نہایت زہریلا مرکّب جو پارے کے توتیا (sulphate) اور کھانے کے نمک (sodium chloride) کی تصعید سے حاصل ہوتا ہے اور بطور مانعِ عفُونت ، فطر کُش ، دافعِ تعدیہ (چُھوت دور کرنے والی دوا) اور محافظ کام آتی ہے ، اسے عکّاسی اور کیمیائی تجزیے میں بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

mercury-vapor lamp, n. سیمابی بخاراتی چراغ ؛ ایک چراغ جس میں سیمابی بخارات کی ایک نلی ہوتی ہے جس سے برقی اخراج گزرتا ہے اور روشنی زیادہ تر اس کے بالائے بنفشی حصّے میں سے نکلتی ہے ۔

mercy, n. ترس ؛ رحم ؛ مہربانی ؛ رحمت ؛ شفقت ؛ رحمدلی ؛ مہر ؛ شفاعت ؛ کرم ؛ عفو ؛ در گزر ؛ ایسا مزاج جو انصاف سے امتزاج پاتا اور قانون اور انصاف کے تقاضوں سے کم اور ہلکی سزا دیتا ہے ؛ عفو و درگزر ؛ خیر خواہی اور احسان کا عمل ؛ رحمت ؛ ہمدردی ، دردمندی یا ان کو ظاہر کرنے کی قوّت ۔

at one's mercy, کسی کے رحم و کرم پر ۔

merciful, a. غفور؛ کریم ؛ آمرزگار؛ دیالُو ؛ رحم دل ؛ مہربان ؛ نرم دل ؛ درد مند؛ رحم والا ؛ رحیم ۔

mercifully, adv. کریمانہ ؛ رحم سے ؛ رحمدلی سے ؛ رحمدلانہ ؛ عفو و در گزر سے؛ شفقت و رحمت سے ۔

mercifulness, n. رحم دلی ؛ شفقت ؛ رحیمی ؛ نرم دلی؛ عفو و در گزر۔

merciless, a. بے رحم ؛ سنگدل ؛ ناترس ؛ بیدرد ؛ ظالم ؛ سفّاک ۔

mercilessly, adv. سنگدلی سے ؛ بے رحمی سے ؛ بے رحمانہ انداز سے ؛ سفّاکی سے ؛ ظالمانہ طور پر ۔

mercilessness, n. بیدردی ؛ سنگدلی ؛ بے رحمی ؛ ظُلم ؛ سفّاکی ۔

mercy seat, n. (عہدنامۂ قدیم) یہودیوں کے معبد میں تابوتِ یہودا کا طلائی غلاف ؛ خُدا کا تخت ؛ کُرسی ۔

mere, a. فقط ؛ صرف ؛ محض ؛ قطعی ؛ کل ؛ خالی ؛ نرا ؛ خالص ؛ سراسر ؛ بالکل ؛ انتہائی (جیسے: mere folly) ۔

merely, adv. فقط ؛ محض ؛ صرف ؛ بالکل؛ ذرا سا ؛ نرا ؛ اتنا ہی ؛ اسی مقصد کے لیے ، کسی اور مقصد کے لیے نہیں ۔

mere, n. (شاعری) جھیل ؛ تالاب ۔

meretricious, a. بھڑکیلا ؛ زرق برق ؛ طمطراقی ؛ پُرتصنّع ؛ نمایشی لیکن بد ذوق ؛ غیر مخلص یا فریبی ۔ (قدیم) کسبیوں کا یا ان سے متعلّق ۔

meretriciously, adv. بھڑکیلے پن سے ؛ طمطراق سے ؛ زرق برق انداز سے ؛ دھوکا دہی سے ؛ کسبیوں کی طرح ۔

meretriciousness, n. نمایش ، طمطراق ؛ فریب کاری ۔

merganser, n. دندان دار بطخ ؛ جنس مرگس (Mergus) کی غوطہ خور بطخ جس کی چونچ پتلی اور اس کا اوپر والا حصہ دندانے دار ہوتا ہے، یہ مچھلیاں کھاتی ہے ۔

merge, v.t. ضم کرنا ؛ ملانا ؛ متحد کرنا ؛ غرق کرنا ؛ امتزاج کرنا ؛ اس طرح ملانا کہ انفرادیت ظاہر نہ ہو۔ (فعل لازم) ضم ہونا ؛ جذب ہونا ؛ غرق ہونا ؛ مِلنا ۔

mergence, n. انضمام ؛ ادغام ؛ ملاپ ؛ جذب ۔

merger, n. انضمام ؛ ادغام ؛ اشتمال ؛ وحدت ؛ کارپوریشنوں (ہئیت ہائے اجتماعی/کمپنی) کی قانونی یک جائی جس میں ان کے اثاثے اس کی جانشین کارپوریشن کو منتقل ہو جاتے ہیں ؛ دو یا زیادہ تجارتی اداروں کی یک جائی جس کے نتیجے میں واحد کارپوریشن یا بڑا ادارہ (enterprise) وجود میں آئے ؛ یکجائی ؛ اتحاد ۔

meridian, n. (جُغرافیہ) نصف النہار ؛ سمت الرّاس ؛ اوجِ کمال ؛ عروج ؛ دوپہر ؛ انت ؛ بیچ آسمان ؛ اُونچ ؛ سطح زمین پر کسی دیے گئے نقطے اور قطبین سے گزرنے والا بڑا دائرہ ، ایسے دائرے کا نصف حصہ جو قطبین کے درمیان شامل کیا گیا ہو۔ (فلکیات) کُرۂ فلکی کا بڑا دائرہ جو اِس کے قطبین اور مشاہدہ کرنے والے کے سمت الرّاس سے گزرتا ہے ؛ نقطۂ عُرُوج ؛ عہد کمال ۔ (صفت) نصف النہاری ؛ سمت الرّاسی ؛ دوپہر کا یا اس سے متعلق ؛ اوجِ کمال ، انتہائے فارغ البالی یا عروج ،شان و شوکت کا یا اس سے متعلق (جیسے Athens reached its meridian glory in the age of Pericles)۔

meridional, a. نصف النہاری ؛ نصف النہار کا یا اس سے متعلق ؛ جنوبی ، جنوب رَو؛ جنوبی خصوصیات یا کسی ملک یا براعظم کے جنوب میں رہنے والوں کی خصوصیات ۔(اسم) جنوبی باشندہ ؛ خاص طور پر جنوبی فرانس کا ۔

meridional distance, بُعدِ نصف النہاری ؛ نصف النہاری فاصلہ ؛ دیے ہوئے خط نصف النہار سے مشرق یا مغرب کی جانب کا فاصلہ ۔

meridionally, adv. اوجِ کمال کے طور پر۔

meringue, n. مِرنگ ؛ انڈے کی پھینٹی ہوئی سفیدی اور شکر کا ہلکا مرکب جو عام طور پر پکایا یا سرخ کیا جاتا ہے اورکیک یا پائی کے اوپر پھلوں یا آئس کریم پر بطور خول چڑھایا جاتا ہے؛ اس مرکب سے بنا ہُوا چھوٹا کیک ۔

merino, n. ملینہ ؛ مرینو ؛ بھیڑوں کی نسل جو سب سے پہلے ہسپانیہ میں پیدا کی گئی جس کی اون لمبی اور عمدہ ہوتی ہے ؛ مرینو بھیڑ کی اُون ؛ نرم دو سُوتی اُون ؛ اونی اور سوتی کپڑا یا دھاگا ۔ (صفت) مرینو بھیڑ کی اُون یا اِس اُون کے دھاگے یا اس کے کپڑے سے بنا ہوا ۔

meristem, n. (نباتیات) مضغی بافت ؛ مُقسمّہ ؛ مُقّسمہ خلیہ ؛ غیر ممیز، بڑھنے اور تقسیم ہونے والا خلیہ ۔

meristematic, a. مقسمّہ سے متعلّق یا اس کا ۔

meristematically, adv. مقسمانہ طور پر ۔

meristic, a. (حیاتیات) منقسم ؛ ٹکڑوں میں بٹا ہوا ؛ تقسیم کے ذریعے شکل یا تعداد میں بدلنے والا ۔

meristically, adv. منقسم طور پر ۔

merit, n. انعام یا اعزاز کی مستحق خوبی ؛ اہلیت ؛ قدر و قیمت ؛ حُسن و قبح ؛ جزا یا سزا کے قابل کوئی چیز ۔ (جمع) کسی سوال یا مقدمے کے صحیح اور غلط نکات ۔ (بعض اوقات جمع) مستحق ہونے کی حقیقت یا صورت حال ؛ استحقاق (جیسے : to treat a person according to his merits.) ؛ لیاقت ؛ جوہر ذاتی ؛ وصف ؛ حُسن ؛ خُوبی ؛ تعریف ؛ گُن ؛ اچھائی ؛ بڑائی ؛ انعام ؛ عیب و صواب ؛ ہُنر ؛ فضیلت ۔ (فعل متعدی) قابل ہونا ، مستحق ہونا ؛ سزا وار ٹھہرانا ؛ اہل بنانا ۔

merited, a. قابل ؛ مستحق ؛ مستحسن ؛ اہل ۔

meritedly, adv. استحقاق سے ؛ قابلیت/اہلیت سے ۔

meritless, a. غیر مستحق ؛ نالائق ؛ نااہل ۔

meritorious, a. قابل ؛ مستحق ؛ اہل ؛ تعریف یا انعام کا مستحق ؛ مستحسن ؛ قابل ستایش ؛ اچھائی یا بڑائی والا ؛ شاندار ؛ قابلِ تعریف ، لائق توصیف ؛ پسندیدہ ، اچھا ؛ عمدہ ۔

meritoriously, adv. پسندیدہ طور پر ؛ مستحقانہ ؛ قابلِ تحسین طور پر ؛ بطورِ استحقاق ۔

meritoriousness, n. استحقاق ؛ عمدگی ؛ فضیلت ؛ حق داری ؛ استحسان ؛ پسندیدگی ۔

merit system, n. استحقاقی نظام ؛ نظام اہلیت ؛ وہ نظام جس کے تحت سول سروس کے ملازمین سیاسی دباؤ یا سرپرستی کی بجائے قابلیت و اہلیت کی بُنیاد پر ملازمت حاصل کرتے اور ترقی پاتے ہیں

merle, merl, n. کویل ؛ مرل ؛ یورپی کلچڑی ؛ کستورا ؛ طُرقہ ۔

merlin, n. بازک ؛ باشق ؛ چھوٹا یورپی باز؛ اس سے بہت قرابت رکھنے والا ایک امریکی پرندہ ۔

merlon, n. فصیل کا ٹھوس حِصہ جو روزنوں کے درمیان ہوتا ہے ۔

mermaid, n. جل پری ؛ بنت البحر ؛ ماہی زن ؛ ایک اساطیری سمندری مخلوق جس کا سر اور اوپر کا دھڑ عورت کا اور دم مچھلی کی ہوتی ہے ؛ ماہر خاتون پیراک ۔

merman, n. جل مانس ؛ نرمچھ ؛ جل پری کا مذکر ۔

meroblastic, n. (حیاتیات) پارہ نہوضی ؛ ناقص نہوضی؛ ان بیضوی خلیوں کا یا ان سے متعلق جو صرف جزوی طور پر تقسیم یا شگاف پذیر ہوتے ہیں ؛ کامل نہوضی یا ہمہ نہوضی (holoblastic) کی ضد ۔

meroblastically, adv. ناقص نہوضی طور پر ۔

merriment, n. خوشی ؛ مسرّت ؛ قہقہہ ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و طرب ؛ ہنسی مذاق ۔

merry, a. خوش ور پُر لطف ؛ زندہ دل ؛ مسرور ؛ خوش اور ہنگامہ خیز ؛ مگن ؛ بشّاش ؛ خوش طبع ؛ تیوہاری ۔

make merry, خوش ہونا ؛ ہنسی کرنا ؛ دل لگی کرنا ؛ عیش کرنا ؛ رنگ رلیاں منانا ۔

merrily, adv. خُوشی سے ؛ فرحاں و شاداں ؛ رنگ رلیوں کے انداز میں ؛ عیش و مسرّت سے ۔

merriness, n. خُوشی ؛ مسرّت ؛ خوش باشی ؛ خُوش طبعی ؛ قہقہہ انگیزی ، زندہ دلی ؛ رنگ رلیاں ۔

merry-andrew, n. [انڈریو بورڈ کے نام پر جو ہنری ہشتم کا طبیب تھا اور مزاحیہ تقریروں کی وجہ سے معروف تھا] میری انڈریو ؛ ٹھٹھول ؛ دل لگی باز ؛ مسخرہ ۔

merry-go-round, carousel, n. جُھولا ؛ چرخ چُوں ؛ چکر کھانے والا ؛ جھولا ؛ گھومنے والی مشین جس کے تختوں پر لکڑی کے گھوڑے لگے ہوتے ہیں جن پر لوگ خاص طور پر بچّے تفریح کے لیے بیٹھتے ہیں ۔ (مجازاً) بھنور یا تیز چکّر جیسا کہ تجارت یا سماجی زندگی کا ۔

merrymaker, n. خُوش باش ؛ خوشی کی محفلوں میں شریک ہونے والا ؛ رنگیلا ؛ تفریح مہیا کرنے والا ؛ پینے پلانے والا؛ مست ؛ رند ۔

merrymaking, n. خوش باشی ؛ ہنسی ؛ چُہل ؛ مذاق ؛ ٹھٹّا ؛ قہقہے ؛ تفریح ؛ تیوہار ؛ جلسۂ یاراں ؛ خوشی کی محفل میں شرکت ۔ (صفت) خوش باش ؛ خوش ؛ زندہ دل ؛ یارباش ؛ خوشی کی محفل میں شریک ہونے والا؛ تفریح مہیا کرنے والا ۔

merrythought, n. (برطانوی) جَناغ ؛ زناغ ؛ دوشاخی ہڈّی جو پرندوں کے حلق اور سینے کے درمیان ہوتی ہے ۔

Merthiolate, n. (عِلمِ ادویہ) مرتھیولیٹ ؛ پارے کا دافعِ عفونت و جراثیم کُش مرکب ۔ (تجارتی نشان) ۔

mesa, n. نسبتاً چھوٹا بلند قطعۂ زمین یا سطح مرتفع جس کے کنارے ، ارد گرد کی زمین کی طرف ، بہت زیادہ ڈھلوانی ہوں ، ایسے سطوح مرتفع جنوب مغربی امریکا میں عام ہیں ۔

mesalliance, n. اپنے سے کمتر سماجی درجے کے شخص سے شادی ۔

mesarch, a. (نباتیات) مزارک ؛ ایسی حالت کا جس میں ابتدائی چوب ریشہ یا چوبی بافت تنوں یا دوسرے اعضا کے مرکز یا باہر کی جانب نمایاں ہوتا ہے ۔ بمقابلہ درون آغازی (endarch) ۔ بروں آغازی (exarch) ۔

mescal, n. جنس صِبر کی بعض قسموں کے مُخمّر رس سے کشید کرکے بنائی ہوئی نشہ آور اسپرٹ ، کوئی صبر جس سے اسپرٹ حاصل ہو ؛ ناگ پھنی کی دو اقسام لوفوفورا ولیم سائی (Lophophora Williams) اور لوفوفورا لونیائی (L.Lewinii) میں سے کوئی ایک قسم جو ٹیکساس اور شمالی میکسیکو میں پائی جاتی ہے جس کے بٹن جیسے سرے، صِبری بٹن (mescal button) خشک کرکے بطور مُحرّک یا مقوی چیز استعمال کرتے ہیں ، خاص طور پر انڈین ۔

mescaline, n. (عِلمِ ادویہ) بیجھڑی ؛ سفید قلمی الکلانڈ جو صِبری بٹن (mescal buttons) سے تیار کی جاتی ہے اور جس کا استعمال واہمہ یا فریب حِس پیدا کرتا ہے ۔

mesdames, محترمات ؛ madam یا madame کی جمع ۔ مخفف : Mlles ۔

mesdemoiselles, mesdemoiselle کی جمع ۔

meseems, v. impers. (قدیم) مجھے یوں لگتا ہے ، مجھے یوں محسوس ہوتا ہے ۔

mesembryanthemum, n. (نباتیات) گُل صد برگ ؛ بزارہ ؛ جنس بزارہ کا کوئی سا رسیلا ، گیاہی پودا جو جنوبی افریقہ کی پیداوار ہے اور چٹانی باغات کا مقبول آرایشی پودا ہے ۔

mesencephalon, n. میان دماغ ؛ پُل دماغ ؛ دماغ کا درمیانی یا مرکزی حِصہ ۔

mesencephalic, a. میان دماغی ؛ پُل دماغی ؛ دماغ کے مرکزی یا درمیانی حِصّے کا یا اس سے متعلق ۔

mesenchyme, n. (حیاتیات) میان اَدَمہ بافتی خلیہ ؛ مسنکائم ؛ بافت کی میان اَدَمہ کی تہ کے خلیے جو بعض ساختہائوں، مثـلاً دل ، خون ، لِمفی عروق ، غضروف اور ہڈّی میں نمو پذیر ہوتے ہیں ۔

mesenchymal, mesenchymatous, a. ان خلیوں کا یا ان سے متعلق ۔

mesenteron, n. (جنین) میان معا ؛ آنت کے جوف کے ابتدائی مراحل جو درون ادمہ سے گھرے ہوتے ہیں ۔

mesenteronic, a. میان مِعائی ۔

mesentery, mesenterium, n. (تشریح الاعضا) صِفاقی تہ ؛ رودہ بند ؛ آنتوں کی جِھلّی ؛ انتڑیوں کی تھیلی ؛ پیٹ کے پچھلے حصّے سے ملے ہُوئے صِفاق کی تہ یا مثّنی ؛ آنتوں یا پیٹ کے کسی دوسرے اندرونی عضو کا حِصّہ یا حِصّے ۔ (حیوانیات) بعض غیر فقاری (بے ریڑھ کے) جانوروں میں جِھلّی دار پردہ یا جدار جو انہضامی جوف کو منقسم کرتی ہے ۔

mesenteric, a. صفاقی تہ سے متعلق ؛ آنتوں یا اندرونی اعضا سے متعلّق ۔

mesh, n. جال ؛ شبکہ ؛ پھندا ؛ جالی کا کام؛ جالی دار ساخت ؛ رَسّیوں ، دھاگوں یا تاروں کی ایسی ترتیب جس میں وہ ایک جیسے باہمی فاصلے پر رکھ کر بُنی جاتی ہیں ؛ جالی یا جالی جیسا کام ، جالی یا جال کی کُھلی جگہ ۔ (جمع) وہ دھاگے جن سے ان جگہوں کو باندھا جاتا ہے یا جالی بنائی جاتی ہے ؛ (کسی چیز کو) پکڑنے یا مضبوطی سے تھامنے کا ذریعہ (جیسے : caught in the meshes of the law) ۔ (مشین) بڑے دندانے کا پھنساؤ ۔ (برق) جال کے اندر ایسی شاخوں کے مجموعے کی موجودگی کہ اگر ایک شاخ کو ہٹا لیا جائے تو سرکٹ کُھل جائے ۔ (فلزیات) ایک اِصطلاح جو سفوف کی باریکی ظاہر کرتی ہے ، جس کا تعیُّن سفوف کو ایک مقیاس (gauge) کے پردے سے گزار کر کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) جال وغیرہ میں پھنسانا ؛ الجھانا یا بُننا ؛ دام میں لانا ۔ (مشین) گراری (gear) کے دندانے استعمال کرنا ۔ (فعل لازم) الجھنا ؛ دام میں پھنسنا ؛ جال میں اٹکنا ؛ باہم مربوط ہونا ۔ (مشین) پھنسنا ، جیسے ایک گراری یا پہیے کے دندانوں کا دوسرے پہیے یا گراری کے دندانوں میں ۔

meshwork, n. جال یا جالی کا کام ۔

meshuga, meshugga, a. (عوامی) پاگل ؛ خبطی ؛ دیوانہ ۔

mesial, a. درمیانی ؛ وسطی ۔

mesial plane, خطِ مرکزی ؛ خطِ وسطی ؛ فرضی خط جو جسم کو طول بلد کی طرح دو متناسب حصّوں میں تقسیم کرتا ہے ۔

mesially, mesally, adv. درمیانی طور پر ؛ وسطی طریق سے ۔

mesic, a. نمی کی اوسط مقدار کا حامل ۔

mesically, adv. نمی کی اوسط مقدار کے لحاظ سے ۔

mesitylene, n. (کیمیا)میسیٹی‌لین ؛ ایک ہائیڈروکاربن جو صاف مائع کی صورت میں ہوتا ہے ، کول تار سے حاصل ہوتا یا مصنوعی طور پر تیار کیا جاتا اور محلّل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

mesmerism, n. [جرمن طبیب — ایف — اے مسمائر(۱۷۳۳ء تا ۱۸۱۵ء) کے نام پر جس نے اس نظریے کی بُنیاد رکھی] مسمریزم ؛ تنویم ؛ حیوانی کششِ مقناطیسی ؛ وہ عقیدہ جس کے مطابق عامل سے صادر ہونے والی تنویمی کیفیت معمول کو اثر کے ذریعے منتقل ہوتی ہے ؛ ترغیب ؛ اثر یا کیفیت ؛ اثر یا متعلقہ حالت ۔

mesmeric, a. مسمریزم کا یا اس سے متعلق ؛ تنویمی ۔

mesmerically, adv. مسمریزم کے ذریعے ؛ تنویمی طور پر ۔

mesmerist, n. مسمریزم کا عامل ؛ عاملِ تنویم ۔

mesmerize, v.t. بیہوش کرنا ؛ مسمریزم کرنا ؛ تنویم یا خواب آوری کی کیفیت پیدا کرنا؛ مسمریزم زدہ کرنا ؛ مسمریزم سے متأثّر کرنا ؛ مسحُور کرنا ۔

mesmerization, n. مسمریزم کا عمل ؛ تنویم کا عمل ؛ تنویم کاری ۔

mesmerizer, n. مسمریزم کا عامل ؛ تنویم کار ؛ مُنوِّم ۔

mesne, a. (قانون) منجھلا ؛ درمیانی ؛ بیچ کا ؛ منجھولا ؛ وسطی یا درمیانہ ۔

mesne lord, n. درمیانہ جاگیردار ؛ ایسا جاگیردار جو اپنے سے بڑے جاگیردار کی زمین کی دیکھ بھال کرے لیکن خود اپنے سے کم درجہ کاشتکار کا جاگیردار ہو ۔

mesoblast, n. (جنین) میزوبلاسٹ ؛ وسط نہوض ؛ ابتـدائی جنین کی وسطی تہ جو بعد میں میان اَدَمَہ (mesoderm) بن جاتی ہے ۔

mesoblastic, a. میزوبلاسٹ کا یا اس سے متعلق ، وسط نہُوضی ۔

mesocarp, n. (نباتیات) میان پوست ؛ خول پوست (pericarp) کی درمیانی تہ یا حِصّہ جیسی کہ بعض پھلوں میں گُودے والی تہ ہوتی ہے ۔

mesoderm, n. (حیوانیات) میان اَدَمہ ؛ کثیر خلیاتی جانوروں کے جنین میں برون اَدَمہ (ectoderm) اور دورن اَدَمہ (endoderm) کی درمیانی بافتی تہ ۔

mesodermal, mesodermic, a. میان اَدَمی ۔

Mesolithic, a. (بشریات) میان حجری ؛ قدیم حجری (Paleolithic) اور جدید حجری (Neolithic) عہد کو ایک دوسرے سے الگ کرنے والے ثقافتی دور کا یا اس سے متعلق ؛ قدیم حجری اور جدید حجری ادوار کے درمیان عبوری دور سے متعلّق ۔

mesomorph, n. میان شکل ؛ عضلاتی قسم کی جسمانی ساخت جو میان ادمہ (جنین کی تین خلیاتی تہوں میں سے درمیانی تہ) سے حاصل شدہ بافتوں کے غلبے سے ارتقا پذیر ہوتا ہے ؛ اس قسم کی جسمانی ساخت رکھنے والا شخص ۔

mesomorphic, a. میان شکلہ؛ میان شکل کا ، اس سے تعلق رکھنے والا یا اس کی خصوصیت کا حامل ۔ (طبیعیات) قلمی اور مائع کی درمیانی حالت سے متعلق ۔

mesomorphism, n. میان شکلیت ۔

mesomorphy, n. میان شکل ۔

meson, mesotron, n. (طبیعیات) میانیہ؛ وسطی سطح؛ کم ترجوہری ذروں کا کوئی سا گروہ جن کی کمیتیں برقیہ اور قلبیہ ، تعدیلی یا منفی یا مثبت برقی بار بردار میں تغیر پذیر ہوتی رہتی ہے اور

یہ سب کے سب نہایت قلیل الحیات (کم زندگی پانے والے) ہوتے ہیں ۔

mesonephros, n.
(جنین) میان گُردہ؛ فِقری
(ریڑھ کی ہڈّی والے جانوروں) کے جنینی کلیوی (گردے کے) عضو کا وسطی حصّہ؛ فقاریہ کے جنینی کلیوی عضو کا مرکزی حصّہ ۔

mesonephric, a.
میان گردوی ۔

mesophyll, n.
(نباتیات) میان برگ؛ بَرَادمہ
(بیرونی غلاف) (epidermal) کی تہوں کے درمیان کلوروفل کے حامل پتوں کی بافتیں۔

mesophyllic, mesophyllous, a.
میان برگی۔

mesophyte, n.
(نباتیات) میان پودا؛ اَوسَط آبی نبات ،
آبی پودے (hydrophyte) اور خشک پودے (xerophyte) کا درمیانی پودا جو ایسی زمین میں اُگتا ہے جس میں اوسط مقدار کی نمی ہو۔

mesophytic, a.
اَوسط آب نباتی ، وسطانی نبات کا
یا اس سے متعلق ۔

mesosphere, n.
(موسمیات) میان کُرّہ؛ کُرہٗ قائمہ
(stratosphere) اور کرہٗ حرارت (thermosphere) کے درمیان سطحِ زمین سے ۲۰ تا ۵۰ میل کا علاقہ ؛ فضائی تہ جو کرہٗ روانیہ(-ionos phere)سے اوپر قشرارض سے قریباً دو سو پچاس میل کی بلندی پر ہے ۔

mesospheric, a.
میان کُروی ۔

mesothelium, n.
(جنین ، تشریح الاعضا) میان مخاطیہ ؛
میان اَدَمہ کا وہ حصّہ جو جنین کے ابتدائی معدہٗ صغیر کے ساتھ ہوتا ہے ؛ برحلمہ (epithelium) جو میان ادمہ سے پیدا ہوتا ہے ۔

mesothelial, a.
میان مخاطیائی ۔

mesothorax, n.
(حشریات) میان صدر ؛ حشرے کے صدر
(thorax) کے وسط کے تین حصّوں میں سے ایک حصّہ جس میں پنکھوں کی پہلی جوڑی اور ٹانگوں کی تین جوڑیوں میں سے درمیانی جوڑی ہوتی ہے ۔

mesothoracic, a.
میان صدری ۔

mesothorium, n.
(کیمیا) میسوتھوریم ؛ ہمجا تھوریم ؛
ریڈیم یا ایکٹینیم کا ہم جا ؛ یہ دونوں تھوریم (thorium) کی توڑ پھوڑ سے پیدا ہوتے ہیں ۔

Mesozoic, a.
(ارضیات) میان حیاتیہ ؛
قدیم حیاتی (Paleozoic) اور نوحیاتی دور (Cenozoic) کے درمیانی عہد سے متعلق ، جس کا امتیاز پھولوں والے پودوں کا ظہور اور ڈینو سار یعنی سو سماروں کا غلبہ تھا ؛ چٹانوں کے اس گروہ سے متعلق جس کے رکاز اس عہد کی زندگی کی اشکال کی نمائندگی کرتے ہیں ۔
(اسم) ؛ عہد میان حیاتیہ ؛ عہد میان حیاتیہ کی چٹانیں ۔

mesquite, mesquit, n.
مِسکیت ؛ جنوب مغربی امریکا اور
میکسیکو کا پھلی دار درخت یا جھاڑی جس کے لوبیے جیسے ڈوڈے میں شکر کی بہتات ہوتی ہے اور مویشیوں کے چارے کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ؛ جنس جنڈ (Prosopis) کی کوئی بھی قسم مثلاً پیچی لوبیا (screw bean) ۔

mess, n., a.
ملغوبہ ؛ گندگی اور بے ترتیبی کی حالت ؛
بد حواسی یا سراسیمگی کی صورتِ حال ؛ بے ترتیبی ؛ ستیاناس ؛ چوپٹ ؛ گڑ بڑ ؛ اُلجھن ؛ کھانا یا کھانے کی مقدار ؛ ایک وقت میں ایک شخص کی خوراک ؛ مل کر کھانے والوں کی تعداد خاص طور پر فوج میں ؛ وہ مقام جہاں وہ کھاتے ہیں ؛ طعام گاہ ؛ غلیظ یا بُھوک اُڑانے والی خوراک ۔ (فعل لازم) گندگی یا غلاظت پھیلانا ؛ بے ترتیبی کی حالت پیدا کرنا ؛ غیر منظم یا بد حواسی کے عالم میں رہنا ؛ بکھیڑے میں پھنسنا ؛ کھانا ؛ ہم طعام ہونا ؛ دوسروں کے ساتھ مل کر کھانا کھانا جیسے میس (mess) میں ۔ (فعل متعدی) گندا کرنا؛ الجھانا جیسے اپنے معاملات کو ؛ بے ترتیب بنانا ؛ گڑ بڑ کرنا ؛ (کسی کے لیے) کھانا نکالنا یا لگانا ؛ کھانا مہیا کرنا ۔

messily, adv.
بے ترتیبی /بد حواسی سے ۔

messiness, n.
بے ترتیبی ؛ بدحواسی ؛ افراتفری ۔

messy, a.
بے ترتیب ؛ بد حواس ؛ غیر مُنظّم ۔

message, n.
پیغام ؛ فرد یا افراد کا دوسرے فرد
یا افراد کو زبانی ، تحریری یا اشاروں کے ذریعے پیغام مثلاً معلومات مشورہ ، نصیحت ، مبارکباد ، ہدایات وغیرہ ؛ پیام ؛ خبر ؛ اطلاع ؛ سندیسا ؛ تار ؛ سرکاری چھٹی ، جیسے انتظامی سربراہ کی جانب سے قانون ساز ادارے کے نام ؛ کسی گفتگو ، ناول ، ڈرامے ، موسیقی وغیرہ کا اہم نکتہ ؛ قاصد کا کام ، سفر یا فریضہ ؛ رُوحانی اِبلاغ جسے دنیا تک پہنچانا ہو ، جیسے پیغمبر پر نازل ہونے والی وحی ۔ (کمپیوٹر) لفظ یا الفاظ جو بطور اکائی لیے جائیں ۔

messaline, n.
مِسالین ؛ دو سوتی یا اطلس کی
بُنائی میں باریک نرم ریشمی کپڑا ۔

messenger, n.
پیغام بر ؛ پیام بر ؛ نامہ بر ؛ قاصد ؛
ایلچی ؛ پیامی ؛ پیغمبر ؛ پیام رساں ؛ پیغام پہنچانے والا ؛ ایک حکومت سے دوسری یا ایک سرکاری ادارے سے دوسرے ادارے کو پیغام پہنچانے والا ؛ سفیر ؛ ڈاکیا ، ہرکارہ ۔ (قدیم) نقیب ؛ چاؤش ۔

messenger RNA, n.
پیامی تیزاب ؛ پیامی لچھّا مرکزائی
تیزاب ؛ قاصد تیزاب ؛ ایک قسم کا مرکزائی تیزاب جو کسی خلیے کے لچھے دار ذرّات (ribosome) کو تولیدی پیغام پہنچاتا ہے ؛ پیامی ریبونیو کلیک ایسڈ ۔

Messiah, Messias, n.
مسیح ؛ یہودیوں کا نجات دہندہ
جس کا ان سے وعدہ کیا گیا تھا ، مسیح موعود ؛ حضرت عیسیٰ ، جنھیں عیسائی نجات دہندہ سمجھتے ہیں ۔ (چھوٹے m سے) نجات دہندہ موعود ؛ مستعد رہنما ۔

Messiahship, n.
مسیحائی ۔

Messianic, a.
مسیحانہ ۔

messieurs,
(monsieur کی جمع) میسرز ؛ حضرات ؛
صاحبان ۔ مخفف : MM ۔

mess jacket, n.
مردانہ کمر تک کی جیکٹ جو نیم
رسمی موقعوں پر پہنی جاتی ہے ، اسے بیرے اور ہوٹل کے ملازمین بھی وردی کے حصّہ کے طور پر پہنتے ہیں ۔

mess kit, mess gear, n.
کھانے کے برتنوں کا
تہ بہ تہ سیٹ جس میں پلیٹ ، پیالی ، چُھری ، کانٹا ، چمچہ شامل ہوتے ہیں اور جسے خاص طور پر سپاہی یا کیمپ لگانے والے استعمال کرتے ہیں ؛ لباسِ طعام ۔

Messers, n.
(جمع) دیکھیے : mister ۔

messuage, n.
(قانون) مسوج ؛مکاناتِ پائیں ؛
رہایشی عمارت جس کے ساتھ ایسی عمارتیں اور زمین ہو جسے اہل

خانہ استعمال کرتے ہوں؛ حویلی مع متعلّقات۔

mestizo, n. مستی زو؛ کا کیشیائی اور کسی دوسری نسل کے فرد کی اولاد؛ دوغلا؛ دونسلا؛ مغربی امریکا اور ہسپانوی امریکا میں ہسپانوی اور انڈین نسل کا فرد۔

mestiza, n. دوغلی؛ دوغلی نسل کی عورت۔

metabolism, n. (فعلیات) تَحَوُّل؛ استحالہ؛ زندہ عضویہ اور خلیوں میں وہ مجموعی کیمیائی تبدیلی، جس کے ذریعے خوراک زندہ مادۂ اولیٰ یا نخزمایہ میں تبدیل ہو جاتی ہے اور پھر جس کے ذریعے نخزمایہ استعمال ہوتا ہے اور ٹوٹ کر، توانائی مہیا کرتے ہوئے، سادہ تر مرکبات اور فُضلے کی صورت اختیار کرتا ہے۔

metabolic, metabolical, a. تحوّلی؛ استحالی؛ قابلِ تحوُّل؛ لائقِ استحالہ۔

metabolically, adv. تحولانہ؛ استحالانہ۔

metabolite, n. (فعلیات) متحوّل مادّہ؛ جو شے تحوُّل کے عمل سے پیدا ہو؛ عمل استحالہ سے پیدا ہونے والی چیز۔

metabolize, v.t. تحول کرنا؛ استحالہ کرنا۔

metacarpal, a. مُشطی؛ مشط دست سے متعلّق۔ (اسم) ہتھیلی کی ہڈّی؛ عظمِ مُشط؛ مُشطی ہڈّی۔

metacarpus, n. (تشریح الاعضا) مُشطِ دست؛ ہتھیلی؛ کفِ دست؛ ہاتھ یا پیشین عضو کا حصہ، خاص طور پر اس کا استخوانی ڈھانچا جو کلائی یا ساعد اور انگلیوں یا پوروں کی ہڈّیوں کے درمیان ہوتا ہے۔

metacenter, Brit. metacentre, n. (بحریہ، فن تعمیر) پس مرکز؛ وہ نقطہ جہاں عمودی خط جہاز یا کسی تیرتی ہوئی چیز کے اُچھال کے مرکز (center of buoyancy) سے گزرتا ہوا (جبکہ یہ اپنی عام استادہ صورت میں ہو) تیرنے والی چیز کے اس عمودی خط سے مِلتا ہے، جو اچھال کے نئے مرکز سے گزرتا ہے، جب کہ تیرنے والی شے کسی قدر جھکی ہوئی حالت میں ہو، جسم کے مرکز ثقل سے اوپر ہونے کی وجہ سے تیرنے والے جسم کا استحکام اس نُقطے پر منحصر ہوتا ہے۔

metacentric, a. پس مرکزی۔

metagalaxy, n. (فلکیات) ورائے کہکشاں؛ ہمہ کہکشاں؛ تمام کہکشاؤں کے ساتھ کُل کائنات؛ کُل کائنات جس میں تمام کہکشائیں شامل ہیں۔

metagalactic, a. ہمہ کائناتی؛ ہمہ کہکشانی۔

metagenesis, digenesis, heterogenesis, n. (حیوانیات) تبدیلِ نسل؛ نسل گریزی: سلسلۂ تولد کا باری باری تناسلی اور غیر تناسلی ہونا، ایسا مرجانی جانوروں میں ہوتا ہے۔

metagenetic, a. نسل گریزیہ؛ تبدیل نسل سے متعلق۔

metagenetically, adv. نسل گریزیانہ؛ تبدیلِ نسل کے طور پر۔

metal, n. دھات؛ فلز؛ بُنیادی مادی اشیا کے گروہ سے متعلق کوئی شے جیسے سونا، چاندی، تانبا وغیرہ جن میں سے اکثر غیر شفافیت (opacity)، لچک، ملائمت، نرمی (ductility)، ایصالیت (conductivity) اور ایک خاص چمک کی خصوصیات کی حامل ہوتی ہیں؛ کوئی بھرت یا آمیزہ جو کلی یا جزوی طور پر اِن اشیا پر مشتمل ہو؛ ایسے مواد سے بنی ہوئی چیز؛ اجزائے ترکیبی یا مزاج (جیسے candidates of comparable metal)؛ پگھلی ہوئی حالت میں شیشہ۔ (زیادہ تر برطانوی) سڑکوں میں استعمال ہونے والا مواد، مثلاً پتھروں کے ٹکڑے، بجری۔ (طباعت) دھات کا بنا ہوا حرف۔ (فعل متعدی) دھات لگانا؛ پتھر یا کنکر لگانا یا کوٹنا؛ دھات جڑنا؛ ایسے مادے کی تہ جمانا یا اسے کام میں لانا؛ دھات چڑھانا۔

metalize, metallize, v.t. دھاتنا؛ دھات کی صورت دینا یا دھات سے متحد کرنا یا جوڑنا؛ (کسی شے میں) دھات کی خاصیت پیدا کرنا۔

metallic, a. دھات کا؛ فلزی؛ دھات سے مشابہ یا دھات پر مشتمل؛ دھات کی خصوصیات کا حامل۔

metallically, adv. دھات کے طور پر؛ فِلزی طور پر۔

metalliferous, a. فِلز خیز؛ دھات رکھنے/پیدا کرنے والا؛ فِلز دار۔

metalline, n. فِلزی؛ فِلز آمیز؛ کم از کم ایک دھات یا دھات کے نمک پر مشتمل؛ دھات کا؛ دھات جیسا؛ فِلز نما۔

metallography, n. فلز نگاری؛ فلز شناسی؛ دھاتوں کا بیان یا علم، خاص طور پر خردبین کے ذریعے دھاتوں اور ان کے بھرت کا مطالعہ؛ طباعت کا ایک طریقہ جس میں پتھر کی سل کی بجائے دھات کی پلیٹ استعمال ہوتی ہے۔

metallographer, n. فلز نگار؛ فلز شناس؛ دھاتوں کا مطالعہ کرنے والا۔

metallographic, a. فلز نگاری سے متعلق؛ فلز شناسانہ۔

metalloid, n. فلز نما؛ دھتوت؛ بعض ایسے عناصر میں سے کوئی ایک جن میں دھات کے تمام تو نہیں البتہ کچھ خصائص موجود ہوں جیسے بھول کانسی (bismith) اور سلی کون (silicon)۔ (صفت) دھات جیسا مگر غیر دھاتی؛ فلز نُما مگر غیر فلزی؛ فلز نما کی صورت، ہیئت یا خصائص کا حامل۔ نیز metalloidal۔

metallurgy, n. فلزیات؛ دھات کاری؛ دھاتوں کا تکنیکی اور سائنسی مطالعہ؛ کچ دھات میں سے دھاتوں کو دوسرے مادوں سے الگ کرنے کا عمل؛ دھاتوں کا تصفیہ، تزکیہ، ڈھلائی، تشکیل یا کسی اور طریقے سے بہتر بنانے کا عمل۔

metallurgic, metallurgical, a. فلزیاتی؛ دھات صاف کرنے سے متعلق؛ دھات کاری کے بارے میں۔

metallurgically, adv. فلزیاتی طور پر۔

metallurgist, n. ماہرِ فلزیات؛ دھات کار؛ دھات صاف کرنے والا۔

metalwork, n. فلز کاری؛ دھات کا کام خاص طور پر دھات کا فنکارانہ کام؛ دھات کی بنی ہوئی چیز؛ دھات کو شکل دینے کا عمل۔

metalworker, n. فلز کار؛ دھات کا کام کرنے والا۔

metalworking, n. فلز کاری؛ دھات کا کام۔

metamere, n. حلقۂ جسد؛ حلقۂ جسم؛ حلقہ؛ حلقہ دار یا اجزا دار جانوروں کا کوئی حلقہ یا جزو۔

metameric, a. حلقۂ جسم سے متعلّق؛ حلقوی۔

metamerically, adv. حلقۂ جسم کے طور پر۔

metamerism, n. حلقوی تشکیل۔

metamorphic, a. انقلاب پذیر ؛ کایا بدل ؛
مقلب ؛ منقلب ؛ قلبِ ماہیت کے بارے میں؛ ڈھانچے یا ہیئت میں تبدیلی کی خصوصیت رکھنے والا ۔ (ارضیات) متغیّر؛ انقلاب پذیری کا مظاہرہ کرنے والا ۔

metamorphism, n. تغیّر؛ کامل تغیُّر؛ قلبِ ہیئت؛ تقلُّب ؛ دِگرشکلیت ؛ قلبِ ماہیئت ؛ کایا پلٹ ۔ (ارضیات) قدرتی عوامل جیسے دباؤ ، گرمی کی وجہ سے چٹانوں کے ڈھانچے یا اجزائے ترکیبی میں تبدیلی ؛ خاص طور پر جب یہ زیادہ سخت یا قلمی بن جائیں ۔

metamorphose, v.t. قلبِ ہیئت کرنا ؛ مختلف شکل میں تبدیل کرنا ؛ کایا پلٹ کر دینا؛ صورت بدلنا؛ بالکل بدل دینا؛ (کسی شے کی) ہیئت ، صورت یا خصوصیت تبدیل کرنا؛ قلبِ ماہیت کرنا ۔ (فعل لازم) قلبِ ہیئت یا ماہیت ہونا؛ کردار یا شکل تبدیل ہونا ۔

metamorphosis, n. قلبِ ہیئت؛ قلبِ ماہیئت؛ کایا پلٹ؛ صُورت ، بناوٹ یا مواد کی تبدیلی ؛ جادو کے ذریعے قلبِ ہیئت یا کایا پلٹ ؛ ظاہری صورت ، خصوصیات یا حالات میں مکمّل انقلاب ۔ (حیوانیات) جنینی مرحلہ کے بعد کے ارتقا میں کسی جانور کی صورت عموماً عادات میں تبدیلی جیسے غوکچہ (tadpole) کا مینڈک میں بدل جانا ۔ (نباتیات) نشونما کے دوران میں پودے کے ڈھانچے یا عضو میں ترکیبی یا تفاعلی تبدیلی۔ (امراضیات) ڈھانچے ، عضو یا بافت میں تبدیلی۔

metanephros, n. (حیاتیات) پس گردہ ؛ فقری (ریڑھ کی ہڈی والے) اعلیٰ حیوانوں میں گُردے میں نمو پذیر ہونے والے تین مسلسل گُردے کے اعضا میں سے تیسرا عضو۔

metanephric, metanephritic, a. پس گُردوی۔

metaphase, n. (حیاتیات) پس مرحلہ ؛ پس ہیئت ؛ بالواسطہ تقسیم (mitosis) کے عمل میں وہ مرحلہ جو اول مرحلہ (anaph-ase) کے بعد آتا ہے اور جس میں الگ ہونے والے لونیات (chromo-somes) ترتیب پاتے ہیں اور تکلے کے استوا (spindle's equator) سے ملحق ہوتے ہیں۔

metaphor, n. استعارہ ؛ مجاز ؛ کنایہ ؛ ایک صنعت بیان جس میں کوئی اصطلاح یا جملہ کسی ایسی شے کے بارے میں کہا جاتا ہے جس پر وہ لغوی معنوں میں منطبق نہیں ہوتا ، مقصد دو اشیا کے درمیان مشابہت بتانا ہوتا ہے (جیسے : She is the flower of my life)۔

metaphoric, metaphorical, a. مستعار ؛ استعاری ؛ مجازی۔

metaphorically, adv. استعارةً ؛ بطور استعارہ ؛ مجازاً ۔

metaphosphate, n. (کیمیا) میٹا فاسفیٹ ؛ میٹا فاسفورک تیزاب کا نمک یا ایسٹر (ester) ۔

metaphosphoric acid, n. (کیمیا) میٹا فاسفورک تیزاب ؛ بے رنگ تیزاب جو فاسفورس پنٹو آکسائڈ سے حاصل ہوتا ہے اور جو اکثر دندان سازی اور کیمیائی تجزیے میں کام آتا ہے ۔

metaphysic , n. دیکھیے : metaphysics۔

metaphysics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) مابعد الطبیعیات ؛ الٰہیات ؛ فلسفے کا وہ شعبہ جو بُنیادی اصولوں بشمول وجودیات (عِلمُ الوجود)،کونیات (علم کائنات) ، علمیات (نظریۂ علم) پر بحث کرتا ہے ؛ فلسفہ ، خاص طور پر نہایت تخمینی اور باطنی قسم کا فلسفہ ۔

metaphysical, a. مابعد الطبیعیاتی ؛ مافوقُ العادت ؛ الٰہیاتی ؛ تصوّری ۔

metaphysician, metaphysicist, n. مابعد الطبیعیات دان ؛ ماہرِ مابعد الطبیعیات ۔

metaplasia, n. (فعلیات) نسیجی تبدیلی ؛ ایک قسم کی بافتوں کی دوسری قسم کی بافتوں میں تبدیلی ۔

metaplasm, n. (گرامر) تقلیب ؛ کسی جملے یا لفظ میں کسی رُکن ، حرف یا لفظ کے اضافے ، کمی یا تبدیلی مقام سے پیدا ہونے والی تبدیلی ۔ (حیاتیات) مادۂ حیات ، شکل مایہ ؛ خلیے کے نخز مایہ (protoplasm) میں موجود نشاستے ، صبغات (pigments) اور دوسرے بے جان مادے ؛ بعد مایہ ۔

metaplasmic, a. بعد مایہ سے متعلق ؛ تقلیبی ؛ شکل مانگی ۔

metaprotein, n. (حیاتی کیمیا) بعد لحمی ؛ لحمی ؛ مادے پر تیزاب یا الکلی کے عمل سے پیدا ہونے والی شے جو حل پذیری اور ترکیب میں لحمیہ سے مختلف ہوتی ہے ۔

metapsychology, n. مابعدُ النفسیات ؛ فطرت اور ذہن کے وظیفے اور ذہنی اور جسمانی اعمال کے باہمی تعلق پر مرکوز تخمینی مطالعہ ۔

metapsychological, a. مابعدُالنفسیاتی ۔

metasomatism, metasomatosis, n. (ارضیات) کیمیائی تقلُّب ؛ وہ عمل جس کے ذریعے کسی چٹان کی کیمیائی ترکیب اور ڈھانچا تبدیل ہو جاتا ہے ، عموماً اس میں ایک معدنی شے دوسری معدنی شے سے بدل جاتی ہے ۔

metasomatic, a. کیمیائی تقلُّب سے متعلّق ؛ کیمیائی تقلبی ۔

metastable, a. نزپائیدار، بہت کم پائیدار ، جو کم درجہ مستحکم ہو ؛ جس میں استحکام کا درجہ کم ہو ۔ (فلزیات) جو از خود تبدیلی سے متأثر نہ ہو ، لیکن کیمیائی طور پر ناپائیدار ہو ۔ (طبیعیات) نز قائم حالت ؛ نازک توازن کی حالت جس میں بعض حالتوں کو ذرا سا بدل کر پائیداری لائی جا سکے ۔

metastasis, n. تحوُّل ؛ انقلابی تبدیلی ؛ سریع تقلُّب ؛ سریع گریز ، جیسے ایک موضوع سے دوسرے موضوع کی جانب ۔ (امراضیات) انتقال مرض ؛ جسم کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں خون یا عروق جاذبہ کے ذریعے بیماری یا بیماری پیدا کرنے والے خلیوں کا انتقال ؛ اس انتقال سے پیدا ہونے والی حالت ۔ (طبیعیات) ذرے کے مقام یا مدار میں بنیادی تبدیلی ۔

metastatic, a. تحوُّلی ۔

metastatically, adv. تحوُّلی طور پر ۔

metastasize, v.i. (امراضیات) مرض یا مرض پیدا کرنے والے خلیوں کا ایک عضو سے دوسرے عضو میں انتقال کرنا یا پھیلنا ۔

metatarsal, a. (تشریح الاعضا) مُشط پائی ؛ پس کعبی ۔ (اسم) عظمِ پشت پا ۔

metatarsally, adv. مُشط پائی سے ۔

metatarsus, n. (تشریح الاعضا ، حیوانات) پچھلی ٹانگ کے پاؤں کا حصہ خصوصاً اس کے ہڈیوں والے ڈھانچے کا

جو کف پا اور انگوٹھوں یا پوروں کی ہڈّیوں کے درمیان واقع ہوتا ہے ۔

metathesis, n. (گرامر) تقلیب ؛ قلبِ حُروف ؛
ایک لفظ میں حروفِ تہجی کی تبدیلی ؛ لفظ میں حرف ، آواز یا رُکن کے مقام کی تبدیلی ؛ حالات کی تقلیب ؛ انقلاب ۔ (کیمیا) مبادلہِ جواہر ؛ تجزیۂ مضاعف ؛ دوہری تحلیل مثلاً دو مرکبات کے باہم عمل و ردِّعمل سے دو مزید مرکبات کا معرض وجود میں آنا ؛ دو سالمات میں جواہر فرد کا مبادلہ ۔

metathetic, metathetical, a. تقلیبی ۔

metathorax, n. پس صدر ؛ آخری حلقۂ صدر ؛
سینے کا پچھلا حصہ ؛ حشرے کے سینے کا عقبی حصہ جو ٹانگوں کی تیسری اور پنکھوں کی دوسری جوڑی پر مشتمل ہوتا ہے ۔

metathoracic, a. پس صدری ۔

metazoan, n., a. بعد حوینی ؛ حیواناتِ کثیر الخلایا ؛
حیوانات کی بڑی گروہ بندی جس میں تمام کثیر الخلیات حیوانات شامل ہیں جو نخز حوینی (Protozoa) سے ممتاز ہیں ۔

metazoal, metazoic, a. بعدحوینی ؛ حیواناتِ کثیر الخلیات سے متعلق ۔

mete, v.t. ناپنا ؛ ماپنا ؛ ناپ کر تقسیم کرنا ؛
حصہ بانٹنا عموماً اس کے بعد out آتا ہے (جیسے : to mete out reward)۔

mete, n. حد ؛ سرحد ؛ سرحدی نشان ؛ حد کا نشان ؛
پیمایشوں میں بٹا ہوا ۔

metempirical, metempiric, a. ماورائے تجربہ ؛ ماورائے مشاہدہ ؛
تجربے سے باہر یا ماورا ؛ جو تجربے پر مبنی نہ ہو ؛ غیر تجرباتی ؛ ماورائی ۔

metempiricism, metempirics, n. فلسفۂ نظری ؛ ماورائیات ۔

metempiricist, n. ماورائیات کا عالِم ؛ ماورائیاتی ۔

metempsychosis, n. تناسُخ ؛ آواگون ؛ انسانی رُوح کا
موت کے بعد کسی دوسرے انسان یا حیوان کے جسم میں حلُول ۔

metempsychic, metempsychosic, metempsychosical, a. تناسُخی ؛ آوا گونی ۔

metencephalon, n. (تشریح الاعضا) مُؤخر دماغ ؛
دماغ کا پچھلا حصہ ، جو عملاً راس النخاع (medula oblongata) سے ہم مکان ہوتا ہے ؛ پچھلا دماغ ؛ دماغِ صغیر ۔

metencephalic, a. مؤخّرِ دماغی ؛ دماغ کے پچھلے حصّے کا یا اس سے متعلق ۔

meteor, n. (فلکیات) شہابہ ؛ ٹوٹا ہوا تارا ؛
شہابِ ثاقب ؛ نیزک ؛ شہابہ جو فضائے ارضی میں داخل ہونے پر انتہائی تیز رفتاری کی وجہ سے گرم ہو کر سفید ہو جاتا ہے اور روشنی کی لکیر کی طرح نظر آتا ہے ۔

meteoric, a. شہابی ؛ شہاب ثاقب سے متعلق ؛
فضائی مظاہر سے متعلق ؛ فضائی ؛ موسمیاتی ۔ (مجازاً) لمحاتی طور پر درخشاں ؛ دمکیلا ۔

meteoric iron, شہابی آہن ؛ شہابی پتّھر
(حجر شہابی) میں پایا جانے والا لوہا ۔

meteor shower, meteoric shower, شہابی جھڑی ؛ شہاب باری ؛
فضائے ارضی میں بہت سے شہابوں کا بیک وقت داخل ہونے کا منظر ، جب کہ یوں نظر آتا ہے جیسے وہ کسی ایک مشترک نُقطے سے روشنی برسا رہے ہوں ۔

meteoric stones, حجرِ شہابی ؛ شہابی پتّھر ؛
سنگِ سماوی (آسمانی پتھر) جو سطح زمین پر گرتے ہیں جن میں عموماً دھاتی لوہا اور سلیکیٹ (silicate) شامل ہوتا ہے ۔

meteorically, adv. شہابی انداز سے ؛ شہابوں کی طرح ۔

meteorite, n. حجرِ شہابی ؛ شہابی پتّھر ؛
وہ شہابہ جو زمین یعنی قشر ارض تک پوری طرح بھسم ہوئے بغیر پہنچ جائے ۔

meteoritic, meteoritical, meteorital, a. شہابی پتّھر کا یا اس سے متعلق ۔

meteoritics, n. شہابیات ؛ شہابِ ثاقب کا عِلم ۔

meteorograph, n. موسم نگار ؛ ایک آلہ جو بیک
وقت بہت سے موسمیاتی مظاہر کو محفوظ یا رقم کرتا ہے ۔

meteorographic, a. موسم نگاری کا یا اس سے متعلق ۔

meteorography, n. موسم نگاری ۔

meteoroid, n. (فلکیات) شہابہ ؛ شہابِ فضا ؛
بہت سے چھوٹے اجرام فلکی میں سے کوئی ، جو بین السیارات سفر کرتے ہیں اور جب فضائے زمینی میں داخل ہوتے ہیں تو شہابیے یا ٹوٹنے والے ستارے بن جاتے ہیں ۔

meteorological elements, n. موسمیاتی عناصر ؛ وہ مظاہر
جن کا موسمیاتی نُقطۂ نظر سے مشاہدہ کیا جاتا ہے خصوصاً وہ حالات جو زیادہ تر کسی علاقے کے کسی خاص وقت میں موسم کا تعیُّن کرتے ہیں جیسے ہوا کا درجۂ حرارت ، نمی ، ہوا کی سمتی رفتار ، بادل وغیرہ ۔

meteorology, n. موسمیات ؛ عِلمِ آب و ہوا ؛ وہ عِلم
جس کا تعلق فضائی مظاہر سے ہے خاص طور پر موسم اور آب و ہوا کے تعلق سے ؛ کسی مقام کا موسم اور فضائی مظاہر ۔

meteorologic, meteorological, a. موسمیاتی ۔

meteorologically, adv. موسمیاتی اعتبار سے ۔

meteorologist, n. ماہرِ موسمیات ۔

meter, metre, n. (عروض) میٹر ؛ وزن ؛ بحر ؛ چال ؛
الفاظ کی موزوں مصرعوں یا ابیات کی صُورت میں ترتیب ؛ ایسی ترتیب کی خاص ہیئت جو شعر میں بحر کے ارکان کی تعداد پر مبنی ہو ؛ شاعری ؛ شعر ۔ (موسیقی) تال یا وزن کا عنصر جو مساوی زمانی قدر یا مساوی وقت کے حامل اجزا میں تقسیم کر کے ناپا جاتا ہے ؛ ماترا ۔

meter, metre, n. (اعشاری نظام) میٹر ؛ پیمایش
کی بُنیادی اکائی جو کسی نصف النہار پر خطِ استوا سے قطب تک کے فاصلے کے تقریباً ایک کروڑویں حصّے کے برابر ہوتی ہے یا ہونی چاہیے لیکن یہ دراصل پلاٹینم ، اریڈیم سلاخ (جو پیرس کے قریب وزن اور پیمایش کے بین الاقوامی ادارے میں محفوظ ہے) پر موجود خطوط کے درمیانی فاصلے کے برابر ہے جو ۳۹٫۳۷ انچ کے برابر ہوتا ہے ۔

meter, n. پیمایش کا آلہ ؛ مقیاس ؛ میٹر ؛ پیما ؛
خاص طور پر وہ آلۂ پیمایش جو خُود بخود گیس ، پانی ، بجلی وغیرہ کی اس مقدار کو جو اس میں سے گزرتی ہے رقم اور محفوظ کرتا ہے ۔ (فعل متعدی) میٹر کے ذریعہ ناپنا ؛ مقیاس کے ذریعے پیمایش کرنا ۔

meter-kilogram-second, a. میٹر کلوگرام سیکنڈ ؛ اس نظام
پیمایش سے متعلق جس میں وزن ، لمبائی اور وقت کی اکائیاں کلوگرام ،

میٹر اور سیکنڈ ہوتے ہیں۔

meter maid, metermaid, n. خاتون نگران ؛ وہ خاتون جسے شہر میں پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والوں کا چالان کرنے کا اختیار ہو۔

metestrus, n. (حیوانیات) مادہ میمل کے دور مستی (estrous cycle) میں رجوع کا وقت۔

methacrylate, n. (کیمیا) مِیتھَکرِلک ایسڈ سے حاصل ہونے والا نمک یا ایسٹر (ester)۔

methacrylic acid, n. (کیمیا) بے رنگ مصنوعی تیزاب ، جس کے ایسٹر اکثر پلاسٹک کی اساس ہوتے ہیں۔

methadone, methadon, n. مِتھاڈون ؛ عادی کرنے والی مصنوعی دوا جو نیند لانے اور احساس درد کو مٹانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

methane, n. (کیمیا) مِیتھین ؛ دلدلی گیس ؛ بے رنگ ، بے بو،آتش گیر گیس ؛ ہائیڈروکاربن کی ہم اصل سلسلے کی پہلی گیس جو دلدل اور کوئلے کی کانوں کی اگن گیس سے نکلتی ہے اور قُدرتی گیس سے حاصل ہوتی ہے۔

methane series, alkane series, paraffin series, n. (کیمیا) مِیتھین سیریز ؛ سیر شدہ منفصل ہائیڈروکاربن کی ہم اصل گیسوں کا سلسلہ۔

methanol, methyl alcohal,wood alcohol, n. (کیمیا) میتھنول ؛ روحِ چوب ؛ آتشگیر ، پانی میں حل ہونے والی ، اڑنے والی ، بہت زیادہ زہریلی مائع الکوحل جو کیمیائی تالیف میں اور بطور مانع تبرید (برف جمنے کو روکنے والی) ، ایندھن ، محلل اور ایتھائل (ethyl) الکوحل کو بے عمل بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

methemoglobin, methaemoglobin, n. (حیاتی کیمیا) میٹ ہیمو گلوبِن ؛ کسی قدر بھورا مرکّب ، جو آکسیجن اور ہیموگلوبن کا مرکب ہے ، یہ خون میں بنتا ہے اور بعض دواؤں کے استعمال میں موجود ہوتا ہے۔

methenamine, hexamethylenetetramine, n. (کیمیا) متھینمین : ہائیڈروکاربن جو دافع عفونت اور ولکاؤ (vulcanization) کو تیز کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

methinks, v. impers. (قدیم) میرا خیال ہے ؛ مجھے لگتا ہے ؛ مجھے محسوس ہوتا ہے۔

methionine, n. (حیاتی کیمیا) مِتھایونین ؛ قدرتی یا مصنوعی امینوایسڈ (amino acid) جو جگر کی بعض بیماریوں کی روک تھام یا علاج کے کام آتا ہے۔

method, n. طریق ؛ ضابطۂ کار ؛ طریقہ ؛ نہج ؛ اسلوب ؛ ڈھب ؛ باقاعدگی ؛ باضابطگی ؛ ڈھنگ ؛ طرح ؛ ڈول ؛ ڈھرا ؛ قاعدہ ؛ اصول ؛ سلیقہ ؛ وضع ؛ طور ؛ طرز ؛ ضابطے کا انداز، خاص طور پر کسی کام کی تکمیل کا منظم اور پوری طرح واضح طریقہ ؛ عمل یا سوچ کا نظام یا ترتیب ؛ منصوبہ ؛ کسی ضابطے کا مخصوص عملی منصوبہ ، منطقی یا حکمیاتی ترتیب۔

the method, the Method, the Stanislavski method, the Stanislavski system, n. کنسٹنٹین اسٹینسلو سکی کا پیش کیا ہوا اداکاری کی تکنیک کا نظریہ جس میں کردار کے مقصد اور رویے کو سمجھنے اور مؤثر طور پر پیش کرنے کے لیے اداکار کے اپنے جذباتی تجربے کی اہمیّت پر زور دیا گیا ہے۔

methodical, methodic, a. طریقے یا ضابطۂ کار سے متعلق ؛ باسلیقہ ؛ باضابطہ ؛ باقاعدہ ؛ بااصول ؛ باترتیب ؛ منضبط ؛ ایک اصول پر ؛ اصولی ؛ باقاعدہ منظم چلن والا ؛ محنت کرنے والا ؛ منظم صورت میں ؛ باقاعدہ ترتیب یا سلسلے میں۔

methodically, adv. منظم طریقے سے ؛ ضابطہ کار کے طور پر۔

methodicalness, n. ترتیب ؛ نظم ؛ باضابطگی۔

Methodist, n., a. میتھوڈسٹ ؛ کٹر اصولی ؛ جون ویزلی (John Wesley) کے عیسائی فرقے کا پیروکار ، جس نے ان کی زندگیوں کی باقاعدگی اور فرائض مذہبی کی سختی سے پابندی کی وجہ سے یہ نام پایا۔ (چھوٹے m سے) اصولوں پر سختی سے کاربند رہنے والا ؛ ضابطہ پرست۔

Methodism, n. اُصولیت ؛ ضابطہ پرستی ؛ طریقیت ؛ متھوڈِسٹ فرقے کی عبادت اور عقائد۔

Methodistic, a. اصولی ؛ ضابطہ پرستانہ۔

methodize, v.t. ضابطے کی حد تک کم کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ باترتیب کرنا ؛ طریقے کے مطابق تیار کرنا۔

methodizer, n. پابند طریق کرنے والا ؛ طریقے کے مطابق تیار کرنے والا۔

methodology, n. طریقیات ؛ اُصولیات ؛ منہاجیات ؛ سائنس یا فُنون میں درجہ بندی یا طریقوں کا نظام۔ (منطق) کسی شُعبۂ مطالعہ یا سائنس کی تنظیم کے بنیادی طریقوں کا مطالعہ۔

methodological, a. طریقیاتی۔

methodologically, adv. طریقیاتی طور پر۔

methodologist, n. ماہر طریقیات۔

methoxide, n. متھوکسائڈ۔ دیکھیے : Methylate ۔

methoxychlor, DMDT, methoxy DDT, n. متھوکسی کلور ؛ کیڑے مار دوا جو ڈی ڈی ٹی (DDT) سے کم زہریلی ہوتی ہے اور سفید ٹھوس قلموں پر مشتمل ہوتی ہے۔

Methuselah, n. (عہد نامۂ قدیم) متھوزلہ ؛ ایک بطریق جس نے ۹۶۹ سال عمر پائی (پیدایش ۵ : ۲۷)۔ (مجازاً) غیر معمولی لمبی عمر پانے والا۔

methyl, n. (کیمیا)میتھائل ؛ یک گرفتہ ہائیڈرو کاربن اصلیہ۔

methylic, a. میتھائل کا یا اس سے متعلّق۔

methylal, n. (کیمیا)میتھائل؛ چوبینہ ؛ بے رنگ ، اُڑنے والا ، خوشبو دار مائع مرکب ، جومیتھائل آمیز الکوحل کی تکسید سے حاصل اور نامیاتی تالیف ، خوشبوؤں ، چپکنے والی اشیا اور حفاظتی تہ جمانے میں استعمال ہوتاہے۔

methyl alcohol, n. میتھائل الکوحل ؛ چوبی الکوحل ؛ روح چوب۔ دیکھیے : Methanol ۔

methylamine, n. (کیمیا) میتھائل امائن ؛ آتش گیر بے رنگ گیس جو تیز امونیائی بُو کی حامل ہوتی ہے اور بُنیادی طور پر صنعت میں استعمال ہوتی ہے خاص طور پر دباغت اور دوا سازی میں۔

methylate, methoxide, n. (کیمیا) متھلیٹ ؛ میتھائل الکوحل سے ماخوذ جس میں ہائیڈروکسائل گروپ کی ہائیڈورجن کی جگہ دھات شامل کی گئی ہو۔ (فعل متعدی)میتھائل سے ملانا ؛میتھائل الکوحل میں

ڈورک طرز کی گوٹ میں جھری دار مربعوں کے درمیان ایک آراستہ یا سادہ مربع جگہ ۔

metopic, a. (تشریح الاعضا) جبینی ؛ پیشانی کا یا اس سے متعلق ، سامنے کا ۔

Metrazol, n. (علمِ ادویہ) میٹرازول ؛ ایک مُحرّک دوا پنٹی لین ٹیٹرازول (pentylenetetrazol) جو دل کی بعض بیماریوں اور دماغ کی بعض خرابیوں کے علاج میں استعمال ہوتی ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

metric, n. میٹری ؛ مقدار یا پیمایش کا ایک طریقہ یا معیار ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) عروض کا شُعبہ جس کا تعلق بحر یا وزن سے ہوتا ہے ۔

metric, metrical, a. مِیٹری ؛ پیمایشی ؛ مساحتی ؛ اعشاری ؛ پیمایش کا اعشاری نظام ؛ اس پیمایشی نظام سے متعلق جس میں میٹر بطور اساس استعمال ہوتا ہے ۔

metrical, metric, a. مَوزُوں ؛ باوزن ؛ وزن یا بحر سے متعلّق ؛ شاعری کی بحر یا وزن پر مشتمل ؛ پیمایش کا یا اس سے متعلق ۔

metrically, adv. بحر یا وزن کے اعتبار سے ؛ پیمایش کے طور پر ۔

metrist, n. عروضی ؛ شاعر ؛ شعر گو ۔

metric system, n. مِیٹری نظام ؛ اعشاری نظام ؛ وسیع طور پر استعمال ہونے والا وزن اور پیمایش کا اعشاری نظام جس میں مِیٹر اور گرام بنیادی اکائیاں ہیں ۔

metric ton, n. میٹرک ٹن ؛ اعشاری ٹن ۔

metrify, v.t. وزن میں لانا یا شعر کہنا ۔

metrification, n. موزونیّت ؛ شعر گوئی ؛ شعر موزوں کرنے کا عمل ۔

metrifier, n. موزوں کرنے والا ؛ شعر کہنے والا ؛ شاعر ۔

metro, n. (اکثر بڑے M سے) یورپی شہروں ، خاص طور پر لندن اور پیرس میں ، زیرِ زمین ریلوے ؛ زیریں راستہ ۔

metrology, n. مِقیاسیات ؛ نظامِ وزن و پیمایش ؛ وزن اور پیمایش کا عِلم ؛ پیمایشی نظام ۔

metrological, a. مِقیاسیاتی ؛ پیمایشی ۔

metrologically, adv. مقیاسیاتی طور پر ۔

metrologist, n. ماہرِ مقیاسیات ۔

metronome, n. میٹرونوم ؛ تال شُمار آلہ ؛ تال ترازُو ؛ تال ناپ ؛ میکانی طریقے یا بجلی سے چلنے والا آلہ جو تال کو وقت کے پیمانے سے ناپتا ہے ۔

metronomic, a. تال ترازو کا ؛ تال شمارانہ ؛ تال شُماری سے متعلق ۔

metronomically, adv. تال شُماری کے ذریعے ۔

metronoscope, n. مِیٹرونواسکوپ ؛ایک میکانی آلہ جس سے مطبوعہ موادکے ، وقتی وقفوں کے ذریعے ،پڑھنے کی رفتار کو ترقی دی جاتی ہے یا اس کا امتحان لیا جاتا ہے ۔

metronymic, n., a. دیکھیے : Matronymic ۔

metropolis, n. میٹروپولس ؛ بڑا یا اہم شہر ؛ عروسِ البلاد ؛ اُمُّ البلاد ؛ کسی ریاست ، مُلک یا علاقے کا بڑا شہر ، جو ضروری نہیں کہ پایہ تخت بھی ہو ؛ شہری کاروبار کا مرکزی یا اہم

ملانا ۔

methylation, n. میتھائل کاری ؛ میتھائل میں ملانے کا عمل ؛ میتھائل میں آمیزش ۔

methylator, n. میتھالیہ ؛ میتھائل ملانے والا ۔

methylated spirit, methylated spirits, n. میتھائلی اسپرٹ ؛ میتھائل آمیز روح شراب ؛ میتھائل اسپرٹ ؛ چوبی الکوحل سے مقلوب کی گئی ایتھائل الکوحل جو اسے انسانی استعمال کے لیے ناموزوں بنا دیتی ہے ۔

methyl bromide, bromomethane, n. (کیمیا) میتھائل برومائیڈ ؛ نہایت زہریلی گیس یا مائع جو خاص طور پر نامیاتی تالیف میں اور منجمد کرنے ، دھواں پیدا کرنے اور تحلیل کرنے کے لیے مستعمل ہے ۔

methylene, n. (کیمیا) دوگرفتہ ہائیڈرو کاربن کا اصلیہ جو بہت سے مرکبات میں پایا جاتا ہے ۔

methylene blue, methylthionine chloride, n. (کیمیا ، علمِ ادویہ) مِتھلین بلُو ؛ ایک مرکب جسے تکسید ، تحلیل کے ردعمل کے کیمیائی مُظہر کے طور پر حیاتیات اور جرثومیات میں رنگ کے لیے اور سایانائڈ (cyanide) کے زہر کے تریاق کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

meticulous, a. محتاط ؛ باریک بین ؛ جزرس ؛ جزئیات کے بارے میں ضرورت سے زیادہ نکتہ چین ؛ بے انتہا محتاط یا نازک مزاج ، نک چڑھا ۔

meticulously, a. بہت احتیاط سے ؛ باریک بِینی سے ۔

meticulousness, meticulosity, n. احتیاط ؛ باریک بینی ۔

metier, n. کام ؛ پیشہ ؛ خصوصی مہارت ؛ تخصّص ؛ ایسا کام جس میں کوئی خاص طور پر ماہر یا تربیّت یافتہ ہو ۔

metis, n. (اکثر بڑے M سے) دوغلا ؛ مخلُوطُ النسل ؛ دونسلا ؛ کینیڈا میں وہ شخص جس کے والدین امریکی انڈین اور فرانسیسی کینیڈین ہوں ۔

Metol, n. (عکّاسی) میٹول ؛ حل پذیر سفید سفُوف جوبطور آشکارگر (developer) (فوٹو کی دُھلائی میں) کام آتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

Metonic cycle, n. [پانچویں صدی ق ۔ م کے ایک ماہر فلکیات میٹون کے نام پر] مِٹونی چکّر ؛ مِٹونی دَور ؛ دور قمر ؛ بین المحاقین مہینوں کا دور جو ۱۹ سال کے برابر ہوتا ہے جس میں چاند کی صورت میں تبدیلیاں سال کے دنوں کی نسبت سے دوبارہ وہی صورت اختیار کر لیتی ہیں جو صورت ان کی آغازِ دَور میں تھی ۔

metonymy, n. (علمِ بیان) مجازِ مُرسل ؛ صنعتِ بیان جس میں ایک لفظ کسی خاص نسبت کی وجہ سے دوسرے لفظ سے بدل دیا جاتا ہے،مثلاً جب ہم کہتے ہیں کہ we read Virgil تو ہماری مراد ورجل کی شاعری یا تحریریں ہوتی ہیں ۔

metonym, n. مجازی لفظ ۔

metonymical, a. مجازِ مُرسل کے متعلّق ؛ مجازی ۔

me-too, a. مِی ٹُو ؛ نقال ؛ خاص طور پر سیاسی حریف کے کامیابی سے آزمائے ہوئے ہتھکنڈوں یا حکمتِ عملی کی نقّالی کا حامل ۔

me-tooer, n. نقّال شخص ۔

me-tooism, n. نقّالیت ۔

metope intertriglyph, n. (فنِ تعمیر) رُخ ؛ چہرہ ؛ پیشانی ؛

نُقطہ (جیسے : a commercial metropolis) ؛ قدیم یُونانی نوآبادی کا بڑا شہر یا بڑی ریاست ؛ مذہبی ریاست کے اُسقُفِ اعظم کا عُہدہ یا علاقہ ۔

metropolitan, a. بڑے شہر سے متعلق ؛ اُمُ البلادی ؛ بڑا (جیسے : a metropolitan city) ؛ بڑا شہر ؛ بڑے شہر کی خصوصیات کاحامل ؛ بڑے مذہبی مرکز سے متعلق (جیسے : a metropolitan bishop) ۔ (اسم) اُمُ البلادی شخص ؛ بڑے شہر کا باشندہ ؛ اُمُ البلادی آداب کا حامل ؛ نوآبادی کے اُمُ البلد کا شہری ؛ مذہبی صوبے کے بشپوں کا صدر بشپ یا اس درجے کا کوئی دوسرا مذہبی عہدیدار ۔

metropolitanism, n. اُمُ البلادیت ۔

mettle, n. خاص مزاج ؛ جذبہ ؛ جرأت ؛ طبیعت ؛ جوہر ؛ نہاد ؛ گُن ؛ شدید رغبت ۔

put a man on his mettle, کسی کو ترغیب دینا کہ وہ اپنی انتہائی کوشش کرے ؛ بڑھاوا دینا ؛ ہمت بندھانا ۔

mettlesome, mattled, a. جذبے والا ؛ پُرجوش ؛ جری ؛ دَم خَم والا ؛ جُرّات مند ؛ جی دار ۔

mew, meow, v.i. مِیاؤں مِیاؤں کرنا ؛ بلّی کی آواز نکالنا ۔ (اسم) بلّی کی آواز ؛ میاؤں میاؤں ۔

mew, n. یاغو ؛ مرغابی ؛ بحری بگلا ؛ خاص طور پر عام یورپی بگلا ۔

mew, n. کریز کرنے والے باز یا دُوسرے پرندوں کا پنجرہ ؛ قفس ؛ احاطہ ؛ قید ؛ آرام یا چُھپنے کی جگہ ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد یا جمع) (زیادہ تر برطانوی) اصطبل یا گاڑی خانے ، عموماً رہایشی مکانوں کے ساتھ جو احاطے ، گلی یا پس کُوچہ کے ارد گرد ہوں ؛ کوچہ ، گلی یا محلّہ جس میں اصطبلوں کی قطاریں ہوں ۔ (فعل متعدّی) کُریز کرنا ؛ پَر جھاڑنا ؛ قفس میں کرنا ؛ بند کرنا ؛ محصُور کرنا ؛ قید کرنا ، جیسے پنجرے میں ۔

mewl, v.i. بچے کی طرح نحیف آواز میں رونا ؛ ٹھنکنا ۔

Mexican, a. میکسیکو یا وہاں کے باشندوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (اسم) میکسیکو کا باشندہ ۔

Mexican bean beetle, n. چتی دار بھونرا جو لوبیے کے پتّے کھاتا ہے ۔

Mexican hairless, n. بے پشم کُتّا ؛ میکسیکو کے دیسی چھوٹے بے پشم کُتّوں کی نسل ۔

mezuzah, n. (صیہونیت) میزوزہ ؛ کپڑے کا ٹکڑا جس پر ایک طرف عہد نامہ قدیم کی پانچویں کتاب کے آیات : ۱۱ : ۱۳ ۔ ۲۱ اور ۴ : ۴ — ۹ درج ہوتے ہیں اور دوسری طرف خدا کا ایک نام لِکھّا ہوتا ہے ۔ اسے ایک غلاف میں اس طرح رکھّا جاتا ہے کہ خدا کا نام باہر سے نظر آئے اور یہ غلاف ہر باب کے احکامات کی تعمیل کے لیے ایک گھر کے دروازے پر لٹکا دیا جاتا ہے ۔

mezzanine, n. (فنِ تعمیر) درمیانی منزل ؛ نیم چھتی ؛ دو چھتی ؛ دو بڑی منزلوں کے درمیان کی قدرے نیچی چھت کی منزل ؛ تھیٹر کی زیریں شہ نشین یا شہ نشین کی نشستوں کی پہلی قطار ۔

mezzavoce, a., adv. (موسیقی) نیم آواز ، نیم آواز سے ؛ نصف صوتی قُوّت کے ساتھ ، گانے والے کو ہدایت دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

mezzo, a. درمیانی ؛ درمیانہ ؛ میانہ ؛ نصف ؛ نیم ۔

mezzo forte, a., adv. (موسیقی) نیم توانائی سے ؛ درمیانی اُونچی ؛ مدھ استھان ، دھیمی اور اونچی کے درمیان ؛ گانے یا بجانے والے کو ہدایت دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

mezzo piano, a., adv. (موسیقی) درمیانے درجے کا نرم لیکن پیانو کی طرح نہیں ، گانے یا بجانے والے کو ہدایات دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

mezzo-soprano, n. (موسیقی) ایک خاص نوعیت کی آواز ؛ پنجم سُر اور پاتال (مدھم زنانہ) کی درمیانی آواز یا آواز کا حصّہ ؛ ایسی آواز والا شخص ۔ (صفت) درمیانی آواز سے متعلق یا اس کا حامل ۔

mezzotint, n. نیم رنگ کَندہ کاری ؛ دھات کی کَندہ کاری کا اسلوب جس میں تانبے یا فولاد کی چادر کی ناہموار سطحیں صَیقل یا دوسرے دستی اوزاروں کے ذریعے اس طرح ہموار کی یا کُھرچ دی جاتی ہیں کہ رنگ کے ہلکے اور گہرے درجے نمایاں ہو جائیں ؛ ایسی کندہ کاری کی چھپائی ۔ (فعل متعدی) نیم رنگ کَندہ کاری کرنا ۔

mezzotinter, n. نیم رنگ کَندہ کار ۔

mho, n. (برق) مَو ؛ ایصالیت کی اکائی ؛ کسی ایسے جسم کی ایصالیت کے برابر جس کی مزاحمت ایک اوہم (ohm) ہو ۔

mi, n. (موسیقی) سرگم کے تیسرے سُر کے لیے استعمال ہونے والا رُکن ؛ سرگم جیسے تیسرے شُدھ سرگم میں E ؛ سرگم کا تیسرا سُر ۔

miaow, v.t., n. بلّی کی بولی بولنا ؛ بلّی کی طرح بولنا ؛ میاؤں میاؤں کرنا ۔ دیکھیے : Meow ۔

miasma, n. سڑاند ؛ بدبودار بُخارات ؛ بخار متعفّن ؛ فضا کا ایک خطرناک زہریلا یا فاسد عُنصر ؛ نامیاتی مادّے کے گلنے سڑنے سے پیدا ہونے والی بُو ، جو اگلے زمانے میں زہریلی سمجھی جاتی تھی ۔

miasmal, miasmatic, miasmic, a. بدبُو دار ؛ متعفّن ؛ سڑاند والا ۔

mica, n. (معدنیات) ابرق ؛ ابرک ؛ طلق ؛ چلچل ؛ ابرق کی پرت دار چٹان ؛ ایک تہ دار ساخت کا سلیکیٹ ، جو پتلی لچکیلی تہوں یا پرتوں پر مُشتمل ہوتا ہے جو آسانی سے ایک دوسرے سے الگ ہو جاتے ہیں اور اس میں تقریباً دھات جیسی چمک ہوتی ہے ۔ دیکھیے : isinglass ۔

micaceous, a. ابرقی ؛ ابرکی ؛ ابرق کی خاصیت کا ؛ ابرق صفت ؛ چمکدار ؛ ابرق دار ؛ ورقہ ورقہ ؛ طلقی ۔

micelle, n. (کیمیا) التصاقی ریزہ ؛ لسونتی ریزہ ؛ سالماتی ترکیب یا ساخت کی اکائیوں کا مجموعہ جو کسی التصاقی محلول میں کیمیائی طور پر موجود یا شامل ہو ۔ (حیوانیات) حئی ریزہ ؛ خلیے کے نخزمایہ یا مادّۂ اُولیٰ کے اندر لحمیہ یا کسی دوسرے مادّے کی ورائے خُردبینی ترکیبی اکائی ۔

micellar, a. التصاقی ریزے سے متعلق ؛ حئی ریزوی ۔

Michaelmas, n. (برطانوی) ضیافت میکائیل ؛ حضرت میکائیل ، فرشتۂ اعظم ، کے اعزاز میں دی گئی ضیافت جس کا اہتمام عیسائی ۲۹ ستمبر کو کرتے ہیں ؛ انگلستان کا سہ ماہی دن جب سہ ماہی کرائے اور دوسری اذائیگیاں واجب الادا ہوتی ہیں ۔

Michaelmas daisy, n. بابُونۂ ضیافتِ میکائیل ؛ ضیافتِ میکائیل کے دنوں میں کِھلنے والے تارا پھولوں کی کوئی بھی قسم ۔

Mickey Finn, mickey micky, n. (بعض اوقات چھوٹے m سے) (عوامی) ایسی شراب جس میں خفیہ طور پر کوئی نشہ آور دوا ملا دی جائے جس کی وجہ سے بے خبر پینے والا بیہوش ہو جائے ؛ بے ہوش کُن شراب ۔

microanalysis, n. (کیمیا) خُرد تجزیہ ؛ تجزیۂ قلیل مقدار ؛ مادّے کی نہایت کم مقداروں کا تجزیہ ۔

microbarograph, n. خُرد بارنگار ؛ فضائی دباؤ میں نہایت خفیف کمی بیشی کو ناپنے کا آلہ ۔

microbe, n. جرثُومہ ؛ مائیکروب ؛ زندَک ؛ خُردبینی جرثومہ ؛ خُردبینی عضویہ جیسے جرثومہ ، خصوصاً مرض خیز نوع ؛ عضویۂ خُرد ۔

microbial, microbian, microbic, a. مائیکروب دار ؛ مائیکروبی ؛ زندکی ؛ جرثومی ۔

microbiology, n. خُرد حیاتیات ؛ حیاتیاتِ زندک ؛ حیاتیاتِ جرثومی ؛ مائکروبیات ؛ خُردبینی عضویات کا عِلم اور مُطالعہ ۔

microbiologic, microbiological, a. خُرد حیاتیاتی ؛ مائکروبیاتی ۔

microbiologically, adv. خُرد حیاتیاتی طور پر ؛ مائکروبیاتی طریقے سے ۔

microbiologist, n. ماہرِ خُرد حیاتیات ؛ مائیکروب شناس ۔

microcircuit, microelectronic circuit, mircominiature circuit, n. خُرد سرکٹ ؛ خُرد برقیاتی حلقہ ؛ کمپیوٹر اور خلائی سازوسامان میں استعمال ہونے والا مختصر سرکٹ/حلقہ/دور جو فوٹو گرافی کے ذریعے قائم کیا جاتا ہے ۔

microclimate, n. خُرد آب و ہوا ؛ محدود یا علاقائی آب و ہوا ؛ کسی خاص مقام یا علاقے کی آب و ہوا مثلاً غار، جنگل یا آبادی کی (کلاں آب و ہوا (macro climate) کے برعکس) ۔

microclimatic, a. خُرد آب و ہوائی ؛ علاقائی آب و ہوا سے متعلق ۔

microclimatological, a. خُرد آب و ہوا کے عِلم کا یا اس سے متعلق ؛ خُرد آب و ہوائیات کا یا اس سے متعلق ؛ علاقائی آب و ہوا کے عِلم سے متعلق ۔

microclimatology, n. خُرد آب و ہوا کا عِلم یا مُطالعہ ؛ خُرد آب و ہوائیات ؛ علاقائی آب و ہوا کا عِلم ۔

microcline, n. مائیکروکلائن ؛ قائمہ شگاف سے مشابہ مگر سہ مائلہ نظامی فلسپار خاندان کی بوقلمون معدنی شے جو شیشے اور مینا کاری کے ظُروف بنانے ، ظُروف پر روغنی تہ جمانے اور برقی حاجز بنانے میں کام آتی ہے ۔

micrococcus, n. خُرد نبقہ ؛ کُروی نبقہ ؛ جنس خُرد نبقہ کی کوئی بھی قسم جو گول یا بیضوی جرثومی عضویات پر مُشتمل ہوتی ہے ان میں سے بعض بیماری کا باعث بنتی ہیں اور بعض تخمیر (خمیر اُٹھانے) کا سبب ۔

micro computer, n. مائیکرو کمپیوٹر ؛ مختصر اور سستا کمپیوٹر ۔

microcopy, n. خُرد نقل ؛ مطبُوعہ صفحے ، دستاویز یا دُوسرے تحریری مواد کی عکّاسی کے ذریعے چھوٹی کی گئی نقل ۔ (فعل لازم و مُتعدّی) خُرد نقل بنانا ؛ خُرد نقل تیار ہونا ۔

microcosm, microcosmos, n. کائنات صغیر ؛ انسان ؛ اجمالِ عالم ؛ عَالَمِ صغیر ؛ کوئی بھی چیز جسے عالَمِ صغیر سمجھا جائے ، عموماً انسان ، جسے عالَمِ اکبر یا کائنات کا خلاصہ سمجھا جاتا ہے ۔

microcosmic, microcosmical, a. عالَمِ صغیر کا یا اس سے متعلق ؛ انسان نُما ؛ اجمالِ عَالَم سے متعلق ۔

microcosmically, adv. عَالَمِ صغیر کی طرح ۔

microcosmic salt, n. (کیمیا) خُرد نمک ؛ سوڈیم اور امونیَم کا فاسفیٹ جو دھاتی آکسائڈوں اور بعض دوسرے نمکیات کے جانچنے میں بطور متعامل استعمال ہوتا ہے ۔

microcrystalline, a. خُرد قلمی ؛ چھوٹے قلموں والا ؛ خرد قلموں پر مشتمل ۔

microcrystallinity, خُرد قلمیّت ۔

microcyte, n. (امراضیات) خُرد خُلیۂ خون ؛ خون کا نہایت چھوٹا سُرخ جسیمہ جو فقرُالدم (خون کی کمی) کی بعض صورتوں میں واقع ہوتا ہے ۔

microcytic, a. خُرد خُلیۂ خون کا یا اس سے متعلق ۔

microdot, n. خُرد نُقطہ ؛ کسی دستاویز کی عکسی نقل جسے گھٹا کر ایک چھوٹے نقطے کے برابر کر دیا گیا ہو ۔

microelectronics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) خُرد برقیات ؛ برقیات میں شُعبۂ تصغیر خصوصاً برقیاتی نظام میں مختصر عناصر جیسے ٹھوس حالتی ٹرانزسٹرز کا استعمال ؛ برقیاتی پُرزوں کا مطالعہ/عِلم ۔

microfiche, n. مائیکروفش ؛ دستاویز کی مختصر کردہ تصویر/فوٹوگرافی کا ایک طریقہ ، جسے عموماً ایک کارڈ کی صورت میں پرو دیا جاتا ہے ۔

microfilm, n. مائیکروفلم ؛ خُرد فِلم ؛ مطبوعہ یا تحریری مواد کی ایسی عکسی نقل والی فلم جسے بہت چھوٹا کیا گیا ہو لیکن یہ اس قابل ہو کہ اگر اسے خاص مُکبّر کے ذریعے دیکھا جائے تو بڑی دکھائی دے ۔اس کا فائدہ یہ ہے کہ یہ مستقل طور پر محفوظ رہتی ہے اور جگہ بھی کم گھیرتی ہے ۔ (فعل متعدی) مائیکرو فلم بنانا ، خرد فلم بنانا ۔

microgamete, n. (حیاتیات) خُرد گمٹہ ؛ نر گمٹہ ؛ عضویے کا نر اور چھوٹا گمٹہ جس میں غیر مشابہ گمٹے ہوتے ہیں ۔

microgram, n. خُرد گرام ؛ مائیکروگرام ؛ گرام کے دس لاکھویں حصّے کے برابر وزن کی اکائی ؛ خُردنگارش ؛ خردبینی تصویر ؛ بہت مختصر کی ہوئی تصویر، خاکہ یا نقشہ ۔

micrograph, n. خردنگار ؛ مائیکروگراف ؛ انتہائی چھوٹی تحریر یا کندہ کاری کا آلہ ؛ خُرد بینی تصویر ؛ خُرد تصویر ؛ خُردبین کے ذریعے دیکھی جانے والی چیز کی نقشہ کشی یا تصویر ۔

micrographic, a. خُرد نگاری سے متعلق ۔

micrography, n. خُرد نگاری ؛ بہت چھوٹے حروف میں لکھنے کا فن ؛ خُردبینی اشیا کی تصویر کشی یا بیان ؛ خُردبینی معائنہ ۔

microgroove, n. خُردجھری ؛ طویل دورانیے کے گراموفون (فونوگراف) ریکارڈ پر بہت قریب بنائی ہوئی جھری تا کہ ریکارڈ یا قرص میں زیادہ سے زیادہ مواد سما سکے ۔

micrometeorite, n. خُرد شہابہ ؛ شہابہ یا شہاب کا ذرّہ جو

قُطر میں ایک ملی میٹر سے کم ہو ، اتنا چھوٹا کہ ارضی فضا کی گرمی سے ضائع ہوئے بغیر گزر جائے ۔

micrometeoroid, n. (فضائیات) خُرد شہابِ فضا ؛ چھوٹا شہابِ فضا جو مصنوعی سیّاروں یا فضائی تحقیقات کے دوران مشاہدے میں آتا ہے ۔

micrometer, n. خُردہ پیما ؛ خُرد پیما ؛ ایک آلہ جو دُوربین یا خُردبین کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے جس کے ذریعے بہت چھوٹے فاصلے، قُطر یا زاویے ناپے جاتے ہیں ۔

micrometry, n. خُردہ پیمائی ؛ خُرد پیمائی ۔

micrometer caliper, n. خُردہ پیما چاپ؛ پیمانہ یا چاپ جس کے تکلے کو خُردہ پیما پیچ سے حرکت دی جاتی ہے جو نہایت دُرُست پیمایش کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

micrometer screw, n. خُردہ پیما پیچ ؛ نہایت باریک چُوڑیوں والا پیچ ، جس کا سَر نشان دار یا پیمانہ بند ہوتا ہے ، یہ زیادہ تر خُرد پیما میں استعمال ہوتا ہے ۔

micromicron, n. مائیکرو مائیکرون ؛ مائیکرون کے دس لاکھویں حصے کے برابر لمبائی کی اکائی ۔

micromillimeter, n. مائیکروملی میٹر؛ ملی میٹر کا دس لاکھواں حصہ ؛ ملی مائیکرون ۔

micron, mikron, n. مائیکرون ؛ لمبائی کی اکائی جو میٹر کے دس لاکھویں یا ملی میٹر کے ہزارویں حصّے کے برابر ہوتی ہے ۔

Micronesian, a. مائیکرونیشن ؛ مائیکرونیشی ؛ مائیکرونیشیا کا یا اس سے متعلق ؛ اس کے باشندوں یا زبان کا یا اُن سے متعلق (مائیکرونیشیا ، مغربی بحرالکاہل میں ایک مجمع الجزائر ہے جہاں مختلف نسلوں کے لوگ ، زیادہ تر پولی نیشیا کے رہنے والے آباد ہیں) ۔ (اسم) ، مائیکرونیشیا کا اصلی باشندہ ؛ یہاں بولی جانے والی کوئی سی زبان یا بولی ۔

micronucleus, n. (حیاتیات) نواتِ اصغر ؛ بعض یک خُلیاتی مژگاں دار عُضویوں میں پیدا ہونے والے دو میں سے چھوٹا نوات جو گمٹوں کا سرچشمہ ہوتا ہے ۔

micronuclear, a. نواتِ اصغر کا یا اس سے متعلق ؛ نواتِ اصغری ۔

micronutrient, n. (حیاتی کیمیا) قلیل مُغذِی؛ وہ مُغذِّی جس کی قلیل مقدار نشوونما اور صحت کے لیے کافی ہو ۔ (صفت) ایسے مغذی سے متعلق ؛ قلیل مُغذّیاتی ؛ سراغی عُنصر؛ قلیل غذائی مادہ ۔

microorganism, micro-organism, n. (حیاتیات) جرثُومہ ؛ خُرد عضویہ؛ خُرد نامیہ؛ بہت چھوٹا عضویہ یا خردبینی نامیاتی جسم جیسے نُخز حوینی (protozoan) یا جرثومہ ۔

micropaleontology, n. خُرد رکازیات؛ نہایت چھوٹے رکاز یا ان کے اجزا کا مطالعہ اور شناخت ۔

micropaleontological, micropaleontologic, a. خُرد رکازیاتی ۔

micropaleontologist, n. ماہر خُرد رکازیات ۔

microparasite, n. خُرد طفیلی؛ نہایت چھوٹی جسامت کا کوئی سا طُفیلی پودا یا حیوان ۔

microparasitic, a. خرد طُفیلیاتی ۔

microphone, n. مائیکروفون؛ گُفتگو یا موسیقی کی آواز کو نشر کرنے، محفوظ کرنے یا قوی کرنے کے لیے صوتی لہروں کو برقی لہروں میں تبدیل کرنے والا آلہ ؛ یہ نشریاتی ، ٹیلیفونی ، فلمی اور عوامی خطاب وغیرہ کے نظام میں استعمال ہوتا ہے ۔

microphonic, n. مائیکروفونی ۔

microphonics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) برقی دَور میں کسی پُرزے کے میکانی ارتعاش سے پیدا ہونے والا شور جو برقیاتی تاثر کو بدل دیتا ہے ۔

microphotograph, photomicrograph, n. خُردبینی فوٹو؛ خُردبینی عکسی تصویر؛ مائیکروفلم ؛ خُردبینی جسامت کی عکسی تصویر ؛ خردبینی جسامت کی چیز کی عکسی تصویر ۔

microphotographic, a. مائیکروفلمی ؛ خُردبینی عکسی تصویر کا ۔

microphotography, n. خُردہ عکّاسی ؛ خُرد بینی عکّاسی ۔

microphysics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) خُرد طبیعیات ؛ طبیعیات کا وہ شعبہ جو خفیف کمیتیوں یا مادّے کے اساسی ذرّوں یا مادّے کی ساخت سے تعلق رکھتا ہے ۔

microprint, n. خُرد تصویر ؛ خُرد تصویر جو مُکبّر کی مدد سے پڑھی جا سکے ۔ (فعل لازم و متعدی) ایسی تصویر بنانا ۔

microprobe, n. خرد جائزہ کار؛ ایک آلہ جس سے ضوفشانی کے ذریعے اشعاعی طیف کی پیمایش کر کے خردبینی رقبے کا جائزہ لیا جاتا ہے ؛ ایک آلہ جو مادّے کی کیمیائی ترکیب کے تجزیے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

micropyle, n. (نباتیات) ثُقبۂ تُخم ؛ ثُقبۂ تخمک ؛ وہ سوراخ جس کے ذریعے زیرہ نال تُخمک میں داخل ہوتی ہے ۔ (حیوانیات) ثُقبۂ بیضہ ؛ وہ سُوراخ جس کے ذریعے نُطفہ بیضے میں داخل ہوتا ہے ۔

micropylar, a. ثُقبۂ تُخمک/بیضہ کا یا اس سے متعلق ۔

microreader, n. مائیکرو ریڈر ؛ مکبّر العکس ؛ خرد خواں ؛ عکس ریز آلہ جو عکس ، خرد بینی فلم یا خُرد عکسی تصویر کو بڑا کر کے دکھاتا ہے ۔

microscope, n. خُردبین ؛ بصری آلہ جو ایک عدسے یا عدسوں کے مجموعے پر مشتمل ہوتا ہے اور نہایت چھوٹی چیزوں کو مرئی بنا کر نمایاں کر کے دکھاتا ہے ۔

microscopic, microscopical, a. خُردبینی ؛ تل برابر ؛ ذرّہ برابر ؛ بہت چھوٹا ؛ خورد بین کا ؛ بہت ہی تھوڑا ؛ تِل بھر ؛ بہت کم ؛ جو صرف خوردبین کے ذریعے نظر آ سکے ؛ خُردبین کا ، اس سے متعلق یا اس سے مشابہ ؛ خُردبین کی مدد سے بنا ہوا یا اس کی مدد سے کیا ہوا (جیسے : microscopic observation) ۔

microscopically, adv. خُردبین سے ؛ خُردبینی اشیا کی طرح سے ؛ خوردبینی طور پر ۔

microscopy, n. خُرد بینیات ؛ علم خردبین ؛ خُرد بینی معائنہ ؛ خُردبینی تحقیق ؛ خوردبین کا استعمال ۔

microscopist, n. ماہر خردبینی ؛ ماہر خردبین ؛ خردبین کے استعمال کا ماہر ۔

microsecond, n. مائیکروسیکنڈ ؛ سیکنڈ کا دس لاکھواں حِصّہ ۔

microseism, n. معمُولی زلزلہ ؛ خفیف زلزلہ ؛ زلزلک ؛ زمین کا بار بار نحیف ارتعاش جو عام طور پر زلزلوں سے پیدا ہوتا ہے ۔

microseismic, a. زلزلکی ؛ خفیف زلزلے کا یا اس سے متعلّق ۔

microsome, n. (حیاتیات) ذرۂ نخز مایہ ؛ خُرد جسمیہ ؛ حیوانات اور نباتات کے خُلیوں کے مادّۂ اوّل یا نخزمایہ میں موجود نہایت دقیق یا باریک ذرّہ ۔

microsomial, microsomic, a. خُرد جسمی ۔

microsporangium, n. (نباتیات) خُرد بذرہ دان ؛ خُرد بذروں والا بذرہ دان ۔

microspore, n. (نباتیات) خُرد بذرہ ؛ نر بذرہ ؛ دو قسم کے بذروں میں سے چھوٹا بذرہ جنھیں بیج سے پیدا ہونے والے پودے غیر تناسلی طور پر پیدا کرتے ہیں ؛ زیرہ یا نَر عُنصر ۔

microsporic, microsporous, a. خُرد بذروی ۔

microstructure, n. (فلزیات) خُرد ساخت ؛ دھات کی تفصیلی اور قطعی ہیئت یا ترکیب جیسی کہ خُردبینی معائنے سے ظاہر ہو ۔

microtome, n. خفیف تراش ؛ باریک تراش ؛ نامیاتی بافتوں کے نہایت باریک حِصّوں کو خُردبینی مطالعے کے لیے کاٹنے کا آلہ ۔

microtomic, microtomical, a. باریک تراشی سے متعلّق ۔

microwave, n. مائیکرو ویو ؛ خرد موج ؛ نہایت ہی مختصر برق ، مقناطی لہر یا موج جس کا تعدّد بہت زیادہ ہوتا ہے اور عام طور پر اس کا طُول موج ایک ملی میٹر سے دس سنٹی میٹر تک خیال کیا جاتا ہے ؛ مائیکروویو :ایک چُولھا جو تیزی سے کھانا پکانے ، برتن صاف کرنے وغیرہ کے لیے خُرد موج کو استعمال کرتا ہے ۔ نیز: microwave oven ۔

mid, a. وسطی ؛ درمیانی ؛ حائل ؛ بیچ کا ؛ نیم ؛ نصف ؛ دو انتہائی نقاط سے تقریباً برابر فاصلے پر (جیسے : mid-winter) ؛ مرکزی حیثیت کا مالک (جیسے : mid Victorian era) ۔ (صوتیات) اس آواز سے متعلق جسے زبان کو درمیانی حالت میں کمان بنا کر ادا کیا گیا ہو ۔ (شاعری) (حرفِ جار) درمیان ؛ میں ۔ (متعلق فعل) درمیان ؛ وسط میں ۔

midbrain, n. میان دماغ ؛ پُل دماغ ۔ دیکھیے : Mesencephalon ۔

midday, n., a. دوپہر ؛ نصفُ النّہار ؛ نیم روز ؛ ظُہر ؛ دن کا درمیانی حِصّہ ۔

middle, a. وسطی ؛ درمیانی ؛ اوسط کا ؛ بیچ کا ؛ حدود یا انتہاؤں سے برابر فاصلے پر (جیسے : middle point of a road) ؛ درمیانی (جیسے : middle distance) ۔ (عموماً بڑے M سے) وسطی ؛ زبان کی تاریخ میں جدید و قدیم ادوار کا درمیانی دور (جیسے : Middle English) ۔ (گرامر) بعض زبانوں میں فعل کی وسطی ساخت ، جیسے یونانی میں ، جو انگریزی کی معکوس ساخت کے متوازی ہے ۔ (بعض اوقات بڑے M سے) (ارضیات) کسی عہد کی بڑی درمیانی تقسیم سے متعلق (جیسے : the Middle Devonian) ۔ (اسم) درمیانی حِصّہ ؛ حدود یا انتہاؤں سے برابر فاصلے والا نُقطہ یا حصّہ ؛ انسانی جسم کا درمیانی حِصّہ یا کمر ؛ درمیانی چیز ؛ وسط ؛ اوسط ؛ قلب ؛ ناف ۔ (فعل لازم و متعدّی) وسط میں لانا ۔ (جہاز رانی) وسط میں تہ کرنا ۔

middle-aged, a. مُتوسط عمر کا ؛ ڈھلتی جوانی کا ؛ چالیس اور پچاس برس کے بیچ کی عمر کا ؛ ادھیڑ ؛ درمیانی عمر کا ؛ جوانی یا بُلوغت کے ابتدائی عہد اور بڑھاپے کے درمیان کی عمر کا ، تقریباً ۴۵ ـ ۶۵ برس کا ؛ درمیانی عمر کے لوگوں کے لیے موزوں یا ان کی خصوصیات کا حامل ۔

middleage, n. درمیانی عُمر ؛ سِنِ کہولت ؛ متوسط عمر ؛ ڈھلتی جوانی ؛ ادھیڑ عمر ۔

Middle Ages, n. قُرونِ وُسطیٰ ؛ ازمنۂ وسطیٰ ؛ کلاسیکی عہد سے نشاۃ ثانیہ تک کا زمانہ یا چھٹی صدی عیسوی سے سولھویں صدی عیسوی تک کا عہد ۔

middlebrow, n. اَوسَط ذوق کا مالک ؛ ذہنی سرگرمیوں میں اوسط درجے کی یا محدود دلچسپی رکھنے والا ؛ وہ شخص جس کا ثقافتی ذوق مقبولِ عام ذوق کا آئینہ دار ہو ۔ (صفت) اَوسَط ذوق کا نیز : middlebrowed ۔

middle C, n. (موسیقی) وسطی C ؛ وسطی سُر ؛ درمیانہ سُر ؛ C سُر جو پیانوں کے کُلیدی تختے پر سب سے اونچے اور سب سے دھیمے سُروں کے تقریباً وسط میں ہوتا ہے اور اسے کھرج کے متوازی خط کے بالکل اُوپر زیر کے متوازی خط کے عین نیچے ایک چھوٹی لکیر لگا کر ظاہر کیا جاتا ہے ۔

middle class, n. متوسط طبقہ ؛ درمیانی طبقہ ؛ سماجی اعتبار سے سب سے اونچے اور سب سے نچلے طبقوں کا درمیانی طبقہ ؛ لوگوں کا وہ طبقہ جس کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ اوسط درجے کے سماجی درجے ، تعلیمی پس منظر ، مالی رُتبے اور معیارِ زندگی کا حامل ہے ۔ (برطانوی) وہ طبقہ جو روایتی طور پر رئیسوں اور مزدُوروں کے طبقوں میں درمیانی حیثیت رکھتا ہے ۔

middle-class, a. متوسط طبقے کا ، اس سے متعلق یا اس کی خصوصیّات کا حامل ، خاص طور پر سماجی متوسط طبقے یا بورژوا سے متعلّق ۔

middle distance, n. (فنِ مصوّری) درمیانی فاصلہ ؛ اوسط فاصلہ ؛ مصوّری یا عکاسی میں پیش منظر اور پس منظر کی درمیانی جگہ ۔ (گھڑ دوڑ) ۸۸۰ گز اور ۳۵۰۰ گز کے درمیان دوڑ کا فاصلہ ۔

middle ear, n. (تشریحُ الاعضا) درمیانی کان ؛ جوفۂ طبلی ؛ بیرونی اور اندرونی کان کے درمیان کا حِصّہ جو طبلی جِھلّی اور جوف (جس میں مطرقی ہڈی ، رکیب اور سندان ہوتے ہیں) پر مُشتمل ہوتا ہے ۔

Middle English, n. وسطی انگریزی ؛ انگریزی زبان اپنے اِرتقا کے دوسرے بڑے مرحلے میں تقریباً ۱۱۵۰ء سے ۱۴۷۵ء کے درمیانی عرصے میں جو چوسر ، گوَر اور میلوری کی تصنیفات میں ملتی ہے اور جس کی نمایاں خصوصیّت قدیم انگریزی کی تشکیلی ساخت کا فقدان اور فرانسیسی اور لاطینی الفاظ کا بکثرت دخُول ہے ۔

Middle French, n. وسطی فرانسیسی ؛ ۱۳۰۰ء سے ۱۵۰۰ء تک کی فرانسیسی زبان ۔

Middle Greek, Medieval Greek, n. وسطی یونانی ؛ قرونِ وُسطیٰ کی یُونانی زبان ۷۰۰ء سے ۱۵۰۰ء تک کی ۔

Middle High German, n. وسطی اعلیٰ جرمن ؛ تقریباً ۱۱۰۰ء سے ۱۵۰۰ء تک کی اعلیٰ جرمن زبان ۔

Middle Low German, n. وسطی ادنیٰ جرمن ؛ تقریباً ۱۱۰۰ء سے ۱۵۰۰ء تک کی ادنیٰ جرمن زبان ۔

middleman, n. بچولیا ؛ دلّال ؛ بیچ والا ؛ درمیانی آدمی ؛

دو فریقوں کے درمیان والا شخص ، جیسے آڑھتیا ، دلّال ، سوداگر یا پرچون فروش جو جنس پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے کے درمیان ہوتا ہے ـ (تھیٹر) گانے والے گروہ کا وہ اداکار جو آخری فرد سے بات چیت اور دل لگی کرتا ہے ـ

middlemost, a. اَوسَط ترین ؛ وسط ترین ؛ درمیان ترین ؛ وسط یا اس کے قریب ـ

middle term, n. (منطق) حدِ اوسط ؛ درمیانی رقم ؛ قطعی قیاس کی حد جس سے دوسری دو حدوں کاالگ سے مقابلہ کیا جاتا ہے اور جس کے ذریعہ دونوں کو نتیجہ میں اکٹھا کیا جاتا ہے ؛ قیاس کی وہ حد جو قضیے میں دو مرتبہ آتی ہے لیکن نتیجے سے خارج کر دی جاتی ہے ؛ وہ لفظ جو قضیۂ کُبریٰ و صُغریٰ میں مشترک ہو ـ

middleweight, n. اَوسَط وزن ؛ اَوسط وزن رکھنے والا شخص ؛ مُکّے باز یا پہلوان ۱۴۷ پونڈ سے زیادہ لیکن ۱۶۰ پونڈ سے کم ہو ـ (صفت) مَتوَسّط وزن کا ـ

middling, a. اَوسَط کا ؛ مُتَوَسّط ؛ متوسط یا اَوسط درجے کا ؛ دوسرے نمبر کا ؛ درمیانی ؛ بیچ کے درجے کا ؛ بیچ کے قد کا ؛ معمولی ؛ میانـہ ؛ جسامت ، معیار ، درجے یا رُتبے کے اعتبار سے متوسط یا معمولی ـ (عوامی) اچھا خاصا صحت مند ـ (متعلق فعل) (عوامی) اوسطاً ؛ اوسط طریقے سے ـ

middlings, n. متوسطین ؛ اوسط درجے کی چیزیں ؛ اوسط درجے کا باریک میدہ ؛ اوسط معیار ، حالت یا درجے کی مصنوعات یا اجناس ؛ بھوسی ملا موٹا آٹا ؛ پسے ہوئے گندم کے موٹے ذرّات جن میں بھوسی ملی ہو ؛ جنوبی اور وسطی امریکا میں یہ اصطلاح سُور کے گوشت کے لیے استعمال ہوتی ہے ـ نیز: middling meat ـ

middingly, adv. اوسط طریقے سے ؛ متوسط طور پر ـ

middy, n. (بول چال) زیر تربیّت ملّاح یا جہازراں ؛ ملاحوں کے سے کالر والا ڈھیلا بلاؤز جو اکثر کمر سے نیچے تک ہوتا ہے اور جس کے نچلے حصّے میں چوڑی پٹّی یا تہ لگی ہوتی ہے ، اسے عموماً بچے یا نوعمر لڑکیاں پہنتی ہیں ـ نیز: middy blouse ـ

midge, n. بَعُوضِہ ؛ دو پر والے چھوٹے کیڑوں میں سے کوئی سا ، خصوصاً بَعُوضیان خاندان کی انواع جو مچھروں سے مشابہ ہیں ؛ پُشہ ؛ پِسّو ـ (مجازاً) پست قد آدمی ، بالشتیا ـ

midget, n. بونا ؛ بالشتیا ؛ بَعُوضک ؛ غیر معمولی چھوٹی جسامت کی چیز یا آدمی لیکن متناسب اعضا کا حامل ـ (صفت) بہت چھوٹا ؛ کوتاہ ترین ؛ مختصر ترین ـ

midiron, n. (گالف) منجھولا سِرا ؛ لوہے کے سرے والی چھڑی جس کے اگلے حِصّے میں درمیانی درجے کا خم ہوتا ہے ؛ دوسرے درجے کا لوہا ـ

midland, a. اندرونی (علاقہ) ؛ وسطِ مُلک کا ؛ مُلک کے اندرونی حِصّہ کا ؛ اندرون مُلک ـ (اسم) مُلک کا اندرونی علاقـہ ؛ سمُندر سے دور علاقہ ـ (بڑے M سے) انگریزی زبان کی بولی جو وسطی انگلستان میں بولی جاتی ہے ؛ انگریزی کی وہ بولی جو امریکا کے بعض اندرونی علاقوں میں بولی جاتی ہے ـ

midline, n. خطِ اعتدال ؛ خطِ اوسط ؛ خط توازن (جیسے : median line) ـ

midmost, a. اَوسَط ترین ؛ بالکل وسط میں ـ (متعلق فعل) اَوسَط طریقے سے ـ

midnight, n. نصف شب ؛ آدھی رات ؛ نیم شب ؛ رات کا وسط ؛ رات کے بارہ بجے کا وقت ـ (صفت) نیم شبی ؛ آدھی رات کے وقت وقوع پذیر ہونے والا ؛ بہت تاریک ـ

burn the midnight oil, رات کو دیر تک کام کرتے رہنا ـ

midnightly, a., adv. نیم شبی ؛ آدھی رات کا ؛ آدھی رات کو ؛ نیم شب میں ـ

midnight sun, n. آفتاب نِیم شب ؛ نیم شبی سورج ؛ دائرۂ قطب شمالی اور دائرۂ قطب جنوبی میں موسم گرما میں آدھی رات کے وقت نظر آنے والا سورج ـ

midnoon, n. دوپہر ؛ نصفُ النّہار ؛ نِیم روز ـ

mid-ocean ridge, n. وسط سمُندری پُشتۂ کوہ ؛ سمُندر کی تہ سے بلند ہونے والا سِلسلۂ کوہ جس کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ اِن حملی روؤں کی علامت ہے جو اندرون زمین سے مواد برکانی (میگما) کو لاتی اور جمع کرتی ہیں ـ

midpoint, mid-point, n. وسطی نُقطہ ؛ مرکزی نُقطہ ؛ نُقطۂ اوسط ؛ وسط یا مرکز میں واقع نقطہ جیسے بحث کا ـ

midrash, n. [عبرانی] مدراش ؛ عہدنامۂ قدیم کی تفسیر ؛ یہودیوں کی قدیم شرح توریت ـ (بڑے M سے) کتابِ مُقدس کے ان روایتی تراجم و تشریحات کا مجموعہ جو ۵۰۰ ق م اور ۱۲۰۰ ع کے درمیان لکھا گیا ہو ـ

midrashic, a. مدراش کا یا اس سے متعلق ؛ مِدراشی ؛ کتابِ مقدس کی تفسیر سے متعلّق ـ

midrib, n. (نباتیات) میان رگ ؛ پتّے کی درمیانی رگ ـ

midriff, n. حجاب حاجز ؛ سینے اور کمر کے درمیان جسم کا حصّہ ؛ لباس کا وہ حِصّہ جو جسم کے اس حصّے کو ڈھانپتا ہے ؛ وہ لباس جس سے درمیانی حصّۂ جسم عُریاں رہے ؛ چولی ـ

midsection, n. درمیانی حصّہ ؛ میان ؛ کسی چیز کا درمیانی حصّہ ـ (بول چال) سینے اور کمر کے درمیان کا حصّہ ، حجابِ حاجز ـ

midship, a. وسط جہاز ؛ جہاز کے درمیان یا اس سے متعلق ؛ جہاز کے درمیانی حِصّہ سے متعلق ـ

midshipman, n. (امریکی بحریہ) بحریہ کی درسگاہ ، ساحلی محافظوں کی درس گاہ یا اسی طرح کی تربیّتی درس گاہ کا طالبِ علم افسر ، جس کا درجہ وارنٹ افسر سے چھوٹا اور ماسٹر چیف پیٹی افسر سے بڑا ہوتا ہے ، تربیت مکمل کرنے سے پہلے ایسے طالبِ علم کا عُہدہ ـ (برطانوی بحریہ) سرکاری بحریہ کے اسکولوں سے تربیّت مکمل کرنے کے بعد نوجوانوں کو دیا جانے والا عُہدہ ؛ سابقاً بحری جہاز پر فرائض انجام دینے والے نوجوانوں کا وہ طبقہ جس سے افسر منتخب کیے جاتے تھے ؛ بحریہ کا زیرِ تربیّت افسر ـ

midships, adv. بحری جہاز کے درمیان سے ـ

midst, n. درمیانی نُقطہ ، حصّہ یا مَرحلہ ؛ دوسری چیزوں یا حصّوں سے گھری ہوئی چیز کا درمیانی مقام ؛ دوران ؛ اثنا ؛ کسی عہد یا وقت یا عمل کے دوران میں واقع ہونے والا (جیسے : in the midst of their travel) ؛ وسط ـ (حرفِ جار) میں ؛ در ؛ فی ؛ اندر ؛ بیچ ـ

midsummer, n. موسم گرما کا وسط ؛ گرمی کے موسم کا درمیانی حصہ ، وسط الصّیف ؛ وسطِ گرما ۔

Midsummer Day, Saint John's Day, n. یوم وسطِ گرما ؛ یوم وسط الصّیف ؛ انگلستان میں ۲۴ جون کا دن جب سینٹ جون (St. John the Baptist) کا یوم پیدایش منایا جاتا ہے ۔

midterm, n. درمیانی مُدّت ؛ وسطی زمانہ ؛ اسکول کے تعلیمی سال یا عہدے کی مدت کا وسط ۔ (اکثر جمع ، بول چال) اسکول کی تعلیمی مُدّت کے وسط میں لیا جانے والا امتحان یا امتحانات ۔

mid-Victorian, a. ملکہ وکٹوریا (جس نے انگلستان پر ۱۸۳۷ء سے ۱۹۰۱ء تک حکومت کی) کے عہد حکومت کے وسط سے متعلق یا اس عہد کی خصوصیّات کا حامل (جیسے : mid-Victorian writers, literature, art or ideas) ۔ (اسم) وکٹوریائی عہد کے وسط سے متعلق کوئی شخص مثلاً مصنّف ؛ وکٹوریائی عہد کے وسط کا ؛ وسطِ وکٹوریائی عہد کے خیالات یا ذوق رکھنے والا شخص ۔

midway, n., a., adv. آدھی راہ ؛ اثنائے راہ ؛ وسط راہ ؛ میلے یا تفریحی سبزہ زار میں وہ علاقہ جہاں تماشے یا اسی قسم کی نمایشیں لگی ہوں ؛ راستے یا فاصلے کا وسط ؛ آدھا فاصلہ ؛ آدھا راستہ ؛ آدھا سفر ۔

midweek, n. وسطِ ہفتہ ؛ ہفتے کا درمیان ۔ (بڑے M کے ساتھ) خائفین (Quakers) کے ہاں بُدھ کا دن ۔ (صفت) ہفتے کے وسط میں واقع ہونے والا ۔

midweekly, a., adv. سہ روزہ ؛ ہفتے کے وسط میں ۔

Midwest, Middle West, n. وسطِ غرب ؛ غربِ اَوسَط ؛ امریکا کا وہ جغرافیائی حصّہ جس کے مغرب میں راکی پہاڑ (Rocky Mountains) اور مشرق میں الیگنی پہاڑ (Allegheny Mountains) اور جنوب میں اوہایو دریا اور مسوری اور کنساس ریاستوں کی جنوبی سرحدیں واقع ہیں ۔

Mid western, a. غربِ اَوسَط سے متعلق ۔

Midwesterner, n. غربِ اوسط کا باشندہ ۔

midwife, n. دایہ ؛ جنائی ؛ قابلہ ؛ بچّے کی پیدایش میں زچہ کی مدد کرنے والی عورت ۔

midwifery, n. دایہ گری ؛ قبالت ؛ دایہ کا فن یا پیشہ ۔

midwinter, n. وَسطِ سرما ؛ جاڑے کا وسط ؛ وسطُ الشتا ۔

midyear, n. وَسطِ سال ۔ (اکثر جمع ، بول چال) تعلیمی سال کے وسط میں لیا جانے والا امتحان یا امتحانات ۔ (صفت) وسط سال کا یا اس سے متعلق ۔

mien, n. بُشرہ ؛ سیما ؛ حُلیہ ؛ چال ڈھال ؛ ڈھب ؛ چھَب ؛ طور طریقہ ؛ انداز ؛ چہرہ ؛ رنگ ؛ رنگ ڈھنگ ؛ کسی شخص کے ظاہری اطوار ؛ شکل ؛ صُورت ۔

miff, n. (بول چال) ناخوشگوار کیفیت مزاج ؛ خفیف جھگڑا ؛ شکررنجی ؛ غُصّہ ؛ اَن بَن ؛ ناراضگی ۔ (فعل متعدّی) ناخوش کرنا ؛ خفا کرنا ؛ ناراض کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ ستانا ؛ برہم کرنا ۔

miffy, a. کسی قدر ناراض ؛ تنک مزاج ۔

Mig, n. [روسی انجینئر (مہندس) مکویان اور گورِچ سے منسوب] مِگ ؛ کوئی سا روسی لڑاکا طیارہ ، مثلاً مِگ ۱۵ جیٹ لڑاکا جہاز جو کوریا کی جنگ میں استعمال کیا گیا اور مگ ۲۱ جیٹ لڑاکا جہاز جسے شمالی ویت نام نے ویتنامی لڑائی میں استعمال کیا ۔

might, n. طاقت ؛ قُوّت ؛ زور ؛ بَل ، مقدور ؛ سکت ؛ کام کرنے یا مکمل کرنے کی صلاحیّت ؛ کسی بھی قسم کی موثر طاقت یا قوّت (جیسے : the might of intellect, or of public opinion) ؛ جسمانی قوّت ؛ طاقتور اثرات ؛ ذرائع یا وسائل ؛ بَرتَر یا اعلیٰ قُوّت یا طاقت (جیسے : might is right) ۔

with might and main, پُوری طاقت سے ؛ بڑی طاقت اور زور سے ۔

might, v. may کا فعلِ ماضی ۔

mighty, a. طاقتور ؛ مضبوط ؛ شہ زور ؛ قوّت والا ؛ قوّی ؛ جلیل القدر ؛ طاقت کا حامل ، اس کی خصوصیّات رکھنے والا یا قُوّت کا مظاہرہ کرنے والا ؛ بڑی جسمانی طاقت کا حامل ، مظاہرہ کرنے والا یا جس کے لیے بہت جسمانی طاقت درکار ہو ؛ بڑی جسامت کا (جیسے : a mighty rock) ؛ مِقدار ، وُسعت ، درجے یا اہمیّت میں بڑا ۔ (بول چال) بہت حد یا درجے تک (جیسے : a mighty long time) ۔

mightily, adv. بہت ؛ نہایت ؛ ازبس ؛ بزور ؛ بقوت ؛ عظمت سے ؛ قابلیّت سے ؛ قُوت یا طاقت کے ذریعہ ؛ قُوّت سے ؛ طاقت سے ؛ زور سے ؛ بہت حد یا بہت زیادہ درجے تک (جیسے : to be mightily pleased) ۔

mightiness, n. توانائی ؛ طاقت ؛ قُوّت ؛ بڑائی ؛ عظمت ؛ بُزرگی ۔

mignon, a. چھوٹا اور خُوبصُورت ؛ نازُک اور حسین ۔

mignonne, a. mignon کی تانیث ۔

mignonette, n. فاغیہ ؛ گیاہی پودا جس کے پھُول چھوٹے زردی مائل سبز ہوتے ہیں ، یہ باغوں میں عام ملتا ہے اور اسے خُوشبُو کی وجہ سے کاشت کیا جاتا ہے ۔

migraine, hemicrania, n. شقیقہ ؛ آدھے سَر کا درد ؛ آدھا سیسی دَرد ؛ بار بار ہونے والا دردِ سَر جس میں سخت تکلیف ہوتی ہے اور یہ آدھے سَر تک محدود ہوتا ہے عموماً اس کے ساتھ مَتلی بھی ہوتی ہے ۔

migrant, a. مہاجر ؛ تارکِ وطن ۔ (اسم) ترکِ وطن کرنے والا ؛ نقلِ مکانی کرنے والا (جیسے : migratory worker) ۔

migrate, v.i. ہجرت کرنا ؛ ترک وطن کرنا ؛ نقلِ وطن کرنا ؛ نقل مکانی کرنا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ؛ کسی ایک مُلک یا علاقے ، مقام سے دوسرے ملک ، علاقے یا مقام میں آباد ہونے کے لیے سفر کرنا ؛ نئی آبادی میں جانا یا وقتاً فوقتاً ایک علاقے سے دوسرے میں منتقل ہونا ، جیسے بعض بیماریاں یا علامات ۔

migrator, n. مہاجر ؛ تارکِ وطن ؛ نقلِ وطن کرنے والا ؛ نقلِ مکانی کرنے والا ؛ جگہ بدلنے والا ۔

migration, n. ہجرت ؛ ترکِ وطن ؛ نقلِ مکانی ؛ نقلِ وطن ؛ تبدیلیٔ مقام ؛ ہجرت کا عمل ؛ نقلِ مکانی کے لیے سفر ؛ اکٹھے ترکِ وطن کرنے والے اشخاص یا حیوانات کا گروہ ۔ (کیمیا) سالمے کے اندر جوہر (ایٹم) کے مقام کی تبدیلی ۔

migrational, a. مہاجرانہ ؛ ہجرتی ۔

migratory, a. ہجرتی ؛ دَوری نقلِ مکانی سے متعلق یا اس کی خصوصیّات کا حامل ؛ مہاجر ؛ بے خانماں ؛ خانہ بَدوش ؛ آوارہ گرد ؛

سیّار ؛ بے قیام ۔

mikado, n. (اکثر بڑے M سے) شہنشاہِ جاپان ۔

mike, n. (بول چال) مائکروفون ۔

Mike, n. حرف M کو ظاہر کرنے کے لیے مواصلاتی مرمُوز لفظ ۔

mil, n. لمبائی ناپنے کی اکائی جو ۰۰۱ء انچ کے برابر ہوتی ہے جو تاروں کا قُطر ناپنے میں استعمال ہوتی ہے ؛ ایک ملی لیٹر یا مکعب سینٹی میٹر ؛ زاویائی پیمایش کی فوجی اکائی ، ۳۶۰ درجے کا ۱/۶۳۰۰ ، اسے توپ خانے اور بم اور گائیڈڈ میزائل گرانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

milady, n. انگریز مُعزّز خاتون ؛ فیشن ایبل یا ناز و انداز والی عورت ۔

milch, a. دُودھ دینے والی ؛ شیر دار ؛ پالتو جانور کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : a milch cow) ۔

mild, a. نرم ؛ ملائم ؛ مُعتدِل ، حلیم ؛ ہلکا ؛ دِھیما ؛ مدّھم ؛ کم ؛ نیک ؛ تھوڑا ؛ مِیٹھا ؛ نرم دِل ؛ دوسروں کے جذبات کے بارے میں یا ان سے برتاؤ میں نرم ؛ الفاظ اور اطوار میں ایسی نرمی کا مظاہرہ کرنے والا یا ایسی خصوصیّات کا حامل ؛ جو سخت ، غصیلا یا تُند نہ ہو ؛ قُوّت یا اثر میں نرم یا مُعتدِل ؛ خوشگوار ؛ جو سرد ، سخت یا انتہائی نہ ہو جیسے ہوا ، موسم یا آب و ہوا ؛ جو شدید یا حادّنہ ہو جیسے بیماری ؛ جو سخت ، چرپری یا تیز نہ ہو جیسے خوراک یا خُوشبُو ؛ درجے ، کِردار یا شدّت میں مُعتدل ۔ (برطانوی ، بولی) جس پر کام کرنے میں آسانی ہو جیسے زمین ، پتّھر یا لکڑی ۔

mildly, adv. نرمی سے ؛ ملائمت سے ۔

mildness, n. نرمی ؛ ملائمت ۔

mildew, n. پھپھوندی ؛ کوئی سی خفیف طفیلی فُطر جو پودوں پر سفید سی تہ جما دیتی ہے یا ان کا رنگ بگاڑ دیتی ہے ؛ اس پھپھوندی کی پیدا کردہ تہ ، بد رنگی یا بیماری ؛ پھپھوندی کی وجہ سے پیدا ہونے والی ایسی بد رنگی یا بے رنگی جیسے سُوتی یا لینن کے کپڑوں ، کاغذ اور چمڑے کو نمی میں رکھنے کی صُورت میں پھپھوندی لگ جانے سے ان میں پیدا ہونے والی بدرنگی ۔ (فعل متعدی) پھپھوندی سے متأثّر کرنا ؛ پھپُھوندی لگانا ۔ (فعل لازم) پھپُھوندی سے متأثّر ہونا ؛ پھپُھوندی لگنا ۔

mildewy, a. پھپُھوندی کا ؛ پھپُھوندی لگا ۔

mile, statute mile, n. میل ؛ امریکا اور دُوسری انگریزی بولنے والی اقوام میں لمبائی ناپنے کی اکائی جو ۵۲۸۰ فٹ کے برابر ہوتی ہے ۔

geographical mile, nautical mile, n. لمبائی ناپنے کی اکائی جو زمین کے بڑے چکر کے ایک دقیقے کے برابر ہوتی ہے ؛ برطانیہ میں سرکاری طور پر اس کی لمبائی ۶۰۸۰ فُٹ اور زمانۂ سابق میں امریکا میں ۶۰۸۰ء۲۷ فُٹ مقرر کی گئی تھی ۔

international nautical mile, عالمی بحری میل ؛ عالمی سمُندری میل ؛ ہوائی یا سمندری سفر کے فاصلے کا پیمانہ ۶۰۷۶ء۱۱۵ فٹ کے برابر ہوتا اور اب امریکا میں سرکاری طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

mileage, milage, n. میلوں میں ناپا ہوا فاصلہ (جیسے : ,the track mileage of railroad) ؛ مقرّرہ وقت میں طے شدہ میلوں کا مجموعہ ؛ مقرّرہ شرح فی میل کے حساب سے سفر خرچ ؛ میلانہ ؛ فی میل مقرّرہ کرایہ جیسے ریل کے ذریعے نقل و حمل کے لیے ؛ وہ فاصلہ جو کوئی گاڑی ایندھن کی خاص مقدار میں طے کر سکتی ہے ۔ (بول چال) پائداری ، استعمال یا قدروقیمت (جیسے : She got a lot of mileage out of the dress) ۔

milepost, n. سنگِ مِیل ؛ مِیلوں میں فاصلہ دکھانے کے لیے شاہراہوں وغیرہ کے کنارے لگائے ہوئے پتھر یا نشان ۔

miler, n. مِیلی ؛ شخص یا گھوڑا جسے ایک میل کی مقابلے کی دوڑوں کے لیے تربیّت دی گئی ہو ۔

miles gloriosus, n. (لاطینی) قدیم زمانے میں طربیہ ڈراموں میں شیخی باز فوجی کا معیاری کردار ۔

milestone, n. سنگ میل ؛ میلوں کا فاصلہ ظاہر کرنے کے لیے لگایا گیا پتھر جیسا کہ شاہراہوں وغیرہ کے کنارے ہوتا ہے ۔ (مجازاً) کسی کی زندگی ، پیشے یا کوشش کا یادگار لمحہ ؛ اہم واقعہ ۔

milfoil, n. بومادران ؛ جزنبل (پودا) ۔

miliaria, n. (امراضیات) گرمی دانے ؛ الائیاں ؛ جلد کی سوزش جو غدّہٗ عرقیہ کے قریب ہوتی ہے جس کی علامت یہ ہے کہ باجرے سے مشابہ دانے جسم پر نمودار ہوتے ہیں ؛ شدید گرمی ؛ تیز گرمی ۔

miliary, a. باجرے سے مشابہ ؛ جوار یا باجرے کے برابر ۔ (امراضیات) باجرے جیسے دانوں کی حامل جیسے گرمی دانوں (miliaria) میں ہوتا ہے ۔

milieu, n. ماحول ؛ معاشرتی ماحول ۔

militant, a. جنگجو ؛ جھگڑالُو ؛ مُحارب ؛ تیغ آزما ؛ جنگ پسند ؛ لڑنے والا ؛ لڑاکُو ؛ جنگ میں شریک ؛ جنگ آزما ؛ موثر عمل یا طبیعت کا حامل (جیسے : the militant church) ؛ مُتشدّد ؛ جارحیّت پسند ۔ (اسم) جنگ میں شریک شخص ، اپنے مقصد کی خاطر تشدّد یا طاقت سے کام لینے والا شخص ؛ مُتشدّد شخص ؛ جارح ۔

militancy, militantness, n. جنگ جُوئی ؛ تشدّد ؛ جارحیّت ۔

militantly, adv. تشدّد سے ؛ طاقت کے بل پر ؛ جارحیّت سے ۔

militarism, n. فوجیّت ؛ جارحیّت ؛ فوج گردی ؛ عسکری ذہنیت ؛ فوجی جذبہ یا حکمتِ عملی ؛ جنگ پرستی ؛ فوج یا فوجی طبقے سے مخصوص خیالات و تصوّرات ؛ فوجی کارکردگی کو ریاست کا اعلیٰ نصب العین سمجھنے اور تمام مفادات کو فوجی تنظیم کے مفادات کے تحت رکھنے کا رُجحان ؛ جارحانہ تیّاری کا فوجی لائحہ عمل ۔

militarist, n. فوجی جذبے کا حامل ماہرِ امور جنگ ؛ وہ شخص جس پر جارحیت کا بُھوت سوار ہو ۔

militaristic, a. فوجی خصوصیّات کا حامل ۔

militaristically, adv. فوجی انداز سے ، جارحانہ طور پر ۔

militarize, v.t. فوجیانا ؛ فوجی سازوسامان سے لیس کرنا ؛عسکریانا؛ مسلّح کرنا ؛ فوجی جذبے یا فوجیّت سے سرشار کرنا ؛ جنگجُو بنانا ۔

militarization, n. مسلّح کرنے کا عمل ؛ فوجیانے کا عمل؛ عسکرکاری ۔

military, a. فوجی ؛ عسکری ؛لشکری؛ جنگی ؛ فوج ، مسلّح افواج ، معاملاتِ جنگ یا حالتِ جنگ کا یا اس سے متعلق؛ فوجی کے لیے موزوں یا اس کی خصوصیّات کا حامل ؛ فوجی کی

زندگی گزارنے والا ۔ (اسم) فوجی ؛ فوجی عملہ ؛ مسلّح افواج خصوصاً افسر ۔

militarily, adv. فوجیانہ طریق سے ، عسکری انداز سے ؛ فوجی انداز میں ؛ فوجی طریقے سے ؛ مسلّح طور پر ۔

military police, n. فوجی پولیس ؛ عسکری پولیس ؛ فوج کا وہ شعبہ یا محکمہ جو پولیس کے فرائض انجام دیتا ہے ۔ مخفّف: MP ۔

militate, v.i. مخالفت کرنا ؛ کسی کے حق میں یا کسی کے خلاف عمل کرنا یا لڑنا ؛ دباؤ ڈالنا یا اثر انداز ہونا ،عموماً اس صورت میں اس کے بعد against آتا ہے ۔

militation, n. مخالفت ؛ لڑائی ؛ دباؤ ؛ اثر اندازی ۔

militia, n. رضاکار فوج ؛ ملیشیا ؛ محفوظ فوج ؛ ہنگامی حالت میں قومی دفاع کی ایک ایسی تنظیم جس میں مردوں کو فوجی محکموں کے انداز میں بھرتی کیا جاتا ہے اور تربیّت دی جاتی ہے ؛ شہریوں کی فوج ؛ فوج بے قاعدہ ؛ سینا ؛ فوج ؛ جنگی بٹالین ؛ وہ پیشہ ور لوگ جو لڑائی کے وقت سپاہ کا کام دیں ؛ امریکا میں ہر ریاست کی منظّم ملیشیا یا نیشنل گارڈ ؛ بحریہ ، فضائیہ ، برّی فوج کے ارکان ؛ بحری منظم محکمے ؛ تمام صحیح الجُثّہ افراد جو فوج میں نہ ہوں لیکن انھیں قانوناً فوجی فرائض کے لیے بُلایا جا سکے ۔

militiaman, n. ملیشیا کا رُکن ۔

milium, n. (امراضیات) باجرے سے مشابہ ایک چھوٹی سفید یا زردی مائل گلٹی جو روغنی اخراج کے رُک جانے سے جلد میں پیدا ہوتی ہے ؛ موتی جھرا ۔

milk, n. دودھ ؛ شِیر ؛ لَبن ؛ حلیب ؛ غیر شفاف سفید یا نیلاہٹ مائل سفید مائع جو مونّث مَیمل کے ممالی غدُود سے ان کے بچّوں کی پرورش کے لیے خارج ہوتا ہے ؛ گائے ، بکری اور بعض دوسرے جانوروں کی صورت میں یہ مائع انسانی خوراک یا شِیری مصنوعات کے کام آتا ہے ؛ اس سے ملتا جُلتا کوئی سا مائع جیسے ناریل کے اندر کا مائع ؛ بعض پودوں کا رس یا شیرہ یا دوا کے طور پر تیار کی گئی دوسری اشیا ۔ (فعل متعدی) گائے ، بکری وغیرہ کے تھنوں سے دبا کر دودھ نکالنا ؛ دوہنا ؛ دوہنے کے انداز میں کوئی چیز نکالنا ؛ کسی سے کوئی چیز ، قوّت ، معلومات یا دولت نچوڑنا یا حاصل کرنا ؛ استحصال کرنا ؛ نکالنا ۔ (فعل لازم) دوہنا جیسے گائے کو ؛ دودھ دینا ، جیسے گائے کا ۔

cry over spilt milk, کسی ایسی بات پر آہ و زاری کرنا جو ہو چُکی یا بیت چُکی ہو اور اب اس کا کچھ نہ کیا جا سکتا ہو ؛ لکیر پیٹنا ۔

milker, n. دوہنے والا ؛ دودھ نکالنے والا ۔

milk-and-water, a. بے ذائقہ ؛ سیٹھا ؛ پھیکا ؛ پانی سا ؛ دھوؤں سا ؛ بے مزا ۔

milk fever, n. (امراضیات) تپِ شیری ؛ دُودھ کا بُخار ؛ بچّے کی پیدائش کے بعد دودھ آنے پر چھوت سے پیدا ہونے والا بُخار ۔ (بیطاری امراضیات) دودھ دینے والی گایوں میں بیانے کے بعد چھوت سے پیدا ہونے والا بخار،جس میں غنودگی اور فالج کی علامتیں ظاہر ہوتی ہیں ۔

milk leg, n. (امراضیات) وریدی سُوجن ؛ ورم ورید ؛ ورم زانیو ؛ ٹانگوں کی وریدوں کی سوزش جس کی وجہ سے درد اور سوجن پیدا ہوتی ہے ، یہ حالت عورتوں میں اکثر زچگی کے بعد پیدا ہو جاتی ہے ۔

milk-livered, a. بُزدل ؛ ڈرپوک ۔

milkmaid, n. گوالن ؛ گھوسن ؛ دُودھ دوہنے والی یا شِیرخانے میں ملازم لڑکی یا عورت ۔

milkman, n. گوالا ؛ گھوسی ؛ شِیر فروش ؛ دُودھ والا ؛ دودھ،انڈے اور شِیر خانے کی دوسری پیداوار (گاہکوں کو) پہنچانے والا ۔

milk of magnesia, n. میگنیشیا کا دُودھ ؛ شِیر میگنیشیا ؛ دُودھیا آبی مائع ، جو مُعلّق میگنیشیا ہائیڈروآکسائڈ پر مشتمل ہوتا ہے اور معدے کی تیزابیّت دُور کرنے ، جلاب لانے یا مُلیّن دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

milk punch, n. شراب دُودھ ؛ شراب اور دُودھ کا مُرکّب ؛ دُودھ ، وہسکی یا کسی دوسری شراب ، شکر اور جائے پھل (جائفل) سے تیار کیا ہوا مشرُوب ، جو اکثر یخ بستہ پیش کیا جاتا ہے ۔

milk shake, n. مِلک شیک ؛ ایک مَشرُوب جس میں ٹھنڈا دُودھ ، خوشبودار شربت اور آئس کریم ، دستی مدھانی یا میکانی آمیزہ گرکےذریعے ملائی جاتی ہے ۔

milk sickness, n. دُودھ بیماری ؛ ان مویشیوں کا دُودھ پینے یا گوشت کھانے سے پیدا ہونے والی بیماری جنھوں نے بعض زہریلے پودے کھائے ہوں ۔

milk snake, house snake, n. دودھ سانپ ؛ شمالی امریکا میں پایا جانے والا ایک بے ضرر سانپ جس کے سر کی پُشت پر تیر جیسا نشان ہوتا ہے اور جس کے بارے میں یہ غلط خیال مشہور ہے کہ وہ جانوروں کا دودھ پینے کے لیے ان پر حملہ کرتا ہے ۔

milksop, n. زنخا ؛ زن نُما مرد یا لڑکا ؛ زنانہ ؛ نسوانی اطوار کا مرد یا لڑکا ؛ مردانگی سے محروم ؛ نامرد ۔

milk sugar, n. دُودھ کی شکر ؛ قندِ شیر ؛ لیکٹوس ۔

milk tooth, baby tooth, deciduous tooth, n. دُودھ کا دانت ؛ کچّا دانت ؛ میمل بچّوں کا پہلے یا عارضی دانتوں میں سے کوئی ایک جن کی جگہ بعد میں مُستقِل دانت نِکلتے ہیں ۔

milk vetch, n. کَنیر ؛ دُودھ بڑھاؤ پودا ؛ جنس کنیر یا اس سے متعلق کسی اور جنس کا پھلی دار پودا ، جس کے بارے میں پرانے زمانے میں یہ عام خیال تھا کہ اس کے کھانے سے مویشی دودھ زیادہ دینے لگتے ہیں ۔

milk weed, n. شیر گیاہ ، اسقلیوس ؛ مداریہ جنس کا کوئی سا پودا جس سے دُودھیا رس نکلتا ہے ؛ ایک قسم کی جھاڑی جس کی ڈالیاں اور پتّے پشم کی طرح نرم ہوتے ہیں ۔

milkwort, n. شِیر زا ؛ خشینت الحلب ؛ جنس شیر زا کی کوئی بھی جھاڑی یا بُوٹی جس کے بارے میں پُرانے زمانے میں یہ عام خیال تھا کہ اس کا استعمال عورتوں میں دودھ بڑھا دیتا ہے ؛ پامچالیہ (وردبہ) : ساحلِ سمُندر کا پودا جسے سمُندری شِیرزا کہتے ہیں ۔

milky, a. دُودھیا ؛ دودھ کا یا اس سے متعلق ؛ دودھ کے رنگ کا ؛ دودھ سے مشابہ ؛ دودھ یا دودھ جیسا مائع دینے والا یا بکثرت دودھ کا حامل ؛ دودھ جیسا سفید ؛ ملگجی ، دُھندلا ؛ نرم ؛ کمزور ؛ بُزدِل ؛ مَسکین ؛ بے رُوح ؛ بے جذبہ ۔

milkiness, n. دُودھیا پَن ؛ دُھندلا پن ؛ مَلگجا پَن ؛ ملائمت ؛ نزاکت ۔

Milky Way, n. (فلکیات) کہکشاں ؛ اکاس گنگا ؛ ایک دُھندلی سی روشن پٹّی جو آسمان پر پھیلی ہوئی ہے اور یہ ان گنت ننھے ننھے ستاروں پر مشتمل ہے جنھیں آنکھ سے نہیں دیکھا جا سکتا ؛ مُجرّا ؛ کَہکشاں جس میں ہمارا نظامِ شمسی شامل ہے ۔

mill, n. مِل ؛ آسیا ؛ چَکّی ؛ عمارت جس میں آٹا پیسنے کی مشین لگی ہو ؛ کاٹ کر، چھیل کر، پیس کر، صیقل کر کے یا ٹھپا لگا کر تیّار کرنے والی مشین ۔ (فعل متعدّی) چکّی میں پیسنا ؛ چکّی میں سے گُزارنا ؛ دندانے بنانا یا کنگورے بنانا جیسا کہ سِکّے کے کناروں پر ۔ (فعل لازم) کل میں سے نِکلنا ؛ کَل کے ذریعے سے بننا ؛ دائرے کی شکل میں حرکت کرنا جیسا کہ مویشیوں کا گلہ ۔ (عوامی) مُکّہ بازی کرنا ۔

mill, n. مِل ؛ امریکا کی ایک مالی اکائی جو ڈالر کے ایک ہزارویں اور سینٹ کے دسویں حصّے کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفف: mi, M., m. ۔

millboard, n. موٹی دَفتی ؛ موٹا گتّا ؛ کاغذ کے کارخانوں میں بننے والا موٹا، مضبوط گتّا جو ڈبے اور کِتابوں کی جلد بندی کے کام آتا ہے ۔

milldam, n. پن چکّی کا بند ؛ دریا یا آبی گُزرگاہ کو عُبُور کرنے والا بند جس سے پانی کی سطح اتنی بلند ہو جائے کہ اس سے پن چَکّی چل سکے ؛ چکّی تالاب ۔

milled, a. پِسا ہوا ؛ جِھری دار ؛ چکّی یا مل سے گُزرا ہوا ؛ کِناروں پر آڑا خط یا کنگورے جیسے سِکّے یا ایسے پیچ کے سِرے پر جسے اُنگلیوں سے گُھمانا ہو ؛ دَندانہ دار ۔

millenarian, a. ہزاری ؛ ہزار سالہ ؛ ایک ہزار پر مُشتمِل خصوصاً ایک ہزار سال ؛ ہزار سے متعلق ۔ (اسم) عِیسوی عقیدے اَلفِ سعادت کا مُعتقِد ۔

millenarianism, n. اَلفیّت ، مسیح کی ہزار سالہ حکُومت کا عقیدہ ؛ الفِ سعادت کا عقیدہ ۔

millenary, a. ہزاری ، اَلفی ؛ ہزار سالہ ؛ ایک ہزار خصوصاً ایک ہزار سال پر مُشتمِل ۔ (اسم) ایک ہزار سال کا وَقفہ ؛ ہزارویں برسی ۔

millennium, n. ایک ہزار سال کا مجمُوعہ ؛ وہ ہزار سال جس کا تذکرہ انجیل میں ہوا ہے اور جن میں الف سعادتیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰ اپنے خدا رسیدہ درویشوں کے ساتھ حکومت کریں گے (مکاشفات ۲۰ : ۱ تا ۵) ؛ کمال ، امن اور خوشی کا عہد ، جو کسی غیر معیّن زمانے میں آئے گا ؛ اَلف سعادت ۔

millennial, a. اَلف سعادتی ؛ اَلف سعادت سے متعلق ؛ ہزار سالہ ۔

millennially, adv. الف سعادتانہ انداز سے ؛ ہزار سال میں ۔

millennialism, n. اَلف سعادیّت ۔

millennialist, n. اَلف سعادتی ۔

millepore, n. الف مسامی ؛ ہزار مسامی ؛ مرجان کثیر مسام ؛ کثیر مسامی مرجان جو کئی شاخوں میں پھیلتا ہے ؛ کئی مساموں والا مونگا ، اس کے بہت سے مساموں کی وجہ سے یہ نام پڑا ۔

miller, n. پن چکی والا ؛ چکی مالک ؛ مل مالک ؛ مل والا ؛ چکی والا ؛ پیسنے والی مشین ۔ (حشریات) وہ پتنگے جن پر آٹا لگا دکھائی دیتا ہے ۔

millerite, n. نکل سلفائڈ : ایک قلمی پیتل رنگ دھات ۔

miller's-thumb, n. کوئی سی چھوٹی خار دار پروں والی تازہ پانی کی مچھلی خصوصاً جنس کوٹس کی ۔

millesimal, a., n. ہزاروان ؛ ہزاروان حصّہ ۔

millesimally, adv. ہزارویں حصے کے طور سے ۔

millet, n. باجرا ؛ جنس چینا ؛ یورپ ، ایشیا اور افریقہ میں کاشت کی جانے والی گھاس ، چھوٹے دانوں والے غلے کی کوئی قسم جو انسانوں کی خوراک کے کام آتی ہے اور بنیادی طور پر چارے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ ان سے متعلقہ کوئی سی چارے کی گھاس ؛ ان گھاسوں یا غلّوں کا بیج ۔

milliampere, n. (برق) ملی امپیئر ؛ برقی رَو کی اکائی جو امپیئر کے ہزارویں حصّے کے برابر ہوتی ہے ۔

milliard, n. (برطانوی) ایک ہزار ملئین ؛ امریکا میں ایک بِلئین ۔

milliary, a. قدیم رُومی مِیل سے متعلق جو ایک ہزار قدموں کے برابر ہوتا تھا ۔

millibar, n. مِلی بار ؛ ہوا کے دباؤ کی اکائی جو بار کے ہزارویں حصے کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفف : mb ۔

millicurie, n. ملی کُوری ؛ تابکاری خصوصاً ریڈیم کے اظہار کی اکائی جو کوری کے ہزارویں حصے کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفف : mCi, mc. ۔

millier, n. میلیا ؛ اعشاری نظام میں وزن کی اکائی جو دس لاکھ گرام یا ۲۲۰۴٫۶ عطاری پونڈ کے مساوی ہے ؛ ایک میٹرک ٹن ۔

millifarad, n. (برق) ملی فیراڈ ؛ مکثفہ (condenser) کی برقی گنجایش ناپنے کی اکائی ، جو فیراڈ کے ہزارویں حصے کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفف : mF, mf. ۔

milligal, n. (طبیعیات) اسراع ناپنے کی اکائی جو گیل کے ہزارویں حصے کے برابر ہوتی ہے ۔ (مخفف : mGal.)

milligram, Brit. milligramme, n. ملی گرام ؛ گرام کا ہزاروان حصہ جو ایک مکعب ملی میٹر پانی یا اناج کے دانے کے ۰٫۰۱۵۴ حصے کے برابر ہوتا ہے ۔

millihenry, n. (برق) ملی ہنری ؛ امالیت کی اکائی جو ہنری کے ہزارویں حصے کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفف : mH, mh. ۔

millilambert, n. (بصریات) ملی لمبرٹ ؛ تاب یا چمک ناپنے کی اکائی ، جو لمبرٹ کے ہزارویں حصے کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفف : mL. ۔

milliliter, Brit. millilitre, n. ملی لیٹر ؛ اعشاری نظام میں گنجایش کی اکائی جو ایک لیٹر کے ہزارویں حصے یا ۰٫۰۶۱ مکعب انچ یا ۰٫۲۷ امریکی مائع ڈرام کے برابر ہوتی ہے ۔

millimeter, Brit. millimetre, n. ملی میٹر ؛ میٹر کا ایک ہزاروان یا انچ کا ۰٫۰۳۹۳۷ حصہ ۔

millimetric, a. ملی میٹری ؛ ملی میٹر کا یا

اس سے متعلق ۔

millimicron, micromillimeter, n. ملی مائیکرون ؛ لمبائی کی اکائی ؛ ملی میٹر کا دس لاکھواں یا مائیکرون کا ہزارواں حصہ ۔

milline, n. مل لائن ؛ ملائن ؛ اشتہاری جگہ کی پیمائش کی اکائی جو اخبار یا رسالے کے دس لاکھ پرچوں میں چھپی ہوئی ایک حقیقی ٹائپ کی سطر کے ایک کالم کی چوڑائی کے برابر ہوتی ہے ۔

milliner, n. کُلاہ ساز ؛ عورتوں کے ہیٹ ڈیزائن کرنے ، بنانے ، تراشنے یا بیچنے والا ۔

millinery, n. کُلاہ سازی ؛ کلاہ سازی کا سامان ؛ کلاہ ؛ کلاہ سازی کا پیشہ ۔

milling, n. پِسائی ؛ کسی چیز کو پیسنے یا مِل یا چکی میں دینے کا عمل ؛ کسی چیز کے کناروں کو قطعی صورت دینے کا عمل جیسے سکے کےکناروں پر خوبصورت دانتے یا آڑے خط بنانے کا عمل ؛ دانتے یا جھری ؛ دندانے ، کنگورے ۔

milling cutter, n. گھومنے ، کاٹنے والا فولادی آلہ جو دھات کی تراش خراش کرتا اور کاٹتا ہے ۔

milling machine, n. مشینی رندہ ؛ خراد ؛ کوئی سی مشین جو گھومتے ہوئے کاٹنے والے آلے کو تھامتی ہے اور دھات کی چیزوں کو صورت دیتی ، کاٹتی یا سنوارتی ہے یا فلزی سطوح (دھات کی سطحوں) کو ہموار کرتی ہے ۔

million, n. ملین ؛ دس لاکھ ؛ اکثر دس لاکھ مالی اکائیوں پر مشتمل رقم ؛ بہت بڑی تعداد یا مقدار ۔ (جمع) (the کے ساتھ مستعمل) لوگوں کا انبوہ کثیر یا بہت بڑا مجمع ۔ (صفت) دس لاکھ کا ؛ کثیر ۔

millionth, n., a. دس لاکھواں ، دس لاکھواں حصہ ۔

millionaire, millionnaire, n. لکھ پتی ؛ کڑور پتی ؛ دس لاکھ ڈالر ، پونڈ ، فرانک وغیرہ کا مالک شخص ۔

millionairess, n. لکھ پتی خاتون ۔

millipede, millepede, milliped, n. ہزار پا ؛ کنکھجورا ؛ کن سلائی ؛ کثیر پا گروہ کا کوئی سا ہزار پا جس کی عام خصوصیت یہ ہے کہ جسم کے ہر حلقے میں پاؤں کی دو جوڑیاں ہوتی ہیں ۔

millisecond, n. ملی سیکنڈ ، سیکنڈ کا ایک ہزارواں حصہ ۔

millpond, n. پن چکی تالاب ؛ آسیا تالاب ؛ تالاب یا ذخیرۂ آب جو پن چکی کا پہیّا گھمانے کے لیے پانی فراہم کرے ۔

millrace, n. پن دھارا ؛ پانی کی وہ دھار جو پن چکی کے پہیے کو گھماتی ہے یا وہ نالا جس میں یہ پانی بہتا ہے ۔

millrun, n. پن دھارا ؛ کچ دھات یا چٹان کے مشمولات کا اندازہ کرنے کا عمل ؛ اس عمل سے ماخوذ معدنیات ؛ آرا مشین کی قابل فروخت پیداوار ؛ عام طور پر کسی ایسے کارخانے کی اوسط معیار کی پیداوار ؛ عام اشیا ؛ عام یا معمولی چیز یا شخص ۔

mill-run, a. مل یا کارخانے سے نکلنے والی پیداوار ، عموماً درجہ بندی کے بغیر ۔

millstone, n. چکی کا پاٹ ؛ غلہ پیسنے والے پاٹوں میں سے ایک ؛ وہ پتھر یا چٹان جن سے یہ پاٹ گھڑے جاتے ہیں ۔ (مجازاً) ذاتی بوجھ یا مسئلہ ۔

millstream, n. پن دھارا ؛ چکی کا پہیّہ گھمانے والا بہتا پانی ۔ نیز دیکھیے : millrace ۔

mill wheel, n. چرخ آسیاب ؛ پن چکی کا پہیّا ؛ چکی گھمانے والا پہیا ۔

millright, n. آسیاب ساز ؛ وہ شخص جس کا پیشہ پَن چکی یا اس کے کل پرزوں کو ڈیزائن کرنا ، بنانا یا اس کی مرمت اور دیکھ بھال کرنا ہوتا ہے ۔

milo, n. باجرا ؛ سرغو غلے کی کوئی سی قسم جس کے ڈنٹھل پتلے اور سروں پر زرد یا سفید بیج ہوتے ہیں ، اسے غلے یا چارے کے لیے اگایا جاتا ہے ۔

milord, n. جناب والا ؛ حضور والا ؛ آقائے من (انگریزی لفظ my lord کی بدلی ہوئی صورت جو جاگیردار ، رئیس ، حاکم یا انگریز شرفا کو مخاطب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے) ۔

milt, n. نر مچھلی کا مادۂ تولید ؛ یہ تولیدی مادہ پیدا کرنے والے اعضا ، خصوصاً اس وقت جب بھرے ہوں ۔

milter, n. مچھ ؛ تولیدی مادہ پیدا کرنے کے زمانے میں نر مچھلی ۔

Miltonic, Miltonian, a. ملٹنی ؛ انگریزی شاعر جون ملٹن یا اس کی شاعری سے مشابہ یا اس سے متعلق ۔

mim, n. (برطانوی بولی) فطری طور پر خاموش یا سنجیدہ ؛ نہایت منکسر مزاج ؛ متین ۔

mime, n. نقل ؛ نقّال ؛ بھانڈ ؛ اداکار یا مسخرہ جو چہرے کی حرکات و سکنات اور اشاروں سے نقل کرنے میں ماہر ہو ؛ خاموش نقل ؛ چپ سوانگ کا اداکار یا مسخرہ ؛ ایک قسم کا سوانگ جو قدیم یونانیوں اور رُومیوں میں مقبول تھا جس میں اصل لوگوں اور واقعات کو مزاحیہ انداز میں پیش کیا جاتا تھا ؛ اس قسم کے سوانگ کا اداکار ۔ (فعل متعدی) نقل اتارنا ؛ خاموش مزاحیہ اداکاری کرنا ۔ (فعل لازم) الفاظ کی ادائیگی کے بغیر خاموش کردار ادا کرنا ۔

mimer, n. خاموش اداکار ؛ نقال ؛ بھانڈ ۔

mimeograph, v.t. میموگراف کے ذریعہ نقل تیّار کرنا ۔ (اسم) وہ آلہ جس میں عموماً ٹائپ کیے ہوئے مواد کی روشنائی کے اسٹنسل (stencil) کے ذریعے نقُول تیّار کی جاتی ہیں ۔ نیز : Mimeograph (تجارتی نشان) ۔

mimesis, n. (علم بیان) نقالی ؛ کسی دوسرے کی گفتگو یا انداز کی نقل ۔ (حیاتیات) ظاہری مشابہت (کسی جانور کی کسی دوسرے جانور یا بے جان سے) ۔

mimetic, a. نقل پسند ؛ نقالانہ ؛ نقالی کی خصوصیات کا حامل ؛ نقالی ؛ بہانہ سازی ۔

mimetically, adv. ظاہری مشابہت کے لحاظ سے ؛ نقالی کے طور پر ۔

mimic, v.t. نقل اُتارنا ؛ منہ چڑھانا ؛ نقالی کرنا ؛ مسخرہ پن کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ مذاق بنانا ؛ تقلید کرنا ؛ اندھی تقلید کرنا ؛ باتوں یا اطوار کی نقل کرنا خاص طور پر تمسخر ، تضحیک یا ہنسی اڑانے کے لیے ؛ حیاتیاتی نقالی کے ذریعے مشابہت پیدا کرنا یا نقل اتارنا ۔ (اسم) نقال ؛ پیشہ ور نقال جیسے مسخرا اداکار ؛ بھانڈ ، بہروپیا ؛ نقل یا نقالی ۔ (صفت) نقل یا نقالی سے متعلق ؛ نقالانہ ؛ نقلی ؛ جعلی ۔

mimical, a. نقلی ؛ جعلی ۔

mimicker, n. نقّال ؛ بھانڈ ؛ مسخرہ ؛ خاموش اداکار ؛ بہروپیا ۔

mimicry, n. نقالی ؛ نقل ، تمسخر ؛ نقالی کا کام ، عمل یا نتیجہ ۔ (حیاتیات) ظاہری مشابہت ؛ ایک عضویہ (جسم نامی) کی دوسرے عضویہ یا مقررہ ماحول سے سطحی مشابہت ، جو ان کے اخفا یا حفاظت کا کام کرتی ہے ۔

mimosa, n. ام غیلاں ؛ مغیلاں ؛ ببول ، کیکر ؛ ببول کی جنس کا کوئی سا پودا جو اصلاً گرم علاقوں سے تعلُّق رکھتا ہے جس میں وہ درخت ، جھاڑیاں اور جڑی بوٹیاں شامل ہیں جن کے عموماً دو پنکھی اور اکثر حساس پتے اور گول سرے والے پھول یا استوانہ نما کانٹے ہوتے ہیں ۔

mimosaceous, a. ببول سے متعلّق ۔

mina, n. مینا ؛ قدر اور وزن کی ایک قدیم اکائی جو ٹیلنٹ (talent) کے سولھویں حصے کے برابر ہوتی ہے ۔

minable, mineable, a. کان کَنی کے لائق ؛ کان سے نکالنے کے قابل (جیسے : minable ores) ۔

minaret, n. مینار ؛ لاٹھ ؛ منارہ ؛ مسجد سے ملحق اونچا کم قطر والا بُرج یا مینار جس میں ایک یا دو باہر کو نکلے ہوئے بالا خانے (balconies) ہوتے ہیں جہاں کھڑے ہو کر مؤذّن اذان دیتا ہے ۔

minareted, a. مینار دار ۔

minatory, a. دھمکانے والا ؛ دھمکی آمیز ؛ تہدیدی ؛ تخویف آمیز ؛ تہدید آمیز ؛ دہشت آمیز ۔

minatorily, adv. تہدید آمیزانہ طور پر؛ دھمکی کے انداز میں ؛ بطور تہدید ۔

mince, v.t., v.i. قیمہ بنانا ؛ بُھرتا بنانا ؛ بہت چھوٹے چھوٹے ٹُکڑے کرنا (جیسے : to mince onions) ؛ گفتگو کو مختصر کرنا ؛ کم کرنا ؛ نرمی یا مروت سے کام لینا ؛ تخفیف کرنا یا اہمیت کم کرنا (جیسے : to mince matters) ؛ مصنوعی طور پر باوقار انداز میں بات کرنا ؛ چبا چبا کر باتیں کرنا ؛ چھوٹے قدم اُٹھاتے ہوئے چلنا ؛ انداز میں مصنوعی نزاکت پیدا کرنا ؛ پُر تکلف گفتگو کرنا ۔

mincer, n. قیمہ کرنے والا ؛ قیمہ کرنے کا آلہ یا مشین ۔

mincing, a. پُرتکلُف ، تصنع آمیز ۔

mincingly, adv. تکلّف ، نزاکت یا وقار سے ؛ تصنُّع سے ۔

mincemeat, n. قیمہ ؛ قیمہ کیا ہوا گوشت ؛ بھرتا ؛ چھوٹے چھوٹے کٹے ہوئے میووں ، سیبوں ، مسالوں وغیرہ اور عموماً قیمے کا آمیزہ ۔

mince pie, قیمے دار پائی ۔

mind, n. ذہن ؛ شعوری و لاشعوری افعال جو ادراک کرتے ، سوچتے ، سمجھتے ، اہمیت کا انداز لگاتے اور دلائل سے کام لیتے ہیں ؛ ادراکی اور ذہنی صلاحیت ، عقلی یا درست ذہنی کیفیت ؛ ذی عقلی ؛ ذی شعوری ؛ سوچ اور احساس کی کیفیت ؛ ذہنی میلان ؛ رائے ؛ نُقطۂ نظر ، خیال ؛ توجُّہ ؛ دھیان ؛ ارادہ ؛ خواہش ؛ رجحان ؛ میلان خاطر ؛ رغبت ؛ یادداشت ؛ یاد ؛ حافظہ ؛ روح ؛ ضمیر ؛ عقل ؛ اعلیٰ ذہنی قوی کا حامل شخص ۔ (فعل متعدی و لازم) توجہ دینا ؛ پروا کرنا ؛ تعمیل کرنا ؛ متوجہ ہُونا ؛ (کسی کا) خیال رکھنا ؛ خیال کرنا ، نگرانی کرنا ؛ دھیان رکھنا ؛ تشویش کرنا ؛ کسی (شے) کے بارے میں پریشان ہونا ؛ مخالف ، متنفر ، بیزار یا ناراض ہونا ؛ اعتراض کرنا ؛ محسوس کرنا ؛ یاد کرنا یا رکھنا ۔

give someone a piece of one's mind, پھٹکارنا ؛ لتاڑنا ؛ تنبیہہ ، تادیب یا سرزنش کرنا ؛ ڈپٹنا ؛ ڈانٹنا ۔

have a good mind to, (کسی جانب) شدید رجحان رکھنا ۔

on one's mind, پریشان کن خیالات میں محو ۔

be of two minds, تذبذب میں ہونا؛ کوئی فیصلہ نہ کر سکنا؛ حیص بیص میں ہونا ؛دو دلا ہونا ؛ ڈانواں ڈول ہونا ۔

Divine Mind, (مسیحی عُلوم) خدا کی ہستی ؛ ذہن مطلق ؛ ذہن اعلیٰ ؛ مقدس انسان ؛ ملکُوتی ذہن ۔

minder, n. (زیادہ تر برطانوی) دیکھ بھال کرنے والا ؛ رکھوالی کرنے والا ؛ نگران (جیسے : a baby minder) ۔

mindful, a. متوجہ ؛ محتاط ؛ چوکنّا ؛ ہوشیار ؛ آگاہ ؛ لحاظ رکھنے والا ۔

mindfully, adv. توجّہ سے ؛ بغور ؛ احتیاط سے ۔

mindless, a. تہی مغز ؛ بے وقوف ؛ کوڑھ مغز ؛ نادان ؛ بے خبر ؛ نا سمجھ ؛ بے فکر ؛ بے پروا ؛ غیر متوجہ ؛ غیر محتاط ۔

mindlessly, adv. بے وقوفی سے ؛ بے پروائی سے ؛ بے توجہی سے ۔

mindlessness, n. بے وقوفی ، بے توجہی ؛ بے پروائی ۔

minded, a. ایک خاص ذہن رکھنے والا (جیسے weak-minded) ۔

mind-body problem, n. (فلسفہ) جسم اور ذہن کے تعلق کا سوال یا مسئلہ ۔

mind reader, n. ذہن خواں ؛ دوسرے کے ذہن کو پڑھنے کی طاقت کا مدعی ۔

mind reading, n. ذہن خوانی ؛ دوسرے کے ذہنی خیالات کو پڑھنا یا جاننا ، خاص طور پر مبینہ فوق الفطرت قوت کے ذریعے ۔

mind's eye, n. چشمِ بصیرت ؛ دل کی آنکھ ؛ تصوُّر ؛ یاد ؛ حافظہ ۔

mine, pronominal adjective. میرا ؛ میری ؛ ضمیر متکلم ''میں'' (I) کی حالتِ اضافی ؛ میری ملکیت (جیسے : mine is a brown hat) ؛ کبھی حروف علت سے شروع ہونے والے اسما سے پہلے باقاعدہ استعمال ہوتا تھا (جیسے : mine eyes) ؛ اب عموماً hers , ours, yours, theirs کی طرح استعمال ہوتا ہے یعنی my کے مترادف کے طور پر ، اس کے بعد اسم آتا ہے اور یہ حالت فاعلی یا حالت مفعولی کے لیے کام کرتا ہے یا استعمال ہوتا ہے ۔

mine, n. کان ؛ معدن ؛ کھان ؛ مخزن ؛ زمین میں ایسا گڑھا یا کھدائی جس سے کوئلہ ، کچ دھاتیں یا دوسری معدنی اشیا کھود کر نکالی جائیں ؛ ایسی کھدائی کی جگہ،عمارات یا آلات ۔ (عسکری) سمندری سرنگ ؛ بارودی سرنگ ؛ ایک آلہ یا ہتھیار جو سمندر کی سطح پر یا اس کے نزدیک تیرتا ہو تاکہ بحری جہاز وغیرہ کو دھاکے سے تباہ کر دے ؛ زمینی سرنگ ؛ ایسا ہی ہتھیار جو زمین پر گاڑیوں اور انسانوں کو دھاکے سے اڑانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ قلعہ بندی کے نیچے کھودی ہوئی سرنگ جس میں دھماکا پیدا کرنے والا مادہ بھر دیا

جاتا ہے تا کہ عمارات وغیرہ کو اڑایا جا سکے ـ (مجازاً) دولت یا بہت قیمتی چیز کا بڑا ذخیرہ یا سرچشمہ ـ (فعل لازم) کان کھودنا ، بھٹ بنانا ؛ زمین دوز سرنگ یا راستہ کھودنا ـ (فعل متعدی) کسی کی بنیاد اکھاڑنا ؛ بنیاد کھوکھلی کرنا ؛ بیخ کَنی کرنا ؛ جڑ کھودنا ـ

miner, n. کان کن ؛ کان کھودنے والا ؛ سرنگ وغیرہ کھودنے والا ؛ بارودی سرنگ بچھانے والا ؛ کان میں کام کرنے والا ـ

minefield, n (عسکری) سرنگی علاقہ ؛ سرنگ میدان ؛ وہ سمندری یا خشکی کا علاقہ جہاں بارودی سرنگوں کا جال بچھایا گیا ہو ؛ کسی علاقے میں بچھی ہوئی بارودی سرنگیں ـ

minelayer, n. سرنگ انداز ؛ سرنگیں بچھانے والا جہاز ؛ بحری جہاز جسے خاص طور پر بارودی سرنگیں بچھانے کے لیے بنایا اور لیس کیا گیا ہو ـ

mineral, a. کانی ؛ معدنی ؛ کان یا معدن سے حاصل شدہ ؛ کان سے متعلق ؛ معدنی نوعیت کا ؛ معدنی اشیا سے متعلق ؛ جس میں کوئی معدنی جز یا اجزا ملے ہوئے ہوں (جیسے : mineral water) ؛ جماد ، جو نہ حیوان ہو نہ نبات (جیسے : the mineral kingdom) ؛ غیر نامیاتی ـ (اسم) کان سے نکالا گیا مادّہ ، بالخصوص قدرتی طور پر پیدا ہونے والا کوئی سا مادّہ جو عموماً غیر نامیاتی مواد پر مشتمل ہوتا ہے جیسے گار (quartz) یا فلسپار (feldspar) ؛ متعین کیمیائی ترکیب کا حامل لیکن بعض اوقات ایسے مجموعوں پر مشتمل جن کو ہم بجا طور پر چٹان یا پتھر کہہ سکتے ہیں ؛ بعض ایسی قدرتی اشیا جو اصلاً نامیاتی ہوں جیسے اسفال (asphalt) یا کوئلہ (coal) ـ (کان کنی) کچ دھات،بعض اوقات کوئی ایسی شے جو نہ نبات ہو نہ حیوان ـ (جمع ، برطانوی) معدنی پانی ـ

mineralize, v.t. معدنی بنانا ؛ معدنی مادے میں بدلنا ؛ کایا پلٹ کرنا جیسے دھات کو کچ دھات میں بدلنا ؛ معدنی جز یا اجزا شامل یا مہیّا کرنا ؛ جامد بنانا ـ (فعل لازم) معدنیات کی تلاش یا مطالعہ کرنا ـ

mineralization, n. معدنی بنانے کا عمل ، معدن سازی ؛ تحجّر ـ

mineralizer, n. معدن ساز (عُنصر) ؛ معدنی بنانے والا ؛ معدن کار ؛ متحجّر ـ

mineralogy, n. معدنیات؛ عِلم معدن ؛ علم معدنیات ؛ کان شناسی ؛ معدنیات کا علم ؛ معدنیاتی علم کا رسالہ یا مقالہ ـ

mineralogical, a. معدنیاتی ؛ معدنیات یا علم معدنیات سے متعلق ـ

mineralogically, adv. معدنیاتی طور پر ـ

mineralogist, n. ماہر معدنیات ؛ معدنیات شناس ـ

mineral oil, n. معدنی تیل ؛ کوئی سا بھی تیل جو اصلاً معدنی ہو ؛ معدن الاصل تیل جیسے پٹرولیم اور اس سے حاصل شدہ دوسری اشیا جو ہائیڈروکاربنز کے مرکبات پر مشتمل ہوتی ہیں اور روشنی ، ایندھن اور بعض دواؤں میں ملین کے طور پر استعمال ہوتی ہیں ـ

mineral pitch, n. قدرتی رال ـ دیکھیے : Asphalt ـ

mineral water, n. معدنی پانی ؛ ایسا پانی جس میں یا تو قدرتی طور پر یا مصنوعی طور پر گیسیں ، کاربونیٹ (carbonates) سلفیٹ (Sulfates) یا فولاد (iron) شامل ہوتے ہیں اور اکثر طبی مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے ـ (جمع ، برطانوی عوامی) سوڈا واٹر ؛ کاربونیٹ کے حامل بے نشہ مشروبات ـ

mineral wax, n. معدنی موم ـ دیکھیے : Ozocerite ـ

mineral wool, rock wool, n. معدنی اون ؛ بطور حجز استعمال ہونے والا اون جیسا چمکدار مادہ جو دھات کے میل (slag) میں سے گرم ہوا یا بھاپ کا جھونکا گزارنے سے بنایا جاتا ہے ـ

minestrone, n. منی سٹرونی ؛ اطالیہ کی مقبول یخنی جسے سبزیوں ، جڑی بوٹیوں اور سویوں کو چوزے یا گوشت کے شوربے میں پکا کر بنایا جاتا ہے ـ

minesweeper, n. (بحریہ) سرنگ ربا ؛ بارودی سرنگیں صاف کرنے والا ؛ چھوٹا بحری جہاز جو پانی کی کچھ مقدار کو اس طرح کھینچتا ہے کہ دشمن کی بچھائی ہوئی بارودی سرنگیں صاف ہوجائیں یا پھٹ جائیں ـ

minesweeping, n. سرنگ ربائی ؛ بارودی سرنگوں کی صفائی ـ

Ming, n. مِنگ ؛ چینی شاہی خاندان ، جس نے ۱۳۶۸ء سے ۱۶۴۴ء تک حکومت کی اور جس کے عہد میں قدیم اداروں کو بحال کیا گیا اور فنون لطیفہ ، خصوصاً چینی مٹی کی اشیا بنانے کے فن کو درجۂ کمال تک پہنچایا گیا ـ (صفت) (عموماً بڑےM سے) منگ خاندان یا اس کے عہد میں تخلیق ہونے والے فن پاروں کی خصوصیات کا حامل (جیسے : Ming porcelain) ـ

mingle, v.t., v.i. ملانا ؛ مخلوط بنانا ؛ خلط ملط کرنا ؛ آمیزش کرنا ؛ اس طرح باہم ملانا کہ مکمل طور پر گھل مل کر ایک ہو جائے ؛ امتزاج کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ سماجی کاموں میں شریک ہونا ؛ باہم گھل مل جانا ؛ مرکب بنانا ، متحد ہونا ؛ مخلوط کرنا ؛ ملا کر تیار کرنا ؛ شریک ہونا (جیسے : to mingle with or in a crowd) ـ

ming tree, n. منگ درخت ؛ جنس صنوبر کا مخروطی درخت جسے چھوٹے برتن میں اگا کر مصنوعی طور ٹھگنا رکھا گیا ہو ـ دیکھیے : Bonsai ـ

mini, n. چھوٹا ؛ مِنی اسکرٹ ـ

miniature, n. مصغّر ؛ بہت چھوٹی یا مختصر تصویر ؛ کوئی تصویر یا شبیہہ جو بہت مختصر پیمانے پر پیش کی گئی ہو ؛ تصویرچہ ، جو عموماً ہاتھی دانت یا رِق پر بنایا جاتا ہے ؛ ایسی تصویریں بنانے کا فن ؛ مختصر پیمانہ (جیسے : shown in miniature) ـ (صفت) چھوٹا سا ؛ چھوٹے پیمانے پر ـ

miniaturize, v.t. تصویرچہ بنانا ؛ بہت مختصر پیمانے پر کسی شے کی نقل یا عکس اتارنا ـ (برقیات) ٹرانزسٹر یا دوسرے کم جگہ گھیرنے والے پرزے استعمال کر کے مختصر جسامت کی مصنوعات تیّار کرنا ـ

miniaturization, n. مختصر کاری ؛ مختصر نقاشی ، تصویر کشی یا عکاسی کرنے کا عمل ـ

minibike, n. پستہ موٹر سائیکل ؛ پست ڈھانچے اور اونچے دستوں والی موٹر سائیکل ، جس پر صرف ایک شخص سواری کر سکتا ہے ـ

minicab, n. منی کیب ؛ بہت چھوٹی گاڑی ؛ اکثر یورپ کی

بنی ہوئی بہت چھوٹی کار جو بطور ٹیکسی استعمال ہوتی ہے ۔

minicam, n. چھوٹا کیمرا ۔

minicomputer, n. منی کمپیوٹر ؛ خرد کمپیوٹر؛ چھوٹا اور طاقتور کمپیوٹر ۔

Mini'e ball, n. [فرانسیسی موجد سی ۔ ای منی (۱۸۰۴ء ۔ ۱۸۷۹ء) سے منسوب] مِنی بال ؛ مخروطی گولی جس کا نچلا حصہ کھوکھلا ہوتا ہے اور جب اسے چلایا جاتا ہے تو وہ بندوق کی نالی کے قطر کے مطابق پھیل جاتی ہے ۔

minifootball, n. (فضائیات) کنٹرول کرنے والے جہاز (کمانڈ شپ) کا بیضوی مدار ، جو اس طرح بنایا جاتا ہے کہ وہ ساتھی جہاز تک کم از کم مقررہ فاصلہ پر راستہ قائم رکھے ۔

minify, v.t. کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ گھٹانا ؛ حقیقت سے کم کر کے پیش کرنا ؛ گھٹا کر ظاہر کرنا ؛ قدروقیمت یا اہمیت کم کر کے پیش کرنا ۔

minification, n. تخفیف ؛ تقلیل ۔

minim, n. منم ؛ قطرہ ؛ قطرچہ ؛ مائع کا سب سے چھوٹا پیمانہ جو ایک قطرے یا ڈرام کے ساٹھویں حصے کے برابر ہوتا ہے ؛ کسی چیز کی کم سے کم مقدار ؛ نہایت مختصر یا غیر اہم شے ۔ (زیادہ تر برطانوی ، موسیقی) نصف سُر ؛ سُرتی ۔ (صفت) بہت چھوٹا ؛ مختصر ترین ۔

minimal, a. کم سے کم کا یا اس سے متعلق ؛ کم سے کم ممکن ؛ مختصر ترین ؛ کوچک ترین ؛ اصغر ؛ اقل ۔

Minimalist, n. (بعض اوقات چھوٹے m سے) اشتراکیوں کے کم انقلابی گروہ کا رُکن ، بالخصوص اس گروہ کا جو ماضی میں روسی سیاست میں سرگرم تھا ۔

minimize, v.t. کم سے کم کرنا ؛ مختصر ترین کرنا ؛ کم سے کم اہمیت دینا ؛ کم سے کم حصہ یا تناسب سمجھنا ؛ نہایت کم کر کے دکھانا ۔

minimization, n. کم کرنے کا عمل؛ تخفیف؛ تقلیل ۔

minimizer, n. کم سے کم کرنے یا بنانے والا ۔

minimum, n. اقل مقدار ؛ قلیل ترین مقدار ؛ کم سے کم ؛ کم سے کم مقدار یا درجہ ؛ کسی خاص صورت میں کم سے کم دی گئی مقدار ، برعکس زیادہ سے زیادہ کے ؛ کسی طعام خانے یا کسی ایسے ہی ادارے کی مرضی سے مقرر کردہ کھانے ، مشروب کی فی کس کم از کم قیمت ۔ (ریاضی) اقل ؛ ادنیٰ ؛ خاص عملی قیمت جو اس کے قریب ترین علاقے میں کسی بھی قیمت سے کم ہو ۔ (صفت) سب سے کم ممکن یا قابل حصول جسامت ، کم سے کم ؛ قلیل ترین ، درجے یا مقدار کو ظاہر کرنے والا یا اس سے بنا ہوا ؛ کسی خاص کم سے کم جسامت ، درجے ، مقدار یا اہمیت وغیرہ کا یا اس سے متعلق ۔

minimum wage, n. کم سے کم اُجرت ؛ کسی خاص کام کی انجام دہی کے لیے کارکن یا ملازم کو دی جانے والی کم سے کم اجرت جو قانوناً یا یونین کی گفت و شنید کے ذریعے طے پائی ہو ۔

mining, n. کان کنی ؛ کان میں کام کرنے والے کا عمل یا کام، خصوصاً کانوں سے کچ دھات نکالنے کا عمل ، طریق عمل یا صنعت ۔ (عسکری) زمینی یا سمندری بارودی سرنگیں بچھانے کا کام ۔

minion, n. نالائق منھ لگا ؛ نالائق مَنظُورِ نظر ؛ سر چڑھا غلام ؛ بردہ ؛ کم اختیار افسر ؛ ماتحت عہدے دار ۔ (طباعت) چھپائی کا چھوٹا ٹائپ ۔

minipill, n. (طِب) حَبّ صغیر ؛ مانعِ حمل گولی ، جس میں پروجسٹرون کم ہوتاہے ،ایسٹروجن بالکل نہیں ہوتی ۔

miniskirt, n. مِنی اسکرٹ ؛ چھوٹا سایہ یا گاؤن ۔

minister, n. مذہبی رسومات ادا کرنے کا مختار شخص مثلاً پادری وغیرہ ؛ وہ شخص جسے حکومت کی انتظامیہ کا سربراہ بعض فرائض کی انجام دہی کی نگرانی تفویض کرے ؛ وزیر (جیسے : Minister of War) ؛ سفیر کے درجے سے کمتر سفارت کار ؛ کسی دوسرے کے زیر اختیار کام کرنے والا ؛ ملازم ؛ پیش کار ؛ دیوان ؛ کام دار ؛ خدمت گار ؛ عامل ؛ کارکن ؛ کارپرداز ۔ (فعل متعدی) دوا وغیرہ دینا ؛ لگانا ؛ اطلاق کرنا ۔ (فعل لازم) پادری وغیرہ کی حیثیت سے کام کرنا ؛ خدمت انجام دینا ؛ ملازمت کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ امداد کرنا ؛ ضرورت کی چیزیں دینا ؛ مہیا کرنا (جیسے : to minister to one's needs) ۔

ministerial, a. وزارتی ؛ وزارت یا وزیر سے متعلّق ؛ پادری وغیرہ سے متعلق ؛ وزرائے مملکت یا ان کی خدمات سے متعلق ؛ قانون کی رو سے دیے گئے اختیارات کے متعلق یا ان کا حامل ۔

ministerialist, n. (برطانوی سیاسیات) موید وزارت ؛ حامی وزارت ؛ قائم وزارت کا حامی ۔

ministerially, adv. وزارت کے طور پر ؛ وزیر کی حیثیت سے ؛ پادری وغیرہ کے طور پر ۔

minister plenipotentiary, n. مدار المہام ؛ سفیر بہ اختیاراتِ کامل ۔ دیکھیے : Plenipotentiary

ministrant, a., n. مُمِد ؛ معاون؛ تابع ؛ حاضر باش ؛ خدمت انجام دینے والا ؛ فرمانبردار ؛ وزیر یا خادم کی حیثیت سے عمل کرنے والا ۔

ministration, n. اعانت ؛ امداد ؛ معاونت ؛ دستگیری ؛ فرمانبرداری ؛ خدمت ؛ کلیسائی امور کی انجام دہی ۔ (اکثر جمع) خدمات یا معاونت ۔

ministrative, a. امدادی ؛ اعانتی ؛ خدماتی ۔

ministry, n. وزارت ؛ کابینہ ؛ خدمت ؛ امداد ؛ اعانت کا فعل ؛ سرکاری ، مذہبی یا وزارتی عہدہ یا فرائض ؛ اہل کلیسا ؛ عہدیدارانِ کلیسا ؛ جماعت وزرا ؛ مملکت کے وزرا یا اعلیٰ عہدہ داروں کی جماعت ۔ (اکثر بڑے M سے) وہ محکمۂ حکومت جس کا سربراہ وزیر ہو ، وہ عمارت جس میں وزارت کے دفاتر ہوں ۔

mini track, n. (بعض اوقات بڑے M سے) (فضائیات) منی ٹریک ؛ مختصر راہ ؛ برقیاتی راہ نُمائی کا نظام جو زمین پر اشارات موصول کرنے والے اسٹیشنوں پر مُشتمل ہوتا ہے اور سیّارچے پر نصب ٹرانسمٹر سے بھیجی جانے والی ریڈیائی لہروں کو موصول کر کے سیّارچے کے راستے کا تعیّن کرتا ہے ۔

minium, n. سیندُور ؛ شنگرف ؛ سیسے کا سُرخ کُشتہ یا آکسائڈ ؛ سُرخ سِیسہ ۔

miniver, n. سنجاب ؛ قاقم ؛ سمُور ؛ ایک قسم کا سمُور جو قرونِ وُسطیٰ میں شاہی ملبوسات کے استر ، کناری لگانے کے کام آتاتھا ، جسے سفید یا خاکستری سمور کہا جاتا ہے ، سفید سمور جسے

گہرے سیاہ رنگ کے سمور کے ٹکڑوں سے یا سادہ سفید سمُور سے آراستہ کیا گیا ہو ؛ گلہری قسم کے جانور کا سمُور جو سردیوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

mink, n.
آبی نیولا ؛ مِنک ؛ جنس سمُور کا نیم آبی گوشت خور میمَل جانور جس کا جسم دُبلا اور گلدان نُما ہوتا ہے.خاص طور پر آبی نیولا وائی سن (Vison) جو شمالی امریکا کی ایک عام نوع ہے ؛ آبی نیولے کی نرم ، دبیز اور قیمتی پوستین ؛ اس پوستین سے بنا ہوا لباس ۔

minnesinger, n.
بارھویں اور تیرھویں صدی کا جرمنی کا مُغنّی شاعر ؛ مِنی سِنگر ۔

minnow, n.
سیم ماہی ؛ چھوٹی اصلاً یورپی مچھلی ، جس کا تعلق سپرینی خاندان سے ہے ؛ ایک مچھلی جو مچھلی کے شکار میں بطور طعمہ استعمال ہوتی ہے ۔

Minoan, a.
[یونانی جزیرہ کریٹ سے منسُوب] کانسی کے عہد کی کریٹی تہذیب کا ، جو ۳۰۰۰ سے ۱۱۰۰ ق م تک پھلی پھولی ۔ (اسم) قدیم کریٹ (Crete) کا باشندہ ۔

minor, a.
ادنیٰ ؛ چھوٹا ؛ کم تر ؛ معمولی ؛ قلیل ؛ خفیف ؛ ناقابل لحاظ ؛ صغیر ؛ کم سن ؛ کم درجے کا ؛ گھٹیا ؛ جسامت ، وسعت یا اہمیت میں کم تر یا دو میں سے کم تر یا اصغر (جیسے : the minor group in a divided deliberative body) ؛ کم اہم یا ثانوی درجے یا قسم کا (جیسے : minor faults or considerations minor poets) ؛ نابالغ ؛ قانونی عمر سے کم ۔ (منطق) مقدمہ صغریٰ ؛ حد صغریٰ (جیسے : minor term of a syllogism or the minor premise) ۔ (موسیقی) وقفۂ صغیر کا ؛ مُماثل وقفۂ کبیر سے نصف درجے چھوٹے وقفے کا ؛ اصلی سُر اور دوسرے سُر کے درمیان تار کے سوم صغیر کا ؛ کسی مقرّرہ سُر سے وقفۂ صغیر کے فاصلے پر ؛ سرگم یا پردے کو ظاہر کرنے والا جس کا تیسرا سُر بنیادی سُر کی نسبت سے چھوٹا ہو ۔ (اسم) کسی خاص جماعت میں کم تر درجے یا اہمیّت کا فرد ۔ (تعلیم) بڑے اور بُنیادی مضمُون یا نصاب کا ذیلی یا ضِمنی مضمون یا نصاب ؛ قانونی عمر سے کم کا شخص ۔ (منطق) حدّ صُغریٰ ؛ مقدمۂ صغریٰ ۔ (موسیقی) چھوٹا وقفہ ، تانت یا سرگم ۔ (بڑے M سے) فرانسسکی راہب ۔ (فعل لازم ، امریکا) ذیلی یا ضِمنی مضمون یا نصاب پڑھنا (عموماً اس کے بعد in آتا ہے) ۔

Minorca, n.
[بحیرۂ رُوم کے جزیرہ منارکا کی نسبت سے] مِنارکا ؛ مِنارا ؛ بڑی جسامت کی پالتو مُرغیوں کی ایک قسم جو زیادہ انڈے دینے کے لیے مشہور ہے ۔

Minorcan, a.
مِنارکائی ؛ (جزیرہ) منارکا سے تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) منارکا کا باشندہ ۔

Minorite, n.
ایک فرانسسکی راہب ۔

minority, n.
چھوٹی جماعت ؛ کم تعداد ؛ کم سنی ؛ کم عُمری ؛ نابالغی ؛ عدمِ بُلوغت ؛ اقلیّت ؛ قانونی عُمر سے کم ہونے یا نابالغ ہونے کی حالت ؛ کم تر حصّہ یا تعداد یا کل تعداد کے نصف سے کم ؛ آبادی کا حِصّہ جو اکثریّت سے نسل ، مذہب ، قومیّت یا سیاسی وابستگی میں مختلف ہو خاص طور پر جب ان سے امتیازی برتاؤ کیا جاتا ہو ؛ اکثریّت کے مقابلے میں چھوٹا گروہ یا جماعت جیسے ووٹ ڈالنے یا کسی دوسرے عمل میں ۔ (صفت) اقلیتی ؛ کم مقدار یا کم تعداد ؛ نابالغ ۔

minor league, n.
(امریکا) بڑی تنظیموں سے الگ کھیلوں کی کوئی پیشہ ورانہ تنظیم جیسے بیس بال کی ۔ (صفت) ایسی تنظیم کا یا اس سے متعلق ۔

minor order, n.
(رومی کیتھولک کلیسا) کم تر درجہ یا سلسلہ ؛ پادری بننے کے عمل میں چار میں سے کوئی ایک درجہ یعنی پورٹر (porter) ، لیکٹر (lector) ، ایکولِٹ (acolyte) اور ایکسورسِسٹ (exorcist) میں سے کوئی ایک ۔

minor premise, n.
(منطق) مقدمۂ صغریٰ؛قیاسِ منطقی میں قضیہ جو دلیل کے نتیجے پر دلالت کرتا ہے ۔

minor suit, n.
(بِرج) چھوٹا رنگ ؛ پھول/چڑیا یا اینٹ کا رنگ ۔

minor term, n.
(منطق) حدِّ صُغریٰ ؛ قیاسِ منطقی کے مقدمۂ صُغریٰ میں وہ حَدّ جو دلیل کے نتیجے کا موضوع بنتی ہے ۔

Minotaur, n.
(یونانی اساطیری) ایک خیالی جانور ، آدھا آدمی ، آدھا بیل ؛ بیل مانس ؛ یونانی اساطیر میں ایک عفریت جس کا آدھا جسم انسان کا اور آدھا بیل کا تھا جو کریٹ (Crete) کی بُھول بھلیوں میں بند تھا اور انسانی گوشت کھاتا تھا جسے تھیسئیس (Theseus) نے قتل کیا ۔ (اکثر چھوٹے m سے) کوئی بھی تباہ کن شخص یا چیز ۔

minster, n.
گرجا ؛ کلیسائے خانقاہ ؛ وہ گرجا جو کسی خانقاہ میں واقع ہو ؛ بڑا یا کوئی اہم گرجا ، ان معنی میں اکثر ترکیب میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : Westminster) ۔

minstrel, n.
مُطرب ؛ بھانڈ ؛ میراثی ؛ قُرونِ وُسطیٰ کا گشتی مُغنّی جو گا کر روزی کماتا تھا اور عموماً ساتھ ساتھ بربط بھی بجاتا تھا ؛ گائک ؛ موسیقار ؛ شاعر ؛ مُغنّیوں کے طائفے کا رُکن ۔

minstrelsy, n.
مُطربی ؛ ترانہ سازی ؛ ترانہ سنجی ؛ گائکی ؛ موسیقی ، شاعری ؛ گیتوں ، چار بیتوں یا رزمیہ نظموں کا مجموعہ ؛ مغنیّوں کا طائفہ ۔

minstrel show, n.
تماشا جس میں مسخرے ، موسیقار اور گلوکار ، چہرے سیاہ کر کے گیت ، رقص اور لطیفے پیش کرتے ہیں ۔

mint, n.
ٹکسال ؛ دارُالضرب ؛ وہ جگہ جہاں حکومت کے زیر اختیار سکّے ڈھالے جاتے ہیں ؛ ایسی جگہ جہاں کوئی چیز بنائی یا گھڑی جاتی ہے ؛ کسی چیز خصوصاً دولت کی بہت بڑی تعداد یا مقدار ؛ خزانہ ؛ خزینہ ؛ گنج ۔ (فعل متعدی) ڈھالنا جیسے سکّے ؛ سکہ ڈھالنا ؛ سکہ بنانا ؛ ٹھپا لگانا ۔ (مجازاً) سکے کی طرح کوئی چیز بنانا یا گھڑنا ؛ وضع کرنا (جیسے : to mint words or phrases) ۔ (صفت) غیر استعمال شدہ یا اصلی حالت میں (جیسے : a car in mint condition) ۔

mintage, n.
ڈھلائی ؛ سکّہ سازی ؛ گھڑائی ؛ ڈھلی ہوئی شے ؛ ٹکسال کی پیداوار ؛ ڈھلا ہوا لفظ یا ترکیب ؛ ثبت شدہ مُہر یا نَقش ؛ ڈھلائی یا سکّہ سازی کی اُجرت یا لاگت ۔

minter, n.
ٹکسالیا ؛ سکّے ڈھالنے والا ؛ موجد ۔

mint, n.
پودینہ ؛ نعناع ؛ پودینے کے خاندان کا کوئی پودا ، خصوصاً جنس نعناع کا جو ایسی خُوشبُودار اور جڑی بوٹیوں پر مُشتمل ہے جن کے پتّے مُخالف سمت میں ہوتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے پُھول عموماً مرتب ہوتے ہیں جیسے سنانی پودینہ (spearmint) اور فلفلی

پودینہ (Peppermint) ؛ میٹھی گولی جس میں پودینے کی خوشبو ملائی گئی ہو۔

mint julep, n. پودینے کا شربتِ مُفرِح۔
دیکھیے : julep ۔

minuend, n. (ریاضی) مفروق مِنہ ، وہ عدد جس سے دوسرا عدد منہا کیا جائے۔

minuet, n. کُوچک قدم رقص ؛ فرانسیسی سست رفتار ، باوقار رقص جو سترھویں صدی میں شروع ہوا تھا ؛ وہ دُھن جس میں یہ رقص کیا جاتا ہے یا جو اس رقص کے آہنگ میں ہو ؛ مُجرا تال ۔

minus, prep. تفریق ؛ مِنہا کرنے یا کم کرنے کے بعد (جیسے : gross earnings minus cost 10 (minus 3,)؛ بغیر ؛ کے بغیر (جیسے : a book minus its title page, to escape minus hat and coat)۔ (اسم) منفی کی علامت ؛ علامتِ تفریق (-) ؛ منفی مقدار ؛ کمی یا نقصان ۔ (صفت) کم ؛ تفریق کو ظاہر کرنے والا ؛ تفریقی ؛ منفی (جیسے : the minus sign, a minus quantity,)؛ نہی ؛ نفی ۔

minuscule, a. بہت چھوٹا ۔ (قدیم تحریر شناسی) چھوٹا ، جیسے چھوٹے حروف ؛ ایسے چھوٹے حروف ، میں لِکّھا ہوا ، بڑے حرف (majuscule) کی ضد ۔ (اسم) چھوٹا حرف ، بڑے حرف سے ممیّز ؛ انگریزی کا چھوٹا شکستہ رسمُ الخط جو بڑے خط یا خطِ جلی سے سترھویں صدی میں نِکلا اور اسے منسوخ کر دیا ۔

minuscular, a. چھوٹے حروف والا ۔

minus sign, n. (ریاضی) علامتِ نفی ؛ منفی کی علامت ؛ نشان یا علامت (ـ) جو تفریق کے عمل یا منفی مقدار کو ظاہر کرتی ہے

minute, n. مِنٹ ؛ دقیقہ ؛ گھنٹے کا ساٹھواں حِصّہ یا ساٹھ سیکنڈ ؛ وقت کی غیر معین چھوٹی مُدّت ؛ غیر مُعیّن مختصر وقت (جیسے : wait a minute) ؛ تھوڑی سی دیر ؛ ذرا دیر ؛ وقت کا نُقطہ ؛ پل یا لمحہ (جیسے : Come here this minute) ؛ دستاویز وغیرہ کی ابتدائی مختصر یاد داشت یا تحریر ۔ (جمع) رُوداد ؛ مُختصر رُوداد ؛ مجلس ، کونسل ، اجلاس سوسائٹی وغیرہ کی کارروائی کا سرکاری محفوظہ (ریکارڈ) ؛ وقائع ۔ (فعل متعدی) حرکت یا رفتار کا صحیح وقت متعیّن کرنا ؛ یادداشت لکھنا ؛ دستاویز وغیرہ کا مُسوّدہ تیار کرنا ؛ یاد داشت میں محفُوظ کرنا/لکھنا ؛ تحریر کرنا ؛ لکھنا ؛ کسی مجلس یا اجلاس وغیرہ کی رُوداد یا وقائع لِکھنا ۔

minute, a. بہت چُھوٹا ؛ باریک ؛ خفیف ؛ دقیق ؛ جسامت ، مقدار ، وُسعت یا درجے میں بہت چھوٹا (جیسے : minute portions, differences , or variations)؛ بہت کم وُسعت یا ذاتی اہمیّت کا حامل ؛ جزئیات کی جانب تَوجُّہ دینے اور ان کا خیال رکھنے والا یا ان سے متعلق ؛ تفصیلی (جیسے : minute inquiries (a minute report –

minutely, adv. باریک بینی سے ؛ نُکتہ سنجی سے ؛ دقیقہ رسی سے ؛ دِقّتِ نظر سے ؛ غور و فکر سے ۔

minuteness, n. باریکی ؛ ادنیٰ/معمولی ہونا ؛ دقیقہ رسی ؛ نکتہ رسی ؛ دقیقہ سنجی ؛ دِقّتِ نظر ؛ باریک بینی؛ موشگافی ؛ جزئیات بینی ۔

minute gun, n. مِنٹ توپ ؛ توپ جو مِنٹ مِنٹ کے وقفے سے فوجی جنازے پر اظہار ماتم یا آفت کی علامت یا اشارے کے طور پر داغی جاتی ہے ۔

minute hand, n. گھڑی کی منٹ کی سوئی ۔

minute man, n. انقلابی جنگ سے پہلے اور دوران میں امریکی ملیشیا کا رُکن جو فوری فوجی خدمات کے لیے خود کو تیّار رکھتا تھا ۔ (فضائیات) تین مراحل پر مُشتمِل بین البرّاعظمی انفجاری میزائل جس میں ٹھوس دھکا انجن لگے ہوتے ہیں ؛ امریکا میں مختصر رجعت پسند خفیہ تنظیم کا رُکن جو ایسے مسلّح گروہوں پر مشتمل ہے کہ جو اِشتراکی حملے کی صُورت میں ، گوریلا جنگ کے ذریعے ، لڑنے کے لیے تیّار ہیں ۔

minute steak, n. مِنٹ قتلہ ؛ گائے کے گوشت کا پتلا قتلہ جسے پکنے کے لیے کم وقت کی ضرورت ہوتی ہے ؛ پارچہ ؛ پسندا ؛ اسٹیک ۔

minutia, n. (عموماً جمع) چھوٹی یا کم اہم جُزئیات ؛ غیر اہم چیز ؛ معمولی باتیں ۔

minx, n. شوخ چشم لڑکی ؛ دیدہ دلیر لڑکی ؛ فلرٹ کرنے والی لڑکی ۔

minxish, a. شوخ چشم ؛ دیدہ دلیر ؛ جھوٹی محبّت دکھانے والی ۔

Miocene, a. (ارضیات) عصرِ مایوسِینی ؛ عَصرِ اَوسط ؛ تیسرے ارضیاتی دور کے طبقۂ اَوسَط کا ؛ دور سوُم کے چوتھے قرن سے متعلق جو جدید ترین عَصر (Pliocene) اور قریبِ جدید عَصر (Oligocene) کے درمیان آتا ہے اور جس کی خصوصیّت جدید ممیل کی نشوونُما ہے ؛ اس عصر کے طبقات ۔ (اسم) عصرِ مایوسِینی کا قَرن یا طَبقہ ۔

mir, n. (رُوسی) مِیر ؛ پنچایت ؛ زارِ رُوس کے عہد میں روسی پنچایت یا کِسانوں کی جماعت ۔

miracle, n. معجزہ ؛ اعجاز ؛ کرامت ؛ خرقِ عادت ؛ اعجوبہ ؛ حیرت انگیز بات ؛ ایسا کام جو معلومہ قوانینِ قُدرت سے ماورا نظر آئے اور جو کِسی مافوق الفِطرت مخلوق کا کارنامہ تصُوّر کیا جائے ؛ مافوق الفطرت واقعہ ؛ بہت بلند معیار کا مظاہرہ (جیسے : a miracle of endurance) ۔

miracle play, n. انجیل کے واقعات یا اولیا کے بارے میں ڈرامائی پیشکش جو قُرُونِ وُسطیٰ میں شروع ہوئی ۔

miraculous, a. مُعجزانہ ؛ اعجازی ؛ معجزاتی ؛ کراماتی ؛ مُعجزہ صِفت ؛ اعجاز نُما ؛ اعجاز خیز ؛ اعجاز خیز قُوّت کا حامل ؛ مافوق الفطرت قُوّت کا براہ راست نتیجہ ؛ انتہائی تَعجُّب خیز ؛ حیرت زا ؛ حیرت انگیز ۔

miraculously, adv. مُعجزانہ طور پر ؛ کرامت سے ؛ معجزے سے ؛ عجیب طور پر ؛ مُعجزانہ ؛ حیرت انگیز طور پر ؛ مافوقُ الفِطرت قُوّت سے ۔

miraculousness, n. اِعجاز ؛ اِعجازیّت ؛ مُعجزہ نُمائی ؛ حیرت زائی ؛ تعجُّب انگیزی ؛ مُعجزہ صفتی ۔

mirador, n. (ہسپانوی فن تعمیر) نشیمن ؛ بالا خانہ ؛

چوبارہ ؛ عمارت کی کوئی سی خصوصیت ، جیسے کہ کھڑکی یا بالکنی ؛ جس کا مقصد باہر کا منظر مہیّا کرنا ہو۔

mirage, n.
سَراب؛ نظر کا دھوکا ؛ فریبِ نظر جو فضائی کثافتوں کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کے باعث دُور کی چیزوں کا عکس اکثر اُلٹا دکھائی دیتا ہے۔

mire, n.
دَلدَل ؛ گلابہ ؛ کِیچڑ ؛ کِیچ ؛ چہلا ؛ پانکا ؛ جابہ ؛ گارے جیسی نرم زمین ۔ (فعل متعدّی و لازم) دلدل میں پھنسنا یا دھنسنا (جیسے کسی گاڑی کا) ؛ دلدل میں پھنسانا ؛ کِیچڑ میں لَت پَت کرنا ؛ کِیچڑ مَلنا ؛ کیچڑ میں پھنسنا ؛ آگے بڑھنے کے قابل نہ رہنا۔

miry, a.
دَلدَلی ؛ گِلابی۔

mirk, n., a.
تاریک ؛ اُداس ؛ مُبہم ؛ اندھیرا ؛ تاریکی ۔ دیکھیے : Murk ۔

mirky, a.
تاریک ؛ مُبہم ؛ اُداس ۔ دیکھیے : Murky ۔

mirror, n.
آئینہ ؛ مِرآۃ ؛ آرسی ؛ شِیشہ ؛ کوئی سی شفّاف سطح جو چیزوں کے عکس کو منعکس کرے ؛ کوئی شے جو صحیح تصویر دکھائے ؛ نمُونہ ؛ مِثال ؛ مثال دار ؛ مثال دینے والا ۔ (فعل متعدی) آئینے کی طرح منعکس کرنا ؛ ہوبہو عکس پیش کرنا ۔

mirth, n.
خوشی ؛ اِنبساط ؛ طَرب ؛ مَسرّت ؛ نشاط ؛ عَیش و طرب ؛ رَنگ رلیاں؛ لُطف و مَسرّت ؛ ہنسی مذاق ؛ دل لگی ؛ قہقہے ؛ چہچہے ؛ پُرمزاح تفریح جس میں قہقہہ شامل ہو۔

mirthful, a.
خُوش طبع ؛ پُرلُطف ؛ خُرّم ؛ مسرور ؛ دل لگی باز۔

mirthfully, adv.
خوش طبعی سے ؛ عَیش و طَرب سے ؛ پُرلُطف انداز میں ؛ ہنسی مذاق سے ؛ دِل لگی سے ۔

mirthfulness, n.
خوش طبعی ؛ عَیش و عشرت ؛ لُطف ؛ دل لگی ؛ ٹَھٹھا ؛ ہنسی مذاق ۔

mirthless, a.
بے لُطف ؛ بے کیف ؛ خُوش طبعی سے عاری ؛ ناشاد ؛ ناخوش ؛ افسُردہ ۔

mirza, n.
[فارسی و تُرکی] میرزا ؛ مرزا ؛ ایک فارسی تعظیمی لقب جو اکثر شاہزادوں کے نام کے ساتھ لگایا جاتا ہے ؛ [پاکستان اور ہندوستان میں ترکستانی اور مغل اقوام کے افراد کے نام کے ساتھ مستعمل ہے] ۔

misadventure, n.
حادثہ ؛ سانحۂ فاجعہ ؛ المناک واقعہ ؛ بد نصیبی ؛ مصیبت ؛ بد قسمتی ؛ بد بختی ؛ شامت اعمال ؛ آفت ؛ بلا ۔

misadvise, v.t.
بُرا یا غلط مشورہ دینا ۔

misalliance, n.
غلط اِتّحاد ؛ نامُناسِب اِتّحاد ؛ غیر موزوں ربط ؛ انمل جوڑ ؛ بے جوڑ دوستی/رفاقت/سنگت/شادی ؛ نامناسب شادی ۔

misanthrope, misanthropist, n.
مَردُم بیزار ؛ بنی نوع انسان سے نفرت کرنے والا ؛ انسانوں پر اعتماد نہ کرنے والا ؛ انسانی صحبت سے دُور رہنے والا ؛ آدم بیزار شخص ۔

misanthropic, misanthropical, a.
مَردُم بیزار ؛ آدم بیزار ؛ اکل کُھرا ؛ مردم بیزاری کا ، مردم بیزارانہ۔

misanthropically, adv.
مردُم بیزارانہ طور پر ؛ اکل کھرے پن سے ؛ انسانوں سے نفرت کرنے کے انداز میں ۔

misanthropy, n.
مَردُم بیزاری ؛ انسان نفرتی ؛ اکل کُھرا پن ۔

misapply, v.t.
بے جا/غلط استعمال کرنا ؛ غلط اِطلاق کرنا ؛ ناجائز طور پر صرف کرنا ؛ بےجا تصُرف کرنا ۔

misapplication, n.
تصرُفِ بے جا ؛ بے ایمانی ؛ صرفِ بے موقع ؛ غلط اِطلاق ؛ غلط استعمال ۔

misapprehend, v.t.
خلاف سمجھنا ، غلط سمجھنا ؛ غلط مطلب لینا ۔

misapprehension, n.
غلط فہمی ؛ بُھول ؛ خطا ۔

misappropriate, v.t.
غبن کرنا ؛ بے ایمانی کرنا ؛ روپیہ کھا جانا ؛ تصرُّفِ بے جا کرنا ؛ الگ کر دینا ؛ خردبرد کرنا ؛ /ناجائز/غلط تصرُّف کرنا ؛ تغلُّب کرنا ؛ خیانت کرنا ۔

misappropriation, n.
غبن ؛ خُردبُرد ؛ تصرُّفِ بےجا ؛ ناجائز تغلُّب ؛ خیانت ۔

misbecome, v.t.
نامناسب/نازیبا ہونا ؛ ناموزوں ہونا ؛ شایان شان نہ ہونا ؛ شان کے خلاف ہونا ۔

misbegotten, misbegot, a.
ناجائز طور پر حاصل کیا ہوا ؛ ناجائز طور پر پیدا شدہ ؛ بدذات ؛ حرامی ؛ وَلَدُالزّنا ؛ حرام زادہ ۔

misbehave, v.i.
ناشایستہ حرَکات کرنا ؛ بدتمیزی کرنا ؛ بدسُلوکی کرنا ؛ غلط رویہ اختیار کرنا ۔ (فعل متعدی) بداطواری کرنا ؛ بدچلنی کرنا ؛ بدسُلوکی کرنا (جیسے : to misbehave oneself at a lecture) ۔

misbehaver, n.
بَد اَطوار ؛ بُرا یا غلط رویہ اختیار کرنے والا ؛ بدچلن ؛ ناشایستہ ؛ بدتمیز ۔

misbehavior, (Brit.) misbehaviour,
بداَطواری ؛ بدتمیزی ؛ ناشایستگی ۔

misbelief, n.
فاسد عَقیدہ ؛ جُھوٹا عقیدہ ؛ غَلط اعتقاد ؛ غلط عَقیدہ ؛ بَداِعتقادی ؛ غَلط رائے ۔

misbelieve, v.t., v.i.
غَلط عقیدہ یا غَلَط رائے رکھنا ۔

misbeliever, n.
بَد اعتقاد ، غلط عقیدہ یا رائے رکھنے والا ؛ گُمراہ ۔

misbrand, v.t.
غَلَط لیبل لگانا ؛ غَلَط تجارتی مارکہ لگانا ؛ تجارتی مارکے کو غلط طریقے سے پیش کرنا ۔

miscalculate, v.t.
غَلَط حساب کرنا ؛ حساب میں چُوک کرنا ؛ غَلَط اندازہ لگانا ؛ غَلَط حِساب لگانا ؛ غَلَط تخمینہ لگانا ۔

miscalculation, n.
غَلَط اندازہ ؛ حِساب کی بُھول ؛ غَلَطی ؛ غَلَط حِساب ؛ غَلَط تَخمِینہ ؛ بُھول چُوک ۔

miscalculator, n.
غلط اندازہ/غَلَط حِساب لگانے والا ۔

miscall, v.t.
غَلَط نام لینا ؛ غَلَط نام سے پُکارنا ؛ غَلَط نام رکھنا ؛ گالی دینا ؛ بُرا بھلا کہنا ۔

miscaller, n.
غَلَط نام سے پُکارنے والا ؛ غَلَط نام رکھنے والا ؛ بُرا بھلا کہنے والا ؛ گالی دینے والا ۔

miscarriage, n.
اسقاطِ حمل ؛ گربھ پات ؛ وقت سے پہلے اخراجِ جنین ؛ متوقّع ، مُنصفانہ یا مناسب نتیجہ حاصل کرنے میں ناکام (جیسے : miscarriage of justice) ؛ ڈاک ، سامان وغیرہ کا منزل مقصود

تک نہ پہنچنا ۔

miscarry, v.i. خط وغیرہ کا منزلِ مقصود تک نہ پہنچنا ؛ متوقع نتیجہ حاصل کرنے میں ناکام ہونا (جیسے : the project miscarried) ؛ اِسقاطِ حمل ہونا ؛ حمل گِر جانا ؛ گربھ پات ہونا ۔

miscast, v.t. ڈرامائی پیشکش میں غَلَط اداکاروں کا انتخاب کرنا ؛ ایسے اداکار چُننا جو کردار کے لیے ناموزوں ہوں ؛ اداکار کی حیثیت سے ناموزوں کردار ادا کرنا ؛ جوڑنے یا میزان میں غلطی کرنا ؛ حساب کے جمع کرنے میں غَلَطی کرنا ۔

miscegenation, n. اختلاطِ نسل ؛ اختلاط اقوام ؛ جنسی اختلاط کے نتیجے میں نسلوں کا آمیزہ ، مختلف نسلوں کے درمیان تولیدی اشتراک یا اِتّحادِ نسل ۔

miscegenetic, a. اختلاطِ نسلی سے متعلِق ؛ نسلی اختِلاط کا یا اس سے متعلق ۔

miscellanea, n. (جمع) متفرّق مَجمُوعہ ، خصوصاً ادبی تخلیقات کا ؛ متفرقات ؛ ادبی رسائل کا مجموعہ ، مجموعۂ مضامین ؛ ادبی کشکول ۔

miscellaneous, a. متفرّق ؛ مُختلف عناصر ، اقسام یا اشیا کا مَجمُوعہ ؛ مختَلفُ الجِہت ؛ ہمہ جہت ؛ جامع حیثیات ؛ گُوناں گوں ؛ قِسما قِسم ؛ ہمہ رنگ ؛ ہمہ نوع ؛ متنوّع ؛ مَخلُوط ؛ پچ میل ؛ مختلف العناصر ۔

miscellaneously, adv. متفرّق طریقے سے ؛ مُختلِف طور پر ؛ ہمہ جہت/ہمہ رنگ طور پر ؛ متنوّع طور پر ۔

miscellaneousness, n. تفرّق ؛ ہمہ جہتی ؛ ہمہ رنگی ؛ رنگا رنگی ؛ تنوُّع ۔

miscellany, n. معجونِ مرکّب ؛ مختلف اقسام کا مُرکّب ؛ مُختلف موضوعات پر مختلف ادیبوں کی تحریروں کا مجموعہ ۔ (جمع) الگ الگ مضامین ، رسائل اور خُلاصوں کا مجموعہ ۔

miscellanist, n. مُتفرّق نگار ؛ متفرقات نویس ؛ مُتفرّق قسم کے مضامین کا مُصنّف ۔

mischance, n. بدقِسمتی ؛ بدبختی ؛ بدنصیبی ؛ گردشِ تقدیر ؛ اندوہناک واقِعہ ؛ سانحہ ؛ مصیبت ؛ آفت ؛ سُوءِ اتّفاق ۔

mischief, n. شرارت ؛ شوخی ؛ چھیڑ ؛ فِتنہ ؛ بگاڑ ؛ رویہ ، جو اکثر ہنسی مذاق کا ہو ، لیکن پریشانی ، کُچھ برہمی یا معمولی مُشکل کا سبب بنے ؛ ایسا کوئی خاص فعل ؛ ناراض ، تنگ ، پریشان ، برہم کرنے کا رُجحان ؛ شرارت پسندی ؛ پریشانی ، نقصان ، چوٹ یا خرابی کا باعث شخص یا چیز (جیسے : Rising tides often occasion mischief) ۔

mischief-maker, n. شریر ؛ شوخ ؛ ستم ظریف ؛ مُفسِد ؛ مُضرّت رساں ؛ ضرررساں ؛ نُقصان دینے والا ؛ شرارت کرنے والا ؛ جھگڑا فساد پیدا کرنے والا ؛ نفاق پیدا کرنے والا ؛ شرانگیز ؛ مفسدہ پرداز ؛ فِتنہ انگیز ۔

mischief-making, a., n. شرانگیزی ؛ مفسدہ پردازی ؛ فتنہ انگیزی ۔

mischievous, a. مُضر ؛ نُقصان دِہ ؛ ضرررساں ؛ زیاں کار ؛ شرارتی ؛ فساد انگیز ؛ فِتنہ پرداز ؛ مُفسِد ؛ شرِیر ؛ ستم ظَرِیف ؛ کھلنڈرا ۔

mischievously, adv. شرارتاً ؛ سِتم ظریفانہ طور پر ؛ تکلیف دہ طریقے سے ؛ شَوخی کے انداز میں ۔

mischievousness, n. شرارت ؛ شوخی ؛ فِتنہ ؛ فساد ؛ فتنہ پردازی ؛ فساد انگیزی ؛ ایذا رسانی ؛ برہم زنی ؛ مُضَرّت ۔

miscible, a. قابلِ آمیزش ؛ آمیزش پذیر ؛ آمیختنی ۔

miscibility, n. آمیزش پذیری ۔

misconceive, v.t., v.i. غَلَط تصور قائم کرنا ؛ غَلَط مطلب سمجھنا ؛ غلط منشا سمجھنا ؛ غَلَط رائے قائم کرنا ؛ خلاف سمجھنا ؛ غَلَط فہمی پیدا کرنا ۔

misconceiver, n. غَلَط مطلب سمجھنے والا ؛ غَلَط تصوُّر قائم کرنے والا ؛ غَلَط رائے قائم کرنے والا ؛ غَلَط فہمی کا شکار ۔

misconception, n. غَلَط فہمی ؛ غَلَط تصوُّر ؛ غَلَط رائے ۔

misconduct, n. غیر اخلاقی حرکت ، خصوصاً قانونی مفہوم میں زنا ؛ بری /ناشایستہ حرکت ؛ بداطواری ؛ بدچلنی ؛ بدمعاملگی ؛ بدوضعی ؛ بدکرداری ؛ بد اعمالی ؛ غلط رویہ ؛ بدنظمی ؛ غلط روی ؛ بدانتظامی ، خصوصاً سرکاری یا فوجی عملے کی ۔ (فعل متعدی) بُرا رویہ اختیار کرنا ؛ بدانتظامی کرنا ؛ بداطواری کرنا ؛ غلط روی اختیار کرنا ؛ صحیح طور پر انتظام نہ کرنا (معکوس انداز میں مستعمل) ۔

misconstrue, v.t. غلط تعبیر کرنا ؛ غلط معنی پہنانا ؛ غلط معنی کہنا ؛ غلط مراد لینا ؛ غلط مفہوم سمجھنا ؛ غلط سمجھنا ۔

misconstruction, n. غلط تعبیر ؛ غلط مفہوم ؛ خلاف تعمیر؛ غلط معنی ؛ غلط مراد ؛ غلط فہمی ۔

miscount, v.t., v.i. غلط گِننا ؛ غلط حساب لگانا ؛ حساب یا شمار میں غلطی کرنا ۔ (اسم) غلط گنتی ؛ غلط شمار ؛ غلط حساب ؛ غلط اندازہ یا تخمینہ ۔

miscreant, n. بدمعاش ؛ بدذات ؛ شیطان ؛ شیطان صفت شخص ۔ (قدیم) بدعتی ؛ بدعت پرست ؛ شرارت پسند ؛ آوارہ ؛ لُچّا ؛ مُلحد ؛ کافر ۔ (صفت) مکار ؛ بدمعاش ؛ شہدا ؛ لچا ؛ غنڈا ؛ بدذات ۔

miscreate, v.t., v.i. نامناسب طور پر تخلیق کرنا یا صورت دینا ؛ بدقطع بنانا ؛ بدصورت بنانا ۔

miscreated, a. بدقطع ؛ بدصورت ؛ مکروہ ؛ صورت حرام ۔

miscue, n. (بلیئرڈ) انٹا کھیلنے کی چھڑ کا گیند سے ٹھیک طریقے سے نہ لگنا ، جس کی وجہ سے نشانہ غلط ہو جائے ۔ (بول چال) غلطی ؛ چوک ۔ (فعل لازم) (بلیئرڈ) چھڑی کا غلط طور پر گیند سے لگنا ۔ (تھیٹر) اشارے کا چُوکنا یا غلط اشارے کا جواب دینا ۔

misdate, v.t. غلط تاریخ لگانا/لکھنا ۔ (اسم) غلط تاریخ ۔

misdeal, n. (تاش) غلط تقسیم ؛ وہ تقسیم جس میں ہر کھلاڑی کو مناسب پتے نہ ملیں یا پتوں کی غلط تعداد ملے ۔ (فعل لازم و متعدی) پتوں کے بانٹنے میں غلطی کرنا ؛ غلط تقسیم کرنا ۔

misdeed, n. کاربد ؛ فعلِ بد ؛ غیر اخلاقی کام ؛ بدکاری ۔

misdemean, v.t., v.i. کُچال چلنا ؛ مجرم ہونا ؛ نامناسب طور پر عمل کرنا ؛ نامناسب رویہ اختیار کرنا ۔

misdemeanant, n. نامناسب فعل کا مرتکب شخص ؛ نامناسب رویہ اختیار کرنے والا شخص ؛ جُرم خفیف یا بداعمالی کا مجرم ۔ (قانون) نامناسب فعل کی بنا پر سزا یافتہ ۔

misdemeanor, (Brit.)**misdemeanour**, n. نامناسب رویہ ؛ فعل بد ؛ تقصیر ؛

قصور ؛ بداطواری ۔ (قانون) قابل مواخذہ جرم ، جو سنگین نہ ہو ؛ جُرم خفیف ۔

misdirect, v.t. بہکانا ؛ کسی کو غلط ہدایت دینا ؛ غلط رہنمائی کرنا ؛ کسی غلط شخص یا جگہ کی جانب رہنمائی کرنا ؛ گمراہ کرنا ۔

misdirection, n. غلط ہدایت کاری ؛ غلط رہنمائی ۔ (قانون) منصف کی جانب سے جرگے (jury) کو فردِ جرم یا الزام بتانے میں غلطی ۔

misdo, v.t., v.i. غلط کام کرنا ؛ غلط کاری کرنا ؛ بدکاری کرنا ؛ غلطی کرنا ؛ جرم کرنا ؛ خطا کرنا ؛ تقصیر کرنا ؛ غفلت کرنا ؛ بے جا کام کرنا ۔

misdoer, n. غلط کار ؛ خطا وار ؛ قصور وار ؛ کُچالی ؛ بیجا کام کرنے والا ۔

misdoing, n. غلط کاری ؛ خطا کاری ؛ خطا واری ؛ قصور ؛ خطا ؛ کھوٹ ؛ بدکاری ؛ بدکرداری ۔

mise, n. تصفیہ ؛ معاہدہ ؛ سمجھوتا ۔ (قانون) پروانۂ استحقاق میں مسئلہ یا نکتۂ زیر بحث ۔

misemploy, v.t. بے مقصد ملازم رکھنا ؛ بے جا صرف کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ بیجا لگانا ؛ بُرے یا نامناسب مقصد کے لیے ملازم رکھنا ۔

misemployment, n. بے مقصد ملازمت ، ایسی ملازمت جو برے یا نامناسب مقصد کے لیے ہو ؛ نامناسب دھندا ؛ استعمال بے جا ؛ صرف بے جا ۔

miser, n. کنجوس ؛ وہ شخص جو پیسہ بچانے یا جمع کرنے کی خاطر بُرے حالات میں زندگی بسر کرے ؛ بندۂ زر ؛ دولت جمع کرنے والا حریص ؛ بخیل ؛ مُمسک ؛ حریص ؛ خسیس ؛ شوم ۔

miserliness, n. کنجوسی ؛ بخیلی ؛ حرص ؛ طمع ؛ خسّت ۔

miserly, a. کنجوس ؛ بخیل ؛ مُمسک ؛ خسیس ؛ لالچی ؛ حریص ؛ طامع ؛ شوم ۔

miserable, a. مصیبت زدہ ؛ خستہ حال ؛ آفت زدہ ؛ بدحال ؛ بہت غریب ؛ غمزدہ ؛ دُکھی ؛ اداس ؛ بے چارہ ؛ بے آرام ؛ کرب و تکلیف کے عالم میں ۔ (بول چال) زار و نزار ؛ بیمار ؛ تکلیف میں مبتلا ؛ منحوس ؛ مصیبت زدہ ؛ مصیبت انگیز (جیسے : a miserable existence) ؛ مصیبت ، آفت ، نحوست کا مظہر ؛ قابل رحم یا قابل افسوس ؛ قابل نفرت (جیسے : a miserable failure) ؛ بدکردار ؛ بدعمل ؛ حقیر ؛ قابل حقارت ؛ ذلیل ؛ لائق نفرت ؛ نہایت پست معیار کا ؛ انتہائی ناکافی ۔

miserableness, n. مصیبت زدگی ؛ شکستہ حالی ؛ کم بختی ؛ بدبختی ؛ بیکسی ؛ مفلسی ؛ افلاس ؛ تباہی ؛ خرابی ؛ پریشانی ؛ رنج ؛ تکلیف ؛ کرب ؛ خستہ حالی ؛ نحوست ؛ مصیبت انگیزی ؛ ذلّت ۔

miserably, adv. مصیبت انگیزی سے ؛ شکستہ حالی میں ؛ کرب و تکلیف میں ؛ نحوست سے ؛ ذلت سے ؛ نہایت گھٹیا طریقے سے ؛ بُری طرح سے ۔

Miserere, n. اکاونویں مناجات ؛ انجیل کے لاطینی ترجمے میں پچاسویں ؛ اس مناجاتِ ندامت کی دُھن ۔ (چھوٹے m سے) رحم کی دعا ؛ گرجے کی نشست کی پشت گاہ یا ٹیک ۔

misericord, misericorde, n. خانقاہی قانون میں نرمی یا خانقاہ کا وہ کمرہ جہاں اس نرمی کی اجازت دی جاتی ہے ؛ گرجے کی مسند کی قبضے والی نشست کے نیچے کی طرف چھوٹا چھجا جو نشست کے پیچھے کی طرف کرنے سے مسند میں کھڑے شخص کو سہارا اور اس کے لیے ٹیک کا کام دیتا ہے ؛ قُرونِ وُسطیٰ کا ایک قسم کا خنجر جو گرے ہوئے دشمن پر مہلک ضرب لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

misery, n. بدحالی ؛ حالِ زار ؛ غربت کی وجہ سے مصیبت یا آفت ؛ خستہ حالی ؛ ذہنی بدحالی ؛ آفت ؛ بپتا ؛ انتہائی غمزدگی ؛ پریشانی ؛ انتہائی جسمانی ناآسودگی یا درد ؛ آفت یا مصیبت کا باعث ؛ پریشانی ، کلفت ، نکبت ؛ کم بختی ، بدبختی ؛ فلاکت ؛ مسکنت ؛ شامت ، شامتِ اعمال ۔

misestimate, v.t. غلط اندازہ لگانا ؛ غلط تخمینہ لگانا ۔ (اسم) غلط اندازہ ؛ غلط تخمینہ ۔

misestimation, n. غلط تخمینہ/اندازہ ۔

misfeasance, n. (قانون) قانونی عمل کی غلط طریقے سے انجام دہی ؛ قانونی کام کی غلط تعمیل ؛ قانونی اختیار کا غلط اور نقصان رساں استعمال ۔

misfeasor, n. قانونی کام کی غلط تعمیل کرنے والا ؛ قانونی اختیار کا غلط استعمال کرنے والا ۔

misfile, v.t. کاغذ کو غلط مسل میں لگانا ؛ غلط طریقے سے مسل میں لگانا ۔

misfire, v.i. مناسب وقت پر یا صحیح طور پر سر ہونے یا پھٹنے میں ناکام ہونا (بندوق وغیرہ کا) ، جیسے ہتھیار جو مناسب وقت پر صحیح طور پر سر نہ ہو ؛ (انجن کا) نہ چلنا (جیسے : an engine that misfired) ؛ مطلوبہ یا پسندیدہ انجام کو نہ پہنچنا ؛ ناکام ہونا (جیسے : The plan misfired) ۔ (اسم) بندوق وغیرہ کے سر ہونے میں ناکامی ؛ مِس فیر ؛ مِس فائر ؛ انجن وغیرہ کے چلنے میں ناکامی ۔

misfit, v.t., v.i. درست نہ بیٹھنا ؛ پورا نہ آنا (ڈھیلا یا تنگ ہونا) ۔ (اسم) غلط لباس وغیرہ ، جو پورا نہ ہو ۔ (مجازاً) وہ شخص جو صورتِ حال یا ماحول سے سازگاری پیدا نہیں کرتا یا نہیں کر سکتا ؛ ناموزوں شخص ؛ نامناسب شخص ۔

misfortune, n. بد قسمتی ؛ بدبختی ؛ بدنصیبی ؛ شامت ؛ بلا ؛ آفت ؛ مصیبت ؛ سانحہ ؛ تباہی ؛ زوال ۔

misgiving, n. (اکثر جمع) وسوسہ ؛ بدگمانی ؛ بے اعتمادی ؛ شبہ ؛ ڈر ؛ خدشہ ؛ شک ؛ اندیشہ ؛ دھڑکا ؛ خطرہ ؛ چوک ؛ دھوکا ۔

misgovern, v.t. بدانتظامی کرنا ؛ بدعملی کرنا ؛ بے طور حکومت کرنا ؛ خراب انتظام کرنا ؛ غلط طور پر انتظام کرنا ؛ بُرے طریقے سے حکومت کرنا ۔

misgovernment, n. بدانتظامی ؛ بدعملی ؛ بُری حکومت ۔

misguide, v.t. بہکانا ؛ بُھلانا ؛ خطا میں ڈالنا ؛ گمراہ کرنا ؛ غلط راستے پر ڈالنا ؛ بھٹکانا ۔

misguidance, n. بہکاوا ؛ گمراہی ؛ بے راہروی ؛ دھوکا ۔

misguided, a. گمراہ ؛ بے راہرو ؛ فریب خوردہ ؛

گم کردۂ راہ ؛ گمراہ کیا ہوا ؛ بھٹکایا ہوا ۔

misguidedly, adv. غلط روی سے ؛ گمراہ کردہ طور پر ؛ فریب خوردگی سے ۔

misguider, n. گمراہ کرنے والا ؛ گمراہ کن ؛ بھٹکانے والا ؛ غلط راہ پر ڈالنے والا ۔

mishandle, v.t. بدسلیقگی سے (کوئی کام) کرنا ؛ بری طرح انجام دینا ؛ بدسلوکی کرنا ؛ بُرا سلوک کرنا ۔

mishap, n. حادثہ ؛ سُوءِ اتّفاق ؛ المناک سانحہ ؛ مصیبت ؛ آفت ؛ بدقسمتی ؛ بدبختی ۔

mismash, n. گڈمڈ ؛ کھچڑی ؛ معجون مُرکّب ؛ گھال میل ؛ ملغوبہ ۔

Mishnah, Mishna, n. (صیہونیت) تالمود کے احکامات/مقولات کا مجموعہ جسے ۲۰۰ء میں ربّی ہاناسی نے مرتب کیا ؛ اس مجموعے کا کوئی سا حصہ یا شق ؛ یہودیت کے روایتی یا زبانی عقیدے کا کوئی مجموعہ ۔

Mishnaic, Mishnic, Mishnical, a. احکامات تالمُود کا یا اس سے متعلق ۔

misinform, v.t. غلط یا گمراہ کُن اطلاع دینا ؛ جھوٹی خبر دینا ؛ غلط فہمی میں ڈالنا ۔

misinformant, misinformer, n. جھوٹی خبر دینے والا ؛ غلط/گمراہ کُن اطلاع دینے والا ؛ جھوٹا مخبر ۔

misinformation, n. جھوٹی خبر ؛ غلط اطلاع ؛ غلط خبر ؛ گمراہ کن خبر ۔

misinterpret, v.t. جھوٹی تعبیر دینا ؛ غلط مطلب یا نتیجہ نکالنا ؛ غلط تعبیر یا تفسیر کرنا ؛ غلط معانی بیان کرنا ؛ غلط معانی پہنانا ؛ غلط مطلب یا نتیجہ اخذ کرنا ۔

misinterpretation, n. غلط تعبیر/تفسیر ؛ غلط استنباط/استخراج ۔

misinterpreter, n. غلط بیان کرنے والا ؛ غلط تعبیر کرنے والا ۔

misjoinder, n. (قانون) غلط مشمول ؛ کسی کارروائی یا مقدمے میں ایسے وجوہ یا فریقوں کو شامل کرنا ، جن کو شامل نہیں کرنا چاہیے ۔

misjudge, v.t. غلط اندازہ لگانا ؛ غلط رائے قائم کرنا ؛ غیر منصفانہ رائے قائم کرنا ۔

misjudgment, Brit. misjudgement, n. غلط/غیر منصفانہ رائے ؛ غلط اندازہ ؛ غلط فیصلہ ۔

mislay, v.t. (کوئی چیز) رکھ کر بھول جانا ؛ کوئی چیز غلط جگہ پر رکھنا یا لگانا (جیسے : He mislaid the tile) ۔

mislead, v.t. گُمراہ کرنا ؛ غلط راہ پر ڈالنا ؛ بھٹکانا ؛ بھلانا ؛ مغالطہ دینا ؛ بہکانا ؛ غلط راستہ بتانا ؛ بُری راہ پر چلانا ؛ غلط فہمی میں ڈالنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

misleader, n. گمراہ کرنے والا ؛ غلط راستہ بتانے والا ؛ بُری راہ پر چلانے والا ؛ غلط فہمی میں ڈالنے والا ؛ گمراہ کن ؛ فریبی ۔

misleading, a. گمراہ کُن ؛ بُری راہ پر ڈالنے والا ؛ غلط فہمی میں مبتلا کرنے والا ۔

mismanage, v.t. بدانتظامی کرنا ؛ خراب انتظام کرنا ؛ بُری طرح انتظام کرنا ؛ بد دیانتی سے انتظام کرنا ؛ درہم برہم کرنا ؛ بگاڑنا ۔

mismanagement, n. بدانتظامی ؛ بے تدبیری ؛ بد عملی ؛ سُوءِ تدبیر ۔

mismarriage, n. ناموزوں شادی ؛ ایسے مرد اور عورت میں شادی جو ایک دوسرے کے لیے ناموزوں ہوں یا ایک دوسرے سے خوش نہ ہوں ۔

mismatch, v.t. غلط یا ناموزوں جوڑ ملانا جیسے مُکّہ بازوں کا ؛ بے میل کرنا ؛ نامناسب پیوند لگانا ؛ بے جوڑ یا ناموزوں پہلوانوں کا مقابلہ کرانا ۔

mismate, v.t. ناموزوں جوڑی یا جوڑ ملانا ؛ ناموزوں طریقے سے جوڑ یا جوڑی ملانا ۔

misname, v.t. غلط نام سے پکارنا ؛ غلط نام لینا ؛ غلط نام رکھنا ۔

misnomer, n. نام کی غلطی ؛ غلط رسمی ؛ عہدے کی غلطی ؛ غلط عہدے یا غلط نام ، خصوصاً قانونی دستاویز میں ۔

misogamist, n. ازدِواج بیزار ؛ شادی سے نفرت کرنے والا ؛ شادی سے بیزار ؛ نکاح بیزار ۔

misogamy, n. ازدواج بیزاری ؛ شادی سے نفرت ؛ زن بیزاری ؛ نکاح بیزاری ۔

misogyny, n. زن بیزاری ؛ عورت سے نفرت ۔

misogynic, misogynous, a. زن بیزار ؛ زن بیزارانہ ۔

misogynist, n. زنِ بیزار ۔

misology, n. تعقّل بیزاری ؛ عقل بیزاری ؛ دلیل بیزاری ؛ معقولیت سے نفرت کرنا ؛ معقولیت بیزاری ۔

misologist, n. تعقّل بیزار ؛ دلیل بیزار ؛ معقولیت سے نفرت کرنے والا ؛ معقولیت بیزار ۔

misoneism, n. جدّت ، انقلاب ، تبدیلی سے نفرت ۔

misoneist, n. جِدّت ، انقلاب ، تبدیلی بیزار ؛ جدّت ، تبدیلی کو ناپسند کرنے والا ؛ تغیر بیزار ۔

misoneistic, a. جدّت/انقلاب/تبدیلی سے نفرت کرنے والا ؛ تغیر بیزار ؛ جِدّت بیزار ۔

mispickel, n. سم الفاری دھاتی سلفائڈ ؛ لوہے ، سنکھیا اور گندھک کا مرکب دھات ۔ دیکھیے : Arsenopyrite ۔

misplace, v.t. غلط جگہ رکھنا ؛ بھولے سے کہیں رکھنا ؛ بے جگہ رکھنا ؛ کسی نامناسب ، بے وقوف یا غیر موزوں خیال ، شخص یا چیز پر اعتماد یا عقیدہ رکھنا ؛ بے طرح رکھنا ؛ بے ٹھکانے رکھنا ؛ نامناسب شخص کے ہاتھ میں دینا ؛ بے محل یا بے موقع کام کرنا ؛ کسی لفظ کو بے محل استعمال کرنا ۔

misplacement, n. غلط یا بے محل استعمال ؛ بے جگہ رکھنے کا عمل ۔

misplay, n. (کھیل) غلط یا نامناسب کھیل یا ایسا کھیل جو قوانین کے خلاف ہو ۔ (فعل متعدی) قوانین شکنی کرنا یا ان کے بارے میں غلطی کرنا ۔

misprint, v.t. غلط چھپائی کرنا ؛ چھپائی میں غلطی کرنا ؛ غلط چھاپنا ۔ (اسم) چھپائی کی غلطی ؛ اصل سے انحراف ؛ غلط چھاپہ ؛

چھاپے کی غلطی ۔

misprision, n. (قانون) سرکاری ملازم کی بدعنوانی ؛ کسی شہری کی ارباب اختیار کو جرم کی اطلاع دینے میں ناکامی خصوصاً غداری یا سنگین جرم کی ؛ ایسے جرم کے ارتکاب کو روکنے میں ناکامی ۔

misprize, misprise, v.t. حقارت کی نظر سے دیکھنا ؛ تحقیر کرنا ؛ ناقدری کرنا ؛ قدر گھٹانا ؛ قدر ناشناسی کرنا ۔

mispronounce, v.t., v.i. غلط تلفّظ کرنا ؛ تلفّظ میں غلطی کرنا ۔

mispronunciation, n. غلط تلفّظ ؛ تلفّظ کی غلطی ۔

misquote, v.t., v.i. غلط حوالہ دینا ؛ بے جا استدلال کرنا ؛ غلط سند لانا ؛ (قول کو) غلط نقل کرنا ؛ (عبارت یا قول) نقل کرنے میں غلطی کرنا ۔

mosquotation, n. غلط حوالہ ؛ (عبارت یا قول) نقل کرنے میں غلطی ۔

misread, v.t. غلط پڑھنا ؛ پڑھنے میں غلطی کرنا ؛ غلط تفسیر یا تعبیر کرنا ؛ غلط مطلب لینا ۔

misreckon, v.t., v.i. غلط حساب لگانا ؛ غلط شمار کرنا ؛ گنتی میں بھول جانا ۔

misremember, v.t., v.i. غلط طور پر یاد رکھنا/کرنا ؛ یاد میں غلطی کرنا ۔

misreport, v.t. غلط اطلاع دینا ؛ غلط خبر دینا ۔ (اسم) اطلاع رسانی میں غلطی ؛ غلط رپورٹ ؛ غلط اطلاع ؛ غلط خبر ۔

misrepresent, v.t. غلط تصویر پیش کرنا ؛ خلاف واقع بیان کرنا ؛ غلط بیانی کرنا ؛ غلط نمائندگی کرنا (جیسے : misrepresent one's country) ۔

misrepresentation, n. غلط بیانی ؛ واقعے کی غلط تصویر ؛ غلط بیان ؛ تدلیس ؛ غلط نمائندگی ۔

misrepresentative, a. غلط بیانی کرنے والا ؛ غلط تصویر پیش کرنے والا ؛ غلط نمائندگی کرنے والا ؛ غلط نمائندہ ۔

misrule, n. خراب حکمرانی ؛ غیر منصف حکومت ؛ بدانتظامی ؛ بدعملی ؛ بدنظمی ؛ ابتری ۔ (فعل متعدی) ناانصافی سے حکومت کرنا ؛ غیر دانشمندانہ طور پر یا جبر سے حکومت کرنا ۔

miss, v.t., v.i. پہنچ نہ سکنا ؛ خطا ہونا (جیسے : to miss a target) ؛ غلطی کرنا ؛ گنوانا ؛ تجنا ؛ خطا کرنا ؛ نہ مل سکنا یا نہ پہنچ سکنا ؛ چھوٹ جانا (جیسے : to miss a plane) ؛ نہ پانا ؛ حاصل کرنے یا پانے میں ناکام ہونا ؛ ڈھونڈ نہ سکنا (جیسے : to miss a path) ؛ محسوس نہ کر سکنا ؛ سمجھ نہ سکنا (جیسے : to miss the point) ؛ (کسی چیز کی) غیر موجودگی کا علم ہونا (جیسے : to miss one's keys) ؛ (کسی چیز یا شخص) کی غیر موجودگی کو محسوس کرنا یا اس کا علم ہونا یا اس کے نقصان پر اظہار غم کرنا (جیسے : to miss a friend) ؛ نظر انداز کرنا ؛ چھوڑ دینا (جیسے : to miss a meal) ؛ گریز کرنا ؛ بچنا (جیسے : to miss injury) ؛ موجود نہ ہو سکنا (جیسے : to miss a meeting) ؛ گنوانا ؛ کھونا ؛ ہاتھ سے جانے دینا (جیسے : to miss one's chance) ؛ نشانہ خطا ہونا (جیسے : an arrow that missed) ؛ ناکام ہونا ؛ مراد نہ پانا ؛ محروم ہونا ؛ رہ جانا ؛ خالی جانا ؛ چُوکنا ؛ مراد کو نہ پہنچنا ۔ (بول چال) غلط گولی چلانا ؛ بندوق کا نہ چلنا ۔ (اسم) لگنے/پہنچنے/حاصل کرنے وغیرہ میں ناکامی ؛ غلطی ؛ سہو ؛ فروگزاشت ؛ چُوک ؛ بھول ؛ ناکامی ؛ نقصان ، کمی ۔

missing, a. ناموجود ؛ غائب ؛ اس جگہ غیر موجود گی جہاں اس کی موجودگی کی توقع ہو ؛ نہ ملنے والا ؛ کم ؛ ناپید ؛ گم شدہ ۔

miss, n. کنواری لڑکی ؛ غیر شادی شدہ عورت ؛ نوجوان خاتون ؛ لڑکی ۔ (بڑے حرف M کے ساتھ) غیر شادی شدہ عورت یا لڑکی کو مخاطب کرنے کے لیے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے ؛ آنسہ ۔ (اکثر بڑے M کے ساتھ) نوجوان لڑکی یا عورت کو مخاطب کرنے کی اصطلاح ؛ آنسہ ؛ عزیزہ (جیسے : Come here, Miss) ۔

missal, n. رومن کیتھولک کی دعاؤں کی کتاب ، جس میں عشائے ربانی کے فرائض شامل ہوں ؛ پادریوں کی کتاب عبادت ؛ عبادت نامہ ؛ کتاب نماز ؛ کتاب دعا ۔

missel, missel thrush, mistle thrush, n. یورپی طوطی ؛ بڑا خوش الحان طُرقہ جو یورپ میں عام ملتا ہے اور جو زیادہ تر اکاس بیل کے پھل کھاتا ہے ۔

missend, v.t. غلط شخص کو بھیجنا ؛ غیر مقام پر بھیج دینا ؛ (کسی کو) غلط جگہ بھیجنا ۔

misshape, v.t. بدصورت بنانا ؛ بدشکل کرنا ؛ بدوضع کرنا ؛ بُرے راستے ڈالنا ؛ (کسی شے کو) غلط صورت دینا ؛ بدقطع بنانا ؛ صورت بگاڑنا ؛ مَسخ کرنا ۔

misshapen, a. بدصورت ؛ بدہیئت ؛ بدشکل ؛ مسخ شدہ ؛ بدقطع ؛ کریہہ منظر ۔

misshapenly, adv. بدوضعی سے ؛ بدصورتی سے ؛ بھونڈی صورت سے ؛ بدہیئتی سے ۔

misshapenness, n. بدصورتی ؛ بدوضعی ؛ بدقطعی ؛ کریہہ منظری ؛ بدہیئتی ۔

missile, a. ہاتھ ، آلے یا انجن کے ذریعے پھینکے جانے کے قابل ؛ آلہ ، جو میزائل پھینکنے یا چلانے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ قذیفہ انداز ۔ (اسم) قذیفہ ؛ ہتھیار یا قوّت سے پھینکی جانے والی چیز جیسے نیزہ ، تیر ، گولی ، گولا ، میزائل وغیرہ ؛ خود ران ، بغیر انسان کے چلنے والا ہتھیار (جیسے : a guided missile or rocket) ؛ اڑن بم ۔

missileman, missileer, n. میزائل ڈیزائن کرنے ، بنانے یا چلانے کا ماہر ؛ قذیفہ ساز ؛ قذیفہ انداز ۔

missilery, missilry, n. قذیفیات ؛ گائیڈڈ میزائل کا علِم ۔

missing link, n. گُم شُدہ کڑی ؛ مفقود کڑی ؛ کسی سلسلے یا تسلسل کو مکمل کرنے کے لیے کسی شے کی کمی ؛ ایک فرضی جانور جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ بن مانس اور انسان کے درمیان کی کڑی تھا ۔

mission, n. سفارت ؛ مشن ؛ خاص مقصد ؛ شخص یا اشخاص جو بطور سفیر کام کریں ؛ سفارت کے طور پر کام کرنے والوں کے فرائض و مقاصد ؛ کسی شخص یا جماعت کا کسی خاص مقصد کے لیے بھیجا جانا ؛ ماموریہ (جیسے : a religious mission ، diplomatic mission ، military mission) ، عمارت جیسے سفارت خانہ یا کلیسا ، جگہ جہاں سفارت کار یا مبلغ اپنے فرائض انجام دیتا ہے ؛ مقامی پادری

کے بغیر مذہبی اجتماع ؛ خاص شغل یا پیشہ (جیسے : Medicine was his life's mission) ۔ (فعل متعدی) کسی فرد یا افراد کو کوئی سفارت سپرد کرنا ؛ کہیں یا کسی جگہ کوئی سفارت خانہ یا مرکز تبلیغ قائم کرنا ۔ (صفت) سفارت سے متعلق ؛ سفارتی ؛ جنوب مغربی امریکا کی ابتدائی ہسپانوی تبلیغی جماعت کے طرزِ فکر کا مظہر (جیسے : mission furniture, mission architecture) ۔

missionary, n. مُبلّغ ؛ پادری ؛ مشنری ؛ کلیسا کی جانب سے کسی علاقے میں مذہبی تبلیغ ، تعلیم یا رفاہی کام کرنے کے لیے بھیجا جانے والا شخص ؛ دوسروں کو اپنے پسندیدہ عقیدے یا مذہب میں شامل کرنے میں کوشاں ؛ کوئی شخص جو کسی خاص مقصد کے لیے بھیجا جائے۔نیز missioner (صفت) تبلیغ یا کسی مقصد کے لیے دوسروں کے مذہب یا عقیدے کو بدلنے کی خواہش رکھنے والا ؛ مبلغین کی صفات کا حامل ؛ مُبلّغ صفت ۔

missis, missus, n. (عوامی) بیوی (جیسے : I gave it to the missis) ۔ (بولی) مالکن ؛ بیگم ؛ خاتون خانہ ؛ گھر کی مختار ۔

Mississippian, a. مسی سپی دریا یا ریاست کا یا اس سے متعلق ۔ (ارضیات) ان چٹانوں کی تہ یا ارضیاتی طبقے کا یا اس سے متعلق ، جو شمالی امریکا میں کاربنی عہد (carboniferous) کے ابتدائی یا ذیلی حصے پر مشتمل ہے ۔ (اسم) مِسّی سِپّی کا اصلی باشندہ یا وہاں کا رہنے والا ۔ (ارضیات) مسی سپی کی ذیلی تقسیم ۔

Missive, n. مراسلہ ؛ رقعہ ؛ پیغام ؛ خط ، خصوصاً سرکاری مراسلہ ۔ (صفت) مراسلہ ؛ بھیجا ہوا ؛ فرستادہ ؛ جسے بھیجنے کا ارادہ ہو ۔

misspell, v.t., v.i. غلط ہجّے کرنا/لکھنا ۔

misspelling, n. غلط ہجّے ۔

misspend, v.t. بے جا صرف کرنا ؛ بگاڑنا ؛ خراب کرنا ؛ غلط یا بے مقصد خرچ کرنا ؛ بے جا خرچ کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ غلط مقاصد پر خرچ کرنا ۔

misstate, v.t. غلط بیان کرنا ؛ غلط بیانی کرنا ؛ غلط بیان دینا ؛ ناراست اظہار کرنا ۔

misstatement, n. غلط بیان ؛ غلط بیانی ؛ اظہارِ دروغ ؛ جھوٹا بیان ۔

misstep, n. غلط قدم ؛ غلط اقدام ؛ غلط رویہ ؛ رویے کی غلطی ۔

missy, n. (بول چال ، اسم تصغیر) آنسہ ؛ جوان لڑکی ؛ نوعمر لڑکی ۔

mist, n. دُھند ؛ کُہر ؛ کہرا ؛ نظر آنے والے آبی بخارات جو سطح زمین پر یا اس کے قریب فضا میں معلق ہوتے ہیں ؛ آبی بخارات جو کسی سطح پر منجمد ہو کر اسے دھندلا دیتے ہیں ۔ (موسمیات) دُھند جس میں افقی مرئیت (دیکھنے کی صلاحیت) ایک کلومیٹر سے زیادہ مگر دو کلومیٹر سے کم ہوتی ہے ؛ جو چیز نظر کو مدھم ، کم روشن ، دھندلا کرے یا اس کی راہ میں رکاوٹ بنے ؛ آنکھوں کا پردہ ؛ آنکھوں کے سامنے کا پردہ ؛ ذرات کا بادل جیسے دُھند سے مشابہ گرد کا بادل ۔ (فعل متعدی) دھند سے ڈھانپنا ؛ بادلوں سے ڈھانپنا ؛ دھندلا کرنا ؛ تاریک کرنا ۔ (فعل لازم) دھندلا ہونا ؛ دھند آلود ہونا ؛ ترشح ہونا ؛ پھوار پڑنا ؛ بوندا باندی ہونا ۔

mistily, adv. دُھندلے پن سے ؛ دُھند یا کہر کی طرح سے ۔

mistiness, n. دھندلا پن ؛ دُھندلاہٹ ؛ دُھند ۔

mistake, v.t. غلطی/خطا/قصور کرنا ؛ بُھولنا ؛ چوکنا ؛ پہچاننے میں غلطی کرنا ؛ غلط انتخاب کرنا ؛ حقائق کے برعکس سمجھنا ؛ غلط اندازہ کرنا ؛ غلط تعبیر یا تفسیر کرنا ؛ غلط قیمت لگانا ؛ قدروقیمت میں غلطی کرنا ۔ (فعل لازم) غلط فہمی کا شکار ہونا ؛ غلطی پر ہونا ؛ قصور وار ہونا ۔ (اسم) غلطی ؛ خطا ؛ سہو ؛ غلط فہمی ؛ دھوکا ؛ ناکافی علم ؛ بے پروائی ؛ بے توجہی وغیرہ کی وجہ سے رائے ، فیصلے ، اندازے یا سمجھنے کی غلطی ؛ غلط فہمی ؛ بلا ارادہ سرزد ہونے والا فعل غلط ۔

mistakable, a. غلط سمجھے جانے کے قابل ؛ خطا پذیر ؛ قابلِ غلط فہمی ؛ جس میں غلطی ہو سکے ۔

mistaken, a. غلط ؛ نادرست ؛ غلط فہمی میں انجام دیا ہوا ؛ غلطی پر مبنی یا غلطی کی وجہ سے ہونے والا ۔

mistakenly, adv. غلطی سے ؛ غلط فہمی کی وجہ سے ؛ بھول چوک سے ؛ سہواً ۔

mistakenness, n. غلطی ؛ غلط فہمی ؛ سہو؛ خطا ؛ نادرستی ۔

mistaker, n. غلطی کرنے والا ؛ خطا کار ۔

Mister, n. جناب ؛ صاحب ؛ مرد کے لیے روایتی عزّت کا خطاب جو نام یا بعض سرکاری عہدوں سے پہلے لگایا جاتا ہے ؛ کمانڈر سے نیچے تمام بحریہ کے افسروں ، فوجوں کے وارنٹ افسروں ، فلائٹ افسروں اور کیڈٹوں کے لیے اصطلاحِ تخاطبُ ۔ (چھوٹے m سے) جناب ؛ خاندانی نام لیے بغیر براہ راست تخاطب کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ مخفف : Mr ۔

mistflower, n. دُھند پھول ؛ شمالی امریکا کا تارا پھول کی قسم کا پودا جس کے سروں پر نیلے پھول لگتے ہیں ۔

misthink, v.i. (قدیم) غلط سوچنا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) کسی کے بارے میں برا یا مخالفانہ سوچنا ؛ بُرا خیال کرنا ۔

mistime, v.t. وقت پر نہ کرنا ؛ بے وقت کرنا ؛ وقت ٹال دینا ؛ وقت کا غلط حساب لگانا ؛ وقت کا غلط تعین کرنا ؛ بے محل بات یا کام کرنا ۔

mistletoe, n. اکاس پودا ؛ بنڈا ؛ ایک طفیلی پودا ، جو درختوں پر پیدا ہوتا ہے ، اس کے پتے اور پھول موٹے اور زردی مائل سبز ہوتے ہیں اور سردی میں چھوٹے چھوٹے سفید بیر جیسے پھل ہوتے ہیں ، یہ بڑے دن (کرسمس) کی آرایش میں کام آتا ہے ؛ اسی جنس کا امریکی پودا جو اوکلاہوما کا سرکاری پُھول ہے ۔

mistral, n. شدید ٹھنڈی شمالی ہوا جو جنوبی فرانس اور قرب و جوار کے علاقوں میں عموماً چلتی ہے ۔

mistreat, v.t. بدسُلوکی کرنا ؛ برا سُلوک کرنا ؛ بُری طرح پیش آنا ۔

mistreatment, n. بدسُلوکی ۔

mistress, n. مالکن ؛ صاحب اختیار مالکن خصوصاً خاندان ، گرہستی ، جاگیر یا مدرسے کی سربراہ ؛ کسی بھی معاملے میں غلبے یا برتری کی حامل خاتون (جیسے : mistress of his money) ؛ داشتہ ؛ محبوبہ ؛ رکھیلی ؛ حرم ؛ وہ عورت جو کسی مرد کے ساتھ غیر قانونی/ناجائز طور پر رہ رہی ہو ، خصوصاً جب مرد اس کی

کفالت کرتا ہو ؛ کسی جانور یا سابقہ ایام میں غلام کی مالکن ؛ کوئی
مونث جو حکمرانی کرے ؛ کسی شعبے میں ماہر خاتون ؛ ماہرہ ؛ عالمہ ـ
(زیادہ تر برطانوی) مُعلّمہ ؛ اُستانی ـ

mistrial, n.
(قانون) مقدمے کی غلط/ناقص سماعت ؛
بے نتیجہ مقدمہ (جس سے جرگہ(jury) متفق نہ ہو سکے) ؛ ایسا
مقدمہ جو کسی غلطی کی وجہ سے بے اثر ہو جائے ـ

mistrust, n.
بے اعتمادی ؛ وسواس ؛ بے اعتباری ؛
بدظنی ؛ بدگمانی ؛ شبہ ؛ شک ـ (فعل متعدی) شبہ کرنا ؛ شک کرنا ؛
اعتماد نہ کرنا ؛ بھروسا نہ کرنا ـ (فعل لازم) مشکوک ہونا ؛ شبہ ہونا ـ

mistrustful, a.
بدظن ؛ بدگمان ؛ شکّی ؛ وسواسی ؛ وہمی ؛
اعتماد/بھروسا نہ کرنے والا ـ

mistrustfully, mistrustingly, adv.
بے اعتمادی سے ؛ بدظنی سے ؛
بدگُمانی سے ـ

mistrustfulness, n.
بدگمانی ؛ بدظنی ؛ بے اعتمادی ؛
شک ؛ شبہ ؛ وسواس ؛ وہم ؛ بے اعتباری ـ

misty, a.
کہر آلود ؛ کہریلا ؛ غبار آلودہ ؛
دُھندلا ؛ غیر واضح ؛ غیر ممیز ؛ غیر معیّن ـ

misunderstand, v.t.
غلط سمجھنا ؛ غلط فہمی کا شکار ہونا ؛
غلط تعبیر/تفسیر کرنا ؛ غلط مراد لینا ؛ کچھ کا کچھ سمجھنا ؛ غلطی
کرنا ـ

misunderstanding, n.
غلط فہمی ؛ غلطی ؛ شکر رنجی ؛
بدمزگی ؛ مناقشت ؛ اختلاف ؛ عدم موافقت ـ

misusage, n.
غلط استعمال خصوصاً الفاظ کا ؛
بے جا استعمال ـ

misuse, v.t.
غَلط استعمال کرنا ؛ بے جا استعمال کرنا ؛
بُرا سلوک کرنا ؛ بدسلوکی کرنا ؛ ناجائز برتاؤ کرنا ، غلط مقصد کے لیے
استعمال کرنا ـ (اسم) بدسلوکی ؛ سختی ؛ تشدّد ؛ نامناسب استعمال ؛
غلط طریقے یا غلط مقصد کے لیے استعمال ؛ بے جا استعمال ـ

misuser, n.
غلط استعمال کرنے والا ـ (قانون) حق رائے
دہی ، فوائد ، مراعات ، عہدے وغیرہ کا غلط استعمال ـ

misvalue, v.t.
غلط قیمت لگانا ؛ قیمت لگانے
میں غلطی کرنا ـ

misventure, n.
غلط مہم ؛ غلط کوشش ؛ سعیٔ رائیگاں ؛
بدبختانہ مہم ؛ حادثہ ؛ سانحہ ـ

miswrite, v.t.
غلط لکھنا ؛ غلط طریقے سے لکھنا ـ

mite, n.
کرمک ؛ کیڑا ؛ جُوں ؛ لیکھ ؛
جوؤں کے سلسلے کے بے شمار کیڑوں میں سے کوئی سا ، بشمول
جوئیں ، چچڑیاں وغیرہ جو دوسرے جانوروں ، پودوں اور خوراک پر
بطور طفیلی رہتی ہیں ـ

mite, n.
چھوٹا سِکّہ یا تھوڑی رقم ؛
نہایت چھوٹا ذرّہ ، مقدار ، چیز یا چندہ ؛ ریزہ ؛ ذرّہ ـ

miter, Brit. mitre, n.
تاج اُسقُف ؛ مغربی کلیسا میں
اُسقُف کی سرکاری لمبی ٹوپی جس کی چوٹی پر گہرا صلیب نُما کٹاؤ
ہوتا ہے اور جو سامنے اور پشت سے نوک دار محراب جیسی لگتی ہے ؛
اُسقُف کا علاقہ یا عملداری ؛ سر کی پٹی جو قدیم زمانے میں یونانی
عورتیں پہنا کرتی تھیں ؛ قدیم اعلیٰ یہودی مذہبی رہنما کا سرکاری
کُلاہ ـ (نجّاری) جوڑ جو دو لکڑیوں کے ملنے اور باہم ٹھیک بیٹھنے سے
اس طرح پیدا ہو کہ زاویۂ قائمہ بن جائے ؛ دو گوشہ جوڑ ـ (فعل متعدی)
تاج پہنانا ؛ تاج اسقفی عطا کرنا یا ایسے درجے پر ترقی دینا جو اس کلاہ
کا مستحق ہو ـ

miter box, mitre box, n.
(نجّاری) نیم قائمی سرے بنانے
کا آلہ ؛ ایک کم چوڑا ڈبّہ یا نال جس کے اطراف میں عمودی شگاف
ہوں جو دو گوشہ جوڑوں کے لیے زاویائی ٹکڑے کاٹنے میں استعمال ہوتا
ہے ؛ مانتری ـ

miter joint, mitre joint, n.
نیم قائمی جوڑ ؛ دوگوشہ جوڑ ؛
ایسا جوڑ جس میں جڑنے والی سطحیں اس زاویے کی تنصیف کریں جو
جوڑوں کے ملنے سے بنتا ہے ـ

miter, mitre, v.t.
دو گوشہ جوڑ کے ذریعے بنانا یا ملانا ـ

miter square, n.
ناپنے کا پیمانہ جو دو گوشہ
یا نیم قائمی جوڑ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ، یہ سیدھے کناروں کی
جوڑی پر مشتمل ہوتا ہے جو یا تو مستقلاً ۴۵ درجے کے زاویے پر ہوتے
ہیں یا انھیں کسی بھی زاویے کے لیے آگے پیچھے کیا جا سکتا ہے ـ

mithridate, n.
(قدیم علم ادویہ) تریاق ؛ زہر مہرہ ؛
بس مار ؛ ایک مادہ جسے ہر زہر کا توڑ سمجھا جاتا تھا ـ

mithridatic, a.
تریاقی ـ

mithridatism, n.
تریاقیت ؛ زہر کی مقدار میں
بتدریج اضافہ کرتے ہوئے مسلسل زہر کھا کر جسم میں زہر سے مامونیت
پیدا کرنے کا عمل ـ

miticide, n.
جراثیم کُش دوا ؛ جوئیں اور دوسرے طفیلی
چھوٹے کیڑوں کو مارنے والی کیمیاوی دوا ـ

mitigate, v.t.
درد میں تخفیف یا کمی کرنا ؛
درد کی شدت کو کم کرنا ؛ کم کرنا یا ہلکا کرنا ؛ اعتدال پیدا کرنا ،
گھٹانا ، نرم کرنا ـ (فعل لازم) نسبتاً نرم ہونا ؛ تخفیف ہونا ؛ شدت میں
کم ہونا ـ

mitigable, a.
قابل تخفیف ـ

mitigation, n.
تخفیف ؛ کمی ـ

mitigative , a.
تخفیفی ؛ مُسکّن ـ

mitigator, n.
تخفیف کرنے والا ؛ کمی کرنے والا ؛تخفیف کار ـ

mitigatory, a.
تخفیف کُن ؛ تخفیفی ـ

mitis, mitis metal, mitis iron, n.
ملائم فولاد ؛ ملائم فولاد
جو کھائے ہوئے لوہے میں تھوڑا سا ایلومینیم ملا کر بنایا جاتا ہے ،
ایلومینیم کی وجہ سے یہ پگھل کر ڈھلنے کے قابل ہو جاتا ہے ـ

mitochondrion, chondriosome, n.
(حیاتیات) خیطی ذرّہ ؛
نخزمائی ذرہ ؛ خلیے کے مایۂ حیات میں دھاگے کی طرح چھوٹے دانے
جیسا جسمیہ جس کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ خلیوں کے
تحوُّل میں مرحلہ وار عمل کرتا ہے ـ

mitochondrial, a.
خیطی ذرّے کا یا اس سے متعلق ـ

mitosis, n.
(حیاتیات) بالواسطہ تقسیم ؛ خیطیّت ؛
خلیوں کی تقسیم کا عام طریقہ ، جس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ
مرکزے کے لونین کو دھاگے کی سی شکل دے دیتا ہے جو الگ حصّوں
یا لونی اجسام میں بٹ جاتا ہے ، جن میں سے ہر ایک ، لمبائی میں دو
حصوں میں باری باری تقسیم ہو کر ، الگ ہو جاتا ہے اور لونی جسم کا

ایک حصہ اصلی خلیوں سے پیدا ہونے والی نئی جوڑی میں سے ہر ایک میں باقی رہ جاتا ہے۔ بمقابلہ:omitosis ۔

mitotic, a. بالواسطہ تقسیم یا اس سے متعلق ، خیطیاتی ؛ خَیطی ۔

mitotically, adv. بالواسطہ تقسیم کے ذریعے ؛ خیطیّاتی طریقے سے ؛ خیطی طور پر۔

mitral, a. کُلاہی ، تاج نما ؛ کلاہ اسقفی سے مشابہ ، اس کا یا اس سے متعلق ۔ (تشریح الاعضا) کُلاہ نُما والو ؛ دل کے اس والْو (valve) کا جو بائیں بطینِ قلب کے خون کو بائیں اُذین قلب میں واپس جانے سے روکتا ہے ۔

mitt, n. بے انگلیوں کا فیتہ دار دستانہ ، جسے عورتیں پہنتی ہیں اور بعض اوقات یہ کہنی یا اس سے بھی اوپر تک لمبا ہوتا ہے ۔ (بیس بال) بڑا ، گول ، دبیز گدّے والا دستانہ جو ہاتھ کی حفاظت کے لیے پہنا جاتا ہے ۔ (عوامی) ہاتھ ؛ مُکّہ بازی کا دستانہ ۔

mitten, n. بے انگلی کا دستانہ ؛ ہاتھ پوشش ، جو دستانہ سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ اس میں ہر انگلی کی الگ پوشش نہیں ہوتی ، اِس میں صرف انگوٹھا الگ ہوتا ہے ۔ دیکھیے : mitt ۔

mittimus, n. (قانُون) سزائے قید کا حُکم ؛ پروانۂ قید ؛ پروانۂ انتقالِ مِسل ؛ ایک عدالت سے دوسری میں ریکارڈ منتقل کرنے کا حُکم ۔

mix, v.t. ملانا ؛ خلط ملط کرنا ؛ مختلف مادوں کو ایک ڈھیر یا مرکب میں اس طرح ملانا کہ سب اجزا ایک دوسرے میں پوری طرح گھل مل جائیں ؛ بے ترتیبی سے ملانا ؛ اندھا دھند ملانا (اکثر ایسی صورت میں اس کے بعد up آتا ہے) ؛ مخلُوط کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ آمیزش کرنا ، مُرکّب کرنا ، کسی محفل یا مجلس میں شامل ہونا ، ملنا یا اس سے وابستہ ہونا ؛ کوئی زائد جُزو شامل کرنا ؛ ملاوٹ کرِنا (جیسے : to mix a little flour with the gravy) ؛ اجزا ملا کر مرکب تیار کرنا (جیسے : to mix a martini) ؛ دوغلی نسل تیار کرنا ۔ (فعل لازم) ترکیب پانا ؛ مرکب بننا ؛ مخلوط ہونا ؛ مرکب ہونا ؛ ملنا ؛ آمیز ہونا ؛ شریک ہونا ؛ داخل ہونا ؛ کسی صحبت میں شامل ہونا ؛ صحبت رکھنا ؛ راہ و رسم رکھنا ؛ کسی کی صحبت میں بیٹھنا ؛ میل جول رکھنا (جیسے : to mix well with strangers) ؛ دوغلی نسل کا ہونا ۔ (اسم) مرکب ، مسالا ؛ آمیزہ ؛اجزا کا مرکب جسے پیکٹ کی صورت میں تیار کر کے اور وقت بچانے کے لیے تجارتی پیمانے پر بیچا جاتا ہے جن میں عموماً صرف پانی یا کوئی سیال مادہ ملانے کی ضرورت ہوتی ہے (جیسے : a cake mix ، cement mix) ؛ مرکب کے متناسب اجزا یا کلیہ (جیسے : mix of four to one) ؛ اکثر کاربونیٹ ملے ہوئے مشروبات (جیسے : ginger ale جو الکوحلی عرق میں ملائی جاتی ہے) ۔ (بول چال) ملغوبہ؛ کھچڑی ۔

mix it, mix it up, (عوامی) لڑنا جھگڑنا ؛ حجّت کرنا ؛ بحث کرنا ؛ مُکّہ بازی ۔

mix up, گڈ مڈ کرنا ؛ اُلجھانا یا اُلجھنا ؛ کسی ایک شخص یا چیز کو دوسرا سمجھنا ؛ خلطِ مبحث کرنا ؛ کچھ کا کچھ سمجھ جانا ۔

mixability, mixableness, n. ترکیب پانے کی قابلیت ؛ آمیزش پذیری ۔

mixed, a مُرکّب ؛ مخلوط ؛ مِلا ہوا ؛ مختلف عناصر یا اجزا سے مرکّبْ (جیسے : mixed chorus of both male and female voices) ؛ مختلف عناصر یا اجزا سے مرکب مختلف اقسام کا آمیزہ (جیسے : mixed candies, mixed emotions) ؛ مختلف درجوں ، کرداروں ، نسلوں ، جنسوں ، رایوں کے افراد پر مشتمل (جیسے : mixed society)۔ (بول چال) ذہنی خلفشار کا شکار ؛ ذہنی طور پر پریشان ۔ (صوتیات) جس کے وسط میں حرف علت شامل ہو ۔ (قانون) معاملے یا مقدمے کی دو یا زیادہ انواع و اقسام پر مشتمل ۔

mixed up, مکمّل طور پر خلفشار کا شکار ؛ پوری طرح گڈ مڈ ؛ مخلوط ؛ منتشر۔

mixed bud, n. (نباتیات) مخلوط اکھوا ؛ اکھوا جس میں پتے اور پھول دونوں کے لیے جنین زا ساختہان شامل ہوں ۔

mixed farming, n. مخلوط کاشت ؛ گھریلو استعمال یا فروخت کے لیے ایک ہی کھیت یا فارم پر مختلف قسم کی فصلوں کی کاشت اور مختلف قسم کے حیوانات کی پرورش ۔

mixed number, n. مخلوط عدد ؛ کسرِ مرکّب ؛ پورے عدد اور کسر پر مشتمل عدد جیسے ۴ $\frac{۱}{۲}$ ۔

mixer, n. آمیزہ کار ؛ آمیزندہ ؛ پھیٹر؛ آمیزش کرنے والا ؛ باورچی خانے میں استعمال کی مشین جو خوراک کو پھینٹتی ، ملاتی اور مخلوط کرتی ہے ؛ برقی مدھانی ؛ آمیزہ گر ۔ (عوامی) مِلنسار ؛ ایسا شخص جو دوسروں کے ساتھ معاشرتی طور پر آزادانہ میل جول کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ اجتماع ، اکثر رقص ، جو لوگوں کو باہم متعارف کرانے کے لیے ہو ۔ (ریڈیو ، ٹی ۔ وی) ایک سے زیادہ ذرائع سے آوازیں باہم ملانے کا نظام ؛ ایسے نظام کو چلانے والا کاریگر۔

mixture, n. آمیزش ؛ آمیزہ ؛ آمیزش کرنے کا عمل یا مرکب ہونے کی حالت ؛ آمیزش کا حاصل ؛ اجزا کی آمیزش لیکن اس طرح کہ یہ کیمیاوی طور پر نہ ملے ہوں ؛ دھاگے سے بُنا ہوا ایسا کپڑا جس میں مختلف رنگوں کو ملایا گیا ہو ؛ مختلف عناصر ، اقسام یا معیاروں کی آمیزش ؛ اضافی عنصر یا جزو ؛ ملاوٹ ؛ ملونی ؛ میل ؛ امتزاج ۔

mix-up, n. خلط ملط ؛ پوری طرح گڈ مڈ ؛ اشیا کی منتشر حالت ؛ ملغوبہ ؛ خلطِ مبحث ۔ (بول چال) لڑائی ؛ جھگڑا ؛ بحث مباحثہ ؛ تُو تُو میں میں ۔

mizzen, n. (جہاز رانی) سِہ مستولی جہاز کے سب سے پچھلے مستول کا سب سے نچلا مربع بادبان ، جو پچھلے مستول پر ہوتا ہے ؛ چھوٹے جہاز یا چھوٹی کشتی کا پچھلا بادبان ۔

mizzenmast, n. (جہاز رانی) تین مستولوں والی کشتی یا جہاز کا پچھلا مستول ؛ دو مستولی جہاز ، کشتی وغیرہ میں وہ مستول جو دنبالہ سے قریب ترین ہو۔

mizzentop, n. (جہاز رانی) عرشہ یا چبوترہ جو نچلے آخری مستول پر ہو۔

mizzle, v.i. (برطانوی ، عوامی) اچانک غائب ہو جانا ؛ فرار ہونا ؛ بھاگ جانا ؛ چمپت ہونا ؛ چل دینا ؛ بوندا باندی ہونا ؛ پُھوار پڑنا ۔

mnemonics, mnemotechnics, n. فن حفظ ؛

حفظیات ؛ یادداشت کی تربیت کا فن یا نظام ـ

mnemonic, a.
حافظہ بڑھانے کے ہنر سے متعلق ؛ حفظیاتی ؛ مقوی حافظہ ؛ حافظہ پرور ـ

mnemonically, adv.
حفظیاتی طور پر ـ

moa, n.
موآ ؛ نیوزی لینڈ کے بڑے ، بے پرواز معدوم پرندوں میں سے کوئی ، جو مہیب پرندوں کے خاندان پر مشتمل تھا اور عام صورت میں شتر مُرغ سے مشابہ تھا ـ

Moabite, a.
[موآب فرزندِ لوط سے ماخوذ] موآبی ؛ موآبیوں ، ان کی سلطنت یا زبان سے متعلق ـ نیز Moabitic, ؛ Moabitish –(اسم) موآب کی سلطنت کا باشندہ (جو زیریں اردن اور بحر مردار کے درمیانی علاقے میں تھی)؛موآبی لوگوں کی زبان ـ

Moabitess, n.
موآبیہ ؛ موآبی کی تانیث ـ

moan, v.i., v.t.
کراہنا ؛ درد یاغم کی وجہ سے آہستہ آہستہ فریاد کرنا ؛ آہ کرنا ؛ تراہ تراہ کرنا ؛ پچھتاوے کا اظہار کرنا ، (قسمت کو) رونا ؛ ماتم کرنا ؛ نوحہ کرنا ؛ واویلا کرنا ؛ گریہ و زاری کرنا ؛ آہیں بھرنا ـ (اسم) درد یا غم کی وجہ سے نکلنے والی دھیمی فریاد ؛ کراہ ؛ کراہنے کی آواز ؛ فریاد ؛ درد انگیز آواز ؛ پُر درد آواز ؛ آہ ؛ ماتم ؛ واویلا ؛ آہ وزاری ؛ گریہ و زاری ؛ نوحہ یا کراہنے جیسی آواز ـ

moat, n.
خندق ؛ کھائی ؛ گڑھا یا گہری خندق ، جو اکثر پانی سے بھری ہوئی ہوتی ہے ، یہ قلعے کی فصیل یا کسی قلعہ بندی کے اطراف دشمن سے بچاؤ کی خاطر بنائی جاتی ہے ـ (فعل متعدی) کھائی سے گھیرنا ؛ خندق بنانا ؛ دفاع کی خاطر خندق یا کھائی سے محصور کرنا ؛ دفاع کے لیے چاروں طرف خندق یا کھائی کھودنا ـ

mob, n.
فسادی یا بے ہنگم ہجوم ؛ لاقانونی ہجوم ؛ بلوائی ؛ ادنیٰ طبقہ کے لوگ ؛ عام لوگ ؛ عوام الناس ؛ ٹھٹھ ؛ بھیڑ ؛ بازاری لوگ ؛ ازدحام ـ (بول چال) مجرموں کا گروہ ؛ غنڈوں کا دَل ـ (فعل متعدی) ہجوم کرنا ؛ بلوا کرنا ؛ ہجوم بنا کر حملہ کرنا ، بھیڑکرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ـ

mobbish, a.
ہجوم کا ؛ بلوائی ؛ فسادی ـ

mobcap, mob, n.
بڑی ، ڈھیلی ، پورے سر کو ڈھانپنے والی زنانہ ٹوپی جسے عموماً ٹھوڑی کے نیچے باندھ لیا جاتا تھا اور جسے اگلے وقتوں میں عورتیں گھر کے اندر پہنتی تھیں ـ

mobile, a.
متحرک ؛ قابلِ حرکت ؛ حرکت پذیر ؛ آسانی سے حرکت کے قابل ؛ رواں ؛ تیزی سے بہنے والا ؛ قابل تغیر ؛ قابل تبدیل ؛ تغیر پذیر ؛ غیر مستقل ؛ منقولہ ؛ نقل پذیر ؛ متلوّن ؛ مقصد ، جذبات یا ظاہری صورت میں مختلف ؛ آسانی سے ماحول/ضرورت کے مطابق ڈھلنے کے قابل ؛ اثر پذیر ؛ زُودحس ؛ ردعمل کی صلاحیت کا حامل ؛(فرد یا گروہ) جوایک سماجی درجے سے دوسرے کی جانب حرکت کرنے کا اہل ہو ؛ آسانی سے حرکت کرنے کی صلاحیتوں/ذرائع سے لیس ؛ حرکت پذیرانہ ؛ تغیر پذیرانہ ـ

mobility, n.
حرکت پذیری ؛ نقل پذیری ، حرکت/ نقل و حرکت کی صلاحیت ؛ تلوّن ؛ غیرمستقل مزاجی ـ

mobile, n.
سیلان پذیر ؛ سریع السیلان ؛ کئی متوازن حصوں ، اکثر فولادی تاروں کا ساختہان ، جس کے حصّے یا کلیں ہوا کی لہروں یا میکانی قوّت سے دوچار ہونے پر آزادانہ حرکت کے قابل ہوں ؛ حرکت پذیر اجزا کا ڈھانچا ـ

mobile home, n.
متحرک گھر ؛ ٹریلر ؛ چلتا گھر ؛ کسی دوسری گاڑی کے پیچھے لگائی جانے والی گاڑی ؛ اضافی گاڑی ؛ گھر سے مشابہ بڑی اضافی گاڑی جسے آسانی سے نئے مقام پر منتقل کیا جا سکے ـ

mobilize, v.t.
لام بندی کرنا ؛ عملی فوجی خدمات کے لیے تیاری کی حالت میں رکھنا ؛ وسائل یا صنعت کو ، قومی ہنگامی حالت میں استعمال کے لیے منظم کرنا ؛ گردش میں لانا ؛ اپنی قوّتوں کو کام میں لانے اور عمل کے لیے حرکت میں لانا ـ (فعل لازم) عمل یا استعمال کے لیے مُنظّم یا تیار ہونا ؛ کسی کارروائی کے لیے تیاری اور تنظیم کے عمل سے گزرنا ؛ رو بہ عمل لانا ـ

mobilization, n.
لام بندی ؛ تیاری ؛ تنظیم ؛ اجتماعِ افواج ؛ حالتِ جنگ ـ

mobocracy, n.
ہجوم اختیاری ؛ انبوہ راج ؛ ہجومی حکومت ، ہجوم شاہی ؛ ہجوم کے ذریعے حکومت یا سیاسی اقتدار ؛ ہجوم بطور قوّتِ اختیار ـ

mobocrat, n.
ہجومی حکومت کا حامی ؛ ہجوم کا رہنما ؛ رہنمائے ہجوم ـ

mobocratic, mobocratical, a.
ہجومی حکومت سے متعلق ـ

mobster, n.
(عوامی) مجرموں کے ٹولے کا فرد ؛ بدمعاش ؛ فسادی ؛ بلوائی ـ

moccasin, n.
مکاسِن ؛ مکیشن ؛ نرم جوتے کی ایک قسم ، جس کی ایڑی نیچی ہوتی ہے اور تسمے نہیں ہوتے ، یہ سلیپر سے مشابہ ہوتا ہے ؛ ایڑی کے بغیر جوتا جو ہرن کی کھال یا کسی اور نرم چمڑے سے بنایا جاتا ہے ، یہ اس جوتے سے مشابہ ہوتا ہے جو امریکی ریڈ انڈین کسی زمانے میں پہنتے تھے ؛ ایگ کِس ٹرو ڈون (-Ag kistrodon) جنس کے زہریلے سانپوں میں سے کوئی ایک ، جو جنوبی امریکا میں پائے جاتے ہیں ـ

moccasin flower, n.
پاپوش گُل ـ دیکھیے : Cypripedium ـ

mocha, n.
[بحیرۂ احمر کے دہانے پر واقع عرب بندرگاہ مخا سے ماخوذ] مُخا ؛ عمدہ کافی کی ایک قسم ، جو اصلاً مُخا (عرب) سے آتی تھی ؛ کافی یا کافی چاکلیٹ کی خوشبو ؛ ہلکا چاکلیٹی بھورا رنگ ؛ ہلکا نسواری رنگ ؛ افریقی بھیڑ کی کھال کا دستانے بنانے کا عمدہ ، نرم چمڑا ـ (صفت) مُخائی ـ

mock, v.t.
نقل اتارنا یا مُنھ چڑانا ، خصوصاً تمسخر اور تضحیک کے لیے ؛ تضحیک کرنا ؛ تذلیل کرنا ؛ تمسخر کرنا ، ٹھٹھا کرنا ؛ خاکہ اڑانا ؛ کھجانا ؛ چڑانا ؛ استہزا کرنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ مذاق اڑانا ؛ تضحیک سے پیش آنا ؛ مایوس کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ حقیر سمجھنا ـ (فعل لازم) تضحیک سے کام لینا ؛ طعنہ زنی کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ فقرے کسنا ؛ طنز کرنا ؛ تشنیع کرنا ـ (صفت) جُھوٹا ؛ فریبی ؛ نقلی ؛ جعلی ـ (اسم) ہنسی ؛ ٹھٹھا ؛ مضحکہ ؛ تمسخر ؛ استہزا ؛ تضحیک کرنے یا حقیر سمجھنے کا عمل ؛ تحقیر ؛ نشانۂ تضحیک ؛ نقل ـ

mockery, n.
تضحیک ؛ تشنیع ؛ طنز و طعن ؛ تضحیک کا نشانہ ؛ تمسخر ؛ استہزا ؛ طعنہ زنی ؛ نقل ؛ ٹھٹھول ؛ ٹھٹھا ؛ مذاق ؛ بے کار یا نامناسب کوشش ؛ سعئ لاحاصل ؛ پُرفریب یا قابل نفرت بہانہ ؛ تلبیس ـ

mockingly, adv. تلبیس ، دھوکے ، تضحیک کے طور پر۔

mocker, n. نقّال ؛ مُضحِک ؛ بھانڈ ؛ مُنہ چڑانے والا ؛ طعنہ زن ؛ بنسوڑ ؛ تضحیک کرنے والا۔

mock-heroic, a. ظریفانہ یا بناوٹی بہادر ؛ مضحکہ خیز بہادرانہ اطوار ، کردار یا رویّہ ۔ (اسم) ظریفانہ ، بہادرانہ انداز کی نظم ، ڈراما یا ادب پارہ ۔

mock-heroically, adv. ظریفانہ بہادری کے انداز میں ۔

mockingbird, n. بولتی مَینا ؛ نقّال مَینا ؛ امریکی مَینا ؛ ایک پرندہ جو دوسرے پرندوں کی آوازوں اور نغموں کی نقل اتارنے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتا ہے ؛ اس خاندان سے متعلق کوئی پرندہ ۔

mock orange, n. نقلی نارنگی ؛ نقلی سنگترا ؛ جنس فلاڈیلفس کی ایک جھاڑی جس کے بسکٹی سفید پھول صورت اور خوشبو میں کچھ کچھ سنگترے کے درخت کے پھولوں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

mock turtle soup, n. بچھڑے کے کلّے ، گوشت یا کسی اور گوشت سے تیار کی گئی یخنی جس میں ایسے مسالے ڈالے جاتے ہیں کہ وہ کچھوے کی یخنی جیسی مہک دینے لگتی ہے ؛ کچھوے کی نقلی یخنی ۔

mock-up, n. نقلی نمونہ ؛ آزمایش ، نمایش یا تعلیم کے لیے کسی چیز کا ، عموماً پوری جسامت کا نمونہ (ماڈل) ۔

modal, a. صُوری یا عرضی ؛ ظاہری ؛ طَوری ؛ نمایشی ۔ (گرامر) طور فعل کے متعلق ۔ (موسیقی) کسی طرز سے متعلق یا کسی طرز میں ڈھالی گئی ۔ (فلسفہ) صوری ؛ چیزوں کی جہت یا صورت سے متعلق نہ کہ اس کے جوہر یا صفات سے متعلق ۔ (منطق) جہتی ؛ شرطی ۔

modality, n. صورت ؛ جہت ؛ مشروطیت ؛ نہج ؛ طریقہ ؛ ظاہری یا جہتی کیفیت یا تعلق ؛ جہتی عرض یا حالت ؛ ظاہری صفت یا حالت ۔ (منطق) جہت ؛ انتہائی ضرورت یا اتفاق کے تعلق سے قضیہ ۔ (طب) شفائی ، علاجی یا فعلی علاجی عامل کا استعمال ۔

modally, adv. صُوری اعتبار سے ؛ طوری حیثیت سے ؛ مشروط طور پر ۔ (منطق) ازرُوئے جہت ۔

modal auxiliary, n. فعلِ معاون ؛ وہ فعلِ معاون جو دوسرے فعل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے must, might, may, do, can اور shall ۔

mode, n. کام کرنے کا انداز ؛ طریقہ ؛ طور ؛ طرز ؛ روش ؛ ڈھنگ ؛ اسلُوب ؛ طرح ؛ وضع ؛ رواج ؛ اطوار یا لباس میں روایتی یا معاصرانہ انداز ۔ (فلسفہ) کسی بُنیادی مادے کا طور ، صورت ، حالت یا وجود ۔ (گرامر) صورت فعل ؛ فعل کی ایسی نمایاں صورت جس سے یہ ظاہر ہو کہ جس حالت یا عمل کی پیشگوئی کی گئی ہے وہ یقینی اتفاقیہ یا امری تھی ؛ فعل کی صورتوں کا کوئی سا مجموعہ جو اس صورت کو ظاہر کرے ، مثلاً بیانیہ ، شرطیہ ، امر ۔ (منطق) ضرب ؛ قضیے کی صورت ، ضرورت ، اتفاق ، امکان یا غیر امکانیت کے تعلق سے ۔ دیکھیے : mood ۔ (موسیقی) اسلوب ؛ طور ؛ پردہ ؛ راگ ؛ ہشت سُرے سرگم کی مختلف ترتیبیں جو ایک دوسرے سے سالم فاصلے یا نیم فاصلے کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہیں ۔ (شماریات) شماریاتی چلن ؛ تقسیم تعدُّد کی قدر جو اکثر اوقات واقع ہو ؛ وضع ؛ روش ۔

model, n. معیار ؛ نمونہ ؛ قالب ؛ سانچا ؛ خاکہ ؛ پیمانہ ؛ مقیاس ؛ ناپ ؛ مثال ؛ کینڈا ؛ شبیہہ ؛ نقل ؛ معمول ؛ ڈھانچ ؛ نقل کرنے یا موازنے کے لیے معیار ؛ کسی شے کی بناوٹ ظاہر کرنے یا نقل کرنے کے لیے بنایا گیا نمونہ خصوصاً خُرد تصویری ؛ مٹی ، موم یا کاغذ وغیرہ کی تصویر یا مورتی جو زیادہ پایدار مواد میں بنائی جانے کے لیے ہو ؛ کوئی سی شے جو فن کار کے نمونے کا کام دے ؛ مصور یا سنگتراش کے لیے نمونہ بن کر بیٹھنے والا شخص ؛ لباس پہن کر گاہکوں کے لیے اس کی نمایش کرنے والا ملازم ؛ کسی ہیئت یا بناوٹ کا انداز ؛ کوئی خاص صورت یا انداز ۔ (صفت) قابلِ تقلید ؛ نمونہ ؛ مکمل ؛ کامل ؛ مثالی ۔ (فعل متعدی و لازم) نمونے کے مطابق بنانا یا منصوبہ بنانا ؛ خاکہ بنانا ؛ صورت دینا یا تشکیل کرنا خصوصاً مٹی ، کاغذ ، موم وغیرہ سے ؛ نقل کرنا ؛ (کسی شے کا) نمونہ بنانا ؛ نمایش یا فروخت کے لیے پہننا ، جیسے کپڑے اور لوازمات وغیرہ ؛ نمونے/مجسمے بنانا ؛ ڈول ڈالنا ؛ ترکیب دینا ؛ کوئی خاص ، قدرتی یا فطری صورت اختیار کرنا جیسے بنتی ہوئی تصویر کے حصے ؛ پوشاک کی نمایش کے لیے ملازم ہونا ۔

modeler, Brit. modeller, n. نمونہ بنانے والا ؛ نمونے پر ڈھالنے والا ؛ نمونہ ساز ۔

modem, n. [modulator demodulator] موڈیم ؛ کمپیوٹر کی معلومات کو کسی دوسرے ترسیلی/مواصلاتی ذریعے سے منتقل کرکے پھر کمپیوٹر کی معلومات میں تبدیل کرنے کا عمل ۔

moderate, a. معتدل ؛ اعتدال پسند ؛ جو انتہائی یا شدید نہ ہو ؛ دھیما ؛ سلامت رو ؛ آراء ، نُقطہ ہائے نظر یا برتاؤ میں میانہ رو معتدل مزاج ؛ جسامت ، وسعت یا معیار میں اوسط کی جانب مائل ؛ درمیانی درجے کا ؛ سیاسی یا معاشرتی رائے کی زیادہ انقلابی انتہاؤں سے گریز کرنے والا ۔ (اسم) انتہائی یا انقلابی آراء کی بجائے معتدل رائیں رکھنے والا شخص ۔ (فعل متعدی) شدت یا سختی کو کم کرنا ؛ اعتدال پر لانا ؛ زیادتی سے احتراز کرنا ؛ صدر ، ثالث یا پنچ کے طور پر کام کرنا ، (جیسے کسی اجلاس یا مباحثے کا) ۔ (فعل لازم) کم شدید یا سخت ہونا ؛ میرِ مجلس بننا ؛ ثالث یا پنچ ہونا ؛ ثالث کے طور پر کام کرنا ؛ صدارت کرنا ۔

moderately, adv. اعتدال سے ؛ اعتدال پسندی سے ؛ میانہ روی سے ۔

moderateness, n. اعتدال ؛ اعتدال پسندی ؛ میانہ روی ۔

moderate breeze, n. (موسمیات) معتدل ہوا ؛ بیوفورٹ پیمانے پر ۱۳ سے ۱۸ میل فی گھنٹہ چلنے والی ہوا ۔

moderate gale, n. (موسمیات) معتدل آندھی یا جھکڑ ؛ بیوفورٹ پیمانے پر ۳۲ سے ۳۸ میل فی گھنٹہ چلنے والی آندھی ۔

moderation, n. تعدیل ؛ میانہ روی ؛ اعتدال ؛ معتدل بنانے ، شدت کم کرنے یا قابو میں رکھنے کا عمل ؛ معتدل ہونے کی حالت یا صفت ؛ صدر یا ثالث کی حیثیت سے کام کرنے کا عمل ؛ صدارت ۔ (جمع ، برطانوی) آکسفورڈ یونیورسٹی کی ڈگری کا پہلا عام امتحان ۔

in moderation, اعتدال سے ؛ میانہ روی سے ؛ شدت کے بغیر ۔

moderato, a., adv. [اطالوی] (موسیقی) معتدل ؛ درمیانی لَے

میں ؛ مدھ لے کا ۔

moderator, n. معتدل ؛ غیر متشدد ؛ صدر ؛ ثالث ؛ پنچ ؛ ناظر امتحان ؛ معتدل گر ؛ نگران ۔ (طبیعیات) جوہری ری ایکٹر کو معتدل بنانے والا مادہ جو نیوٹرون کی رفتار کو سست بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

moderatorship, n. ثالثی ؛ ثالث کا فرض ، فعل یا عہدہ ؛ صدارت ؛ معتدل گری ؛ نگرانی ؛ نظارت ۔

modern, a. جدید ؛ زمانۂ حال سے متعلق ؛ دور حاضر کا ؛ نئی روشنی کا ؛ حالیہ ؛ جو قدیم نہ ہو ؛ عہد جدید کا یا اس کی خصوصیات کا حامل خاص طور پر فن لطیف ، موسیقی ، ادب اور تعمیرات میں عصری صورتوں کا حامل ۔ (عموماً بڑے M کے ساتھ) زبان کے ارتقا میں جدید ترین عہد کا یا اس کی خصوصیات کا حامل (جیسے : Modern German) ۔ (اسم) جدید دور کا شخص ؛ نئی روشنی کا شخص ؛ وہ شخص جس کے ذوق ، آراء اور انداز حالیہ زمانے کی خصوصیات کے حامل ہوں ؛ دور حاضر کا ۔ (طباعت) ایک قسم کا ٹائپ جس کے نیچے کی طرف شوشے بھاری اور بالائی سرے پتلے ہوتے ہیں ۔

Modern Hebrew, n. جدید عبرانی زبان جو بیسویں صدی کے اسرائیل یا اسرائیلی حکومت میں استعمال ہوتی ہے ۔

modernism, n. جدیدیت ؛ جدّت پسندی ؛ جدید زمانے کی خصوصیات کے حامل فکروعمل ؛ تجدّد ؛ جدید خیال ؛ جدید خیالات ؛ جدید اصول ؛ دورِ جدید کے فکروعمل سے ہمدردی یا ان پر عمل ؛ جدید خصوصیات کا استعمال ، عمل یا معیار ؛ زمانۂ حال کے مطابق فکروعمل ؛ جدید خیالات/اصول ؛ نئی روشنی ؛ زمانۂ حال کی اصطلاح ؛ جدید لفظ یا محاورہ ۔ (اکثر بڑے M سے) (الٰہیات) ؛ تجدُّد ؛ بیسویں صدی کے ابتدائی زمانے کی رومن کیتھولک کی انسان شناس (ہیومنزم) تحریک جس نے جدید سائنس اور فلسفے کی ترقی کے مطابق مذہبی تعلیمات کی نئے سرے سے تفسیر و تعبیر کی جسے پوپ دہم نے ۱۹۰۷ء میں بدعت قرار دیا تھا ؛ اسی طرح کی بیسویں صدی کی پروٹسٹنٹوں کی تحریک ؛ تجدیدِ مذہب ؛ مذہبی عقائد کی جدید خیالات اور تقاضوں کے مطابق تشکیل ۔

modernist, n. متجدِّد ؛ جِدّت پسند ؛ نئی روشنی کا شخص ؛ مذہبی عقائد میں جدّت پسند ۔

modernistic, a. جدید ؛ جِدّت پسندانہ ؛ جدید سوچ کا ؛ متجددانہ ؛ نئی روشنی کا ۔

modernize, v.t., v.i. جدید رنگ میں رنگنا ؛ جدید طرزِ فکروعمل کے مطابق بنانا ؛ طرزِ جدید پر لانا ؛ جدید اصول کے مطابق بنانا ؛ جدید رنگ ، طرز یا اصولوں کے مطابق ڈھلنا ؛ زمانۂ حال کے خیالات کو اپنانا ۔

modernizer, n. جدید بنانے والا ؛ طرز جدید اختیار کرنے والا ۔

modernization, n. جِدّت ؛ تجدُّد ۔

modest, a. بے ادّعا ؛ مُنکسر ؛ اعتدال پسند ؛ خاکسار ؛ اپنا اور اپنی صلاحیتوں کا اندازہ لگانے میں اعتدال پسند ؛ حلیم الطبع ؛ مؤدب ؛ ملکیت کے بارے میں کم ادعا ؛ آگے نہ بڑھنے والا ؛ نمایش ناپسند ؛ انتہا ناپسند ؛ میانہ رو ؛ شرمیلا ؛ باحیا ؛ باعصمت ، حیادار ؛ باحجاب ؛ پاک دامن ؛ خاکسار ؛ جھینپنے والا ؛ نہ بننے والا ، فرومایہ ؛ بے تکبُر ؛ معتدل ؛ متحمّل ؛ جو انتہا پسند یا شدید نہ ہو ؛ غیر متشدد ۔

modestly, adv. منکسر مزاجی سے ؛ حلم و خاکساری سے ؛ انکسار سے ؛ کم ادعائی سے ؛ پاکدامنی سے ؛ اعتدال سے ۔

modesty, n. شرم و حیا ؛ لاج ؛ پاک دامنی ؛ عِفّت ؛ نیک چلنی ؛ بے ادعائی ؛ انکسار ؛ عاجزی ؛ غیرت ؛ حجاب ؛ خاکساری ؛ اعتدال پسندی ؛ میانہ روی ۔

modicum, n. تھوڑا ؛ تھوڑی مقدار ؛ قلیل مقدار ؛ برائے نام ؛ ذرا سا ؛ مُٹھی بھر ؛ نام کو ؛ تِل برابر ۔

modification, n. ترمیم ؛ اصلاح ؛ تغیّروتبدّل ؛ تبدیل شدہ نتیجہ ؛ صورت ، ہیئت یا کردار میں تبدیلی ۔ (حیاتیات) عضویہ یا جسم نامی میں ایسی تبدیلی جو اس کے اپنے ماحول یا عمل کی پیداوار ہو اور وہ اس کی نسل کو ورثے میں نہ ملے ۔ (گرامر) دوسرے لفظ کی وجہ سے کسی لفظ ، ترکیب یا فقرے کی تحدید و تعیین ؛ مفہوم کا تعیُّن ۔

modificative, modificatory, a. ترمیمی ؛ تغیُّراتی ؛ اصلاحی ، ترمیم /تغیُّر/ردوبدل کرنے والا ۔

modify, v.t. ترمیم ، ردوبدل ، تغیُّر ، تبدیلی کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ بیرونی خصوصیات کو جزوی طور پر تبدیل کرنا ؛ بدلنا ؛ کسی اعتبار سے ردوبدل کرنا ؛ معتدل بنانا ؛ تخفیف کرنا ؛ معیّن کرنا ؛ مشروط کرنا ۔ (گرامر) مفہوم کو مشروط ، معیّن یا محدود کرنا ۔

modifiable, a. قابل ترمیم ، قابل اصلاح ۔

modifier, n. ترمیم کرنے والا ؛ اصلاح کرنے والا ۔

modillion, n. (فن تعمیر) کارنس کی آرایش ؛ کارنتھی (Corinthian) یا کسی دوسرے طرز میں کارنس کے نیچے لگے ہوئے آرایشی منقش بریکٹ یا اینٹیں ۔

modish, a. فیشن ایبل ؛ وضعدار ؛ طرح دار ؛ جدید انداز و اطوار کا حامل ؛ جدید قطع و وضع کا ؛ جدید رواج کے مطابق ۔

modishly, adv. نئے فیشن کے طور پر ؛ طرز جدید کے طور پر ۔

modishness, n. فیشن پرستی ؛ طرحداری ؛ جدید انداز ؛ طرز جدید ؛ تکلّف ؛ ڈھنگ ؛ وضع داری ۔

modiste, n. عورتوں کی پوشاک/دوسری اشیا تیار کرنے یا بیچنے والی عورت ؛ پوشاک ساز عورت؛ خیاطہ ؛ درزن ۔

modulate, v.t. قابو میں لانا ، ترمیم کرنا یا معتدل کرنا ؛ لہجہ یا آواز کو اس طرح بدلنا یا تبدیل کرنا کہ وہ جو کچھ کہا جائے اس کا اظہار کرے ؛ اتار چڑھاؤ کرنا ؛ اونچا نیچا کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ مفہوم کے مطابق آوازمیں تصرف کرنا ۔ (موسیقی) دُھن کے دوران ایک سرگم سے دوسرے سرگم میں تبدیل کرنا ۔ (اِبلاغ رسانی) ریڈیو ، ٹیلی فون یا ٹیلی وژن میں اشارے یا صوت بردار موج کے تعدد ، شدت یا حیطہ کو تبدیل کرنا ۔ (فعل لازم) (موسیقی) دُھن بناتے ہوئے سپتک تبدیل کرنا ۔

modulation, n. ترمیم ؛ تبدیلی ؛ تبدیل شدہ حالت ۔ (موسیقی) دُھن بناتے وقت سپتک کی تبدیلی ؛ آواز کی ایسی تبدیلی کہ الفاظ کو اظہار کی قوّت مل جائے ؛ اُتار چڑھاؤ ؛ زیروبم ؛ الاپ ؛ متناسب تبدیلی ۔

modulator, n. زیروبم کُنندہ ؛ ترمیم کُنندہ ؛ تصرُّف کُنندہ ۔

modulatory, a.
زیروبم کا ؛ ردوبدل کا ؛ ترمیمی۔

modulability, n.
زیروبم پذیری ؛ تبدُّل ؛ ترمیم پذیری ؛ تصرف پذیری ؛ تبدیلی قبول کرنے کی صلاحیت۔

module, n.
مقیاسہ ؛ پیمایش کا معیار یا اکائی ، خصوصاً پیمایش کی وہ اکائی جس کے ذریعے عمارتی سامان کی پہلے سے تیاری کو معیاری بنایا جا سکے ؛ ستون کی بنیاد کا نصف قُطر جو قدیم تعمیرات میں پیمایشی اکائی گردانا جاتا تھا ؛ کوئی معیار بند اکائی ؛ خلائی جہاز کا الگ ہونے والا حصہ۔

modular, a.
مقیاسی ؛ معیاری ؛ شرحی ؛ قدری۔

modularity, n.
مقیاس ؛ مقیاسیت ؛ معیار ؛ معیاریت۔

modulus, n.
(طبیعیات) مقیاس ؛ قدر ؛ معیار ؛ شرح یا مقیاس جو خاصیت، قوّت یا اثر کی پیمایش کو ظاہر کرتی ہے (جیسے : the modulus of elasticity)؛مقیاسِ لچک ؛ معیارِ لچک۔ (ریاضی) قطعی مقدار ؛ قطعی قدر۔

modulo, prep.
حرف جار ؛ حرف ربط۔

modus operandi, n.
اندازِ عمل ؛ ڈھنگ ؛ کام یا عمل کا انداز ؛ طریق کار ؛ راہِ عمل ؛ طرزِ عمل۔

modus vivendi, n.
طرزِ زندگی ؛ ساتھ نبھانے کا طریقہ ؛ موقّت تصفیہ ؛ وقتی سمجھوتہ ؛ زیر بحث معاملات کے فیصلے تک افراد یا فریقوں میں عارضی انتظام یا عارضی صُلح۔

mofette, moffette, n.
مُضر بُخارات ؛ دہانۂ برکان ؛ بَرکانی بُخارات ؛ نُقصان دہ بُخارات ، زیادہ تر کاربن ڈائی آکسائڈ کے جو ان علاقوں سے اُٹھتے ہیں جہاں آتش فشانی کا عمل قریباً ختم ہو چکا ہو ؛ ایسا شگاف جہاں سے برکانی بُخارات نِکلتے ہیں۔

Mogen David, Magen David, n.
داؤدی سِتارہ۔

Mogul, n.
مُغل ؛ منگول یا منگولیا کا باشندہ ، بالخصوص سولھویں صدی میں فاتحینِ ہند میں سے کوئی ایک ؛ ان کی نسل کا کوئی فرد ؛ فاتح منگول ؛ ان کی نسل کا فرد۔(چھوٹے m سے) بڑی شخصیت۔ (صفت) مُغلوں یا ہندوستان کی مُغل سلطنت سے متعلق (جیسے:Mogul architecture)۔

the Great Mogul,
مُغلِ اعظم ؛ ہندوستان یا دہلی کی سلطنت کا شہنشاہ۔

mohair, n.
موہیئر ؛ انگورا کی بکری اکا اُون یا رُواں ؛ اس اُون کا بنا ہوا کپڑا یا پوشاک۔

Mohammedan, n.
مسلمانوں کے لیے اہلِ یورپ کا لفظ ؛ مسلمان۔

Mohammedanism, n.
مذہب اسلام کے لیے اہلِ یورپ کا لفظ ؛ اسلام۔

Mohawk, n.
موہاک ؛ شمالی امریکا کے ہندیوں (ریڈ انڈین) کا ایک قبیلہ ؛ پانچ اِروقی قوموں میں سے ایک قوم جو اس علاقے میں رہتی تھی جسے اب ریاست نیویارک کہتے ہیں ؛ اس قبیلے کی زبان۔ (برطانوی) ایک قسم کا ٹھگ۔

Mohegan, n.
مُوہیگن ؛ مہیکی ؛ موہیکی؛ الگونکی ریڈ انڈین کا ایک قبیلہ جو جنوب مشرقی کنکٹیکٹ (connecticut) میں رہتے تھے۔

Mohican, n.
مہیکی ؛ موہیگن۔

Mohock, n.
شریف بدمعاش ؛ بدمعاشوں کا ایک گروہ جس میں اکثر امیرزادے شامل ہوتے تھے ، جو ۱۸ ویں صدی میں لندن کے گلی کُوچوں میں رہزنی کرتے تھے۔

Mohs' scale, n.
(معدنیات) معدنیات کی سختی کا پیمانہ جو ماہرِ معدنیات فریڈرک موہ نے تیار کیا تھا ، شروع میں اس میں دس معدنیات تھیں لیکن بعد میں نظرثانی کرکے ۱۵ تک بڑھا دیا گیا اور معدنیات کی خراش پذیری کو اس کی بُنیاد بنایا گیا، یہ معدنیات حسب ذیل ہیں : ۱۔ طَلق یا ابرق ، ۲۔ جپسم ، سنگِ گچ ، ۳۔ کلسائٹ ، کِلسی بلّور ، ۴۔ فلورائٹ ، فلور بلّور ، ۵۔ اپیٹائٹ ، ۶۔ فلسپار ، ۷۔ شفاف خالص سِلیکا ، ۸۔ صوان یا گار (کوارٹز) ، ۹۔ پُکھراج ، ۱۰۔ لعل ، یاقوت ، ۱۱۔ گداختہ زرقونیا ، ۱۲۔ گداختہ ایلومینا یا پاک مٹی ، ۱۳۔ سلیکن کاربائڈ ، ۱۴۔ بورون کاربائڈ ، ۱۵۔ ہیرا ، الماس۔

moiety, n.
نصف ؛ نیم ؛ ادھیار ؛ ادھواڑ ؛ آدھا ؛ دو برابر حصّوں میں سے ایک ؛ جُزو ؛ حصّہ۔ (بشریات) کسی قبیلے کی دو بڑی (بُنیادی) شاخوں میں سے ایک۔

moil, v.t.
گِیلا کرنا ؛ ساننا ؛ لتھیڑنا ؛ نَم آلود کرنا ؛ تَر کرنا ، بھگونا ؛ مَیلا کرنا۔ (فعل لازم) سخت محنت کرنا ؛ مشقّت کرنا ؛ غلام کی طرح کام کرنا ؛ کیچڑ اور دَلدَل میں کام کرنا۔ (اسم) محنت ؛ خلافِ طبع کام ؛ غلام کی طرح کیا گیا کام ؛ افراتفری ؛ ہلچل یا مصیبت ، شورش۔

moiler, n.
آلودہ کرنے والا شخص یا چیز؛ سخت محنت کش ؛ محنتی ؛ ہنگامہ خیز؛ فساد انگیز؛ ہلچل مچانے والا۔

moilingly, adv.
آلودہ کرنے ، سخت محنت ، ہنگامہ خیزی یا ہلچل مچانے کے انداز میں۔

moire, moire, n.
لہریا ؛ لہروں جیسی سطح والی چیز ، خصوصاً ریشم یا دھات کی بنی ہوئی اشیا ؛ لہریا کپڑا ، ریشمی یا سوتی۔ (صفت) لہریا نمونے والا۔

moist, a.
نم آلود ؛ پُرنم ؛ پُر اشک ؛ اشک آلود ؛ آنسو بھرا ؛ نَمناک ؛ گِیلا ؛ نَم ؛ تَر ؛ رطُوبت ریز ؛ بِھیگا ہوا ؛ سِیلا ؛ مرطُوب۔

moisten, v.t.
سِیلا ، گیلا ، مرطُوب ، نم آلود ، پُرنَم ، تر ، نمناک ، پُر اشک کرنا ؛ بھگونا۔ (فعل لازم) گِیلا ہونا ؛ نَم ناک ہونا ؛ پُر نم ہونا۔

moistener, n.
بھگونے والا ؛ نم کرنے والا ؛ گیلا کرنے والا۔

moistly, adv.
نم ناک طور پر۔

moistness, n.
نمی ، سیلاپن ، گیلا پن ، سیلن ؛ تَری ؛ رَطُوبت ، نَم ناکی۔

moisture, n.
نمی ؛ تری ؛ سیل ؛ رَطُوبت ؛ سیلن ؛ سرایت شدہ رطوبت یا کثِیف سیّال۔

moisturize, v.t.
نم ناک ، مرطوب ، سِیلا وغیرہ کرنا۔

moisturizer, n.
نم آلود یا تر وغیرہ کرنے والا۔

moke, n.
(برطانوی ، عوامی) گدھا۔

mol, mole, n.
(کیمیا) کمۂ ؛ مول ؛ مادّے کا سالماتی وزن جو گرام میں ظاہر کیا گیا ہو ؛ گرام سالمہ۔

molal, a.
کمیٔ ؛ مولیتی ؛ گرام سالمی ؛ کمۂ یا گرام سالمہ کا یا اسے ظاہر کرنے والا ؛ ایسے محلول کو ظاہر کرنے والا جس میں ہر لیٹر محلّل میں ایک کمّہ منحل کا ارتکاز ہو۔

molality, n.
کمیّت ؛ مولیّت۔

mola, n. (سمکیات) سُورج مچھلی ؛ مولیدائی خاندان کی مچھلی ؛ سمندری مچھلی ۔

molar, n. (تشریح الاعضا) ڈاڑھ ؛ مَیمل جانوروں میں چوڑی سطح والا دانت جو (خوراک) پیسنے کا کام دیتا ہے ، جو کُچلی دانتوں اور قاطع (کاٹنے والے) دانتوں کے پیچھے ہوتے ہیں ۔ (صفت) ڈاڑھ کا یا اس سے متعلق ؛ پیسنے والا ۔

molar, a. (طبیعیات) کمّی ؛ جسمانی ؛ کمیّت یا بحیثیت مجموعی جسم سے متعلق، جوسالمی یا جوہری سے مختلف ہوتا ہے ۔ (کیمیا) ایسے محلول کی خصوصیّات کا حامل جس میں ہر لیٹر محلّل میں ایک کمّہ منحل کا ارتکاز ہو۔

molarity, n. کمیّت ۔

molasses, (**Brit.**) **treacle,** n. راب ؛ شیرہ ؛ گہرے رنگ کا گاڑھا شیرہ جیسا کہ شکر یا سرغو (سورگم) صاف کرنے کے دوران بنتا ہے ۔

mold, (**Brit.**) **mould,** n. نرم اور بُھربُھری زمین ، خصوصاً ایسی زمین جو نامیاتی مادّے سے مالا مال ہو اور پودوں کی افزایش کے لیے سازگار ہو ؛ زرخیز زمین ۔

mold, (**Brit.**) **mould,** n. سانچا ؛ قالب ، نمونہ ؛ سانچا جس میں جو چیز ڈھالی جائے وہ اسی کی صورت اختیار کر لے ؛ سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز ؛ کھوکھلا آلہ جس میں دبا کر کوئی صُورت تیار کی جاتی ہے ؛ واضح قسم یا نمونہ ؛ شکل ؛ صُورت ؛ کِردار ۔ (فنِ تعمیر) حاشیہ ؛ گولا یا حاشیے ؛ گولے ؛ دیوار کی کارنس یا لکڑی کی چیزوں میں آرایشی حاشیہ ۔ (فعل متعدّی) کسی خاص شکل میں بنانا ؛ شکل دینا ؛ ڈھالنا ؛ متأثّر کرنا ۔

moldable, a. سانچے میں ڈھلنے کے لائق ؛ صُورت پذیر ۔

molder, n. سانچے میں ڈھالنے والا ۔

mold, Brit. mould, n. پھپھوندی ۔ (نباتیات) سبزیوں یا حیوانی مادّے پر اُگنے والی خفیف فُطر جو نرم روئیں دار تہ کی صُورت میں ہوتی ہے اور اس کا تعلق بوسیدگی یا تعفُّن سے ہے ؛ کوئی سی فُطر جس سے اس قسم کی بالیدگی پیدا ہو ۔ (فعل متعدی و لازم) فُطر زدہ کرنا یا ہونا ؛ پھپھوندی لگانا یا لگنا ۔

moldboard, Brit. mouldboard, n. ہل کا پَھل ، ہل کا پَھالا یا پَھالی ؛ ہل کا منحنی لوہے کا بنا ہوا پَھالا جو مٹی کو الٹ پلٹ کرتا ہے ؛ بُل ڈوزر کے آگے لگا ہوا پَھالا جونرم مواد کو ایک طرف کو دھکیلتا ہے ؛ تختہ جو سیمنٹ ، ریت اور بجری کے مرکبّ کو ڈھالنے کے لیے سانچے کا کام دیتا ہے ۔

molder, v.i. زائل ہونا ؛ فِطری بوسیدگی کے ذریعے مٹی میں مِلنا ؛ مٹی ہونا ، اجزائے ترکیبی کے بتدریج الگ ہونے کی وجہ سے ضائع ہونا ؛ بِکھر جانا ۔ (فعل متعدّی) زائل کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ بوسیدہ کرنا ۔

molding, moulding, n. ڈھلائی ؛ ڈھالنے کا عمل ؛ حاشیہ ؛ ڈھلی ہوئی چیز ۔ (فن تعمیر) دیوار کی کارنس یا لکڑی کی چیزوں پر بنا ہُوا آرایشی حاشیہ یا خاکہ ؛ ایسی آرایش کی خاطر لگایا ہوا گولا ؛ لکڑی کی پٹیّاں ؛ کسی عمارت میں ایسی آریش کے لیے لگائی ہوئی خاص شکل کی چیز ؛ پٹیاں جو تصویروں کے فریم بنانے یا بجلی کے تاروں کو ڈھانپنے اور سطح کو خوبصُورت بنانے کے کام آتی ہیں ۔

moldy, Brit. mouldy, a. پھپھوندی لگا ؛ جس میں پھپھوندی لگی ہو ؛ عُمر یا بوسیدگی کی وجہ سے فرسُودہ ؛ زوال آمادہ ۔

moldiness, n. بوسیدگی ۔

mole, n. تِل ؛ خَال ؛ مَسّا ؛ انسانی جسم پر داغ یا چھوٹا سا بے رنگ پیدایشی نشان ۔

mole, n. (حیوانیات) چھچھوندر ؛ موشک ؛ کورموش ؛ جنس چھچھوندر سے تعلق رکھنے والا ایک چھوٹا حشرہ خور مَیمَل جو عموماً زیر زمین رہتا ہے جس کی آنکھیں چھوٹی ، کھال نرم اور اگلے پاؤں کھودنے والے (حفّار) اور مضبوط ہوتے ہیں جن سے یہ سطح زمین کے نیچے بِل کھودتا ہے ۔

mole, n. بند ؛ بڑا مٹّی کا بند جو بندرگاہ یا جہازوں کے لنگرگاہ کے گرد بنایا جاتا ہے اور جو لہروں سے بچاتا ہے ؛ بند کے ذریعے بنائی گئی بندرگاہ ؛ مصنوعی بندرگاہ ؛ گودی ۔

mole, n. (امراضیات) لوتھ ؛ مضغۂ گوشت ؛ گوشت کا لوتھڑا جو رِحم میں عموماً اِسقاطِ حمل کے نتیجے میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

mole, n. کوئی جاسوس ، جو طویل عرصے تک خاموش رہے اور فعّال ہونے کے لیے کوئی خاص حکم ملنے یا واقعہ رُونما ہونے کا مُنتظِر ہو ۔

mole, n. دیکھیے : Mol ۔

mole cricket, n. جھینگر ؛ لکھوری ؛ حفّار ؛ فحّار ؛ گریلوٹلپا (Gryllotalpa) جِنس کا وہ جھینگر جس کے اگلے لمبے پاؤں کھودنے والے ہوتے ہیں جِن کے ذریعے وہ زیر زمین بل بنا کر رہتا ہے ۔

molecular, a. سالماتی ؛ کن سا ؛ ذرّوں کے متعلّق ؛ دانہ دار ؛ سَالموں سے متعلق یا ان پر مُشتمل ۔

molecularity, n. سالمیّت ، سالمے کی خاصیّت ۔

molecularly,, adv. سالمے کے طور پر ۔

molecular biology, n. سالماتی حیاتیات ؛ وہ عِلم جس میں تولیدی نظام اور ذی حیات عضویوں میں حیاتی کیمیائی عُنصر کی تکوین کی منصُوبہ بندی کا مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

molecular electronics, molectronics, n. سالماتی برقیات ؛ برقیات کا وہ شُعبہ جس کا تعلُّق نہایت چھوٹے اور پیچیدہ بَرقی دَور کی تشکیل سے ہے ، جو نیم مُوصل آلات اور دوری عناصر کے ذریعے بنتے ہیں ؛ مکبّر اور ضابط آلات میں خلائی نلی (Vacuum tube) یا ٹھوس برق پاروں کی جگہ ان خواص کا استعمال ، جن کی وجہ سے خلائی تحقیقاتی گاڑیوں میں استعمال ہونے والے آلات کی جسامت کم ہو گئی ہے ۔

molecular formula, n. (کیمیا) سالماتی کُلیہ ؛ سالماتی ضابطہ ؛ کسی مادّے کے سالمے میں شامل ہر ایک جوہر (ایٹم) کی تعداد اور قسم ظاہر کرنے والا کُلیہ ۔

molecule, n. (طبیعیات ، کیمیا) سالمہ ؛ کسی عُنصر یا مُرکّب کا سب سے چھوٹا ذرّہ جو اصلی کیمیائی خواص ضائع کیے بغیر اپنا الگ وجود قائم رکھ سکتا ہے ۔ (مجازاً) کوئی بھی چھوٹا ذرّہ ۔

molehill, n. چھچُھوندر کی کھودی ہوئی مٹّی کا ڈھیر یا تودہ ؛ غیر اہم چیز ۔

moleskin, n. چھچھوندر کی نرم و نازک بالوں والی کھال ؛ مضبوط دوسُوتی نرم روئیں والا کپڑا جو کام کرنے کے لباس یا شکاری

پوشاک بنانے کے کام آتا ہے ۔ (عموماً جمع) اس کپڑے کی بنی ہوئی پوشاک ۔

molest, v.t. پریشان کرنا ، ستانا ، ایذا دینا ؛ چھیڑنا ؛ دق کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ تعرُّض کرنا ؛ چھیڑ چھاڑ کرنا ؛ دَست اندازی کرنا ؛ ناجائز یا نامناسب پیشقدمی یا پیش دَستی کرنا ۔

molestation, n. ناجائز یا نامُناسب پیشقدمی یا پیش دَستی ؛ مُداخلتِ بے جا ؛ ایذا رسانی ؛ دست اندازی ؛ چھیڑ چھاڑ ۔

molester, n. ناجائز یا نامُناسب پیشقدمی یا پیش دستی کرنے والا ، مُداخلتِ بے جا کرنے والا ؛ حارج ؛ مُوذی ؛ مُزاحم ؛ دَست انداز ؛ پیش دَست ۔

moll, n. (عوامی) بدَمعاش یا چور کی ساتھی عورت ؛ طوائف ۔

mollify, v.t. شدّت کم کرنا جیسے دَرد یا خارش کی ؛ گھٹانا ؛ آرام دینا ؛ (مزاج) ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا ؛ نرم کرنا ؛ سکون دینا ؛ تسکین دینا ؛ تخفیف کرنا ۔

mollification, n. شدّت میں کمی ؛ تخفیف ؛ تسکین ؛ تسکینِ مزاج ۔

mollifier, n. درد وغیرہ کی شدّت کو کم کرنے والا ؛ تسکین مزاج کرنے والا ؛ مُسکّن ؛ فرو کرنے والا ؛ نرم کرنے والا ۔

mollifiable, a. قابلِ تخفیف ؛ قابلِ تسکین ؛ کم ہونے کے قابل ؛ نرم ہونے کے قابل ؛ قابلِ فرو ؛ سکون پذیر ۔

mollifyingly, adv. تخفیف یا تسکین کے طور پر ؛ کم ، نرم ، فرو کرنے کے طور پر ؛ تسکین بخش طور پر ۔

molluscoid, a. صدفیہ نُما ؛ رخوہ نما ؛ صدفیہ سے مشابہ ؛ صدفیہ نسل سے متعلق جس میں بازو پایان شامل ہیں ۔ (اسم) صدفیہ نُما جانور ۔

mollusk, mollusc, n. گھونگھا ؛ صدفیہ ؛ رخوہ ؛ نرم تن ؛ پلپلے جانور اور گھونگھے ؛ بے ریڑھ صدفیوں کی ایک بڑی نوع جن کا نرم اور غیر مُنقسم جسم ایک ، دو یا تین حصوں پر مُشتمل سخت خول سے ڈھکا ہوتا ہے جیسے گھونگھا ، اُمُّ الخلُول ، کستورا مچھلی ، ریگ صدفہ ، قیر ماہی اور ہشت نیش صدفہ وغیرہ ۔

molluscan, n., a. صدفی ؛ رخوی ؛ صدفیائی ؛ صدفیائی جانور ۔

molly, mollie, n. گرم علاقوں کی بھڑکیلے رنگوں والی مچھلی جسے اکثر ماہی خانوں میں رکھا جاتا ہے ۔

mollycoddle, n. زنخا ؛ زنانہ ؛ وہ مرد یا لڑکا جو ناز اُٹھوانے کا عادی ہو ؛ زن نُما مرد ۔ (فعل متعدی) ناز برداری کرنا ؛ لاڈ کرنا ؛ دُلار کرنا ؛ نازونعمت میں پالنا ۔

Molotov cocktail, n. [روسی مُدبّروی ، ایم مالوٹوف کے نام پر] مالوٹوف کاک ٹیل ؛ سادہ آتش انگیز بم جو زیادہ تر بوتل کو آتشگیر سیّال سے بھر کر بنایا جاتا ہے ۔

molt, Brit. moult, v.t., v.i. (حیاتیات) (پرندوں کا) پر جھاڑنا ؛ کینچلی بدلنا ؛ کریز کرنا ؛ نئی نشونما کے لیے تیار ہونا ۔

molter, n. پر جھاڑنے والا ؛ کینچلی بدلنے والا ؛ نئی نشوونما کے لیے تیار ہونے والا ۔

molten, a. گداختہ ؛ پگھلا ہوا ؛ گرمی سے پگھلا ہوا ؛ گداختگی کی حالت میں ؛ پگھلا کر اور ڈھال کر بنایا ہوا ۔

moltenly, adv. پگھلانے کے ذریعے ؛ ڈھالنے کے طور پر ۔

molto, adv. (موسیقیٰ) (ہدایت) بہت ؛ اور زیادہ ۔

moly, n. طلسمی بُوٹی ؛ جادُو کی بوٹی ؛ دافع سحر بُوٹی ؛ جڑی ؛ جنگلی لہسن ؛ مُولی ؛ اس بُوٹی کا ہومر (Homer) نے اوڈیسی (Odyssey) میں تذکرہ کیا ہے ، ہرمس اوڈیسیس کو یہ بوٹی جادوگرنی سرسی (Circe) سے محفوظ رکھنے کے لیے دیتا ہے ۔

molybdate, n. (کیمیا) مولبڈک تیزاب کا نمک خصوصاً تیزاب ۔

molybdenite, n. گریفائٹ جیسا مولبڈینم کا سلفائڈ ، جو مولبِڈینم کی بڑی کچ دھات ہے ۔

molybdenum, n. مولبِڈینم (عُنصر ۔ دھات) چاندی سا سفید دھاتی عُنصر جو زیادہ تر بھرت فولاد میں استعمال ہوتا ہے ۔

molybdic, a. مولبِڈینم کا ۔

molybdous, a. مولبِڈینم کی خصُوصیّات رکھنے والا ۔

mom, n. (بعض اوقات بڑے M سے) (بول چال) ماں ؛ والدہ ؛ مادر ؛ اُمّ ؛ اَمّی ۔

moment, n. لمحہ ؛ آن ؛ پَل ؛ لحظہ ؛ دقیقہ ؛ غیر قطعی مختصر وقت (جیسے : to wait a moment) ؛ حالیہ یا کوئی اور خاص وقت (جیسے : to be busy at the moment) ؛ حالیہ یا جاری مختصر مُدّت (جیسے : supplies sufficient for the moment) ؛ عظمت ، خوشی ، امتیاز کا مُختصر زمانہ (جیسے : to have one's moment) ؛ صحیح موقع ؛ وقت (جیسے : to improve the moment) ؛ وزن ، اہمیّت یا وُقعت (جیسے : matters of moment) ؛ واقعات کی راہ میں قطعی مرحلہ خصوصاً منطقی یا تاریخی اِرتقا کا خاص مرحلہ (جیسے : a great moment in Pakistan history) ۔ (فلسفہ) لازمی یا ترکیبی عُنصر ؛ کسی چیز کا پہلو یا جہت ۔ (طبیعیات) معیارِ اثر ، مِقدار کا حاصلِ ضرب ، جیسے قوّت کے کسی عمودی نقطے یا محور کے فاصلے سے ضرب کا حاصل ؛ حرکت پیدا کرنے کا رُجحان ، جیسے محور کے گرد حرکت ؛ ایسے رُجحان کی کمیّت کی پیمایش ، مقدار کا تعیُّن ۔ (شماریات) امکانی تقسیم میں بے ترتیب متغیرات کی قوتّوں کے حاصلِ ضرب کا حسابی اوسط ۔

momentary, a. آنی ؛ لمحاتی ؛ ایک لمحے کے لیے رہنے والا (جیسے : a momentary glimpse or impulse) ؛ بہت مختصر دورانیے کا ، بہت مختصر ، کم عمر یا عارضی ؛ ہر لمحہ واقع یا موجود ہونے والا (جیسے : momentary interruptions) ؛ مُسلسل ؛ کسی بھی لمحے واقع ہونے والا (جیسے : to live in fear of momentary exposure) ؛

momentarily, adv. پل بھر کے لیے ؛ عارضی طور پر ؛ لمحاتی طور پر ۔

momentariness, n. لمحاتیّت ؛ فانیّت ؛ آنیّت ۔

momently, adv. ہر لمحے ؛ لمحہ بہ لمحہ ؛ پَل سے پَل تک ؛ کسی بھی لمحے ؛ دَم بَدم ؛ لحظہ بہ لحظہ ؛ ہر لحظہ ؛ ہر سَاعَت ؛ ہر دَم ؛ ہر آن ؛ پل بھر کے لیے ؛ آنی طور پر ؛ عارضی طور پر ۔

momentous, a. عظیم لمحے ، اہمیّت یا وقعَت کا ؛ یادگاری ؛ اہم یا دُور رس اثرات کا حامل جیسے واقعات ، مسائل یا فیصلے ؛ وقیع ؛ مہتم بالشّان ۔

momentously, adv. دُور رَس اثرات کے طور پر ؛ اہمیّت کے ساتھ ؛

اسم طور پر۔

momentousness, n. اہمیّت ؛ عظمت ؛ تمکنت ؛ شان۔

momentum, n. حرکت کا معیار اثر ؛ معیارِ حرکت ؛ مِقدارِ حرکت ؛ زور حرکت ؛ مُتحرّک جِسم کی قُوّت۔ (میکانیات) متحرّک جسم کا معیارِ حرکت ؛ متحرّک جسم کی حرکت کی مقدار جو اس کی کمیّت اور سمتی رفتار کے حاصلِ ضرب کے برابر ہوتی ہے۔ (فلسفہ) ایک پَل ؛ ایک لازمی یا ترکیبی عُنصر۔

momism, n. (بعض اوقات بڑے M سے) مادر پرستی ؛ ماتا پُوجا ؛ ماؤں اور ممتا کی انتہائی مقبول پُوجا کا سماجی مظہر جو عموماً جذباتیّت کی خصوصیّت کا حامل اور گھر پر ماں کے غلبہ کا آئینہ دار ہوتا ہے (یہ اصطلاح سب سے پہلے امریکی مصنف فلپ وائلی نے استعمال کی تھی)۔

monachal, a. راہبانہ ؛ خانقاہی ؛ راہب یا خانقاہی زندگی سے متعلق۔

monachism, n. رُہبانیّت ؛ ترکِ دُنیا ؛ قلندری۔

monacid, monoacid, a. (کیمیا) یک تیزابی ؛ یک گرفتہ ؛ یک گرفتہ تیزاب کے ایک سالمے کے ساتھ ملنے کے قابل۔ (اسم) یک گرفتہ تیزاب۔

monad, n. واحدہ ؛ ناقابل تقسیم اکائی ، جزولا یتجزیٰ۔ (فلسفہ) جوہر واحد ؛ وجود کی آخری اکائی سمجھی جانے والی قطعی سادہ مابعدُالطبیعی ذات۔ (حیاتیات) سادہ نامیہ ؛ یک خُلوی نامیہ یا عضویہ اکثر سوطیہ بَدلُو (flagellate amoeba) کے لیے آتا ہے۔ (کیمیا) یک گرفتہ ؛ یک گرفتہ عُنصر ، جوہر یا اصلیہ۔

monadic, monadical, monadal, a. واحدہ ؛ یک گرفتہ ؛ یک خلوی ؛ ناقابل تقسیم اکائی کا۔

monadically, adv. یک گرفتوی انداز میں ، یک خُلوی کی طرح ؛ واحد طور پر۔

monadelphous, a. (نباتیات) یک بندشہ ؛ مُلتصق نرہ ؛ جس کا زر ریشہ زرتار کے ذریعے ایک گٹھی (bundle) یا سیٹ (set) کی صورت میں یکجا ہو ؛ اس طرح سے یکجا کیا ہوا زر ریشہ۔

monadism, monadology, n. (فلسفہ) نظریۂ جوہر واحد ؛ نظریہ واحدیّت ؛ نظامِ وَاحدات ؛ یہ نظریہ کہ واحدات وجود کی آخری اکائیاں ہیں ، جسے جرمن فلسفی جی-ڈبلیو-لیبنٹز (G.W.Leibnitz) نے پیش کیا۔

monadnock, n. (جُغرافیہ) موناڈنوک (چٹان) ؛ ریختی میدان میں الگ تھلگ واقع مزاحم چٹانوں کا پہاڑ یا پہاڑی۔

monandrous, a. واحدُ الزّوج ؛ ایک شوہر والی ؛ ایک وقت میں ایک شوہر رکھنے والی ؛ یک شوہری کی خصوصیّات کی حامل یا اس سے متعلّق۔ (نباتیات) یک زر ریشی ؛ ایسے پُھول سے مُتعلّق جس کا ایک زر ریشہ ہو یا ایسا پودا جس کے یک زر ریشی پُھول لگتے ہوں۔

monandry, n. یک شوہری ؛ وَحدتِ اَزدواج ؛ ایک وقت میں ایک شوہر رکھنے کا رواج۔

monanthous, a. (نباتیات) یک گُلہ ؛ صرف ایک پُھول پیدا کرنے والا۔

monarch, n. سُلطان ؛ مُطلقُ العنان حاکم ؛ ریاست کا موروُثی حاکم جس کو آئین کے تحت محدود اختیارات حاصل ہوں جیسے شہنشاہ ، بادشاہ ، ملکہ یا شہزادہ ؛ جو چیز یا شخص اپنے ہم جنسوں سے اعلیٰ ہو ؛ حاکمِ اعلیٰ ؛ سردار ؛ مالک و مختار۔ (حشریات) ایک قسم کی بڑی تتلی ، نارنجی یا نسواری رنگ کی ، جس پر سیاہ نشانات ہوتے ہیں۔ نیز : milkweed butterfly۔

monarchal, monarchial, a. سُلطانی ، شاہی ؛ شہنشاہی۔

monarchally, adv. شہنشاہانہ انداز سے ؛ حاکمانہ طور پر ؛ مُطلقُ العنانی سے ؛ شاہانہ طور پر۔

Monarchianism, n. (الہیات) وحدانیّت ؛ توحید ؛ بعض عیسائی جماعتوں کی طرف سے دُوسری اور تیسری صدی عیسوی میں پیش کیا گیا نظریہ جو تَثلیث کے نظریے کی نفی کرتا ہے۔

Monarchian, a., n. مَوحِدّ ؛ تَوحید پرست۔

monarchical, monarchic, a. شہنشاہ سے متعلّق ؛ شہنشاہی ؛ مُطلقُ العنانی ؛ ملوکیّتی ؛ شاہ پسند۔

monarchically, adv. شہنشاہانہ انداز سے ؛ مُطلقُ العنانہ طور پر ؛ شاہ پسندانہ طور پر۔

monarchism, n. شاہی ؛ شہنشاہی ؛ اصول شاہی ؛ شاہ پسندی ؛ شاہ پرستی ؛ شخصی حکومت ؛ شاہی نظام حکومت۔

monarchist, n., a. شاہ پسند ؛ شاہ پرست ؛ نظریۂ شہنشاہیت کا حامی ، شخصی حکومت کا حامی ؛ مُلوکیّت پسند۔

monarchistic, a. شاہ پسندانہ ؛ ملوکیت پسندانہ۔

monarchy, n. ملوکیّت ؛ بادشاہی ؛ بادشاہت ؛ ایسی ریاست یا مُلک جس میں تمام اختیارات واقعی یا برائے نام بادشاہ ، ملکہ یا کسی دوسرے اعلیٰ فرمانروا کے ہاتھ میں ہوں ؛ وہ طرزِ حکُومت جس میں اختیارات بادشاہ کے ہاتھ میں ہوں ؛ شاہی نظامِ حکومت۔

monastery, n. خانقاہ ؛ صومعہ ؛ دَیر ؛ مَٹھ ؛ ڈیرا ؛ استھل ؛ وہ عمارت جہاں ایسے لوگ رہتے ہیں جنھوں نے مذہبی عہد کر رکھا ہو اور (دُنیا سے) الگ تھلگ رہتے ہوں ، عموماً راہبوں کی رہایش گاہیں ؛ ایسی جماعت جو ایسے ماحول میں رہتی ہو ؛ راہبوں کی جماعت۔

monasterial, a. راہبانہ ؛ خانقاہی۔

monastic, monastical, a. راہبانہ ؛ خانقاہی ؛ خانقاہوں سے متعلّق۔ (اسم) راہبوں کی جماعت کا فرد ؛ راہب۔

monastically, adv. راہبانہ انداز سے ؛ راہبوں کی طرح ؛ خانقاہی انداز میں۔

monasticism, n. راہبانہ زندگی ؛ خانقاہی زندگی ؛ راہبانہ نظام یا حالات ؛ رہبانیّت۔

monatomic, a. (کیمیا) یک جوہرہ ؛ سالمے میں ایک جوہر (ایٹم) کا حامل ؛ ایک قابل تبدیلی جوہر یا جوہروں کے گروہ پر مُشتمِل ؛ یک گرفتہ۔

monaural, monophonic, a. یک گوش ؛ یک اُذنہ ، واحد الاُذن ؛ ایک کان والا ؛ یک گوشی ؛ ایسی آواز سے متعلق جو صرف ایک کان سے سنائی دے۔ (برقیات) آواز دُہرانے کے ایسے طریقے سے متعلق جس میں یوں لگتا ہے کہ آواز واحد ذریعہ یا سمت سے آ رہی ہے۔

monoaurally, adv. یک گوشی طریقے سے ؛

یک اذنہ طور پر۔

monaxial, a. یک محورہ ؛ ایک محور کا حامل۔ (نباتیات) یک ساقہ۔

monazite, n. یک قلمہ ؛ ایک نایاب قلمی سُرخی مائل بُھوری معدنی چیز جس میں سیریم کا فاسفیٹ (phosphate of cerium) یا دوسری لنتھنائڈ (lanthanide) دھات شامل ہوتی ہے۔

Monday, n. پیر ؛ دوشنبہ ؛ سوموار ؛ اتوار کے بعد آنے والا دن۔

Mondays, adv. پیر کے دن ؛ سوموار کو۔

monecious, a. دیکھیے : Monoecious۔

monetary, a. مالی ؛ مالیاتی ؛ روپے یا سِکّے سے متعلق ؛ زر کے متعلق ؛ دولت/روپے پیسے سے متعلق۔

monetarily, adv. مالی اعتبار سے ؛ مالی طور پر۔

monetary unit, n. مالی اِکائی ؛ مالی نظام کی معیاری اکائی۔

monetize, v.t. سِکّے کے طور پر جاری کرنا؛ سِکّہ بنانا؛ زر بنانا؛ تشکیل زر کرنا، سِکّے کی طرح قانونی بنانا یا جائز قرار دینا۔

monetization, n. سِکّے کی طرح اِستعمال یا قانونی جواز۔

money, n. سِکّہ ؛ رقم ؛ زر ؛ دولت ؛ روپیہ ؛ نقدی ؛ سونا ، چاندی یا دوسری دھات جو سرکاری اختیار سے مُہر شدہ ہو اور ذریعۂ مبادلہ کے طور پر اِستعمال ہوتی ہو ؛ اجناس کے لیے کوئی مساوی چیز جس کے بدلے افراد آسانی سے سامان یا خدمات کا مبادلہ کرتے ہوں مثلاً منی آرڈر یا چیک ؛ زرِ مُبادلہ ؛ جاری وسیلہ ؛ دولت ؛ جائیداد وغیرہ جو مالی قدر کی حامل ہو۔

in the money, (عوامی) بڑی دولت کا حامل ؛ بہت مالدار ؛ متمول ؛ دولت مند۔

put money on, (عوامی) داؤ لگانا ؛ شرط لگانا۔

moneychanger, n. صراف ؛ خُردیا ؛ سِکّوں کا تبادلہ کرنے والا ؛ وہ شخص جو ایک ملک کے سکے کا تبادلہ دوسرے ملک کے سِکّے سے مقرّرہ نرخوں پر کرتا ہے ؛ سِکّوں کا کاروبار کرنے والا۔

moneyed, monied, a. دولت کا ؛ مالی ؛ مالدار ؛ روپے والا ؛ زر دار ؛ متمول ؛ صاحبِ دولت ؛ دولت مند۔

money maker, n. دولت ساز ؛ روپیہ کمانے والا ؛ وہ شخص جو کامیابی سے دولت جمع کرتا ہے ؛ تِجارت ، کاروبار ، پیداوار یا منصوبہ جس سے بہت سی دولت کمائی جا سکے ؛ نفع بخش۔

moneymaking, n., a. دولت سازی ؛ روپیہ کمانے کا عمل ؛ دولت جمع کرنے کا عمل ؛ اکتنازِ زر۔

money order, n. منی آرڈر؛ وہ آرڈر جو بنک ، ڈاک خانہ یا تار کمپنی رقم اور تھوڑی سی کمیشن دینے پر جاری کرتا ہے جس کے ذریعے کسی دوسرے بنک ، ڈاکخانے یا تار گھر پر یہ رقم ادا کر دی جاتی ہے۔

moneywort, n. زرورق ؛ ایک وردیہ بیل جس کے پتّے گول اور پُھول پیلے ہوتے ہیں۔

monger, n. (زیادہ تر برطانوی) تاجر ؛ سوداگر ؛ بیوپاری ؛ فروشندہ ؛ چیزیں بیچنے والا۔ (اب عموماً حالت ترکیبی میں آتا ہے جیسے اردو میں ، فروش) ؛ قابلِ مذمت کام کرنے والا (جیسے : Scandal monger)۔(فعل متعدی) سوداگری/تجارت کرنا ؛ چیزوں کی خریدوفروخت کرنا ؛ قابل مذمت کام کرنا۔

mongering, n., a. سوداگری ؛ تِجارت ؛ تِجارتی ؛ قابلِ مذمّت کام ؛ سوداگر ؛ تاجر۔

Mongol, n. منگول ؛ مُغل ؛ ایشیائی گلہ بان قوم جو اب زیادہ تر منگولیا میں رہتی ہے۔

Mongolian, a. منگولی ؛ منگولیوں یا ان کی زبان کی خصوصیّات کا حامل ؛ منگولیا سے متعلق۔ (اسم) منگول ؛ منگولوں کی زبان یا زبانوں کا گروہ ؛ منگولی۔ (چھوٹے m سے) (امراضیات) فتُورِ عقل کا مریض ؛ فاترُ العقل۔

Mongolic, a. منگولوں کا یا ان سے متعلق ؛ منگولی۔ (اسم) منگولی زبان۔

Mongolism, Mongolianism, Mongolian idiocy, منگولی ؛ منگولیّت ؛ ابلہی ؛ فتُورِ عقل ؛ بچے میں پیدائشی کم عقلی جس کا امتیازی خاصّہ یہ ہوتا ہے کہ اس کی آنکھیں ترچھی اور کھوپڑی ، چہرہ اور ہاتھ چپٹے ہوتے ہیں۔

Mongoloid, a. منگول۔ (بشریات) بنی نوع انسان کا بڑا نسلی گروہ جو زیادہ تر زرد جلد اور ترچھی آنکھوں والے ایشیائی باشندوں پر مشتمل ہے ؛ منگولوں کی طرح۔ (چھوٹے m سے) (امراضیات) فتُورِ عقل یا منگولیّت سے متاثرہ شخص کی خصوصیّات کا حامل۔ (اسم) منگول ؛ منگولیّت یا فتُورِ عقل کا مریض۔

mongoose, n. نیولا ؛ سفید لیمُور ؛ مڈغاسکری لیمور ؛ نمس ؛ برّصَغِیر کا گوشت خور میَمل جو مِصری نمس کی جنس سے تعلّق رکھتا ہے اور صُورت اور عادتوں میں سفید نیولے سے مشابہ ہے ؛ اس جِنس یا ان سے متعلقہ جِنسوں سے تعلق رکھنے والا کوئی سا جانور۔

mongrel, n. دوغلا ؛ دو نسلا ؛ کوئی جانور یا پودا جو دو نسلوں یا اقسام کے ملاپ سے پیدا ہوا ہو ؛ مخلُوط ؛ آدھا تیتر آدھا بٹیر ؛ مجہولُ النّسل کُتّا ؛ ایسا کُتّا جس کی نسل کا قطعی طور پر تعیُّن نہ ہو ؛ کسی بھی بے میل اختلاط کی پیداوار۔ (صفت) مخلوط النسل ؛ مخلوط نسب ، نسل ، اصل یا فِطرت کا (جیسے : a mongrel pup)۔

mongrelly, adv. دوغلے پن سے ؛ مخلُوط طور پر۔

mongrelize, v.t. مخلُوط النّسل بنانا ؛ نسل میں میل کرنا ؛ مخلوط کرنا۔

moniker, monicker, n. (عوامی) نام ، عموماً عُرف۔

moniliform, a. مالا کی سی ؛ تسبیح جیسی ؛ تسبیحی ؛ مالائی۔ (حیاتیات) تسبیح کے دانوں کی مانند سُوجا اور سُکڑا ہوا سا ، جیسا کہ نقوعی پودوں کی بعض جڑوں ، ڈنٹھلوں اور مرکزوں میں ہوتا ہے۔

moniliformly, adv. تسبیحانہ انداز میں ؛ مالا کی طرح سے۔

monism, n. (فلسفہ) واحدیّت ؛ وحدتِ جوہر ؛ وحدتِ اصل ؛ وحدتِ وجُود ؛ توحید ؛ یہ عقیدہ کہ صرف ایک ذات موجُود ہے ؛ مابعدُ الطبیعیاتی نظریہ کہ ایک مادّہ یا اصل ساری حقیقت کی بنیاد ہے ؛ مابعدُ الطبیعیاتی نظریہ کہ کائناتی حقیقت ایک وحدت ہے ؛ علمیاتی نظریہ جو چیز کی شناخت اور چیز کے تصّور کو فرض کرتا یا وضع کرتا ہے ؛ ایک اصول واحد کے حوالے سے تنوُّع کی وضاحت۔

monist, n. مُوحِدّ ؛ وحدت پرست ؛ وحدتِ وجود کا قائل ؛ واحدنیت کا قائل ۔

monistic, monistical, a. توحیدی ؛ موحِدّانہ ؛ وحدت پرستانہ ۔

monistically, adv. وحدت پرستانہ طور پر ؛ وحدانیت کے طریقے سے ؛ موحدّانہ طور پر۔

monition, n. تنبیہہ ؛ خبرداری ، توبیخ ؛ آگاہی ؛ انتباہ ؛ سرکاری یا قانونی اِطلاع ؛ اطلاع نامہ ؛ طلب نامہ ؛ سَمن ؛ أسقف کی جانب سے رسمی اِنتباہ کہ ملزم گناہ سے باز آ جائے ۔ (قانون) قانونی سمن یاعدالت کا حُکمنامہ ۔

monitor, n. مانیٹر؛ نظم و ضبط رکھنے اور اصول و ضوابط کی پابندی کرانے والا ؛ یاد دہانی یا تنبیہہ کرنے والا ؛ ناصح ؛ نگراں ؛ وہ طالب علم جسے جماعت کے کمرے کے فرائض مثلاً حاصری لینے وغیرہ کے لیے منتخب کیا جائے ؛ ٹونٹی کے منہ پر لگایا ہوا ایسا آلہ جو پانی کے بہاؤ کو بآسانی موڑ سکے ، جیسے آگ بجھانے یا کان کنی میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کی بڑی چھپکلی جس کے بارے میں یہ عام خیال ہے کہ وہ مگر مچھ کی موجودگی کی خبر دیتی ہے ؛ بھاپ سے چلنے والا ہتھیاروں سے لیس اور آہن پوش بحری جہاز جو زیر آب چلتا ہے : اس قسم کے جہازوں کو سب سے پہلے امریکی جہاز (مانیٹر) کے نام کی نسبت سے یہ نام دیا گیا ہے ۔ (ٹی-وی) ٹی وی سیٹ کی طرح ایک آلہ جسے نشریات کا معیار و کیفیّت جانچنے کے لیے اِستعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدّی و لازم) دیکھ بھال کرنا ؛ سننا یا دیکھنا جیسے نشریات کا ؛ نشریات اور ان کے معیار کو جانچنا ؛ نگرانی کرنا ؛ جانچنا ۔

montorial, a. اس عمل سے متعلّق ؛ نِگرانی سے متعلّق ؛ مانیٹر کا یا اس سے متعلّق ۔

monitorship, n. مانیٹری ؛ نگرانی ؛ نظَارت ؛ نیابَت ۔

monitory, a. تنبیہہ کرنے والا ؛ نِگاہ رکھنے والا ؛ متنبّہہ/خبردار کرنے والا ؛ خبردارانہ ۔

monitoress, n. مانیٹر کی مؤنث ؛ نِگران عورت/لڑکی ۔

monk, n. راہب ؛ بیراگی ؛ تارک الدُّنیا دَرویش ؛ قلندر ؛ جوگی ؛ خانقاہ میں رہنے والی مردوں کی جماعت کا فرد ، جس نے تجرّد ، فقیری اور مذہبی احکام کی تعمیل کا حلف اٹھا رکھا ہو ؛ مذہبی تیاگی ؛ تپسوی ؛ مرتاض ؛ ریاضت کش ۔

monkhood, n. راہبانیّت ؛ رہبانیّت ؛ فقیری ؛ خلوت نشینی ؛ گوشہ نشینی ؛ جوگ ؛ راہبانہ زندگی ۔

monkish, a. راہبانہ ؛ درویشانہ ؛ زاہدانہ ؛ قلندرانہ ؛ فقیرانہ ۔

monkishly, adv. راہبانہ طور پر۔

monkishness, n. رہبانیّت ۔

monkery, n. خانقاہ ۔ (جمع) راہبانہ عقائد و عِبادات (تحقیراً استعمال ہوتا ہے)۔

monkey, n. بندر ؛ اِنسان ، لیمور اور بوزنہ کے علاوہ اونچے درجے کے میمل سلسلے کا رکن جیسے میمون ، مرکٹ ؛ لمبی دم والے بندر اور کلغی دار بندر ؛ ایسے جانوروں سے مشابہ شخص جیسے شریر بچّہ یا نقال ؛ مختلف میکانی آلات میں سے کوئی ایک (جیسے بڑی میخ وغیرہ کو ٹھوکنے کے لیے بھاری ہتھوڑے جیسا اوزار) ۔

make a monkey out of, کسی کو مضحکہ خیز بنانا ۔

have one's monkey up, (برطانوی ، عوامی) مشتعل ہونا ؛ ناراض ہونا ۔

monkey, v.t. نقل اُتارنا ، جیسا کہ بندر اُتارتا ہے ؛ خاکہ اُڑانا ؛ مضحکہ اُڑانا ۔ (فعل لازم) کھیلنا یا بیکار وقت گزارنا ؛ بے وقُوف بننا یا بنانا (عموماً with کے ساتھ) ۔

monkey bread, n. بوآبا (boaba) درخت کا پھل ؛ کدُو سے مشابہ خُوردنی پھل ؛ بوآبا کا درخت ۔

monkey business,, n. (عوامی) فریب کارانہ رویّہ ؛ شرارت ، مذاق یا بیہودہ طرزِ عمل ؛ پُرشرارت کردار ۔

monkey dog, n. دیکھیے : Affenpenscher –

monkey jacket, n. چھوٹا چُست کوٹ جسے ملّاح پہنتے ہیں ۔

monkey puzzle, n. منکی پزل ؛ جنوبی امریکا کا سدابہار درخت جس کی شاخیں بل کھاتی ہوئی ، پتّے نوکدار اور پھل خوردنی ہوتا ہے ۔

monkeyshine, n (بعض اوقات جمع) بیوقوفانہ چال یا شرارت ۔

monkey suit, n. (عوامی) وردی ؛ مردوں کے لیے کوئی سا فوجی یا رسمی لباس ؛ بری فوج یا بحریہ کی مکمل وردی ؛ دستی آرگن بجانے والے کے بندر کے لباس کی جانب بطور کنایہ (حقارتاً استعمال ہوتا ہے) ۔

monkey wrench, n. بندر سنسی ؛ ایک قسم کی سنسی جس کے دہانے کو چھوٹا یا بڑا کیا جا سکتا ہے ۔ (عوامی) کوئی چیز جو مناسب عمل میں رکاوٹ پیدا کرے (جیسے : He threw a mon-key wrench into the project) ۔

monk's cloth, n. ٹوکری کی بناوٹ کا، ایک مضبوط سُوتی کپڑا جو پردے یا بِستر کی چادریں بنانے کے کام آتا ہے ۔

monkshood, n. گُلِ تاجُ الملوک ؛ ایک زہریلا پودا جس کی کٹوری سانپ کے پَھن کی شکل کی ہوتی ہے ؛ ناگ پھنی (تھوہر) ۔

monoacid, monoacidic, monacid, a. (کیمیا) یک تیزابی ؛ یک گرفتہ ؛ یک ترشوی ؛ روحِ شراب یا اساس کے خصائص کا حامل جس کا ایک قابلِ انتقال ہائیڈروآکسائل اصلیّہ نمک بنانے کے لیے ایک تیزابی گروپ میں ردِّعمل پیدا کر سکتا ہے ۔ (اسم) ایسی ہائیڈروآکسائل کے ساتھ کوئی الکحل یا اساس ۔

monoamin oxidase, n. مونو امائن آکسیڈیز ؛ ایک کیمیائی خمیر جو امیائن کی تکسید کرتا ہے ۔

monobasic, a. (کیمیا) یک اساسہ ؛ یک اساسی ؛ ایسے تیزاب سے متعلق ، جس میں ہائیڈروجن کا ایک جوہر ہوتا ہے جو بُنیادی جوہر یا اصلیّہ سے تبدیل ہو سکتا ہے ۔

monobasicity, n. یک اساسیّت ؛ یک اساسگی ؛ وحدتِ اساس ۔

mono carboxylic, a. (کیمیا) یک گرفتہ اصلیتی کاربوکسائل کے ایک گروہ پر مشتمل ۔

mono carp, n. (نباتیات) یک ثمرہ پودا ؛ یک فصلہ ؛ وہ پودا جو ایک بار پھل دینے کے بعد ختم ہو جاتا ہے ۔

monocarpellary, a. (نباتیات) یک ثمر برگہ ؛ ایک بُقچہ والا ؛ یک بُقچوی ۔

monocarpic, a. (نباتیات) یک ثمرہ ؛ یک فصلہ ؛ ایک بار پھل دے کر مُرجھا جانے والا ؛ یک ثمرہ قسم کا ؛ یک فصلہ قسم کا ۔

monocarpous, a. (نباتیات) یک بُقچوی ؛ یک فَصلہ ؛ یک ثمرہ ؛ جس کا بُقچۂ گل صرف ایک تُخم دان پیدا کرے ۔

monochord, n. اِک تارا ؛ پُرانے زمانے کا ساز جس میں ایک بول تختہ اور ایک تار ہوتا تھا،اسے موسیقی کے وقفوں کے حسابی تعین کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

monochromat, monochromate, n. (علمِ امراض چشم) رنگوندھا ؛ ایسا شخص جو رنگوں میں قطعی امتیاز نہ کر سکے ۔

monochromatic, a. یک لونی ؛ یک رنگ ؛ صرف ایک رنگ پر مشتمل ؛ ایک طُول موج یا طُول موجوں کے محدود حیطہ پر مشتمل ۔ یک رنگی ۔

monochromatically, adv. یک رنگی سے ۔

monochromaticity, n. یک رنگی ۔

monochromatism, n. رنگوندھا پن ؛ نابینائی رنگ ۔

monochrome, monotint, n. یک رنگ تصویر ؛ ایک رنگ والی یا ایک رنگ کے مختلف درجہ ہائے رنگ میں بنی ہوئی تصویر ؛ یک رنگ تصویر بنانے کا فن ؛ یک رنگ مصوّری ۔

monochromic, monochromical, a. یک رنگا ؛ واحدُ اللّون ۔

monochromically, adv. یکرنگی سے ۔

monochromist, n. یک رنگ تصویر بنانے والا فنکار ؛ یک رنگ مُصوّر ۔

monochromy, n. یک رنگی ؛ یک رنگ مصوری ۔

monocle, n. یک چشمی ؛ یک چشمی عینک ؛ ایک عدسے والی عینک ؛ یک چشمہ ۔

monocled, a. یک چشمہ ؛ ایک عدسے والی عینک لگانے والا ۔

monoclinal, a. (ارضیات) یک رُخی ؛ یک رُخ نشیبی ؛ یک رُخا ؛ یک میلہ ؛ ایک طرف جُھکا ہوا ، جیسے طبقہ یا پرت ؛ ایسی پرت یا طبق کا یا اس سے متعلق ، جس کا نشیب ایک طرف کو ہو ۔ (اسم) یک رُخ نشیبی پرت یا طبق ۔

monocline, n. (ارضیات) یک رُخ نشیبی ڈھانچا یا تہ ؛ یک میل ۔

monoclinally, adv. یک رُخ نشیبی انداز میں ۔

monoclinic, a. (قلمیات) مائلہ ؛ قلم پذیری کے اس نظام سے متعلق جس میں قلم کے تین غیر مساوی محور ہوتے ہیں اور ایک ترچھا خطِ تقاطع ہوتا ہے ۔

monoclinic system, n. مائلہ نظام ۔

monoclinous, a. (نباتیات) دو جنسہ ؛ ایک ہی پُھول میں زر ریشہ اور مادہ کوٹ کا حامل ؛ نرمادی گُلہ ۔

monoclinism, n. دو جنسیت ۔

monocoque, n. ایک قسم کی ہوائی جہاز کی بناوٹ جس میں اس کے ڈھانچے کی سطح ڈھانچے پر پڑنے والے دباؤ کا بُنیادی زور اُٹھاتی ہے ؛ اس طرح کا بنا ہُوا جہاز جیسا کہ میسرشمت (Messerschmitt) جو ۱۹۰۹ء میں بنایا گیا ۔

monocotyledon, monocot, monocotyl, n. (نباتیات) یک دال ؛ یک دالہ (پودا) ؛ یک فلقہ ؛ یک دالہ جنس سے تعلق رکھنے والا پودا جو ایسے جنین پیدا کرتا ہے جن میں صرف ایک بیج پتّی ہوتی ہے اور جن کے پتّوں کی رگیں متوازی ہوتی ہیں ۔

monocotyledonous, a. یک دالہ ؛ یک فلقہ ۔

monocracy, n. شخصی حکومت ؛ یک سری حکومت ؛ ایک شخص کی حکومت ۔

monocratic, a. یک سری یا شخصی حکومت سے متعلق ۔

monocular, a. یک چشمہ ؛ کانا ؛ یک چشمی ؛ ایک انکھا ؛ یک چشم ؛ واحدُ العین ؛ ایک آنکھ والا ۔

monoculture, n. یک فصلی ؛ یک برداشتی ؛ یک جنسی کاشت ؛ ایک قطعۂ اراضی پر صرف ایک فصل کی کاشت ۔

monocultural, a. یک فَصلہ ؛ یک برداشتہ ۔

monocycle, n. ایک پہیے والی سائیکل ؛ یک چرخہ (دو چرخہ یا بائیسکل کی ضد) ۔

monocyclic, a. یک دورہ ؛ یک فصلہ ؛ سالانہ پودا ؛ ایک پہیے والی ؛ یک چرخہ ۔ (نباتیات) یک مرغولہ ؛ ایک مرغولہ میں مرتّب ، جیسے کہ پُھول کے بعض حصّے ۔ (کیمیا) یک دائروی ؛ سالماتی نقشے میں ایک دائرے کا حامل ۔

monocycly, n. یک مرغولی ؛ یک چرخی ؛ یک دوری ۔

monocyte, n. (تشریح الاعضا) یک نواتی خُلیہ ؛ بڑا سفید جسیمۂ خون ، جس کا مرکزہ گھوڑے کے نعل کی شکل کا ہوتا ہے ۔

monodactylous, monodactyl, a. (حیوانیات) یک انگشتہ ؛ یک پنجہ ؛ ایک اُنگلی ، انگوٹھے یا پنجے والا ؛ جس کا صرف ایک انگوٹھا ، پنجہ یا اُنگلی ہو ۔

monodic, a. ماتمی ؛ بین سے متعلق ۔ (موسیقی) یک صوتی نوحہ سے متعلق ۔

monodically, adv. ماتمی انداز سے ؛ مرثیے کے طور پر ؛ یک صوتی نوحے کے طور پر ۔

monodrama, n. یک شخصی ڈراما ؛ یک کرداری تمثیل ؛ ایسا ڈرامہ جس میں ایک اداکار ہوتا ہے یا جسے ایک اداکار کے لیے لکھا گیا ہو ۔

monodramatic, a. یک شخصی ڈرامے کا یا اس سے متعلق ۔

monodramatist, n. یک شخصی ڈرامے کا اداکار یا مُصنّف ؛ ایک کِردار کا ڈراما لکھنے والا ۔

monody, n. یونانی المیہ کا ایک راگ جسے ایک شخص گاتا ہے ؛ ایک شخص کا المیہ راگ ؛ مرثیہ ؛ یک صوتی نوحہ ؛ دردناک اشعار جنھیں ایک ہی فرد گائے ؛ سوز ؛ نوحہ ؛ وہ نظم جس میں ایک شخص دوسرے کی موت پر ماتم کرتا ہے ۔ (موسیقی) یک شخصی گیت جس نے سترھویں صدی عیسوی کے اوپیرا میں نشوونما پائی جس میں ایک تحتُ اللفظ مصرع کے ساتھ ایک زیریں سُر میں موسیقی ہوتی ہے ؛ یک صوتی ؛ یک آوازی ۔

monodic, a. یک صوتی نوحے سے متعلق ؛ ماتمی ۔

monodist, n. المیہ نگار ؛ مرثیہ نگار ؛ یک صوتی نوحہ کا مصنّف ۔

monoecious, monoicous, monecious, a. (نباتیات) دو جنسی ؛ نر مادوی پودا ؛ نر اور مادہ پُھولوں کا حامل (ایک ہی پودا) ؛

زربقچوی ؛ نر مادی پودا ۔ (حیوانیات) مخنّث ؛ وہ فرد جس میں زنانہ اور مردانہ دونوں اعضائے تناسل ہوں ۔

monoeciously, adv. مخنّثانہ انداز سے ؛ دو جنسی طریقے سے ۔

monoecism, monoecy, n. دو جنسیّت ؛ دہری جنسیّت ۔

monofilament, monofil, n. یک رگہ ؛ یک سُوتی ؛ یک تارہ ؛ ایک واحد مصنوعی ریشہ یا سُوت ۔ (صفت) یک سُوتی ؛ ایک ریشے یا تار سے بنا ہوا ۔

monogamous, monogamic, a. یک زنہ ؛ یک زوجی ؛ یک زوج ؛ واحدالزوج ؛ ایک بیوی اور ایک شوہر پر یقین رکھنے یا اس اصول پر عمل کرنے والا ؛ یک زوجی سے متعلق ؛ وحدتِ ازدواج سے متعلق ۔

monogamist, n. یک زوجی پر یقین رکھنے یا عمل کرنے والا ؛ مردِ یک زنہ ۔

monogamistic, a. وحدتِ ازدواج یا یک زوجی کا یا اس سے متعلق ۔

monogamously, adv. یک زوجی کے طریقے/اصول پر ؛ وحدتِ ازدواج کے طور پر ۔

monogamousness, n. یک زوجیّت ؛ وحدتِ ازدواج ۔

monogamy, n. وحدت ازدواج ؛ یک زوجی ؛ یک ازدواجی ؛ یک زوجگی ؛ یک زن و شوہر ؛ ایک ہی عورت سے شادی کرنے کا عمل ؛ یک زنی یک شوہری کا اصول ؛ یہ اصول یا عمل کہ بیک وقت ایک عورت کا ایک شوہر اور ایک مرد کی ایک بیوی ہو ؛ کثرتِ ازدواج کی ضِد ۔ (حیوانیات) صرف ایک ہی ساتھی رکھنے کا عمل ؛ یک زوجی ۔

monogenesis, monogeny, n. (حیاتیات) نظریۂ وحدتِ اصل ؛ اجاتی پیدایش ؛ غیر تناسلی توالد ؛ یہ نظریہ کہ تمام جاندار چیزیں ایک واحد خُلیے سے پیدا ہوئی ہیں ؛ ایک جوڑے سے تمام انسانی نسل کی پیدایش یا نسبت ؛ غیر جنسی باز آفرینی ۔

monogenetic, a. یک اصل ؛ وحدتِ اصل سے متعلق ۔ (ارضیات) ایک تخلیقی عمل سے پیدا ہونے والا ، جیسا کہ کسی سلسلۂ کوہ کے اِرتقا میں ہوتا ہے ۔

monogenism, n. یک اصلی ۔

monogenist, n. یک اصلی نظریہ کا حامی ۔

monogram, n. خطِّ طغرا ؛ طغرا ؛ دو یا دو سے زیادہ حروف پر مشتمل تحریر جن کو باہم مخلُوط یا مرکّب کیا گیا ہو ، عام طور پر کسی شخص کے نام کے ابتدائی حروف سے کام لیا جاتا ہے اور اسے ذاتی چیزوں پر سجاوٹ یا پہچان کے لیے لکھا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) طغرے سے سجانا ؛ طغرا کندہ کرنا ۔

monogrammatic, a. طغرائی ۔

monogrammed, a. طُغرائی ؛ طُغرا دار ؛ طُغرے سے سجا ہُوا ۔

monograph, n. یک موضوعی رسالہ ؛ مقالہ ؛ مخصوص موضوع کا رِسالہ ؛ محدود موضوع یا شعبے کا عالِمانہ مُطالعہ یا مقالہ ؛ کسی ایک چیز یا ایک نوع کی اشیا کا بیان یا توضیح ۔ (فعل متعدی) کسی موضوع پر مقالہ یا توضیح لکھنا ۔

monographer, n. یک موضوعی مقالہ نِگار ۔

monographic, a. یک موضوعی مقالہ کے انداز کا ۔

monogynous, a. یک زوج ؛ واحدُ الزَّوج ؛ ایک وقت میں ایک بیوی رکھنے والا ؛ یک زنی سے متعلق یا اس کی خصوصیّات کا حامِل (جیسے : a monogynous culture) ۔ (نباتیات) یک بُقچوی ؛ ایسے پُھول کا جس میں ایک بیج پتّی ہو ؛ ایسے پھولوں والے پودے کا ۔

monogyny, n. یَک زوجیت ؛ یَک زَنی ؛ یک مادہ گیری ؛ ایک وقت میں ایک بیوی رکھنے کا دَستُور یا حالت ۔

monolatry, n. توحِید ؛ یک اِلٰہ پرستی ؛ واحد پرستی ؛ ایک خدا کی عبادت ؛ ایک دیوتا کی پُوجا ، خصوصاً جبکہ دوسرے دیوتاؤں کا وجود تسلیم کیا جائے ۔

monolatrous, a. توحیدی ؛ وحدانی ؛ ایک دیوتا کی پوجا کا ۔

monolayer, n. (کیمیا) یک سالمی تہ ۔

monolingual, a. یک لِسان ؛ واحدُ اللِسان ؛ ایک زبان بولنے والا ؛ کثیرُ اللِسان کی ضِد ۔

monolith, n. یک سنگی چیز ؛ یک سنگ ؛ تعمیر یا سنگ تراشی میں استعمال کیا گیا پتّھر کا ایک ٹکڑا ، بالعموم بڑے حجم کا ستون وغیرہ جو ایک بڑے پتّھر سے تراشا گیا ہو ؛ لاٹھ ؛ ایک پتھر سے تراشی ہوئی یادگار ۔ (مجازاً) بڑے اور یکساں پن کی حامل شے (جیسے : a bureaucratic monolith) ۔

monolithic, a. یک سنگی ؛ ایک پتّھر سے بنی ہوئی ؛ یک سنگی اشیا پر مشتمل ۔ (مجازاً) ہم آہنگی اور دیوقامتی کا حامل ۔

monolithically, adv. یک سنگی انداز میں ؛ بڑے پیمانے پر ؛ دیو قامتی سے ۔

monologue, monolog, n. تنہا کلامی ؛ واحد کلامی ؛ خُود کلامی ؛ کلام جو متکلم آپ ہی آپ کرے ؛ ایک شخصی ڈرامہ ؛ یک شخصی سِین ؛ تقریر ، ڈرامائی خاکہ یا نظم جسے ایک اداکار پیش کرے ؛ یک شخصی پیش کَش ؛ وہ سوانگ جس میں ایک شخص کا ذکر ہو ؛ یک شخصی کلام ؛ اپنے آپ سے باتیں ؛ خود بولنا اور کسی دوسرے کو نہ بولنے دینا ؛ اکیلے مسخرے کی ادا کی گئی مزاحیہ تقریر یا مختصر مزاحیہ کہانیوں کا سلسلہ ۔

monologist, monologuist, n. خُود کلامی کرنے والا ؛ یک شخصی تقریر ، ڈرامہ یا نظم پیش کرنے والا اداکار ۔

monomania, n. خَبط ؛ یک موضوعی خبط ؛ یک ما ؛ ذہنی بیماری جس میں مریض کو ایک بات کا خبط ہوتا ہے یا وہ کسی ایک موضوع پر نامعقولیّت کا شکار ہوتا ہے ؛ کسی ایک بات ، چیز یا منصوبے کے بارے میں انتہائی جوش وخروش ؛ ایک ہی بات کا خبط ؛ یک رُخی جنون ۔

monomaniac, a., n. یک مانیائی ؛ وسواسی ؛ یک رُخہ ؛ یک موضوعی ، رُخی خبط یا جنُون ؛ یک موضوعی/رُخی خبطی یا مجنون ؛ یک باگا ۔

monomaniacal, a. یک رُخی جنُون سے متعلق ؛ جُنُونی ۔

monomer, n. (کیمیا) کم وزن سالمہ ؛ یک جُزئی چیز ؛ یک ترکِیب ؛ یک سالمی مُرکّب ؛ سالمہ جس کا سالمی وزن کم ہو اور جو دوسرے کم وزن سالموں کے ساتھ ردِ عمل پیدا کر کے کثیر سالمی مُرکّب بنا سکے ۔

monomeric, a. یک ترکِیب ؛ یک جُزئی ؛ یک سالمی مرکّب کا ۔

monomerous, a. یک پارہ ؛ یک جزئی ؛ یک رُکنہ ؛ ایک حصّے پر مشتمل ۔ (نباتیات) پھولوں کا ،

جن کے ہر حلقے میں صرف ایک رُکن ہو۔

monometallism, n. یک فلزیّت ؛ یک دھاتی اصول ؛ ملک کی سکّہ سازی میں صرف ایک معیاری دھات کا استعمال ؛ یک فلزی معیار کا عقلی جواز۔

monometallic, a. یک فِلزی ؛ ایک دھات پر مشتمل۔

monometallist, n. ماہر یک فلزیّت۔

monometer, n. (عُرُوض) ایک بحر (میٹر) کا مصرع ؛ یک رکنی مصرع ؛ ایسا مصرع جس میں ایک بحری رُکن ہوتا ہے۔

monometrical, a. یک رُکنی۔

monomial, n. (الجبرا) یک رقمی مقدار ؛ یک رقمی جُملہ ؛ یک لفظی نام۔ (حیاتیات) پودے یا جانور کا اصطلاحی نام جو ایک لفظ پر مشتمل ہو۔ (صفت) (حیاتیات) یک لفظی نام کا یا اس سے متعلق ؛ یک رقمہ ؛ یک لفظی۔ (الجبرا) یک رقمی ؛ ایک رقم پر مشتمل۔

monomolecular, a. یک سالمی ؛ ایک سالمے کی موٹائی کا یا اس سے متعلق۔

monomorphic, a. (حیاتیات) یک شکلہ ؛ ہم شکل ؛ ایک شکل والا ؛ یکساں ساخت کا ؛ ہم ساخت ؛ ایک جیسی ساخت کا۔

monomorphism, n. یک شکلی ؛ ہم شکلی۔

monomorphous, a. یک شکلہ ؛ ہم شکل ؛ ہم شکلہ ؛ ہم صُورت۔

mononuclear, a. یک مرکزیہ ؛ یک نواتی ؛ یک مرکزہ ؛ ایک مرکزے کا حامل۔

mononucleosis, infectious mononucleosis, n. تپ غدّی ؛ خون کی بیماری جو وائرس (virus) سے پیدا ہوتی ہے اور جس میں بہت سے یک نواتی خُلیے موجود ہوتے ہیں۔

monophagous, a. (حیوانیات) یک غذا خور ؛ ایک ہی قسم کے پودے یا جانور سے غذا حاصل کرنے والا ؛ یک طفیلی نواز۔

monophonic, monoaural, a. (برقیات) یک صدائی ؛ یک صوتی ؛ ایک صوتی ذریعے سے آواز کی باز آوری سے متعلق ؛ ''دو صوتی'' کی ضِد ؛ ہم صدا یا اِس سے متعلق۔ (موسیقی) صرف ایک نغماتی مصرع کی خصوصیّت کا حامل ، جو ساز کے بغیر یا ہلکے ساز کی سنگت میں گایا جائے۔

monophony, n. یک صَوتی موسِیقی ؛ یک صَوتی انداز کی موسِیقی۔

monophthong, n. یک صوتی مصوتہ ؛ یک صوتیہ ؛ ایک حرفِ عِلّت کی آواز ، یک مصوتی آواز ؛ دو یا زیادہ حروفِ عِلّت جنھیں ایک حرفِ علّت کی طرح ادا کیا جائے۔

monophthongal, یک مصوتی آواز کا ، یک صوتی مصوتے سے متعلّق۔

monophyletic, a. (جینیات) یک نسبی ؛ یک جَدّی ؛ یک خاندانی ؛ ایک خاندان یا قبیلے کا ؛ ایک ہی جدی قسم سے ارتقا پذیر جیسے جانوروں کا ایک گروہ۔

monophyllous, a. (نباتیات) یک برگہ ؛ ایک پتّا رکھنے والا یا ایک پتّے کا بنا ہوا۔

Monophysite, n. یک فِطرتیّت پر اعتقاد رکھنے والا ؛ وہ شخص جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ حضرت مسیح میں واحد فِطرت ہے جو الوہی ہے یا یہ کہ مسیح میں ایک ایسی فطرت مُرکّب ہے جو جُزوی طور پر الوہی اور جُزوی طور پر انسانی ہے ، یعنی مسیح کی ذات بشریت اور الوہیت کی جامع ہے ، یہ عقیدہ مِصری عیسائی فرقے قُبطی کلیسا (Coptic Church) کا ہے۔

Monophysitic, a. یک فِطرتیہ ؛ عقیدۂ یک فطرتیّت سے متعلق۔

Monophysitism, n. یک فطریت ؛ اعتقادیت فطرت مسیح۔

monoplane, n. یک سطحی طیّارہ ؛ ایسا طیّارہ جس میں ایک نمایاں پروازی سطح یا بازو ہوتا ہے جسے عموماً ڈھانچا دو حصّوں میں منقسم کرتا ہے۔

monoplegia, n. (امراضیات) فالج یک عضو ؛ یک عُضوی فالج ؛ وہ فالج جو جسم کے ایک عضو یا حصّے کو متأثّر کرتا ہے۔

monopode, a. یک پا ؛ یک ساق ؛ یک پایہ۔ (اسم) ایک پاؤں والا جانور ؛ خصوصاً انسانوں کی ایک دیومالائی نسل جو ایک ٹانگ والی تھی۔ (نباتیات) یک ساقہ خوشۂ گُل۔

monopodium, monopode, n. (نباتیات) یک ساقہ خوشۂ گُل ؛ ایک پُھولوں کا گُچّھا جس کی ایک شاخ یا ڈنٹھل ہو اور سر کے نیچے دائیں بائیں شگوفے لگے ہوں۔

monopodial, a. یک ساقی ؛ یک ساقہ۔

monopolist, n. اجارہ دار ؛ اجارہ داری کا حامی۔

monopolistic, a. اجارہ دارانہ ؛ اجارہ داری کا یا اس سے متعلق۔

monopolistically, adv. اجارہ دارانہ انداز سے۔

monopolize, v.t. کسی چیز کی اجارہ داری حاصل کرنا ؛ اجارہ دارانہ قبضہ کرنا ؛ بلا شرکتِ غیرے قابض ہو جانا ؛ مکمّل طور پر اپنے قبضے میں لے لینا ؛ اجارہ داری قائم کرنا ؛ اجارہ لینا یا لے لینا ؛ ٹھیکہ لینا ؛ اجارہ دار بن جانا ؛ خود بیوپار کرنا۔

monopolization, n. بلاشرکتِ غیرے قبضہ ؛ اجارہ داری قائم کرنے کا عمل۔

monopolizer, n. بلاشرکت غیرے اور با اختیار تاجر ؛ اجارہ دار ؛ اجارہ داری قائم کرنے والا۔

monopoly, n. اجارہ داری ؛ کسی خاص منڈی میں کسی جنس یا خدمات پر بلاشرکت غیرے اختیار ، خصوصاً ایسا اختیار جس کے ذریعے اپنی مرضی کی قیمتیں وصول کی جائیں ؛ ہر وہ شے جس پر اجارہ داری قائم ہو ؛ کارپوریشن یا کمپنی وغیرہ جس کے پاس اس طرح کی اجارہ داری ہو ؛ تجارت یا پیداوار کی بلاشرکت غیرے مراعات ؛ کسی چیز پر کامل اختیار یا قبضہ۔

monopropellant, monofuel, n., a. (فضائیات) راکٹ کو دھکیلنے والا سیّال جو ایندھن اور مُکسِدّ (oxidizer) کے آمیزے پر مشتمل ہوتا ہے جیسے الکوحل اور ہائیڈروجن پراکسائڈ پر مشتمل جو احتراق خانہ (combustion chamber) میں جلنے کے لیے تیار ہوتا ہے۔

monopsony, n. (معاشیات) یک خریداری منڈی ؛ منڈی کی وہ حالت جب صرف ایک خریدار موجود ہو۔

monopsonist, n. یک خریداری منڈی کا حامی۔

monopsonistic, a. یک خریداری منڈی سے متعلق ۔

monorail, n. یک پٹڑی ؛ ایسی ریل گاڑی جو ایک پٹڑی پر چلنے یا ایک پٹڑی سے معلّق ہو ؛ ایسی پٹڑی ۔

monosepalous, a. (نباتیات) پیوستہ سَبلہ ؛ پیوستہ پُھول پتیا ؛ یک سبلوی ؛ یک سبلہ ؛ ایک پھول پتّی والا ، جیسے کِہامہ (Calyx) ۔

monosodium glutamate, n. (کیمیا) قلمی سوڈیم نمک جسے مہک (خاص طور پر گوشت کی) بڑھانے کے لیے مسالے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ اجینوموٹو؛ چینی نمک ۔ مخفف : MSG ۔

monosome, n. یک جنسی لونیہ ؛ مونو سوم ۔

monostich, n. یک سطری ؛ یک مصرعی نظم ؛ واحد بحری مصرعے کی نظم یا ہجو ۔

monostylous, a. (نباتیات) یک گردنہ ؛ ایک گردن بقچے والا ، ایک گردن والا ، جیسے پھول ۔

monosyllabic, a. یک رُکنی ؛ ایک رُکن پر مُشتمل ؛ ایک بول (لفظ) ؛ ایک رُکنی الفاظ کے استعمال ، ادائیگی یا ایسے الفاظ پر مشتمل ؛ مختصر ؛ گٹھی ہوئی ؛ مختصر اور جامع ۔

monosyllabically, adv. یک رُکنی انداز سے ؛ مختصر مگر جامع طریق سے ۔

monosyllable, n. یک رُکنی لفظ ؛ ایک ہجائی رُکن کا حامل لفظ ۔

monosymmetric, monosymmetrical, a. (نباتیات) متشاکِل ؛ یک ڈول ؛ دوطرفہ مشابہت یا تناسب کا حامل ؛ یک تشاکلہ ؛ یک رُخ متشاکل ؛ باہمی تشاکل رکھنے والے ۔ (قلمیات) یک ڈول ؛ مائلہ ۔

monosymmetry, n. تشاکُل ؛ باہمی تناسب ؛ مشابہت ۔

monotheism, n. وحدانیت ، توحید ؛ عقیدۂ وحدانیت ؛ وحدت ؛ ایک خدا کی موجودگی کا عقیدہ یا نظریہ ۔

monotheist, n. مُوحِدّ ؛ توحید پرست ؛ ایک خدا پر یقین رکھنے والا شخص ؛ وحدانیت پرست ۔

monotheistic, a. توحیدی ؛ موحدانہ ؛ توحید پرستانہ ۔

monotheistically, adv. مُوحدّانہ طور پر ، توحید پرستانہ انداز سے ؛ از روئے توحید ۔

monotint, n. یک رنگ تصویر وغیرہ ؛ یک لَون ۔ دیکھیے : Monochrome ۔

monotone, a. اِک سُرا ؛ ایک لہجہ ؛ ایک سُر یا لہجے میں جاری ؛ یک سُر ؛ ایک ہی آواز ؛ یک امتدادی آواز ؛ یک رنگ ۔ (اسم) ایک سُر یا لہجے کا تسلسُل جیسے گُفتگُو میں ؛ یکسانی ؛ یک لہجہ ؛ ہم آہنگی ؛ یک رنگی ؛ ایسا سُر جس میں زیر و بم کا تنوع نہ ہو ؛ غیر متنوّع آواز یا آوازوں کا تکرار ؛ انداز کی یکسانی جیسے موسیقی ، شاعری یا تحریر میں ؛ ایسی یکسانی کی حامل کوئی چیز ؛ ایک سُر یا رنگ ؛ یک رنگ تصویر ۔ (فعل لازم و متعدّی) ایک لہجے میں پڑھنا یا گانا ۔

monotonic, a. یک لہجہ ؛ ایک سُر کا ؛ اِک سُرا ؛ اِک سُر ؛ یک رنگ ؛ یکساں ۔

monotonous, a. یک اسلُوب ؛ یک انداز ؛ ایک لہجے یا سُر میں ادا کیا ہوا ؛ اِک سُرا ؛ یکساں آواز کا ؛ یک رنگ ؛ کسی بھی اعتبار سے بے تنوّع ؛ رنگا رنگی سے عاری ؛ بیزار کُن حد تک یکساں ؛ اکتا دینے والا ۔

monotonously, adv. اِک سُرے انداز میں ؛ اُکتا دینے والے انداز میں؛ یکسانی سے ۔

monotonousness, n. یکسانی ؛ یک رنگی ؛ اِک سُرا پن ۔

monotony, n. سُر یا استھان کی یکسانی ، جیسا کہ موسیقی یا گفتگو میں ؛ اک سرا پن ؛ ایک ہی یا ایک ہی طرح کی گُفتگو یا سرگرمی وغیرہ کی اُکتا دینے والی تکرار ؛ یک رنگی ؛ یک سُری ؛ یکسانی ؛ عدمِ تنوُّع ؛ اُکتاہٹ ؛بیزاری ۔

monotreme, n. انڈے دینے والا مَیمل ؛ بیضہ زاپستان دار ؛ بیضہ زا پِستانیہ ؛ بیضہ زا مَیمل ؛ میمل کے نچلے درجے کے جانور ، بیضہ زا (انڈے دینے والا) ، جس میں براز ، پیشاب اور اعضائے تناسل کے مادّے کے اخراج کا ایک ہی راستہ ہو ، یہ صرف بط بِلاؤ اور بے دانت کے چیونٹیاں کھانے والے خارپشت پر مشتمل ہیں ۔

monotype, n. (حیاتیات) یک نوعی ؛ اپنے گروہ کا واحد نمائندہ ، جیسے کسی جنس کی واحد نوع ۔ (طباعت) مونو ٹائپ ؛ یک حرفی ؛ ایسی دھات کی پلیٹ سے چھپائی جس پر تصویر پینٹ ہو ؛ ایسی چھپائی کا طریقہ ۔ (بڑے M سے) (طباعت) ایسی مشین جو الگ الگ حروف ڈھالتی بھی ہے اور جوڑتی بھی ہے ؛ لائنو ٹائپ سے مختلف ۔ (تجارتی نشان)۔

monotyper, n. یک حَرفی طریقے سے چھاپنے والا ۔

monotypic, a. یک حرفی ؛ یک نوعی ۔

monounsaturate, n. یک ناسیر ؛ ایک روغن جس میں فی سالمہ ایک دوہری گرفت ہوتی ہے ۔

monovalent, n. (کیمیا) یک گرفتہ ؛ اس ابتدائی مادّے سے متعلق جس کا ایک جوہر دوسرے ابتدائی مادّے کے ایک جوہر سے ملاپ کرتا ہے ۔ (جرثومیات) یک جرثومی ؛ ضِد جسم (antibody) کی واحد قسم کا حامل جو خُلیے کی واحد قسم سے مخصوص ہو ۔

monovalence, monovalency, n. یک جرثُومیّت ؛ یک گرفتگی ۔

monoxide, n. (کیمیا)مونوآکسائڈ ؛ آکسائڈ جس میں ہر سالمے کے لیے آکسیجن کا ایک جوہر ہو ۔

Monroe Doctrine, n. [امریکی صدر جیمز منرو کے ان بیانات پر مبنی جو اُنھوں نے ۲ دسمبر ۱۸۲۳ء کو کانگرس میں دیے تھے] نظریۂ مَنرو ؛ یہ حکمتِ عملی کہ کسی یورپی مُلک کی جانب سے کسی ہسپانوی ، امریکی مُلک کو نوآبادی بنانے یا اس کے اندرونی معاملات میں دخل دینے کی کوشش کو امریکی حکومت کی جانب غیر دوستانہ فعل سمجھا جائے گا ۔

monseigneur, [فرانسیسی] مونسنیور ؛ فرانسیسی اعزازی لقب جو شہزادوں ، اُسقفوں اور دوسرے معززیّن کو دیا جاتا ہے ؛ ایسے لقب سے ملقب شخص ؛ وہ شخص جسے یہ لقب دیا گیا ہو۔

monseigneur, n. جناب ؛ صاحب ؛ حضرت ؛ موسیو ؛ فرانس میں عام اخلاقی اور اعزازی لقب جیسے انگریزی میں سَر یا مِسٹر ۔ مخفف : mons., m., ، جمع: Messrs., MM. ۔

Monsignor, Monsignore, n. (بعض اوقات چھوٹے m سے) [رومی کیتھولک کلیسا) مون سِینیور ؛ ایک لقب جو اس پادری کو دیا جاتا ہے جس نے کوئی پاپائی اعزاز حاصل کیا ہو ؛ یہ لقب حاصل کرنے والا پادری ۔ مخفف : Monsig., Msgr. ۔

Monsignorial, a.
اس لقب کا یا اس سے متعلق ۔

monsoon, n.
مون سُون ؛ بحرِ ہند اور جنوبی ایشیا کی موسمی ہوا ، جو اپریل سے اکتوبر تک جنوب مغرب سے اور سال کے باقی حِصّے میں شمال مشرق سے چلتی ہے ؛ وہ موسم جب یہ ہوا جنوب مغرب سے چلتی ہے ، جو برسات لاتی ہے ؛ کوئی بھی ہوا جس کا رُخ معیّنہ اوقات پر معکوس انداز میں بدلتا رہے ۔

monsoonal, a.
مون سُونی ؛ مونِ سُون کا ۔

monster, n.
عفریت ؛ دیو ؛ مُہیب یا غیر معمُولی جسامت یا ہیئت کا جانور یا پودا ؛ عجیب الخِلقت شے ؛ اعجوبہ ؛ ایسی مخلوق جس کے اہم اعضاء یا حِصّے بدہیئت ہوں ؛ ایسا شخص یا چیز جو غیر معمولی جرائم ، قباحت ، سیاہ کاری ، مسخ شُدہ صُورت یا ضرر رسانی کی وجہ سے خوف اور دہشت کا باعث بنے ؛ خیالی یا دیو مالائی مخلوق مثلاً زن شیر (sphinx) ، قنطور (centaur) یا عقاب شیر (griffin) وغیرہ ؛ کوئی بڑی اور غیر فطری چیز یا شخص ؛ دیو پیکـر (چیز یا شخص)؛ مکـروہ ، وحشتناک ، عفریت صفت انسان ۔ (صفت) غیر معمولی بڑی جسامت ، مقدار یا تعـداد کا ؛ دیو پیکر ؛ وحشتناک ؛ مکروہ ؛ عفریت صفت ؛ بھیانک ، عجیب الخِلقت ؛ بن مانس ۔

monstrance, ostensorium, n.
(رُومی کیتھولک کلیسا)
ظرفِ عشائے ربّانی ؛ جس ظرف میں مقدّس روٹی کو عوام کے احترام کے لیے پیش کیا جاتا ہے ۔

monstrosity, n.
دیوپیکری ، عفریت صفت چیز ؛ عفریت صفتی ؛ عفریت نمائی ؛ غیر معمولی یا غیر فِطری چیز ؛ عجیب الخِلقت ۔

monstrous, a.
خوفناک ؛ ہیبت ناک ؛ وحشت خیز ؛ عفریت صفت ؛ بہت بڑا ؛ جسیم ؛ دیو کا دیو ؛ غیر معمولی ؛ بھیانک ؛ دیو آسا ؛ عجیب الخلقت ؛ دیو پیکر ۔

monstrously, adv.
عفریت صفتانہ ؛ وحشت ناک طریقے سے ؛ انسانیت سوز انداز سے ؛ وحشیانہ انداز سے ۔

monstrousness, n.
عفریت صِفتی ؛ انسانیت سوز کردار ؛ وحشت خیزی ؛ دیو پیکری ؛ عجیب الخِلقتی ؛ غیر معمولی جسامت ۔

mons veneris, n.
(تشریح الاعضا) عورت کے پیڑو (ارتفاق آنہ) پر چربی دار بافتوں کا گول اُبھار ۔

montage, n.
مونتاژ ؛ ایک عکسی تصویر میں کئی تصویری عُناصر کو یکجا کرنے کا فن یا عمل ؛ کئی تصویروں سے مُرکّب تصویر ؛ مُرکّب تصویر سازی ۔ (مُتحرّک فِلم ، ٹی وی) کئی متعلقہ خیالات کی وضاحت کے لیے تصویروں کا تیز رفتار تسلسل ؛ تصویروں کا باہم ملانا یا ایک دوسرے پر عکس اندازی کرنا تا کہ ایک واحد عکس یا تصویر پیش کی جا سکے ؛ کسی فن پارے ، ادب پارے یا موسیقی کی ترتیب میں غیر مُتجانس عناصر کو باہم ملا کر ایک واحد تصّور یا مربوط کل کی تخلیق ۔

montane, a.
کوہی ؛ کوہ باش ؛ پہاڑی ؛ کوہستانی ؛ پہاڑی علاقے کا ۔ (اسم) پہاڑی سبزے کی نشیبی پٹّی ۔

montan wax, n.
معدنی موم ؛ سخت موم جو بُھورے کوئلے سے نکالا جاتا ہے اور پالش ، روغن ، لئی (paste) اور کاربن پیپر بنانے کے کام آتا ہے ۔

mont-de-piete, n.
رہن رکھ کر قرض دینے والا ادارہ ؛ عوامی راہن ادارہ جو مناسب شرائط پر رقم قرض دیتا ہے ، خاص طور پر غریبوں کو ۔

monte, monte bank, n.
تاش کا ہسپانوی جُوا ، جس میں کوئی ایک کھلاڑی شرط لگاتا ہے کہ اس کا ایک پتّا دوسروں کے پتّوں کے رنگ سے پہلے میل کھا جائے گا ۔

Montessori method, Montessori system, n.
مونٹی سوری طریقہ ؛ چھوٹے بچّوں کی تعلیم و تربیت کا نظام جسے ماریا مونٹیسوری نے رُوم میں ۱۹۰۷ میں شروع کیا ، جس کا بُنیادی مقصــد یہ ہے کہ بچے خود اپنے آپ کو سکھائیں ، اساتذہ بچوں کو قابو میں رکھنے کی بجائے ان کی رہنمائی کریں اور حواس کی تربیت پر زور دیں ۔

Montessorian, a.
مونٹی سوری نظام سے متعلق ؛ مونٹی سوری نظام پر یقین رکھنے/عمل کرنے والا ۔

month, n.
مہینہ ؛ ماہ ؛ ماس ؛ سال کا بارہواں حِصّہ ؛ شہر ؛ قمری مہینہ جس میں چاند کسی خاص نُقطے سے شروع ہو کر مکمّل چکّر لگاتا ہے ، بہ عموماً ایک نئے چاند سے دوسرے تک کا وقفہ ہوتا ہے اور یہ ۲۹ دن ، ۱۲ گھنٹے ، ۴۴ منٹ اور ۲٫۷ سیکنڈ کے برابر ہوتا ہے ؛ شمسی سال کا بارھواں حِصّہ ، جسے شمسی مہینہ کہتے ہیں : سال کے بارہ حصّوں میں سے کوئی حصّہ جیسے جنوری ، فروری وغیرہ جن میں ایک تقویمی سال مُنقسِم ہوتا ہے ، اسے تقویمی مہینہ کہتے ہیں ؛ ایک تقویمی مہینے کے کسی دن سے لے کر دوسرے تقویمی مہینے کے مماثل دن تک کا عرصہ یعنی چار ہفتوں یا تیس دِنوں کی مُدّت ۔

monthly, a.
ماہانہ ؛ ماہوار ؛ مہینے وار ؛ مہینے کے مہینے ؛ مہینے یا ہر مہینے سے متعلق ؛ ہر مہینے یا مہینے میں ایک بار کیا جانے والا ، ہونے والا یا ظاہر ہونے والا ؛ ایک مہینے تک جاری یا باقی رہنے والا ۔ (اسم) ماہـوار چھپنے والا رسالہ ؛ ماہنامہ ۔ (جمع) ماہواری ؛ حیض ؛ حیض کی مُدّت ۔ (مُتعلّق فعل) مہینے میں ایک بار ؛ ماہوار ؛ ماہانہ ؛ ماہ بماہ ؛ ہر ماہ ۔

monticule, n.
چھوٹی پہاڑی ؛ ٹِیلا ؛ چھوٹا آتش فشاں مخروط ؛ برآمدگی ؛ اُبھار ۔

monticulate, monticulous, a.
ٹیلہ دار ؛ ٹیلے سے متعلق ۔

monument, n.
یادگار ؛ مقبرہ ؛ آثار ؛ روضہ ؛ قدیم عمارت ؛ کسی شخص ، عہد یا واقعہ کو یاد دلانے والی کوئی سی چیز ؛ یادگار ، خصوصاً جو واقعات ، کارناموں یا انسانوں کی یاد میں تعمیر یا نصب کی جائے ؛ کوئی سا دیرپا یا نُمایاں نمُونہ خصوصاً آثارِ قدیمہ کی تاریخی عمارت یا کھنڈر مثلاً اہرامِ مصر ؛ وہ فن ، ادب وغیرہ جن کے بارے میں خیال کیا جائے کہ ان میں دیرپا اقدار موجود ہیں ؛ پتھر یا ستون جو کسی علاقے یا جائیداد کی حدبندی کرے ؛ قدرتی حُسن یا تاریخی اہمیّت کا حامل وہ علاقہ جس کی دیکھ بھال حکومت کرتی ہو تا کہ اسے عوام استعمال کر سکیں ، مثلاً گرینڈ کینئن یا گیسٹبرگ نیشنل پارک ؛ کسی مجرّد وصف کی تجسیم (جیسے : Schweitzer is a monument to man's devotion to his fellow-man) ۔ (فعل متعدی) یادگار قائم کرنا ؛ یادگار تعمیر کر کے یاد منانا ؛ کسی کی یادگار بنانا یا قائم کرنا ۔ نیز : monumentalize ۔

monumental, a.
یادگاری ؛ عظیمُ الشّان ؛ بے پایاں ؛ شاندار ؛ زبردست ؛ یادگار یا یادگاروں کا یا ان سے متعلق ؛ یادگار صفت ؛ یادگار سے مشابہ یا اس کا کام دینے والا ؛ بڑا اور متاثّر کُن ؛ بڑا اور اہم جیسے ادبی کام ؛ تاریخی طور پر نمایاں (جیسے : -a monumen

tal figure or event)؛
نمایاں طور پر غیر معمولی یا بڑا (جیسے : monumental stupidity یا a monumental fraud) (فنون لطیفہ) اصل جسامت سے بڑا ؛ پُورے قد سے بڑا ۔

monumentally, adv. یادگار کی شان سے ؛ یاد گار کے طور پر ؛ نمایاں انداز سے ۔

moo, v.i. رمبھانا؛ گائے وغیرہ کی طرح آواز نکالنا ۔ (اسم) گائے کی آواز ؛ گائے کی سی آواز ۔

mooch, mouch, v.i. (عوامی) چوری سے جانا ؛ دبکنا ؛ چُھپنا ؛ ادھر اُدھر پھرنا ؛ چکر لگانا خاص طور پر چُرا لے جانے کی نیت سے ۔ (فعل متعدّی) (عوامی) چُرانا (تھوڑی رقم یا مقدار)؛غبن کرنا ؛ اڑا لے جانا ۔

moocher, n. آوارہ گرد ؛ (معمولی) چور ؛ غبن کرنے والا ؛ اُڑا لے جانے والا ؛ اُچکّا؛ اُٹھائی گیرا ۔

mood, کیفیت مزاج ؛ حال ؛ رنگ ؛ عارضی حالت ذہن یا کیفیّت ؛ کوئی خاص یا خصوصی جذباتی صفت ؛ اغلب رویہ ۔ (قدیم) مزاج کی برہمی یا خفگی ؛ آزُردگی اور افسُردگی ؛ چڑچڑاپن ؛ بیزاری ۔

in the mood, خُوش مزاجی کے عالم میں ؛ ملتفت ؛ مائل ۔

mood, n. (گرامر) طور فعل ؛ صورتِ فعل ؛ افعال کی خاص ہیئت جو یقینی ، غیر یقینی حالت ، اِتفاق ، امکان یا امر کا اظہار کرے ۔ (منطق) جہت (عدم یا وجود ، امکان یا وجوب) ۔ دیکھیے : modality ۔ نیز : mode ۔

moody, a. اُداس ؛ بیزار ؛ رُوٹھا ہوا ؛ آزُردہ ؛ دِلگیر ؛ ملُول ؛ دل گرفتہ ؛ برہم ؛ چڑچڑا ؛ تُنک مزاج ؛ زُود رنج ؛ تُرش رو ؛ خَبطی ؛ وہمی ؛ اداسی ، برہمی وغیرہ کا مظہر (جیسے : moody looks) ۔

moodily, adv. اُداسی سے ؛ برہمی سے ؛ بیزاری سے ؛ آزردہ انداز سے ؛ چڑچڑے پن سے ۔

moodiness, n. دِلگیری ؛ بیزاری ؛ دلگرفتگی ؛ اُداسی ؛ آزردگی ؛ برہمی ؛ ملال ؛ چڑچڑا پن ۔

Moog synthesizer, n. برقیاتی وسیع الحیطہ ساز ، جس میں پردوں کا برقیاتی تختہ لگا ہوتا ہے ۔

moola, moolah, n. (عوامی) مایا ؛ دولت ۔

moon, n. چاند ؛ ماہ ؛ قمر ؛ چندرماں ؛ زمیں کے گرد گھومنے والا جرم فلکی ؛ ماہتاب ؛ کسبی سیّارے کے گرد گھومنے والا سیّارچہ جیسے مشتری کے چاند ؛ چاند کی گردش کی مُدّت ۔ (شاعری) مہینہ ؛ چاند یا ہلال سے مشابہ کوئی شے ۔ (فعل لازم، بول چال) بے مصرف یا افسُردگی سے گھومنا یا گھورنا ۔ (فعل متعدی، بول چال) بیکار وقت گُزارنا ؛ وقت کٹی کرنا ۔

moonbeam, n. چاندنی ؛ چاند کی کِرن ؛ شعاعِ قمر ۔

moon blindness, n. رتوندھا پن ؛ شب کوری ؛ رات کے وقت کم نظر آنا ۔ (بیطاری امراضیات) گھوڑے کی آنکھوں کی باری باری سوزش جو عموماً اندھے پن پر منتج ہوتی ہے ؛ شب کوری ؛ رتوندھا پن ۔

moon-blind, a. رتوندھا ؛ شب کور ۔

mooncalf, n. چاند بچھڑا ؛ پیدائشی بیوقوف ؛ مُورکھ ؛ احمق یا سادہ شخص ؛ سادہ لوح آدمی ۔

mooneye, n. (بیطاری امراضیات) رتوندھا پن ؛ شب کوری ؛ گھوڑے کا آشوبِ چشم ؛ آشوبِ چشم میں مبتلا آنکھ ۔

mooneyed, a. شب کور ، رتوندھا ؛ آشوبِ چشم میں مبتلا ۔

moonfish, n. چاند مچھلی ؛ کھارے پانی کی مچھلی جس کا جسم نسبتاً گول ، چپٹا اور چاند کا سا ہو خصوصاً جِنس وومر (Vomer) سے تعلّق رکھنے والی ، جِس کا جسم گُٹھا ہوا نقرئی یا زردی مائل ہوتا ہے جو ساحل سمندر سے دور پائی جاتی ہے ۔

moonflower, n. چاند مُکھی ؛ رات کو کھلنے والا ، خود ملفُوف ، امریکا کے گرم علاقے کا پُھول نیلوفر جس میں خوشبودار سفید پھول لگتے ہیں ؛ اس خاندان سے وابستہ کوئی سا بھی پودا ۔

moongarden, n. (طیرانیات) چاند باغ ؛ ایک منصوبہ جس میں مستقبل کے خلابازوں کو مدار میں پیش آنے والے خوراک کے مسائل کے مطالعہ کی خاطر، سائنس دان عام سبزیوں کو کم ہوائی دباؤ میں اُگاتے ہیں ۔

moonish, a. قمر نُما ؛ چاند سا ؛ شکل یا خصائص میں چاند جیسا ؛ چاند کے زیر اثر ؛ چاند کی طرح بدلنے والا ؛ تغیر پذیر ؛ متلوَّن ؛ متلوّن مزاج ۔

moonishly, adv. تلوُّن مزاجی سے ؛ تغیر پذیری کے انداز میں ؛ ڈانواں ڈول عَالَم میں ۔

moonlet, n. قمرک ؛ ماہچہ ؛ چھوٹا چاند ؛ مصنوعی سیارہ ۔

moonlight, n. چاندنی ؛ نُور قمر ۔ (صفت) چاندنی سے روشن ، چاندنی سے یا اس کے دوران وقوع پذیر ؛ چاندنی سے منّور ۔

moonlighter, n. (بول چال) جُز وقتی کارکُن ؛ وہ شخص جو اپنے کُل وقتی معمول کے کام کے علاوہ کوئی دوسرا کام یا نوکری کرتا ہے ۔

moonlight, v.i. کُل وقتی کام کے ساتھ جُزوقتی کام کرنا ؛ چاندنی سے منوّر کرنا ۔

moonlighting, n. چاندنی ؛ تنویر قمر ؛ جُزوقتی کام ۔

moonlit, a. چاندنی یا نُور قمر سے منّور ۔

moonrise, n. طلوعِ قمر؛ طلوعِ ماہتاب ؛ رویتِ قمر؛ رویتِ ہلال ؛ چاند نظر آنے کا وقت ؛ طلوعِ قمر کا وقت ۔

moonscape, n. قمری منظر ؛ چاند کے جغرافیے کی اصلی ہیئت یا اس کا بیان یا نقشہ کشی ؛ قمری منظر کی پیش کش یا تصویر ۔

moonseed, n. چاند بیج ؛ جنس گلو کی بیل جس کے سبزی مائل سفید گُچھے دار پھول، سیاہ پھل اور ہلال نُما بیج ہوتے ہیں ۔

moonset, n. غروب قمر ؛ چاند کا ڈُوبنا ؛ چاند کا نظر آنے والے افق کے نیچے ڈُوبنا ؛ چاند کے اس طرح غروب ہونے کا وقت؛ غروبِ قمر کا وقت ۔

moonshine, n. چاندنی؛ نورِ قمر؛ چاند کی روشنی ؛ احمقانہ یا غیر حقیقت پسندانہ گُفتگُو ؛ بے معنی خیالات ؛ بے سروپا باتیں ؛ شیخ چلی پن ۔ (بول چال) ناجائز طریقے پر کشید کی ہوئی یا درآمد کی ہوئی شراب عموماً ایسی شراب جو مکئی سے بنائی گئی ہو ۔

moonshiner, n. (بول چال) غیر قانونی تجارت کرنے والا ، عموماً رات کے وقت ، خصوصاً ناجائز شراب کشید کرنے والا ۔

moonstone, n. حَجرِ قمر ؛ حَجرُ القَمر ؛ فلسپار کی

ایک صاف قسم ، خصوصاً موتیوں جیسی شفاف چمک والا فلسپار (Feldspar) جو بطور نگینہ استعمال ہوتا ہے ۔

moon-struck, moonstricken, n. ماہ زدہ ؛ ذہنی مریض ؛ جس کے بارے میں خیال کیا جائے کہ اس پر چاند کا اثر ہوا ہے ؛ مجنون ؛ دیوانہ ؛ سڑی ؛ سودائی ؛ خبطی ؛ بہت زیادہ رومانوی یا جذباتی ۔

moony, a. قمری ؛ مہتابی ؛ چاند کا ؛ چاند جیسا ؛ ماہ صفت ؛ چاند کی خصوصیّات کا حامل ؛ گول ؛ ہلال صُورت ؛ پہلی رات کے چاند کی شکل کا ؛ چاند روشن ؛ چاندنی سے چمکا ہوا ؛ چاندنی سے منّور ؛ چاندنی جیسا ؛ کھویا ہوا ؛ گُم سُم ؛ بیوقُوف ؛ اُونگھتا ہوا ؛ خواب ناک ۔

moonily, adv. اُونگھتے ہوئے ؛ بیوقُوفانہ انداز سے ؛ قمری انداز سے ۔

mooniness, n. قمریّت ؛ چاندنی کی چمک ؛ ماہ صِفتی ؛ بیوقُوفی ؛ اُونگھ ؛ غنُودگی ؛ گُم سُم رہنے کی کیفیت ۔

moor, n. بنجر زمین کا قطعہ جس کو جھاڑیوں نے ڈھانپ رکھا ہو ؛ بیہڑ ؛ دشت ؛ کھادر ؛ دَلدَل ؛ دھسان ؛ چھلا ؛ زمین کا وہ قطعہ جہاں شِکار کے لیے جانور محفوظ کیے گئے ہوں ؛ شِکار گاہ ۔

moorish, a دَلدَل بھرا ؛ دَلدَل جیسا ۔

moor, v.t. کشتی ، بحری جہاز ، ہوائی جہاز وغیرہ کو کسی خاص مقام پر رسّوں ، لنگر یا زنجیروں وغیرہ کے ذریعے محدود کرنا یا مضبوطی سے باندھنا ؛ لنگر ڈالنا ؛ مضبوطی سے ایک جگہ روکے رکھنا ۔ (فعل لازم)لنگر انداز ہونا یا رسّوں یا زنجیروں سے بندھنا ؛ بحری جہاز کا اس طرح سے محفوظ ہونا ۔

moorage, n. لنگر گاہ ؛ گھاٹ ؛ لنگر انداز کرنے یا زنجیروں وغیرہ سے جہاز کو باندھنے کی جگہ ؛ گھاٹ محصول ؛ محصول لنگر اندازی ؛ لنگر اندازی کا عمل یا حالت ۔

mooring, n. (جہاز رانی) لنگر انداز کرنے والے کا عمل ؛ لنگر اندازی ۔ (جمع) وہ چیز جس کے ذریعے جہاز کو باندھا جائے ؛ لنگر ؛ وہ جگہ جہاں جہاز باندھا جاتا ہے ؛ لنگر گاہ ؛ گھاٹ ؛ ساحل ۔

Moor, n. مُور ؛ اُس نسل کا فرد جس نے آٹھویں صدی عیسوی میں ہسپانیہ پر حملہ کیا اور اسے فتح کیا ؛ شمالی مغربی افریقہ کا قدیم باشندہ ؛ اس علاقے خصوصاً مراکش میں رہنے والا بربر اور عرب کی مخلُوط نسل ۔

Moorish, a. مُور جیسا ؛ مُور صفت ؛ مُوری ۔ (چھوٹے m سے) دلدَلی ؛ کھادر یا بیہڑ سے متعلّق ۔

moorhen, n. ڈاھُک ؛ آبی مُرغی ؛ مُرغابی ؛ یورپ کی آبی مُرغی ؛ سُرخ بھَٹ تِیتر کی مادہ ۔

moose, n. مُوس ؛ امریکی بارہ سنگا ، جو کینیڈا اور شمالی امریکا کے جنگلی علاقوں میں رہتا ہے ، جس کے نر کے بہت بڑے پنجہ نُما سینگ ہوتے ہیں ؛ اس سے مشابہ نوع جو الاسکا میں پائی جاتی ہے ؛ یورپی سابر ؛ یورپی بارہ سنگا ۔

moot, a. قابل بحث ؛ بحث طلب ؛ قابل مباحثہ ؛ نزاعی ؛ مشکُوک (جیسے : a moot point) ؛ موضوع بحث ؛ ناقابل عمل یا ناقابل تُوجہ ؛ غیر اہم ؛ نظریاتی ۔ (اسم) انگریزوں کے ابتدائی دور کی عوامی مجلس جسے سیاسی ، انتظامی اور عدالتی اختیارات حاصل تھے ؛ دلیل یا مباحثہ ، خاص طور پر فرضی قانونی مقدمے کا ۔ (فعل متعدی) مُباحثے کے لیے پیش کرنا ؛ غیر اہم یا نظریاتی بنانا ۔

mootness, n. مباحثہ ؛ بحث ، بحث پذیری ؛ عدم اہمیّت ۔

moot court, n. فرضی عدالت ؛ وہ عدالت جہاں قانون کے طلبہ کی مشق کے لیے فرضی مقدمات کی سماعت ہوتی ہے ۔

mop, n. گچھے دار جھاڑو ؛ پُچارا ؛ کونچی ؛ ٹانکی ؛ ایک قسم کی جھاڑو جس میں سُوت کا گُچھا یا کوئی دوسرا جاذب مواد ڈنڈے یا دستے سے بندھا ہوتا ہے اور اسے خاص طور پر فرش کو صاف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ گُچھے جیسی کوئی چیز (جیسے : a mop of hair) ۔ (فعل متعدّی) بُہارنا ؛ جھاڑُو دینا ؛ صاف کرنا ؛ گُچھے دار جھاڑو سے صاف کرنا ، جیسے فرش پونچھنا ؛ صفائی کرنا ؛ ٹانکی لگانا ؛ پُچارا پھیرنا ۔

mop, n. بگڑا دہن ؛ بُرا مُنھ ؛ بگڑا چہرہ ؛ برہم چہرہ ؛ چڑچڑا مُنھ ؛ مُضحک شکل ۔ (فعل لازم) مُنھ بگاڑنا ؛ مُنھ چڑانا ۔

mopboard, n. بیس بورڈ–دیکھیے : baseboard ۔

mope, v.i. افسردہ دلی سے کام کرنا ؛ کھویا کھویا رہنا ؛ دلگیر رہنا ؛ لاتعلق رہنا ؛ اپنے آپ میں کھوئے رہنا ۔ (فعل متعدی) افسردہ/دِلگیر کرنا ۔ (اسم) افسُردہ خاطر شخص ؛ دِلگیر (شخص) ؛ مُردہ دل شخص ۔ (جمع) افسُردگی ؛ مُردہ دِلی ۔

moper, n. افسُردہ بنانے والا ۔

mopingly, adv. افسُردگی سے ؛ مردہ دلی سے ۔

mopish, a. افسُردہ ؛ پژمُردہ ؛ دِلگیر ؛ اُداس ۔

mopishly, adv. افسُردگی سے ؛ اُداسی سے ؛ مُردہ دلی سے ۔

mopishness, n. دِلگیری ؛ افسُردگی ؛ مُردہ دِلی ؛ پژ مُردگی ۔

moped, n. موپڈ ؛ دو پہیّوں کی گاڑی جسے حسب ضرورت مشین یا پیڈلوں سے چلایا جا سکتا ہے ۔

moppet, n. بچونگڑا ؛ چھوٹا بچّہ ؛ لڑکا ؛ نوعُمر ۔

mop up, v.t. (بول چال) شکست فاش دینا ؛ حتمی شکست دینا ؛ گھمسان کے رَن کے بعد مکمل طور پر صفایا کرنا ۔ (فعل لازم ، بول چال) کسی کا نام و نِشان مٹانا خصوصاً اس فریق کا جسے فوجی قُوّت سے شکست دی گئی ہو ؛ صفایا کرنا ۔

mop-up, n. (عوامی) ظالمانہ شکست ؛ وحشیانہ شکست ؛ شکست فاش ۔ (بول چال) آخری یا قطعی صفائی جیسے فوجی فتح کے بعد میدان جنگ کی ۔

moquette, n. [فرانسیسی] قماش قالین ، دبیز مخملی کپڑا جس کے قالین ، غالیچے اور کرسیوں ، صوفوں وغیرہ کے گدوں کے غلاف بنائے جاتے ہیں ؛ اُون ، سَن اور کتان جس کے غالیچے بنتے ہیں ۔

mora, n. (عُرُوض) بحر یا وقت کی اکائی جو عام مختصر آواز یا ہجائی رُکن کے مساوی ہوتی ہے ۔

moraceous, a. (حیاتیات) تُوت کے خاندان کے پودے جن میں تُوت ، ثمر نان (bread fruit) ، انجیر ، بھنگ (hemp) ، حشیس الدِّینار (hop) اور ناقابلِ خُوردنی کھٹی نارنگی (Osage orange) شامل ہیں ۔

moraine, n. ثلجی ملبہ ؛ پتھروں ، چٹانوں ، بجری اور دوسرے ملبے کا ڈھیر جو برفانی تودے (گلیشیر) نے جمع کر دیا ہو ۔

morainal, morainic, a. ثلجی ملبے سے متعلق ۔

moral, a. اخلاقی ؛ کردار میں صحیح اور غلط کے اصولوں سے متعلق ؛ اچھے رویے کے معیاروں کو قائم رکھنے کی(تعلیمات)؛اچھے چلن کے اصولوں کے مطابق ؛ جنسی معاملات میں نیک ؛ نیک چلن ؛ شایستہ ؛ ضمیر کے مطابق اخلاقی یا پسندیدہ ؛ صحیح اور غلط میں تمیز کرنے کے لائق ؛ جو ثابت تو نہ ہو لیکن عملی مقاصد کے لیے کافی ہو (جیسے : moral certainty) ؛ ذہن ، جذبات اور رویے کو متاثر کرنے والا (جیسے : a moral victory) ۔ (اسم) کسی کہانی ، تمثیل یا حکایت سے حاصل ہونے والا سبق ؛ اخلاقی نتیجہ ؛ نصیحت ؛ پند ۔ (جمع) اخلاقیات ، زندگی کے اصول اور انداز ؛ دستور حیات ؛ صحیح یا غلط کے بارے میں رویہ خصوصاً جنسی معاملات میں ؛ چال چلن ۔

morally, adv. اخلاقی اعتبار سے ؛ اخلاقاً ؛ اخلاقی طور پر ؛ از رُوئے اخلاق ۔

morale, n. حوصلہ ؛ ہمّت ؛ عزم ؛ ذہنی رویہ ، جیسے سپاہیوں کا جس سے حوصلے ، جوش اور جذبے ، امید اور اعتماد کا اظہار ہو ۔

moral hazard, n. (بیمہ) اخلاقی خدشہ ؛ اخلاقی خطرہ ؛ بیمہ دار کی ممکنہ بد دیانتی پر مبنی بیمہ کمپنی کو خدشہ یا خطرہ ۔

moralism, n. اخلاقیت ؛ اخلاق پسندی ؛ اخلاق سازی ؛ اُصولِ اخلاق ؛ اخلاقی عمل ؛ پند و نصیحت ؛ اخلاقیات کی پیروی ، جو مذہب سے ممتاز ہو ؛ فطری اخلاق ؛ اخلاق کا فطری نظام ؛ مذہب کا تصوُر محض اخلاق کی حیثیت سے ۔

moralist, n. مُعلِّم اخلاق ؛ واعِظ ؛ ناصح ؛ اخلاق کی تعلیم دینے والا شخص ، اخلاقیات کا خطیب یا ادیب ؛ اخلاقیات پر عمل کرنے والا شخص ؛ عامل اخلاق ؛ اخلاق پرست ۔

moralistic, a. ناصحانہ ؛ اخلاق آموز ؛ اخلاق پرستانہ ۔

morality, n. اخلاقیات ؛ خلق ؛ بھلائی ؛ نیکی ؛ حسنِ عمل ؛ اخلاقی صفت یا کردار ؛ اچھے رویے کے اصولوں پر چلنے کی صفت ؛ حسن عمل کا وصف ؛ اخلاقی یا نیک رویہ ؛ عصمت ؛ عفت ؛ پاک دامنی ؛ اخلاق یا اخلاقی اصول و ضوابط ؛ اخلاقی تعلیم ؛ پند و نصائح ؛ اخلاقی سبق یا تصور ؛ اخلاقی گفتگو یا بات چیت ۔

morality play, n. اخلاقی ڈراما ؛ پندرھویں اور سولھویں صدی کا ایک قسم کا تمثیلی ڈراما جس میں اخلاقی خوبیوں اور برائیوں یا دوسرے مجردات کی تجسیم کر کے انہیں کرداروں کی صورت میں پیش کیا جاتا تھا ۔

moralize, v.t., v.i. اخلاقی مفہوم میں وضاحت کرنا ؛ اخلاقی شکل دینا ؛ اخلاقی وصف یا کردار پیدا کرنا ؛ کسی (شے) کو اخلاقی خوبی یا کردار سے متصف کرنا ؛ کسی کی اخلاقی اقدار کو بہتر بنانا ؛ اخلاق سنوارنا ؛ پندونصیحت کرنا ؛ اخلاقی پہلو سے غور کرنا؛ اخلاقی سوچ بچار کرنا ۔

moralization, n. پندونصیحت ؛ اخلاقی تلقین ؛ اخلاقی تفسیر یا تعبیر ؛ اصلاح اخلاق ؛ تہذیب اخلاق ۔

moralizer, n. واعظ ؛ ناصح ؛ اخلاق پسند ؛ اخلاق کی تلقین کرنے والا ؛ اخلاق سنوارنے والا ؛ اصلاح و تہذیب اخلاق کرنے والا ؛ مصلح اخلاق ؛ اخلاقی تعبیر و تفسیر کرنے والا ؛ اخلاقی معانی پہنانے والا ؛ اخلاق ساز ۔

moralizingly, adv. ناصحانہ انداز سے ؛ تہذیب اخلاق کے طور پر ۔

moral philosophy, n. اخلاقیات ؛ فلسفۂ اخلاق ؛ اخلاقی اصول و ضوابط ۔ دیکھیے : ethics ۔

morass, n. دلدل ؛ گلابہ ؛ سیم زدہ ؛ بیہڑ ؛ کھادر ؛ نیچی ، نرم اور گیلی زمین کا ٹکڑا ؛ دھسن ؛ چہلا ۔ (مجازاً) پھنسانے یا تاخیر کرانے والی چیز ؛ باعث تاخیر ؛ الجھن ؛ الجھاؤ ۔

moratorium, n. قانونی مہلت ؛ مقروضوں کو قرض ادا کرنے کی خصوصی قانونی مہلت ؛ ایسی مہلت کی مدت ؛ سرگرمیوں کا عارضی تعطل ۔

moratory, a. (قانون) ادائیگی کی جائز مہلت سے متعلق ؛ ادائیگی میں جائز تاخیر کا مظہر ۔

Moravian, a. موراوی ؛ موراویا ، اس کے باشندوں یا موراوی کلیسا سے متعلق ۔ (اسم) موراویا کا باشندہ ؛ موراویا کی آبادی کی کوئی سی بولی ؛ موراوی بولی ؛ ایک مذہبی فرقہ ، جس کو برادران متحدہ (United Brethren) بھی کہتے ہیں اور جو خود کو جون ہَس (John Huss) سے منسوب کرتا ہے اور انجیل کے اصولوں کا پابند ہے ۔

moray, n. صدری مچھلی ؛ بیٹو بام مچھلی جس کے مساموں جیسے گلپھڑے ہوتے ہیں جس کا تعلق مورائے نی (Muraenidae) خاندان سے ہے ، اس کی ایک قسم بحیرہ روم میں پائی جاتی ہے اور اسے خوردنی مچھلی کی حیثیت سے اہم سمجھا جاتا ہے ، ایک نوع ، جو غرب الہند کے سمندر میں عام ملتی ہے ۔

morbid, a. روگی ؛ بیمار ؛ مریض ؛ افسردہ طبع ؛ علیل ؛ بیماری سے متاثر یا بیماری کی خصوصیات کا حامل (جیسے : morbid tissues, discharges, or symptoms)؛ بیمار اعضا یا حصوں سے متعلق (جیسے : morbid anatomy) ؛ غیر صحت مند دماغی حالت سے متعلق ؛ مریض ذہن کا مظہر یا اس کا اظہار کرنے والا ؛ بہت افسردہ : حساس یا انتہا پسند ۔

morbidly, adv. مریضانہ انداز سے ؛ افسردہ کن طور پر ؛ پژمُردگی سے ۔

morbidness, n. افسردگی ؛ مرض پسندی ؛ حالت بیماری ؛ روگی پن ؛ روگ ؛ بیماری ۔

morbidity, n. سقم ؛ مرض کی حالت ؛ مریضانہ حالت ؛ حالت مرض ؛ روگ ؛ بیماری ؛ پژمردہ دلی ؛ افسردہ دلی ؛ مرض پسندی ؛ مریضانہ صفت ؛ کسی خاص علاقے میں موت ، بیماری یا مرض کا تناسب ۔

mordacious, a. چُبھتا ہوا ؛ طنزیہ ؛ نشتر کا سا ؛ کٹیلا ؛ تیز ؛ دلدوز ۔

mordacity, n. تلخی ؛ خلش ؛ چُبھن ؛ کاٹ ؛ حدّت ؛ تیزی ؛ دلدوزی ۔

mordaciously, adv. طنزاً ؛ چُبھتے ہوئے ۔

mordant, a. سوزندہ ؛ دلدوز ؛ چُبھتا ہوا ؛ تلخ ؛ چرپرا ؛ کاٹنے والا ، جیسے مادّہ ؛ تیز جیسے درد ؛ جلانے والا ؛ سوزش پیدا کرنے والا ؛ کٹیلا/کٹیلی ، جیسے تقریر ، مقرّر یا ظرافت ؛ رنگوں کو پکا کرنے کی خاصیت کا حامل ۔ (اسم) رنگنے والے مادے کو

پکا کرنے کے لیے استعمال ہونے والی چیز، خاص طور پر دھاتی مرکب جیسے کوئی آکسائڈ یا ہائیڈروآکسائڈ جو نامیاتی رنگنے والے مادّے سے مل کر کپڑے میں ناقابل حل رنگین مرکب یا قرمزی رنگ بناتا ہے؛ تیزاب یا کوئی دوسرا گلانے والا مادّہ جو دھات کے پتروں پر نقش و نگار بناتے یا عکس اتارتے وقت بھرائی کو گلانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (فعل متعدی) ایسے مادے سے بھرنا یا ایسا مادہ لگانا۔

mordancy, n. تیزی؛ تلخی؛ سوزش؛ چُبھن۔

mordantly, adv. تیزی سے؛ تلخی سے؛ چبھنے کے انداز میں؛ طنزاً۔

mordent, n. (موسیقی) نغماتی آرایش یا سجاوٹ جو اہم سُر کی، اس سے نصف درجے نیچے واقع سُرتی کے ساتھ، تیز تیز تبدیلی سے پیدا ہوتی ہے: جب ذیلی سُر ایک بار واقع ہو تو اسے اکہرا یا مختصر کہتے ہیں، جب یہ دو بار یا بار بار واقع ہو تو اسے دوہرا یا لمبا کہتے ہیں۔

inverted mordent, موسیقی کی دھن جس میں اصل سُر سے پہلے یہ سُر اور اس سے اونچا سر آتا ہے۔

more, a. زیادہ؛ مزید؛ بیشتر؛ سوا؛ اور؛ پھر؛ اور زیادہ؛ تعداد، مقدار، پیمایش، درجے یا عدد کے اعتبار سے نسبتاً زیادہ؛ اضافی یا مزید۔ (اسم) زیادہ مقدار، تعداد؛ زیادہ اہم چیز؛ مخصوص جماعت کی زیادہ تعداد یا افراد کی زیادہ تعداد۔ (متعلق فعل، much کی تفضیلِ بعض) نسبتاً زیادہ حد یا درجے میں: اس مفہوم میں صفت اور متعلق فعل سے پہلے زیادہ استعمال ہوتا ہے خصوصاً جب کہ یہ دو یا زیادہ ارکان پر مشتمل ہوں؛ تفضیلِ بعض کے جملہ ہائے ناقص بنانے کے لیے (جیسے: more curious, more wisely)؛ بیشتر؛ علاوہ بریں؛ اور آگے؛ پیشتر؛ زیادہ عرصہ؛ دوبارہ۔

more or less, کم و بیش؛ غیر متعین حد یا تعداد تک۔

moreen, n. مورین؛ بھاری اونی یا اون اور سوت کا مخلوط کپڑا، جس پر عموماً ابھرے ہوئے نقش ہوتے ہیں اور پردوں یا ملبوسات وغیرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

morel, n. غذائی کُھمبی؛ ایک قسم کی خُوردنی کُھمبی جس کا تعلّق مورچیلا (Morchella) جنس سے ہے۔

morello, n. سُرخ شاہ دانہ؛ ایک قسم کا شاہ دانہ جو کاشت کیا جاتا ہے، یہ اپنے گہرے سرخ چھلکے اور رس کے لیے ممتاز ہے۔

moreover, adv. مزید برآں؛ علاوہ ازیں؛ علاوہ بریں؛ بھی؛ نیز؛ سوا اس کے۔

mores, n. (جمع) رواج؛ اطوار؛ طور طریقے؛ معاشرتی روایت؛ رسوم، خصوصاً وہ رسوم و رواج جو کسی قوم میں یا معاشرتی جماعت میں رائج ہوں اور جنھیں درست اور لازمی قرار دیا جا چکا ہو۔

Moresque, a. موری؛ موروں کے انداز میں، مثلاً فن تعمیر، آرایش یا نقش کاری وغیرہ۔

Morgan, n. مورگن؛ اعلیٰ نسل کا دلکی چلنے والا امریکی گھوڑا جو اس سانڈ گھوڑے کی نسل سے ہے جس کا مالک ورمنٹ کا جسٹن مورگن (۱۷۴۷ـ۱۷۹۸ء) تھا۔

morganatic, a. بے جوڑ شادی کا؛ ایسی شادی سے متعلق جس میں اونچے درجے کا یا معزز مرد، نچلے درجے کی عورت سے اس شرط پر شادی کرتا ہے کہ وہ عورت اور اس کے بچّے اس کے رتبے یا جائیداد کے حق دار یا دعوی دار نہیں ہوں گے۔

morganatically, adv. بے جوڑ مشروط شادی کے طور پر۔

morganite, n. گُلابی زبرجد؛ گلاب کے رنگ کے یاقُوت کی ایک قسم جو نیم قیمتی نگ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

morgen, n. مورگن؛ تقریباً دو ایکڑ کے برابر زمین ناپنے کا قدیم پیمانــہ جو زمانــہ سابق میں ہالینڈ اور اس کی نوآبادیوں میں استعمال ہوتا تھا، یہ پیمانہ اب بھی جنوبی افریقہ میں زیر استعمال ہے؛ دو تہائی ایکڑ کے برابر پیمانہ جو پرشیا، ناروے اور ڈنمارک میں استعمال ہوتا تھا۔

morgue, n. مُردہ خانہ؛ محافظ خانہ؛ وہ جگہ جہاں لاشیں رکھی جاتی ہیں خصوصاً ان لوگوں کی جو حادثے کا شکار ہوئے ہوں، انھیں یہاں ان کی پہچان یا دفن کرنے تک رکھا جاتا ہے؛ اخبار یا رسالے کے دفتر میں حوالے کی مِسلیں یا کتب خانہ؛ کوئی سا ریکارڈ جو مستقبل میں ممکنہ استعمال کے لیے رکھا گیا ہو؛ کوئی سی جگہ (محافظ خانہ) جہاں ایسا ریکارڈ رکھا جائے۔

moribund, a. مرنے کے قریب؛ قریبِ مَرگ؛ جاں بلب؛ قریب الختم؛ دم توڑنے والا؛ نزع کے عالَم میں؛ موت جیسا؛ بے حرکت؛ غیر فعال حالت میں؛ معدوم ہونے کے قریب؛ قریب الخاتمہ؛ جان لیوا (جیسے: a moribund venture)۔

moribundity, n. جان جوکھم؛ نزع کی حالت؛ موت صفتی۔

morion, n. دھات کا اونچی کلغی والا خَود یا مغفر، جو سولھویں اور سترھویں صدی کے کچھ حصہ میں زیر استعمال تھا۔

morion, n. گار پتھّر کی ایک قسم جو گہرے نسواری یا تقریباً کالے رنگ کا ہوتا ہے۔

Morisco, n. مُور نسل کا فرد، خصوصاً ہسپانوی۔ (صفت) مُوری؛ ہسپانوی موری۔

Mormon, n. مورمن؛ عیسائیوں کے اس فرقے کا پیرو جسے بجا طور پر یسوع مسیح کے مابعد کے بزرگوں کا فرقہ کہا جاتا ہے؛ چوتھی صدی عیسوی کا ایک بزرگ جس نے، مورمن روایات کے مطابق کتاب مورمن (Book of Mormon) تصنیف کی اور جسے جوزف اسمتھ (Joseph Smith) نے ۱۸۳۰ء میں شائع کیا۔ (صفت) مورمنی؛ مورمن لوگوں یا اس فرقے سے متعلق۔

Mormonism, n. مورمنیت؛ مورمن فرقے کا نظریہ یا فلسفہ۔

morn, n. (شاعری) دن کا ابتدائی حصہ؛ صبح؛ سحر؛ فجر؛ تڑکا؛ پگاہ۔

morning, n. دن کا ابتدائی حصّہ؛ صبح؛ سَحَر؛ فجر؛ پگاہ؛ دن کا وہ حصہ جو رات کے بارہ بجے کے بعد سے شروع ہو کر دوپہر کے بارہ بجے تک پھیلا ہوتا ہے۔ (مجازاً) (کسی چیز کا) ابتدائی حصہ، جیسے زندگی کا۔

morning-glory, n. نیلوفر؛ کوئی سا شکر قندیہ پودا خصوصاً جنس امپومیا (Impomoea) جیسے امپومیا پرپریا (I.purpurea)؛ ایک پیچاں پودا جس کے پتے دل کی شکل کے اور پھول قیف نما اور مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں۔

Morning Prayer, n. اینگلیکن گرجے میں ہونے والی صُبح کی عبادت؛ عبادت صبح؛ دعائے صُبح۔

morning sickness, n. صبح کی متلی ؛ صبح کے وقت کا امتلا جو حمل کے ابتدائی مہینوں کی خصوصیات میں شامل ہے ۔

morning star, n. ستارۂ صُبح؛ طُلُوعِ آفتاب سے پہلے مشرق کی جانب نظر آنے والا روشن ستارہ؛ زہرہ؛ صبح کا تارا؛ سُوک؛ اخترِ سحر؛ ناہید ۔

Moro, n. مورو ، جزائر فلپائن کے جنوب میں بسنے والے مسلمان ملاوی؛ ان کی زبان ۔

Moroccan, n. مراکشی باشندہ ؛ مراکش کا رہنے والا؛ شمال مغربی افریقہ کا ایک مُلک ۔ (صفت) مراکشی ۔

morocco, morocco leather, n. مراکش؛ مراکو؛ مراکشی چمڑا ؛ عمدہ لچکیلا اور دانہ دار چمڑا ، جو بکری کی کھال سے مراکش میں بنتا تھا ، اس کی دباغت میں سماق کی چھال استعمال ہوتی تھی ؛ ایک قسم کا عمدہ اور قیمتی چمڑا؛ اس چمڑے سے مشابہ چمڑا ۔

moron, n. طِفل دماغ؛ طِفل مزاج ؛ ذہنی طور پر پس ماندہ بالغ جس کی ذہانت آٹھ سے بارہ برس کے بچّے جتنی ہوتی ہے ۔ (عوامی) بیوقوف یا احمق شخص ۔

moronic, a. احمقانہ ؛ بیوقوفانہ ؛ طفلا ؛ طفلانہ ۔

moronically, adv. طِفلانہ انداز سے ؛ طِفل مزاجی سے ؛ طِفل دماغی سے ۔

moronism, moronity, n. طِفل دماغی ؛ طِفل مزاجی ؛ بیوقوفی ؛ حماقت ۔

morose, a. اکل کھرا ؛ چڑچڑا ؛ زود رنج ؛ روکھا ؛ ترش رو ؛ ترش مزاج ؛ تیکھا ؛ اداس ؛ پژمردہ طبع ۔

morosely, adv. اکل کھرے پن سے ؛ چڑچڑے پن سے ۔

moroseness, morosity, n. اکل کھرا پن ، تیکھا پن ، پژمردگی ؛ چڑچڑا پن ۔

morph, n. (لسانیات) مصرفہ ؛ صوتیہ یا فونیم (phonemes) کی وہ کم سے کم بامعنی ترکیب جسے مزید مفہومی مجموعے میں تقسیم نہ کیا جا سکے ۔

morphallaxis, n. (حیاتیات) دگر شکلیت ؛ ایک طرح کی باز پیدایش جو خلیوں کی تقسیم کی بجائے خلیوں کی تنظیم نو پر انحصار کرتی ہے ۔ بمقابلہ : epimorphosis ۔

morpheme, n. (لسانیات) صرفیہ ؛ زبان کی مختصر ترین بامعنی ساختیاتی اکائی جو ایسے دگر مصرفی مجموعوں پر مشتمل ہو جو معنوی مشابہت اور تقسیم کی قطعی خصوصیات کے حامل ہوں ۔

morphemic, a. صرفیائی ؛ صرفیوں سے متعلق ۔

morphemically, adv. صرفیے کے انداز سے ۔

morphemics, n. صرفیات ؛ الفاظ کی تشکیل اور ساخت میں صرفیائی ترکیب کا مطالعہ ۔

morphia, n. جوہرِ افیون ؛ افیون کا ست ؛ مارفیا ؛ افیون کے ست سے متعلق ۔ دیکھیے : morphine ۔

morphine, morphia, n. (علمِ ادویہ) مارفین ؛ جوہر افیون ؛ مارفیا ؛ افیم کا ست ؛ تلخ قلمی قلیاسا (alkaloid) جو افیم کا سب سے اہم نشہ آور جزو اعظم ہے ، یہ دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ، جو عموماً سلفیٹ اور دوسرے نمکوں کی صورت میں ہوتا ہے ، اسے درد کم کرنے یا نیند لانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

morphinic, a. مارفیائی ، جوہر افیون سے متعلق ۔

morphinism, n. (امراضیات) سمیّتِ مارفیا ؛ مارفیا کی عادت ؛ جوہر افیون کے استعمال کی عادت سے پیدا شدہ مریضانہ کیفیت ۔

morphinomania, n. (امراضیات) خبطِ مارفیا ؛ مارفیا کا خبط یا جنون ؛ جوہرِ افیون کی شدید خواہش جس پر قابو نہ پایا جا سکے ۔

morphinomaniac, n. مارفیا کا خبطی ؛ جوہر افیون کھانے کی شدید خواہش رکھنے والا شخص ؛ مارفیا کا عادی ۔

morphogenesis, n. بروز شکل ؛ بُروزِ عضو ؛ کسی عضویے یا اس کے حصّے کی نشوونما کے دوران صورت یا ساخت میں تبدیلیاں ۔

morphogenetic, morphogenic, a. شکل زائی ؛ بُروزِ عضو سے متعلق ۔

morphology, n. (حیاتیات) شکلیات ؛ صوریات ؛ عِلمِ اشکال الا عضا ، اعضا کے افعال و وظائف سے قطع نظر کرتے ہوئے حیوانات اور نباتات کی شکل اور ساخت کا مطالعہ ۔ (لسانیات) صرفیات ؛ لاحقوں ، اشتقاق اور ترکیب سے متاثّر الفاظ کی شکل ؛ الفاظ کی ساخت کا مطالعہ ۔ (ارضیات) زمین کی سطح کے خصائص کا مطالعہ-نیز : geomarphology ۔

morphologic, morphological, a. شکلیاتی ؛ صوریاتی ؛ مصرفیاتی ۔

morphologically, adv. شکلیاتی ، صوریاتی ، صرفیاتی یا صرفیاتی طریقے سے ۔

morphologist, n. ماہر شکلیات ۔

morphophonemics, n. (لسانیات) مصرفی صوتیات ؛ مصرفوں کے باہمی ترکیب پا کر الفاظ یا ان سے بڑے ساختیاں بننے کے دوران صوتیاتی تبدیلیوں اور تغیُّرات کا عِلم ۔

morris, morris dance, n. موِرس ؛ ایک لوک ناچ جو زمانہ سابق میں انگلستان میں مقبول تھا خصُوصاً مئی کے کھیلوں (May games) میں ، جن میں اداکار مختلف لوک کہانیوں کے کرداروں کا لباس پہنتے تھے ۔

Morris chair, n. مورس کُرسی ؛ بازوؤں والی آرام کرسی جس کی پشت آگے پیچھے کی جا سکتی ہے اور گدے ہٹائے جا سکتے ہیں ۔

morro, n. گول ٹیلا یا پہاڑی ۔

morrow, n. آنے والا کل؛ آنے والا دن ؛ کل ؛ آج سے دُوسرا دن ؛ آج سے اگلا دن ؛ فردا ؛ آج کے بعد یا کسی اور خاص دن کے بعد آنے والا دِن ۔

Morse code, n. [امریکی موجد ایس ۔ ایف ۔ بی ۔ مورس (۱۷۹۱ء تا ۱۸۷۲ء) کا بنایا ہوا تار برقی ضابطہ] مورس کا ضابطہ ؛ فرہنگِ مورس ؛ نُقطوں ، فصلوں ، وقفوں (dashes) یا ان کے مماثل آوازوں یا اشاروں کا نظام جو تار برقی یا اشاراتی پیغام رسانی میں استعمال ہوتا ہے ، یہ حروف ابجد یا اعداد کی نمائندگی کرتا ہے ۔

morsel, n. لُقمہ ؛ نوالہ ؛ ٹکڑا ؛ خوراک کا چھوٹا ٹکڑا یا حصہ ؛ جزو ؛ کسی بھی چیز کا چھوٹا ٹکڑا ۔ (فعل متعدی) چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بانٹنا ۔

mort, n. (شکاریات) نرسنگے کی آواز جس سے شکار کی موت کا اعلان ہوتا ہے ۔ (برطانوی بولی) بہت بڑی مقدار ۔

mortal, a. فانی ؛ فنا پذیر جیسے انسان ؛ مہلک ؛ موت کا باعث ؛ ہلاکت خیز ؛ موت کا (جیسے : mortal pain) ؛ انتہائی ؛ سنگین ؛ انسانی ؛ انسان کی بے ثباتی سے متعلّق ۔ (بول چال) قابل فہم یا قابلِ تصوُّر ۔ (الہیات) روحانی موت یا خدائی تعزیر کا حکمً ؛ جو معمولی نہ ہو ؛ کبیرہ (جیسے : mortal sin) ۔ (بول چال) طویل اور اکتا دینے والا (جیسے : ten mortal hours) ۔ (اسم) فانی مخلوق ؛ قابل فنا وجود ؛ انسان ۔

mortally, adv. مہلک طور پر؛ فانی طور پر؛ شدت سے ؛ کاری ؛ کارگر ؛ جانی ؛ نہایت ؛ بہ شدت ۔

mortality, n. فناپذیری ؛ فانی ہونے کی حالت ؛ کثرت اموات ؛ آبادی کے تناسب سے اموات کی تعداد ؛ شرح اموات ؛ جنگوں ، وباؤں یا دوسرے امراض کے باعث بڑی تعداد میں اموات ؛ مرگ عام ؛ مری ؛ انسانیت ؛ نسل انسانی ۔

mortality table, n. جدولِ اموات ؛ نقشۂ اموات ؛ بیمہ کمپنیوں کی طرف سے تالیف کردہ شماریات کی جدول جس میں خاص عمر یا آبادی کے گروہوں کے افراد کی اوسط متوقع عمر دکھائی گئی ہو ، عموماً چند سال کے بعد ایسی جدول مرتب کی جاتی ہے ۔

mortal mind, n. (مسیحی عُلوم) فانی ذہن ؛ یہ نظریہ کہ زندگی اور ذہانت مادے سے ماخوذ اور اس پر منحصر ہے ۔

mortar, n. ہاون دستہ ؛ کھرل ؛ کونڈی ؛ اوکھلی ؛ سخت مادّے سے بنا ہوا جام نُما کھوکھلا ظرف جس میں ڈنڈے یا دستے کے ذریعے دوائیں کوٹ کر سفوف بنایا جاتا ہے ؛ کوئی سا میکانی آلہ جس میں چیزوں کو کوٹا اور پیسا جائے ؛ ایسی توپ جو نالی کی نسبت چھوٹی ہو تا کہ اونچے زاویوں پر گولے پھینکے جا سکیں ؛ اسی قسم کا کوئی آلہ مثلاً آتشبازی کے گولے پھینکنے کا آلہ ۔

mortar, n. مسالا ؛ گچ ؛ چُونے یا سیمنٹ میں ریت اور پانی ملا کر بنایا ہوا مرکب جو اینٹوں یا پتھروں کو چننے یا جوڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چونے یا مسالے کے ذریعہ جوڑنا ۔

mortarboard, n. تختہ ؛ چُونا یا مسالا رکھنے کا تختہ ؛ تختہ عموماً مربع جسے راج، چونے وغیرہ کا مرکب رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ (مجازاً) ایسی ٹوپی جس کے سخت مربع کپڑے سے منڈھے ہوئے چندوے پر جھالر یا پھندنا لگا ہوتا ہے جو ہائی اسکول اور کالج کی مشقوں کے آغاز میں پہنی جاتی ہے ۔

mortgage, n. (قانون) رہن ؛ گرو ؛ قرض دینے والے کو قرض کی واپسی کی ضمانت کے طور پر جائیداد کا عارضی انتقال ؛ دستاویز ، جس کے ذریعہ ایسا انتقال کیا جائے ؛ رہن نامہ ؛ حقوق جو اس طرح دیے جائیں یا اس جائیداد کی حیثیت جو اس طرح منتقل کی جائے ۔ (فعل متعدی) گروی رکھنا ؛ مکفول کرنا ؛ رہن کرنا (جیسے : to mortgage land) ۔ (مجازاً) عہد کرنا ؛ رہن رکھنا (جیسے : to mortgapge one's future for a present advantage) ۔

mortgagee, n. گروی دار ؛ مرتہن ؛ جس کے پاس رہن ہو ۔

mortgager, mortgagor, n. راہن ؛ رہن کرنے والا ۔

mortice, n., v.t. دیکھیے : mortise ۔

mortician, n. تابُوت بردار ؛ وہ شخص جس کا پیشہ تجہیز و تکفین کا بندوبست کرنا ہوتا ہے ۔

mortification, n. نفس کُشی ؛ ریاضت ؛ زہد ؛ زُہد اور پرہیزگاری کے ذریعے جذبات اور خواہشوں کی تخفیف ؛ ذلت ؛ شرم ؛ خفت ؛ باعثِ شرم ۔ (امراضیات) زندہ نامیاتی جسم کے کسی حصہ کی موت یا خرابی ؛ فسادِ عضو ؛ کوڑھ ۔

mortify, v.t. نفس کُشی کرنا ؛ زُہد و ریاضت سے جذبات کو تابع کرنا ؛ شرمندہ کرنا ؛ شرمسار کرنا ؛ ذلیل کرنا ۔ (امراضیات) سڑانا ؛ گلانا ۔ (فعل لازم) ریاضت کرنا ؛ مجاہدہ کرنا ؛ ضبطِ نفس کرنا ۔ (امراضیات) سڑنا ؛ گلنا ۔

mortise, mortice, n., v.t. سال ؛ کسی دھات یا لکڑی وغیرہ میں سوراخ تا کہ اس میں دوسری لکڑی وغیرہ کی چول لگا کر باہم جوڑا جا سکے ؛ چھید ؛ سوراخ ؛ گھر ؛ خانہ ؛ سالنا ؛ چھیدنا ؛ چول بٹھانا ؛ جوڑنا ۔

mortmain, n. (قانون) مذہبی جماعت کا کسی زمین یا جائیداد پر ناقابل انتقال دائمی قبضہ ؛ (زمین وغیرہ پر) دائمی قبضہ خاص طور پر کسی خیراتی ادارے کا ۔

mortuary, n. لاش گھر ؛ مُردہ خانہ ؛ وہ جگہ جہاں لاشیں کچھ عرصے کے لیے رکھی جاتی ہیں ؛ جنازگاہ ۔ (صفت) مردوں کو دفنانے سے متعلق ؛ تدفینی ۔

morula, n. (جنین) مورُولا ؛ تُوتہ ؛ انفلاق کے مرحلے میں خلیے یا بیضے کی تقسیم کے ذریعہ پیدا ہونے والا ؛ خلیوں کی کمیت ۔

morular, a. توتوی ؛ مورُولا سے متعلق ۔

morulation, n. توتیت ؛ خلیے کی تقسیم کے ذریعے خلیوں کی کمیت کی پیدایش ۔

mosaic, n. پچی کاری ؛ موزیک ؛ ایک طرح کی فنکارانہ ترکیب جس میں سیمنٹ کے مسالے میں رنگا رنگ روغنی مٹی شیشوں ، قیمتی پتھروں کے ٹکڑوں کو بچھا کر ان سے نقش یا تصویر بنائی جاتی ہے ؛ کوئی ایسی چیز تخلیق کرنے کا عمل ؛ پچی کاری سے مشابہ کوئی ترتیب یا نمونہ ۔ (عکاسی) قطعہ ہائے اراضی کی ہوائی تصویروں کا سلسلہ جسے اس طرح جوڑا جائے کہ ایک مکمل تصویر دکھائی دے ۔ (فن تعمیر) عمارت کے نقوش اور مختلف حصوں کی باقاعدہ نمونہ سازی ۔ (نباتیات) وائرس سے پیدا شدہ بیماری جس میں پتوں پر سبز اور زرد آبلے سے نکل آتے ہیں ۔ (ٹی وی) ٹیلی وژن کیمرے کی نال کا وہ حصہ جس پرننھی ننھی عکس حساس (photosensitive) گولیوں کی تہ جمائی جاتی ہے تا کہ برقی چارج پیدا ہو سکے ۔ (صفت) پچی کاری سے متعلق ، مشابہ ؛ پچی کارانہ ۔ (فعل لازم) پچی کاری وغیرہ کرنا ۔

mosaically, adv. پچی کاری وغیرہ کے انداز سے ؛ بذریعہ پچی کاری ۔

mosaicist, n. پچی کاری وغیرہ کا ماہر یا کاریگر ؛ پچی کار ۔

Mosaic, a. موسوی ؛ حضرت موسیٰ سے متعلق ؛ موسوی تحریروں یا شریعت سے متعلق ۔

mosaic gold, n. زرپچی کاری ؛ طلائی ملمع ؛ جست اور تانبے کا بھرت جو تصویروں وغیرہ کی ملمع سازی میں رنگ کے طور پر کام آتا ہے ؛ مصنوعی سونا ؛ نقلی سونا ۔ (کیمیا) اسٹینک سلفائڈ ۔

Mosaic Law, n. توریت ؛ شریعت موسوی ؛ شرعِ مُوسوی ؛

مُوسوی شریعت ؛ یہودیوں کے شہری ، اخلاقی اور مذہبی قوانین جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو عطا کیے تھے اور جو تورات کی پہلی پانچ کتابوں میں شامل ہیں۔

Moselle, n. موزیل ؛ ہلکی سفید فرانسیسی یا جرمن شراب جو دریائے موزیل کی وادی میں تیار ہوتی ہے۔

mosey, v.i. (عوامی) حرکت کرنا یا ساتھ ساتھ چلنا یا دور جانا ؛ ٹہلنا ؛ چہل قدمی کرنا (جیسے : to mosey along) ۔

Moslem, Muslim, Muslem, n. مسلم ؛ مسلمان ؛ مذہب اسلام کا پیرو۔ (صفت) اسلامی رُسُوم و رواج ، قوانین اور مذہب کا یا اس سے متعلق ؛ اسلامی۔

mosque, n. مسجد ؛ مسلمانوں کی عبادت گاہ۔

mosquito, n. مچھر ؛ پشہ ؛ بعوضیہ خاندان کا دو بازوؤں والا پتنگا ، جس کی مادہ کا لمبا ڈنک ہوتا ہے جس کے ذریعے وہ جانوروں بشمول انسانوں کی جلد میں سوراخ کر کے خون چوستی ہے ، اس کی بعض اقسام کے کاٹنے سے ملیریا ، موسمی اور زرد بخار ہو جاتا ہے۔

mosquitoey, a. مچھر کا ؛ بعوضیہ ؛ پشی۔

mosquito hawk, n. (بولی) سنجاقک ؛ کابلی مکھی۔

mosquito net, n. مچھر دانی ؛ مچھروں کو دور رکھنے کے لیے جالی دار پردہ۔

moss, n. کائی ؛ اُشنہ ؛ سوار ؛ نم گیاہ ؛ جنس اسنات کا چھوٹا سادہ کائی کا پودا ، جو ایسا گھنا اُگتا ہے کہ زمین ، چٹانوں یا درختوں کی چھال پر سبزے کا فرش بنا دیتا ہے ، اس کی ڈنڈی تنے جیسی اور ساختمان پتے جیسے ہوتے ہیں ، اس میں رگ دار بافتیں پھول اور بیج نہیں ہوتے۔ (فعل متعدی) کائی سے ڈھانپنا ؛ کائی اگانا۔

mosslike, mossy, a. کائی جیسا ؛ کائی دار ؛ کائی لگا ہوا ؛ کائی والا ، کائی کا ۔ اُشنی ؛ اشنہ نما ؛ اُشنہ دار۔

mossback, n. سبز کچھوا ؛ بہت بوڑھا کچھوا جس کی پشت پر کائی سی جمی ہوتی ہے ؛ ایک بوڑھی مچھلی جس پر ایسی ہی کائی جیسی روئیدگی ہو ؛ جنگلی بیل یا گائے ۔ (مجازاً) بہت ہی قدامت پسند شخص۔

moss-grown, a. کائی بھرا ؛ کائی سے پٹا ہوا ؛ جس پر بہت زیادہ کائی اُگی ہو ؛ قدیم ؛ پرانا۔

moss pink, n. گُل شعلہ ؛ مشرقی امریکا کا گُلِ شعلہ جس کے بھڑکیلے گلابی ، کاسنی یا سفید پھول ہوتے ہیں۔

most, a. (many اور much کی غیر قیاسی تفضیلِ کُل) سب سے زیادہ ؛ زیادہ سے زیادہ ؛ کثیر ؛ نہایت ؛ کسی بھی اعتبار سے سب سے بڑا ؛ سب سے زیادہ ، تعداد ، مقدار ، حجم یا وسعت ؛ اکثریت کے مترادف (جیسے : most people) ۔ (متعلق فعل) سب سے زیادہ یا اونچے درجے ، مقدار ، تعداد یا وسعت میں ، اکثر صفات یا متعلقات فعل سے پہلے ، تفضیلِ کُل ، بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ بہت (جیسے : most kind) ۔ (بول چال) تقریباً ۔ (اسم ، ترکیب کے اعتبار سے جمع) سب سے زیادہ تعداد ؛ اکثریت ؛ سب سے زیادہ مقدار ، درجہ یا فائدہ۔

at most, at the most, زیادہ سے زیادہ۔

for the most part, زیادہ تر۔

make the most, زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا ؛ پُوری طرح استعمال کرنا۔

the most, (بول چال) سب سے زیادہ ؛ سب سے بڑا ؛ بہترین۔

mostly, adv. زیادہ تر ؛ اکثر ؛ عموماً ؛ بیشتر۔

Most Reverend, n. نہایت قابلِ احترام ؛ تقدُس مآب ؛ عیسائی مذہبی رہنماؤں خصوصاً بشپ یا آرک بشپ کو مخاطب کرنے کا اخلاقی خطاب۔

mot, n. دانشمندانہ کہاوت ؛ مقولہ ؛ اصولِ عمل۔

mote, n. ذرہ ؛ خاک کا ذرّہ ؛ دھبّا ؛ رنگین نشان۔

motel, motor court, tourist court, n. موٹل ؛ قیام گاہ ، خصوصاً وہ جو موٹر گاڑی والوں کے لیے ہو ، جس کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ انفرادی اقامت گاہوں کے لیے الگ دروازہ اور قریب ہی گاڑیوں کے لیے احاطہ ہوتا ہے۔

motet, n. (موسیقی) مذہبی گیت ؛ بھجن ؛ مذہبی گیت جو کئی افراد گاتے ہیں اور عموماً بغیر ساز کے ہوتا ہے۔

moth, n. کیڑا ؛ پروانہ ؛ پتنگا ؛ سُوس ؛ پروانوں یا تتلیوں کی قسم کا حشرہ خصوصاً شبینہ ، جس کا پھل روپ ، کپڑوں ، پارچہ جات ، پوست اور سبزیوں وغیرہ کو کھاتا اور اپنے مضبوط جسم ، چھوٹے پروں اور کم رنگین ہیئت کی وجہ سے تتلی سے ممتاز ہوتا ہے ؛ جنس بیدان کا کپڑے چٹ کرنے والا پتنگا۔

mothball, n. کافوری گولی ؛ کافور یا نفتالین کی چھوٹی سی گولی جو کپڑوں کو کیڑوں سے بچانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

moth-ball, a. (عسکری) محفوظ گوداموں یا ذخیرہ گاہوں میں رکھے ہوئے جیسے بحری جہاز ، ہوائی جہاز اور ٹینک وغیرہ۔ (فعل متعدی) گودام میں رکھنا۔

moth eaten, a. کیڑوں کھایا ہوا ؛ کیڑے چاٹا ؛ کرم خُوردہ ؛ گھسا پِسا ؛ فرسودہ ؛ بوسیدہ۔

mother, n. ماں ؛ ماتا ؛ مادر ؛ والدہ ؛ اُم ؛ مائی ؛ بچے کو جنم دینے والی ؛ نزدیک ترین بزرگ خاتون ؛ جدہ۔ (بول چال) ساس ؛ خوشدامن ؛ سوتیلی ماں ؛ مُنہ بولی ماں۔ (مجازاً) جو چیز کسی کو جنم دے یا کسی کی حفاظت کرے (جیسے : necessity, the mother of invention) ؛ وہ عورت جس کو ماں سمجھا جائے ؛ جو ماں کا اختیار استعمال کرے ؛ زنانہ مذہبی جماعت کی سربراہ ؛ بوڑھی عورتوں کو مخاطب کرنے کی اصطلاح ؛ ماں سے مخصوص اوصاف۔ (صفت) خلقی ؛ مادری ؛ دیسی ؛ اصلی ؛ ذاتی ؛ جبلی ؛ مادرانہ ؛ ماں ہونے کی حیثیت (جیسے : a mother bird) ؛ ماں جیسا تعلق رکھنے والی (جیسے : a mother plant or cell) ؛ ماں سے متعلق یا اس کی خصوصیات کی حامل (جیسے : mother love) ؛ اپنی ماں سے حاصل کردہ (جیسے : mother tongue یا mother wit) ۔ (فعل متعدی) (کسی کی) ماں بننا ؛ ماں ہونا ، جنم دینا ؛ جننا ؛ پیدا کرنا ؛ ماں کی طرح دیکھ بھال کرنا یا حفاظت کرنا ؛ کسی کی ماں ہونے کا اقرار کرنا ؛ (کسی تصنیف) کے مصنف ہونے کا اقرار کرنا ؛ کسی کو اپنا سمجھنا ؛ ماں مہیا کرنا ، دیکھ بھال والی مہیا کرنا۔

motherless, a. بے ماں کا ؛ بن ماں کا ؛ مسکین ؛

بے مادَر ؛ بے کس ؛ یسیر۔

motherlessness, n. یا بے ماں کا ہونے کی حالت ؛ یسیری ؛ مسکینی ؛ بِن ماں پن ۔

mother, n. سِرکے کی پھپھوندی ؛ جراثیم پر مشتمل دبیز تہ جو خمیر ہونے والے سیّال پر جم جاتی ہے اور خمیر اُٹھاتی ہے ، خاص طور پر شراب یا شراب سیب کو سرکہ بناتے وقت ۔

mothery, a. پھپھوندی لگا ؛ غلیظ ؛ گاڑھا ؛ کثیف ۔

Mother Cary's chicken, n. جَل پَر ؛ بحری کُلنگ ؛ طیر طوفان ؛ ایک قسم کا چھوٹا بحری پرندہ ۔

motherhood, n. امومت ؛ مادریت ؛ ممتا ؛ ماں پن ؛ مامتا ؛ امویّت ؛ ماں ہونے کی حالت ، ماں کی خصوصیت یا جذبہ ؛ ماں بحیثیت مجموعی ۔

mother house, n. عیسائی خانقاہ ، جہاں اس مذہبی فرقے کی مادرِ عالیہ (mother superior) رہتی ہے ؛ مذہبی سماج میں تعمیر کی جانے والی سب سے پہلی عیسائی خانقاہ ۔

Mother Hubbard, n. (بوڑھی عورت کا فرضی نام جو لوریوں میں آتا ہے) ایک قسم کا عورتوں کا پورا ڈھیلا لبادہ ۔

mother-in-law, n. ساس ؛ خوشدامن ؛ بیوی یا خاوند کی ماں ۔

motherland, n. مادرِ وطن ؛ اپنا مُلک ؛ جنم بھوم ؛ زاد بھُوم ؛ آباؤ احداد کا وطن ۔

motherly, a. مادرانہ ماں سے متعلق : ماں کے لیے مناسب ؛ ماں کی طرح ؛ مشفقانہ ۔ (متعلق فعل) مادرانہ طور بر ؛ مشفقانہ نداز سے ۔

motherliness, n. مادریت ؛ ماں کی سی شفقت اور محبت ؛ ممتا ۔

mother-of pearl n سدی سب صدف . قزح رنگ سخت ما ہ جو بعض خولوں کی اندروںی سطح پر بطور تہ جما ہوتا ہے مثلاً وتی کے صدفہ کی ۔ (صفت) صدفی سیپی کا . سیپ کا ۔

Mother's Day, n. یوم مادر . ماؤں کے احترام یا یاد مس منایا جانے والا دن ، جو امریکا میں ہر سال مئی کے دوسرے اتوار کو منایا جاتا ہے ۔

mother tongue, n. مادری زبان ؛ اپنی دیسی زبان ؛ اُمُ الاسنہ ؛ وہ زبان جو دوسری زبانوں کی ماخذ ہو ۔

motif, n. بنیادی خیال یا تصور ؛ مدعائے اصلی ؛ مرکزی تصوُّر یا خیال : مقصُود علیہ ، موسیقی کی دُھن میں وہ حصہ یا تصور جو بار بار مختلف صورتوں میں لایا جاتا ہے ؛ وہ بنیادی خیال جسے فنکار یا ادیب نے ظاہر کرنے کی کوشش کی ہو . کسی قسم کا مرکزی اور بار بار آنے والا خیال یا تصور ، بار بار دہرایا جانے والا ڈیزائن جیسے بیل فیتے وغیرہ پر ہوتا ہے ۔

motile, a. (حیاتیات) از خود متحرک یا حرکت ے کے قابل ؛ کت پذیر (جیسے : motile cells or ore)۔ (اسم) (نفسیات) حرکیہ : ہ حس کے ذہن میں حرکتی تصورات غالب یا خصوصی طور پر واضح ہوں ۔

motility, n. حرکت پذیری ، حرکیت ؛ قدرت حرکت ۔

motion, n. حرکت ؛ جنبش ؛ تحریک ؛ جگہ یا رخ بدلنے یا حرکت کا عمل ؛ حرکت یا نقل و حرکت ؛ حرکت کی قُوّت جیسے جسم کی ؛ حرکت کا انداز ؛ عمل ؛ سرگرمی یا مؤثر عمل درآمد (جیسے : to set a plan in motion)؛ داخلی تشویق ، ترنگ یا رجحان (جیسے : undertaken of his own motion)؛ سوچ بچار کرنے والی مجلس میں رسمی طور پر پیش کی جانے والی تجویز یا سُجھاؤ (جیسے : a motion to adjourn) ؛ تحریک التوا ۔ (موسیقی) نغماتی ارتقاء جیسے آواز کے کسی حصے کا ایک زیر و بم سے دوسرے میں بدلنا ؛ استھان یا سپتک کی تبدیلی ۔ (قانون) کوئی حکم یا فیصلہ صادر کرنے کے لیے منصف کو پیش کی جانے والی درخواست ۔ (میکانیات) کوئی خاص حرکت یا کام کرنے والی مشینری ۔ (فعل لازم و متعدی) کسی واضح اشارے یا حرکت کے ذریعے ہدایت دینا ؛ اشارہ کرنا ؛ ہلانا ؛ اشارے سے کہنا ؛ کوئی معنی خیز حرکت کرنا ۔

motional, a. تحریکی ؛ حرکی ؛ حرکت کا ؛ حرکتی ۔

motionless, a. بے حرکت ؛ بے جُنبش ؛ بے حِسّ و حرکت ؛ ساکن ؛ جامد ؛ غیر مُتحرّک ؛ نچلا ۔

motionlessness, n. بے حرکتی ؛ سکُون ؛ جمود ؛ نچلا پن ۔

motion picture, n. متحرک فلم ؛ متحرک تصویر ؛ عکسی تصویروں کا سلسلہ جو شفاف فلم کے فیتے پر چھپی ہوتی ہیں اور عام طور پر روشنی کے ذریعے تیز رفتاری سے پردے پر منعکس کی جاتی ہیں جس سے اس چیز کے متحرک ہونے کا دھوکا ہوتا ہے جس کی یہ تصویر ہو ؛ ڈراما ، اداکاری یا واقعہ یا مظاہرہ جسے اس طریقے سے پیش کیا جائے ۔ (جمع) متحرک فلم کی تخلیق ، پیشکش یا کاروبار ۔

motion-picture, a. متحرک فلم کا یا اس سے متعلق ۔

motion-picture theater, سینما ۔

motion sickness, n. بے چینی ، ماندگی ، بے آرامی جس میں اکثر سر چکرانے لگتا اور متلی ہونے لگتی ہے اور جو بعض لوگوں کو متحرک گاڑی میں بیٹھنے سے ہوتی ہے ۔

motivate, v.t. تحریک دینا ؛ سبب یا باعث ہونا ؛ تشویق دلانا مجبور کرنا ؛ ترغیب دینا ۔

motivation, n. سبب ؛ باعث ؛ تشویق ؛ تحریک ؛ ترغیب ؛ انگیزش ۔

motivational, a. تشویقی ؛ تحریکی ؛ ترغیبی ۔

motivative, a. تحریک دلانے والا ؛ مُحرّک ؛ تحریک انگیز ۔

motive, n. محرک ؛ وجہِ تحریک ؛ باعثِ حرکت ؛ منشا ؛ غرض ؛ مراد ؛ نیت ؛ جو چیز عمل کو انگیخت دے ؛ جو چیز انتخاب کا تعین کرے یا ارادے کو تحریک دے ؛ مقصد ؛ مدعا ؛ ترغیب ؛ موسیقی کے فن پارے کا موضوع ؛ فن کار کے ذہن پر چھایا ہوا خیال یا تصور یا مدعا (صفت) محرک : عمل انگیز : مقصدی ۔ (فعل متعدی) وجہ تحریک مہیا کرنا ؛ مقصد دینا ؛ اکسانا ؛ انگیختہ کرنا ؛ موضوع یا جاری تصوُّر سے متعلّق کرنا ۔

motive power, n. تحریکی قُوّت ، قُوّت محرکہ : محرک ؛ کوئی طاقت یا قوت جو حرکت یا جنبش پیدا کرے یا میکانی توانائی کو منتقل کرے ۔ (ریلوے) ریلوے کے انجن ۔

motivity, n. حرکت انگیزی حرکت دینے یا کرنے کی صلاحیت ؛ قُوّت محرکہ ؛ حرکت پیدا کرنے کی قابلیت ۔

mot juste, n. بالکل صحیح لفظ ؛ نہایت موزوں اظہار ؛ مکمل اظہار ؛ کامل اظہار ۔

motley, a. کئی رنگوں والا ؛ پچ رنگ ؛ ہمہ رنگ ؛ بوقلموں ؛ رنگ برنگ ، گونا گوں ؛ رنگا رنگ ؛ مختلف اللون ، پچ میل ؛ مختلف

العناصر ؛ مخلوط ؛ کئی رنگوں کے لباس میں ملبوس ؛ معجون مرکب ؛ چوں چوں کا مربا ؛ گڈ مڈ ؛ خلط ملط ۔ (اسم) مخلوط ،اکثر مختلف العناصر مجموعہ ؛ کئی رنگوں والا لباس،خاص طور پر جو مسخرے پہنتے ہیں ؛ کئی رنگوں والا اونی انگریزی کپڑا جو چودھویں سے سترھویں صدی تک پہنا جاتا تھا۔

motocross, n. دشوار موٹر سائیکل دوڑ۔

motoneuron, n. (تشریح الاعضا، فعلیات) محرکِ عصبانیہ ؛ عصبانیہ جو غدود یا عضلے کے عمل کو تحریک دیتا یا اسے ظاہر کرتا ہے ۔

motor, n. موٹر ؛ حرکت دینے والا ؛ تحریک دینے والی چیز ؛ بنیادی محرک جیسے بھاپ کا انجن جو قدرتی ذریعے سے توانائی حاصل کرتا اور اس میں اصلاح کرتا ہے تا کہ اسے مشینری چلانے کے کام میں لایا جا سکے ؛ مبراق (dynamo) جیسی مشین جو برقی توانائی کو گردشی حرکت میں تبدیل کرتی ہو ؛ مقابلتہً چھوٹا مگر طاقتور انجن خاص طور پر گاڑی ، موٹر کشتی وغیرہ میں لگا ہوا دروں احتراقی انجن ؛ موٹر کار۔ (صفت) حرکت دینے والی ، محرک ؛ موٹر کی یا اس سے متعلق ؛ موٹر سے چلنے والی۔ (فعلیات) کسی خواہش کو منتقل کرنے والا جو حرکت کا باعث بنے یا باعث بننے پر مائل ہو ، جیسے عصب ؛ ایسے اعصاب کا یا ان سے متعلق ۔ (نفسیات) عمل کے شعور سے متعلق یا اس میں ملوث (جیسے : motor images) ۔ (فعل لازم) موٹر کار وغیرہ چلانا ، اس میں سواری کرنا یا سفر کرنا ۔ (فعل متعدی) موٹر گاڑی میں پہنچانا ۔

motor area, n. (فعلیات) دماغ کا وہ حِصّہ جہاں ہیکلی عضلات کی حرکت کے ہیجانوں کی ابتدا ہوتی ہے اور وہ اعصابی نظام کے زیریں مراکز تک پہنچائے جاتے ہیں ۔

motorbike, n. موٹر سائیکل ؛ موٹر سے چلنے والی بائیسکل ؛ چھوٹی ، ہلکی موٹر سائیکل ۔

motorboat, power boat, n. موٹر کشتی ؛ خود کار کَشتی ؛ دروں احتراقی انجن یا برقی موٹر سے چلنے والی کشتی ۔

motorbus, motor coach, n. موٹر بس ؛ بس ؛ موٹر کوچ ؛ لاری ؛ عوامی مسافر گاڑی جو دروں احتراقی یا ڈیزل انجن یا کسی دوسری محرک توانائی سے چلتی ہو۔

motorcade, n. موٹرکاروں یا موٹر گاڑیوں کا عوامی جلوس ۔

motor car, motorcar, n. موٹر کار ؛ کار ۔ (ریلوے) ریل کار ؛ مسافروں یا سامان لے جانے والی گاڑی یا ڈبہ جس میں اپنا انجن لگا ہو ۔

motor court, n. دیکھیے : Motel ۔

motorcycle, n. موٹر سائیکل ؛ دو پہیوں والی گاڑی جو دروں احتراقی انجن سے چلتی ہے جس پر ایک یا دو افراد کے لیے نشست ہوتی ہے اور بعض اوقات اس کے ایک طرف زائد شخص ، افراد یا سامان کے لیے گاڑی لگی ہوتی ہے ۔ (فعل لازم) موٹر سائیکل چلانا ۔

motorcyclist, n. موٹر سائیکل چلانے والا ؛ موٹر سائیکل سوار ۔

motordrome, n. گھرا ہوا گول راستہ جہاں موٹر سائیکلوں یا موٹر گاڑیوں کی آزمایش کی جاتی ہے یا دوڑ لگائی جاتی ہے ۔

motor hotel, n. موٹر ہوٹل ؛ تجارتی علاقے میں واقع موٹل جس میں ہوٹل کی سہولتوں کے علاوہ گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ بھی ہوتی ہے ۔

motoring, n. موٹر گاڑی چلانا یا اس کی سواری خاص طور پر تفریح کے لیے ۔

motorist, n. موٹر گاڑی چلانے والا ؛ موٹر سوار ۔

motorize, v.t. موٹر یا موٹر سے چلنے والے آلات لگانا ۔

motorization, n. موٹر مہیا کرنے کا عمل ۔

motorman, n. برقی موٹر سے چلنے والی گاڑی ، مثلاً اسٹریٹ کار (ٹرام) ، زیر زمین ریل گاڑی یا بجلی سے چلنے والی ریل گاڑی چلانے والا ؛ موٹرران ۔

motor pool, n. فوج ، کمپنی یا سرکاری ادارے کی ملکیت میں بہت سی گاڑیاں جو حسب طلب عملے کے استعمال کے لیے موجود رہتی ہیں ؛ سواری خانہ ۔

motor scooter, n. موٹر اسکوٹر ؛ اسکوٹر جیسی گاڑی جس کے عموماً دو پہیے ہوتے ہیں جو ایک پست قدم تختے کے ذریعے ایک دوسرے سے الگ ہوتے ہیں ، اس میں موٹر لگی ہوتی ہے اور ڈرائیور کے لیے نشست ہوتی ہے ۔

motor truck, n. دیکھیے : truck --

motor vehicle, n. موٹر گاڑی ، کوئی گاڑی جس میں موٹر اور سڑک پر چلنے کے لیے ربڑ کے پہیے لگے ہوں ۔

mottle, v.t. رنگ برنگی بندکیاں یا دھبّے لگا کر تنوّع پیدا کرنا ۔ (اسم) تنوّع پیدا کرنے والا دھبّا یا رنگ ؛ رنگوں کا متنوّع نمونہ ۔

mottled, a. رنگین بندکیوں یا دھبّوں والا ۔

mottler, n. رنگین بندکیاں یا دھبّے بنانے والا ۔

mottling, n. رنگین بندکیاں یا دھبے لگانے کا عمل ۔

mottled enamel, n. (دندان سازی) دانتوں کی چمک جو زیادہ فلورین ملے پانی کے استعمال سے داغ دار ہو گئی ہو ۔

motto, n. مقولہ ؛ کہاوت ؛ اصول ؛ نصب العین ؛ کسی چیز سے وابستہ یا اس پر لِکھا ہوا فقرہ ، جملہ یا لفظ جو اس کے مقصد یا کردار کو ظاہر کرے یا اس سے مناسبت رکھتا ہو (جیسے : the motto appended to a coat of arms) ؛ رہنما اصول کو ظاہر کرنے والا مقولہ ؛ مختصر پیراگراف عموماً مقولہ جو کسی ادبی تحریر یا اس کے کسی حصے سے پہلے لکھا گیا ہو اور اس کے مشمولات کی وضاحت کرتا ہو ؛ حسب حال کتبہ یا مقولہ؛ اُصُولِ عمل؛ شعار ؛ وہ کہاوت یا قول جسے دستور العمل بنا لیا جائے ۔

moue, n. ناک بھوں چڑھانے کا عمل؛ ترش روئی ؛ چڑچڑا پن ۔

mouflon, moufflon, n. جنگلی بھیڑ؛ میش کوہی؛ سارڈینیا ، کورسیکا اور یُونان کے پہاڑی علاقوں میں پائی جانے والی بھیڑ جس کے نر کے سر پر بڑے خم دار سینگ ہوتے ہیں؛ اس قسم کی کوئی سی جنگلی بھیڑ؛ اس بھیڑ کی اون ۔

mouille, a. (صوتیات) کسی آواز کو اس طرح ادا کرنا کہ اس کے بعد 'y' کی ادائیگی کا تأثر ملے جیسے L(ll,gl) n (gn n) اور ہسپانوی llama ، اطالوی imbroglio ، انگریزی million اور minion ، ہسپانوی canon ، فرانسیسی mignon میں ، جدید فرانسیسی میں بعض مقامات پر جہاں l,ll کی جگہ اب صرف ''یے'' کی آواز ادا ہوتی ہے جیسے bouillion میں جس کا تلفظ بویوں ہے ۔

moujik, n. دیکھیے : Muzhik ۔

moulage, n. کسی چیز کا سانچا جو جُرم کی تفتیش میں شہادت کو محفوظ رکھنے یا پہچان میں مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہو ، عضو بدن کا قالب جو طبی علاج یا جراحی میں رہنمائی کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایسے قالب کی تیّاری ؛ قالب سازی ۔

moulin, n. مولین ؛ ثلج ؛ گلیشیر میں استوانی سوراخ جو سطح پر سے پانی کے گزرنے یا ملبہ کے داخل ہونے سے بن جاتا ہے ۔

mound, n. ٹیلا ؛ پُشتہ ؛ مینڈ ؛ تودہ ؛ ڈھیر ؛ ٹھیا ؛ کڑاڑا ؛ مورچہ ؛ تودۂ خاک ؛ بھاڑی ؛ آدمی کا بنایا ہوا مٹی ، پتھروں ، کنکروں وغیرہ کا ڈھیر ؛ قدرتی ٹیلا یا پہاڑی ؛ انبار (جیسے : a mound of discarded clothes) ؛ قبر پر بنایا ہوا مٹی کا ڈھیر ؛ مٹی کا تودہ جو قلعہ بندی کے طور پر بنایا گیا ہو ۔ (بیس بال) وہ اونچی سطح جہاں گیند پھینکنے والا گیند پھینکتے وقت کھڑا ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) حفاظتی پشتہ بنانا ؛ تودے سے گھیرنا ؛ انبار کی صورت میں یکجا کرنا ؛ ڈھیر لگانا ؛ مورچہ بندی کرنا ؛ مینڈ یا پشتہ باندھنا ۔

mount, n. پہاڑی ؛ پہاڑ ؛ کوہ ؛ ٹیلا ؛ اونچی زمین ؛ ابھار ؛ ابھرا ہوا حاشیہ ؛ گری ؛ اب صرف شاعری میں یا اسمائے معرفہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : Mount Sinai) ؛ گتا یا دفتی وغیرہ جس پر تصویر چپکاتے ہیں؛ تصویر کا حاشیہ؛ ہیرے وغیرہ کی جڑائی؛ جڑت ؛ وہ قلابہ جو ٹکٹ جمع کرنے والے ٹکٹ چپکانے کے لیے استعمال کرتے ہیں؛ خرد بینی معائنے کے لیے تیار کی جانے والی چیزوں کو تھامنے والی سلائڈ؛ جانور خاص طور پر گھوڑا جو سواری کے لیے استعمال ہو؛ سواری کا جانور؛ سوار ہونے کا طریقہ؛ سواری ۔

mountable, a. سواری کے لائق ۔

mounter, n. سوار؛ تصویر وغیرہ کا حاشیہ بنانے والا؛ تصویر کو گتے یا دفتی پر چپکانے والا ۔

mountless, a. بے حاشیہ؛ سواری کے بغیر؛ بے سواری ۔

mount, v.i. بڑھنا (جیسے : the cost of food mounts up) ؛ اونچی جگہ رکھنا ؛ بلند ہونا ؛ چڑھنا ؛ اوپر جانا ؛ طلوع ہونا ؛ اونچا اٹھنا؛ اوپر اٹھنا؛ سوار ہونا خصوصاً گھوڑے پر ۔ (فعل متعدی) چڑھنا ؛ چڑھانا ؛ خود کو کسی چیز پر بٹھانا ؛ گھوڑا یا گھوڑے مہیا کرنا ؛ اونچا کرنا ؛ منڈھنا ؛ گھوڑے پر سوار کرنا ؛ کسی ٹیک پر لگانا یا مڑھنا (جیسے : to mount a map)؛ استعمال کے لیے تیّار کرنا (جیسے : to mount a specimen on a slide for microscopic examination) ؛ مسلح ہونا ، لیس ہونا (جیسے : a fort that mounts a hundred cannons) ؛ محافظ کے فرائض انجام دینا (جیسے : to mount guard) ؛ آغاز کرنا (جیسے : to mount an attack)۔

mountain, n. پہاڑ ؛ کوہ ؛ کوہسار ؛ جبل ؛ زمین کا وہ حصہ جو متصل سطح زمین سے پہاڑی کی نسبت زیادہ اونچا ہو ؛ جسامت میں بڑی چیز ، بڑی مقدار ؛ بڑا انبار ۔ (صفت) پہاڑ کی خصوصیات کا حامل ؛ پہاڑ جیسا ؛ کوہ پیکر ؛ کوہسار کا رہنے والا ؛ پہاڑی ؛ پہاڑیا ؛ کوہستانی ۔

mountain ash, n. دیودارِ کوہی ؛ درختوں کی ایک قسم Sorbus americana جس کے پتے پردار ، پھول سفید خرمہ دار اور پھل سرخ بیر جیسے ہوتے ہیں ؛ اس خاندان کا کوئی سا درخت جیسے یوربی سماکِ کوہی ، آسٹریلوی سفیدا ۔

mountain cranberry, n. (نباتیات) پہاڑی بیری ؛ ایک قسم کی پست قد کاؤ بیری (Vaccinium vitis-idaea) جس کے سدا بہار سبز پتے ، سرخ یا گلابی پھول اور گہرے سرخ بیر جیسے پھل ہوتے ہیں ۔

mountain dew, n. (عوامی) غیر قانونی طور پر بنائی گئی پہاڑی شراب ؛ غیر قانونی طور پر درآمد کی گئی شراب ، خاص طور پر مکئی کی ، جو غیر قانونی طور پر کوہستانی علاقے میں کشید کی گئی ہو ۔

mountaineer, n. کوہ پیما ؛ پہاڑوں میں رہنے والا ؛ پہاڑی علاقے کا باشندہ ؛ پہاڑ پر چڑھنے والا ۔ (فعل لازم) پہاڑ پر چڑھنا؛ کوہ پیمائی کرنا ۔

mountain goat, Rockey Mountain goat, n. پہاڑی بکری ؛ بُزکوہی ؛ شمال مغربی امریکا اور کینیڈا کے پہاڑی علاقوں میں پائی جانے والی بکری ۔

mountain laurel, n. کوہی غار درخت ؛ شمالی امریکا کی سدا بہار جھاڑی کلمیہ لیٹفولیا (Kalmia latifolia) جس کے پُھول گہرے گلابی سرخ یا سفید ہوتے ہیں ۔

mountain lion, cougar, panther, catamount, n. پہاڑی شیر ؛ امریکی تیندوا یا چیتا ۔

mountain mahogany, n. کوہساری مہاگنی ؛ پہاڑی مہاگنی ؛ جنس سیرکوکارپس (Cercocarpus) کی کوئی سی جھاڑی جس کا تعلق گلاب کے خاندان سے ہے اور مغربی شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

mountainous, a. پہاڑی ؛ کوہستانی ؛ پہاڑوں بھرا علاقہ ؛ پہاڑ کی طرح بڑا ؛ کوہ پیکر ؛ جسیم ؛ عظیم الجثہ ۔

mountainously, adv. عظیمُ الشّان طریقے سے ؛ کوہ پیکرانہ انداز سے ۔

mountainousness, n. کوہ پیکری ؛ عظمت ؛ بڑی جسامت ۔

mountain sickness, n. (امراضیات) کوہستانی بیماری ؛ پہاڑی مرض ؛ ایک بیماری جو ہوا کی لطافت یعنی آکسیجن کی کمی کی وجہ سے عموماً دس ہزار فٹ سے زیادہ بلندی پر ہوتی ہے ۔ جس کی خاص علامتیں متلی ، سانس لینے میں دشواری اور کمزوری ہوتی ہے ۔

mountainside, n. پہاڑ کی ڈھلوان سطح ۔

Mountain Standard Time, mountain time, n. بعض اوقات چھوٹے m سے ۔ دیکھیے : Standard Time ۔

mountaintop, n. پہاڑ کی چوٹی ؛ قلۂ کوہ ۔ (صفت) پہاڑ کی چوٹی کا یا اس سے متعلّق ۔

mountant, n. چسپاندہ ؛ ایک قسم کا چپکنے والا مادّہ جو تصویر کو گتے یا دفتی پر چپکانے کے کام آتا ہے ۔

mountebank, n. نیم حکیم ؛ اتائی ؛ سفری دوا فروش ؛ قدیم زمانے میں وہ شخص جو منڈی یا عام کھلی جگہ میں کسی اونچی جگہ پر کھڑا ہو کر ایسی دوائیں بیچتا تھا جن کو وہ تیر بہدف قرار دیتا تھا ؛ مجمع باز دوا فروش ؛ بہانہ جو ؛ فریبی ؛ بھگلیا ۔

mountebankery, n. اتائیت ، شیخی ؛ مجمع بازی ؛ بہانہ جوئی ؛ فریب ۔

Mountie, Mounty, n. (بول چال) کینیڈا کی گھڑ سوار پولیس کا فرد ۔

mounting, n. چڑھائی؛ اوپر جانے کا عمل ؛ وہ چیز جس کے ذریعے کوئی چیز کسی چیز پر چسپاں کی جاتی ، جڑی جاتی یا اسے

قطعی صورت دی جاتی ہے ، مڈھا ؛ بگیسے کی جڑائی ؛ وہ گتا جس پر کونی بصوبر یا چھپی ہوئی چیر چپکائی جاتی ہے۔

mourn, v t., v.i. سوک منانا ، ماتم کرنا ؛ اظہار غم کرنا ؛ افسوس ظاہر کرنا ؛ غمزدہ ہونا ؛ غمگین ہونا؛ پچھتانا ۔ ماتمی لباس پہننا یا ماتمی صورت بنانا ؛ کسی کے لیے عمگین ہونا ؛ پشیمان ہونا ۔ مذمت کرنا ؛ کسی کا ماتم کرنا ؛ المناک انداز میں ... نا ۔

mourner n. ماتم کرنے والا سخص سوگوار؛ نوحہ گر، ماتمی۔

mournful a. غم کا مارا غم زدہ؛ غم ناک ؛ عمگین سوگوار حزیں مغموم ؛ ماتمی ؛ پرملال ؛ سوگی محزون ۔ ملول اندوہگین ، غم انگیز ؛ مصیبت زدہ ۔

mournfully, adv. غم ناک انداز میں ؛ مغمومانہ ؛ ماتمی انداز میں۔

mournfulness, n. غم گینی ؛ غم زدگی ؛ حزن ؛ ملال ۔

mounring, n. نوحہ گری؛ نوحہ خوانی ؛ ماتم ؛ اظہار غم ؛ پچھتاوا ؛ ماتم کا روایتی لباس ؛ ماتمی لباس ؛ ماتم کا وقت ۔ (صفت) نوحہ گر ؛ نوحہ خوان ؛ ماتمی ؛ کوئی بھی شے جو اظہار غم کے لیے کام میں لائی جائے (جیسے : a mourning ring) ۔

mourningly, adv. نوحہ گرانہ/ماتمی انداز سے ۔

mourning cloak, n. شمالی امریکا اور یورپ میں پائی جانے والی خوبصورت تتلی جس کے پروں پر زرد ، کتھئی اور نیلے حاشیے ہوتے ہیں۔

mourning dove, n. قمری ؛ امریکی قُمری ؛ نوحہ گر قُمری ؛ شمالی امریکا میں پائی جانے والی قُمری جس کی آواز غمناک ہوتی ہے ۔

mouse, n. چُوہا ؛ چوہیا ؛ موش ؛ موش خاندان سے تعلق رکھنے والا کوئی ساچھوٹا کترنے والا جانور ؛ کوئی سا ایسا جانور ۔ (عوامی) بچے یا لڑکی کو محبت سے مخاطب کرنے کی اصطلاح ؛ چوٹ کھائی ہوئی آنکھ ؛ کالی آنکھ ؛ بزدل ۔ (جہاز رانی) رسے کو کنڈے کے ساتھ مضبوطی کے لیے لپٹنے کا عمل ۔ (فعل لازم) چوہوں کو ڈھونڈنا یا ان کا شکار کرنا ، گھات لگانا؛ منڈلانا؛ تلاش کرنا۔ (فعل متعدی) شکار کرنا جیسے چوہے کا ؛ ایسا برتاؤ کرنا جیسا بلی چوہے کے ساتھ کرتی ہے۔ (جہاز رانی) کنڈے کے ساتھ باندھنا ۔

mouse-ear chickweed, n. بچھو بیڑ ؛ مرز نگوش ، چوہا کنی دوسری جگہ سے لا کر اگائی گئی جھاڑی جس کے پتے اور تنے روئیں دار ... حکنے وا... اور پھول شگاف دار پتیوں والے چھوٹے اور سفید ہوتے ہیں۔

mouse-ear hawkweed, n. گل وفا ؛ ایک بوٹی حس کے سفید ، روئیں دار پریں پتے اور زرد پھول ککروندے کے پھول سے مشابہ ہوتے ہیں ، اسے امریکا میں باہر سے لا کر کاشت کیا گیا ہے ۔

mouser, n. چوہوں کا شکاری جیسے بلّی یا کوئی اور جانور ؛ چوہے پکڑنے والا ؛ منڈلانے والا ۔

mousetrap, n. چوہے دان ؛ دھڑپ ؛ چوہے کو پکڑنے کا آلہ ؛ چوہے کا پنجرہ ۔

mousing, n. چوہوں کا شکار ۔ (جہاز رانی) رسے وغیرہ کو کنڈے کے گرد لپیٹنا تا کہ لادا ہوا بوجھ مضبوطی سے بندھ جائے ۔

mousse, n. (طباخی) پھینٹی ہوئی بالائی ، انڈوں اور جلاٹین سے تیار کردہ مٹھائی ؛ جلاٹین ملی ہوئی مچھلی ، گوشت یا سبزیوں پر مشتمل کھانا ۔

mousseline, n. ململ ؛ ململ سے مشابہ ایک باریک کپڑا ۔

mousseline de laine n. فرانسیسی ململ ، ایک باریک اونی کپڑا جس پر اکثر چھپے ہوئے نمونے یا نقوش ہوتے ہیں

mousseline de soie, n. ریشمی ململ ؛ باریک ریشم یا ململ سے مشابہ مصنوعی کپڑا

moustache, n. مونچھ ؛ بروت ۔

Mousterian, a. (بشریات) مغربی یورپ میں وسط حجری عہد کا یا اس کی ثقافت سے متعلق ۔

mousy, mousey, a. موشی ؛ چوہے کی خصوصیات کا حامل ؛ بزدل ؛ خاموش ؛ بے رنگ ؛ چوہوں سے بھرا ہوا ۔

mouth, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) منہ ؛ دہن ؛ دہانہ ؛ انسان یا جانوروں کے جسم کا وہ کھلا حصہ جس کے ذریعے وہ خوراک کھاتے یا پیتے ہیں؛وہ جوف جس میں چبانے اور چکھنے میں استعمال ہونے والے اعضا ہوتے ہیں ۔ (مجازاً) انسان یا جانور جسے خوراک درکار ہو (جیسے : another mouth to feed) ؛ گفتگو کا سرچشمہ ؛ بات چیت خصوصاً فضول بات چیت یا خوش گپی ؛ منہ چڑانے کا عمل ؛ دخول یا خروج کی جگہ (جیسے : the mouth of a river, the mouth of a bottle)؛ سوراخ ؛ چھید ؛ فم ؛ شکنجے کے دندانوں کے درمیان کھلی جگہ ۔ (موسیقی) بانسری یا ہوا کے زور سے بجنے والے کسی ساز کا دہانہ جس کے ذریعے آواز پیدا کرنے کے لیے پھونک ماری جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) بڑی بات کرنا ؛ خلوص یا سمجھ کے بغیر بات کرنا ؛ بے احتیاطی سے بیان کرنا ؛ منہ میں ڈالنا ؛ منہ یا ہونٹوں سے رگڑنا ؛ عادی کرنا جیسے گھوڑے کو لگام کا ۔ (فعل لازم) خطیبانہ انداز میں بولنا ؛ ہونٹ لٹکانا ؛ ہونٹ چڑھا کر منہ چڑانا ۔

mouthed, a. منہ والا ؛ دہانیہ ؛ دہانہ دار ۔

mouther, n. منہ والی شے ؛ دہانے والی چیز یا شخص ۔

mouthbreeder, n. دہن نسلی؛کوئی سی چھوٹی مچھلی ، جسے اکثر گھر کے مچھلی گھر میں رکھا جاتا ہے ، جس کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ انڈوں اور بچوں کو منہ میں لے کر بھرتی ہے ۔

mouthful, n. منہ بھر ؛ اتنی مقدار جو منہ میں سما سکے ؛ اتنی مقدار جو بیک وقت منہ میں ڈالی جا سکے ؛ تھوڑی مقدار (بول چال) مشکل سے ادا ہونے والی آواز یا آواز کا سلسلہ ۔

say a mouthful. (عوامی) دانشمندانہ یا اہم مشاہدہ کرنا یا اظہار خیال کرنا ۔

mouth organ, n. منہ باجا ؛ منہ سے بجنے والا ساز ہارمونیکا ؛ بین پائپ ۔

mouthpiece, n. کسی چیز کے منہ کا حصہ ؛ کسی آلے کا وہ حصہ جو منہ کے ساتھ ، پاس یا اندر رکھا جاتا ہے جیسے موسیقی کا آلہ ، ٹیلیفون کا چونگا یا لگام کا دہانہ ؛ ترجمان ؛ وہ شخص یا ادارہ جو کسی دوسرے شخص یا افراد کے نقطۂ نظر یا جذبات کا اظہار کرے ۔ (عوامی) وکیل فوجداری ۔

mouth-to-mouth method, n. منہ بر منہ کا طریقہ ؛ مصنوعی تنفس کا طریقہ جس میں ایک شخص مریض کے منہ اور پھیپھڑوں

میں مختصر باقاعدہ ۃ میں اپنے منہ سے پھونکیں مارتا ہے

mouth-watering, a. منہ میں پانی لانے والا ، للچانے والا ؛ ایسی خوراک کا جس کی خوشبو ، ذائقے یا صورت سے منہ میں پانی بھر آئے ۔

mouthy, a. باتونی ؛ لفاظ ؛ یاوہ گو ؛ بد زبان ؛ بڑبولا ۔

mouton, n. جعلی سنجاب ؛ بھیر کی پوستیں جسے اس طرح کمایا گیا ہو کہ وہ سیل کی کھال یا سنجاب سے مشابہ لگے ۔

mou'onee, a. (ارضیات) بھیڑ کی پیٹھ کی طرح گول چٹانوں سے متعلق ۔

movable, moveable, a. قابل انتقال ؛ منقولہ ؛ منتقلہ حرکت دیے جانے کے قابل ؛ ایک تاریخ سے دوسری تاریخ میں بدلنے والی (جیسے : a movable feat) ؛ جو ایک جگہ پر ساکن نہ ہو ؛ جو غیر منقولہ نہ ہو ؛ حرکت پذیر ؛ متحرک ۔ (قانون) ایسی ذاتی ملکیت سے متعلق جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جا سکے ۔ (اسم ، اکثر جمع) کوئی سی شے جسے حرکت دی جا سکے ، مثلاً سامان ، جنس ، فرنیچر وغیرہ ؛ منقولہ چیز ؛ جائیداد منقولہ ۔ (جمع ، قانون) ذاتی ملکیت ۔

movableness, moveableness, movability, n. حرکت پذیری ؛ انتقال پذیری ۔

movable feast, n. (رومی کیتھولک کلیسا) کلیسیائی تقویم کا وہ تہوار جس کی تاریخ ایسٹر کی طرح سال بہ سال بدلتی رہتی ہے ۔

move, v.t. حرکت دینا ؛ کسی ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھا کر لے جانا ، پہنچانا یا کھینچنا ؛ جگہ یا انداز بدلوانا ؛ سرگرم عمل کرنا ؛ عمل کے لیے اکسانا ؛ متاثر کرنا ؛ نقل مکانی کرنا ؛ (کسی کے) جذبات کو ابھارنا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریک دینا ؛ نازک جذبات کو چھونا ؛ آمادہ کرنا ؛ آنتوں سے نکالنا ؛ مجبور کرنا یا اپنی جگہ سے ہٹانا ؛ پیشقدمی کرانا ۔ (شطرنج ، چوسر) مہرے کی جگہ بدلنا ؛ چال چلنا ۔ (تجارت) منتقل کرنا جیسے فروخت کے ذریعے مال کو ۔ (پارلیمنٹ) مجلس فکر کے لیے کسی تجویز وغیرہ کا رسمی طور پر پیش کرنا ۔ (فعل لازم) جگہ یا انداز بدلنا ؛ پہلو بدلنا ؛ حرکت دینا ؛ ہلانا ؛ گزرنا یا جانا ، چلنا ؛ سرکنا ؛ ہلنا ؛ آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ؛ رہایش بدلنا ؛ کارروائی کرنا ؛ عمل شروع کرنا ؛ چالو ہونا جیسے مشین کا ؛ کسی خاص ماحول میں سرگرم عمل ہونا یا زندگی بسر کرنا عمل کی ابتدا کرنا ؛ اقدام کرنا (جیسے : to move on the project) ۔ (اسم) کا روائی ؛ عمل درآمد ؛ اقدام ؛ نقل مکانی ؛ (شطرنج وغیرہ کی) چال ۔

on the move, (بول چال) مصروف یا سرگرم عمل ہونا ۔

moveless, a. بے حرکت ؛ بے جنبش ؛ غیر متحرک ؛ بے حس و حرکت ۔

movelessly, adv. بے حرکتی سے ؛ غیر متحرک طور پر ۔

movelessness, n. بے حرکتی ؛ بے جنبشی ؛ بے اثری ۔

mover, n. حرکت دینے والا ؛ محرّک ۔

movement, n. حرکت ؛ ہلنے کا عمل ؛ نقل و حرکت ؛ رفتار ؛ چال ؛ جنبش ؛ آوا جاہی ؛ تبدیلی خصوصاً جگہ کی تبدیلی کا نتیجہ ، بالخصوص جس میں مقام یا حیثیت کی تبدیلی شامل ہو ؛ حرکت کا ذاتی عمل یا انداز ۔ (عسکری) فوج کی تدبیراتی یا تزویراتی ترتیب نو ؛ افراد یا گروہوں کی کم منظم تنظیم جو کسی عام مقصد کے لیے باہم کام کر رہے ہوں ؛ ایسے گروہ کی سرگرمی ؛ تحریک ؛ واقعات کا رجحان ؛ کسی ذخیرے یا جنس کی بازاری قیمت میں تبدیلی ۔ (ادب ، فنون لطیفہ) حرکت کا اظہار یا اشارہ ۔ (میکانیات) مشینری کے متحرک حصے ۔ (موسیقی) کسی دھن کا الگ اور قائم بالذات حصّہ ؛ آہنگ ؛ تال ؛ رفتار ۔ آنتوں کو خالی کرنے کا عمل ، خارج ہونے والا مادہ ، اجابت ۔

movie, n. (بول چال) متحرّک فلم ؛ مووی ۔ (جمع) صنعتِ فلمسازی ؛ تفریح یا فن کے طور پر تیار کی گئی فلم (عموماً اس سے پہلے the لگتا ہے)؛ ایک یا زیادہ متحرک فلموں کی نمایش ۔

moving, a. متحرک ؛ قابل حرکت یا حرکت پذیر ؛ رواں ؛ چلتا پھرتا ؛ حرکت یا عمل کا سبب ؛ عمل انگیز ؛ حرکت انگیز مجبور کن ؛ متاثر کن ؛ جذبات انگیز ؛ رقت انگیز ؛ درد ناک ؛ دل گداز پُر اثر ۔

movingly, adv. مؤثر طریقے سے ؛ رقت انگیز طور پر ؛ دلگدازی سے ؛ دردناک طور پر ؛ مؤثرانہ ۔

moving picture, n. متحرک فلم ؛ متحرک تصویر ۔

moving staircase, moving stairway, n. متحرک سیڑھیاں ؛ رواں سیڑھیاں ۔ دیکھیے : Escalator ۔

mow, n. خرمن ؛ گھاس ، غلّے وغیرہ کا ڈھیر ؛ کھلیان میں غلّے کی پولیوں کا ڈھیر ؛ کھلیان کا وہ حصہ جہاں یہ غلہ یا گھاس وغیرہ ذخیرہ کی جائیں ۔

mow, v.t. درانتی یا مشین سے گھاس کاٹنا ؛ کسی جگہ سے گھاس کاٹنا ؛ اندھا دھند یا کثیر مقدار یا تعداد میں کاٹنا جیسے میدان جنگ میں انسانوں کو ۔ (فعل لازم) گھاس کاٹنا ؛ درانتی یا گھاس کاٹنے کی مشین استعمال کرنا ۔

mower, n. کاٹنے والا ؛ گھاس کاٹنے والا ؛ گھسیارا ؛ گھاس کاٹنے کی مشین ؛ گیاہ تراش ؛ حاصِب ۔

mowing machine, n. زرعی مشین جس میں گھاس ، تپتیا گھاس ، غلہ وغیرہ کاٹنے کے لیے پھل لگے ہوتے ہیں ؛ گھاس مشین ۔

moxa, n. موکسا ؛ داغ فتیلہ ؛ بعض پودوں کی تازہ پتّیوں سے جاپان اور چین میں تیار ہونے والا نرم اور ملائم مادّہ جسے دافع سوزش دوا کے طور پر گٹھیا وغیرہ کے علاج میں جلد پر جلا کر استعمال کیا جاتا ہے ؛ کوئی چیز جس کو اس طرح استعمال کیا جائے ۔

moxie, n. (عوامی) جُرأت ؛ قُوّت ؛ توانائی ؛ جارحیت ۔

mozzetta, mozetta, n. (رومی کیتھولک کلیسا) ٹوپی جو کندھوں کو ڈھانپتی ہے اور اسے سینے پر بٹنوں سے بند کیا جاسکتا ہے ، جسے پوپ ، کارڈنیل ، آرچ بشپ ، بشپ اور ایبٹ پہنتے ہیں ۔

mu, n. مِیُو ؛ یونانی حروفِ تہجّی کا بارھواں حرف ۔

much, a. زیادہ ؛ فراواں ؛ بہت ؛ بہتیرا ؛ بسیار ؛ وافر ؛ تعداد یا مقدار میں بڑا ؛ کثیر (جیسے : much water) ۔ (متعلّق فعل) زیادہ تر ؛ کافی حد تک ؛ خاص طور پر تفضیل بعض اور ماضی بعید کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : much better, much surprised) ؛ تقریباً (جیسے : much as it was) ؛ تقریباً اتنا ۔ (اسم) زیادہ مقدار ؛ فراوانی ؛ کثرت ؛ بہتات ، افراط ؛ نمایاں اور اہم چیز ۔

much as, تاہم ، پھربھی ۔

make much of, (کسی چیز کو) بہت اہمیت دینا ؛ تعظیم و تکریم کرنا ؛ عزّت کرنا ؛ کسی شخص کا بہت خیال رکھنا ۔

muchness, n. کثرت ؛ بہتات ۔

mucic acid, n. (کیمیا) ذو اَساسی قلمی تیزاب جو بعض

کاربو ہائیڈریٹس کی؛شورے کے تیزاب کے ساتھ،تکسید سے حاصل ہوتا ہے ۔

mucid, a. پھپھوندی لگا ہوا ؛ بوسیدہ ؛ پھپھوندی لگا ہوا۔

mucidity, n. بوسیدگی۔

mucidness, n. بوسیدگی ؛ پھپھوندی کا اثر۔

muciferous, a. مُخاط زا ؛ مخاط پیدا کرنے والا ؛ لعاب پیدا کرنے والا۔

mucigen, mucinogen, a. (حیاتی کیمیا)لعاب زا ؛ مخاطین زا ؛ وہ مادّہ جسے جسم باسانی لعاب میں تبدیل کر سکے

mucilage, gum, n. لعاب ؛ چیپ ؛ لیس ؛ گوند ؛ لعابِ جسم ؛ سریش یا گوند کا کوئی مرکب جسے چپکانے کے لیے استعمال کیا جاسکے ؛ گوند جیسا ، لیس دار مادّہ جودرختوں سے رِستا ہے ۔

mucilaginous, a. لیس دار ؛ چپکنے والا ؛ لعاب دار ؛ صمغی ؛ چپکاؤ۔

mucilaginously, adv. چپکنے کے انداز میں ؛ لعاب کے طور پر۔

mucin, n. (حیاتی کیمیا) مخاطین ؛ میوسین ؛ نائٹروجن والا کوئی سا مادّہ جو لعابِ جسم میں پایا جاتا ہے اور جو اپنے ماخذ کے اعتبار سے ترکیب میں مختلف ہوتا ہے ۔

mucinous, a. مخاطینی ؛ لعاب دار ؛ لعابی ۔

mucinoid, a. مخاطین زا ؛ لعاب زا ؛ لعاب پیدا کرنے والا ۔

muck, n. کھاد ؛ نجاست کا ڈھیر ؛ طویلے یا مزرعہ کا گوبر ؛ گلی سڑی سبزیوں کا انبار جو نم آلود ہو ؛ گندگی ؛ مکروہ یا ناپاک چیز ۔ (کان کنی) معدنیات یا دوسری مطلوبہ چیزیں حاصل کرنے کے لیے نکالی جانے والی مٹی ، پتھر یا دوسری بیکار چیزیں ۔ (فعل متعدی) کھاد ڈالنا ؛ کھاد بنانا ؛ گندہ یا گرد آلود کرنا ؛ گندگی ہٹانا ؛ کھاد اٹھانا ۔

muck about, (برطانوی ، عوامی) بے مقصد گھومنا؛ آوارہ گردی کرنا؛ مٹر گشت کرنا۔

mucky, a. گندہ؛ آلودہ؛ مکروہ؛ ناپاک ؛ نجس ۔

muckluck, n. دیکھیے : Mukluk۔

muckrak, v.i. بدعنوانی سے پردہ اٹھانا ، چاہے یہ واقعی ہو یا مبیّنہ ، خاص طور پر سیاست میں ؛ بدنام کرنا ۔

muckracker, n. بدنام کرنے والا؛ بدنام کُنندہ ؛ پردہ فاش کرنے والا ۔

mucocutaneous, a. (تشریح الاعضا) مخاطی جلدی ؛ اس مقام سےمتعلّق جہاں لعابی جھلّی اور جلد ایک دوسرے سے ملتے ہیں جیسے ناک ، منہ ، اندام نہانی اور دُبر۔

mucoid, n., a. (حیاتی کیمیا) مُخاط نما ؛ لعاب نما ؛ لعاب سے ملتا جلتا کوئی سا مادہ جوربط ساز بافتوں اور مثانے میں پایا جاتا ہے ۔

mucoprotein, n. (حیاتی کیمیا) ان لحمیات میں سے کوئی سا لحمیہ جو کثیر شکریں مرکب پر مشتمل ہوتے ہیں جو ربط ساز بافتوں اور جسمانی مائعات میں پائے جاتے ہیں ۔

mucosa, n. (تشریح الاعضا) لعابی جھلّی ؛ غشاء مخاطی ۔

mucosal, a. لعابی جھلّی کا ؛ غشاء مخاطی سے متعلّق ۔

mucoserous, a. (تشریح الاعضا)مخاط مایہ ؛ اس سیال سے متعلق جس میں خُوناب (serum) یانخزمایہ (plasma) کے ساتھ بہت سا لعاب (مخاط) ہوتا ہے ۔

mucous, a. مخاطی ؛ مخاط نما؛گندہ؛ خراب؛ گندہ مواد خارج کرنے والا ۔

mucosity, n. مُخاطیت ۔

mucous membrane, n. غشاء مُخاطی ؛ وہ جھلی جو ان تمام اجواف کے استر کے طور پر کام کرتی ہے جوباہر کی طرف کھلتے ہیں جیسے مُنھ ، ناک ، آنت وغیرہ جن سے لعاب خارج ہوتا ہے ۔

mucro, n. (حیاتیات) تیز نوک ؛ نوک ؛خارنما حصّہ ؛ ایک دم آگے نکلی ہوئی چھوٹی نوک جیسی پتّے کے سرے پر ہوتی ہے ۔

mucronate, mucronated, a. نکیلا ؛ نوکدار ؛ خارنما ؛ آگے نکلا ہوا۔

mucronation, n. نوک ۔

mucus, n. (حیاتیات) لعاب، لزوجت ؛ چیپ ؛ بلغم ؛ مُخاط ؛ رینٹ ؛آنو ؛ لیس دار ؛ چپچپا مادّہ جو غشاء مخاطی سے خارج ہوتا ہے ۔

mud, n. گارا ؛ کیچڑ ؛ کیچ ؛ گلاوا ؛ گیلی اور نرم مٹی ؛ خاکی مواد جیسا گڑھے میں ہوتا ہے؛ دلدل ؛گلابہ ۔ (بول چال) گندی بات یا الزام ۔ (فعل متعدی) کیچڑ تھوپنایا کیچڑ سے لت پت کرنا ؛ کسی شے کے مٹی کے ذرات کو ہلانا ؛ کیچڑ میں بھر دینا ؛ خاکی ہٹ کو حرکت دینا ؛ میلا کرنا ۔

mud dauber, n. کمھاری ؛ انجن ہاری ؛ گھر گرائیں ؛ زنبور قسم کا کوئی سا پتنگا جو مٹی کا گھروندا بناتا ہے ۔

muddle, v.t. گدلا کرنا جیسے پانی کو ؛ گھنگولنا ؛ ذہنی طور پر گڈ مڈ کرنا ؛ مدہوش کرنا ؛ مبہم بنانا، بدترتیب کرنا ؛ خلط ملط کرنا ؛ بے سوچے سمجھے یا بے وقوفی سے ضائع کرنا جیسے دولت یا وقت؛ ہلانا یا ملانا جیسے کاک ٹیل کو ۔ (فعل لازم) بدحواسانہ یا غیر مؤثر طریقے سے سوچنا یا عمل کرنا(through کے ساتھ) ۔ (اسم) افراتفری کا عالم ؛ ذہنی انتشار ؛ گڈ مڈ، بے ترتیب یا پریشان کُن صورت حال ؛ فکرو عمل کا انتشار۔

muddleheaded, a. الجھے ہوئے خیالات والا ، ذہنی انتشار کا شکار ؛ پراگندہ دماغ ؛ پریشان خیال ؛ بیوقوف ؛ ناسمجھ ؛ ژولیدہ فکر۔

muddleheadedness, n. ذہنی انتشار ؛ خیالات کا الجھاؤ ، بیوقوفی ؛ کوڑھ مغزی ؛ ناسمجھی ؛ ژولیدہ فکری ؛ پریشان خیالی ۔

muddy, a. گدلا ؛ کیچڑ سے لت پت ؛ سَنا ہوا ؛ کیچ بھرا ؛ دھندلا جیسے رنگ ؛ گڈ مڈ یا مبہم جیسے سوچ یا بیان میں ؛ مکدّر ؛ غیر واضح جیسے ذہن میں ۔ (فعل متعدی) کیچڑ سے لت پت کرنا ؛ سانا ؛ دھندلا یا غیر شفاف بنانا ؛ گدلا کرنا ؛ (خیالات کو) الجھانا ؛ مبہم کرنا ۔ (فعل لازم) گدلا ہونا ۔

muddily, adv. بیوقوفانہ طریقے سے ؛ گدلے پن سے ؛ ابہام کے ساتھ ۔

muddiness, n. گدلا پن ؛ ابہام ؛ الجھاؤ۔

mudguard, n. گِل گیر ؛ مڈگارڈ ؛ کیچ روک ؛ بائیسکل ، کار ، ٹرک یا کسی اور گاڑی کے پہیے کے اوپر لگا ہوا آہنی ڈھانچا جو

کیچڑ کو روکتا ہے۔

mudpuppy, n. کیچ پلّے ؛ ایک قسم کی آبی چھپکلی (salamander) جس کے خارجی گلپھڑے اور چھوٹی خوب پلی ہوئی ٹانگیں ہوتی ہیں ۔

mudsill, n. کسی ڈھانچے کا سب سے نچلا پتّھر یاتختہ جو زمین میں یا اس کے اوپر رکھا گیا ہو ؛ دہلیز۔

mudslinging, n. کیچڑ اچھالنے کا عمل ؛ بدنام کرنے کا عمل ؛ پگڑی اچھالنا ؛ کسی پر ذاتی توہین آمیز حملے، خاص طور پر سیاسی حریف پر ؛ تُہمت طرازی ۔

mudslinger, n. بدنام کرنے والا ؛ کیچڑ اچھالنے والا ۔

mudstone, n. گل سنگ ؛ مٹّی کی چٹان ؛ تقریباً یکساں ساخت کی مٹی کی چٹان ، جس میں کوئی ورقیت نہ ہو اور جو آسانی سے بکھر کر گارے میں تبدیلی ہو سکتی ہو ۔

mud turtle, n. کیچ کچھوا ؛ جنوبی ، وسطی اور شمالی امریکا میں پایا جانے والا نرم خول والا کچھوا ۔

mud volcano, n. گلی برکان ؛ گِلی آتش فشاں ؛ مخروطی پہاڑی جو دہانے کے گِرد زمین میں اس مٹی سے بنی ہو جو زمین سے نکلنے والی گیس اپنے ساتھ لا کر سطحِ زمین پر پھینک دیتی ہے ۔

muenster, munster, n. سفید پنیر ؛ نیم نرم سفید پنیر جو مکمل دودھ سے تیار کیا جاتا ہے ؛ یورپی کھٹّا پنیر۔

muezzin, n. [عربی] مؤذِن ؛ اذان دینے والا ۔

muff, n. دست پوش ؛ سمور یا اون کا اُستوانہ نما یا نلی جیسا خول جس میں دونوں ہاتھ گرم رکھنے کے لیے رکھے جاتے ہیں ؛ بعض پرندوں کے سر کی اطراف یا ٹانگوں پر پروں کے گچھے ؛ ناکامی یا غیر دانشمندانہ عمل ۔ (کھیل) چُوک ؛ بُھول ، اناڑی پن سے چُھٹا ہوا کیچ (catch) ؛ پھوہڑ پن سے ہاتھ میں آئے ہوئے گیند کا چُھوٹنا ۔ (فعل متعدی و لازم ، بول چال) اناڑی پن سے کام بگاڑنا ؛ موقع گنوانا ۔

muffin, n. کُلچہ ؛ پُھلکا ؛ چپاتی ؛ کاسہ نما قالب میں پکائی ہوئی روٹی ؛ پیالہ نما بسکٹ ۔

muffle, n. بھٹّی یا بھٹے کا داشت یا محرابی خانہ جو چیزوں کو براہِ راست آگ سے چھوئے بغیر گرم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایسے خانے والی بھٹّی ؛ ڈھانپنے والی چیز خاص طور پر جو آواز کو روک دے ؛ جانور کے بالائی لب اور ناک کا موٹا حصّہ ۔

muffle, v.t. ڈھانپنا یا لپیٹنا جیسے نظر سے بچنے یا موسم سے حفاظت کے لیے ؛ آواز کو روکنا (جیسے : to muffle an oar or drum) ؛ دبادینا جیسے آواز کو کپڑے سے ڈھانپ کر یا اس طرح گویا کپڑے سے ڈھانپی گئی ہے ؛ سر کو لپیٹ کر دکھائی دینے یا بولنے سے روکنا ؛ (خود کو) کپڑوں میں لپیٹ لینا ۔

muffler, n. مفلر ؛ گلوپوش ؛ گلوبند ؛ ڈھانپنے والی چیز خاص طور پر سر کا رُومال یا گردن یا گلے کے گرد لپٹا ہوا کپڑا وغیرہ جو اسے گرم رکھنے کے لیے لپیٹا گیا ہو ؛ دروں احتراقی انجن سے گیس کے اخراج سے پیدا ہونے والی آوازوں کی مانند آواز کو دبانے کی کوئی سی چیز یا آلہ ؛ سائی لینسر ؛ خاموشہ ۔

mufti, n. (عربی) مُفتی ؛ اسلامی قانون کا شارح ؛ اسلامی شریعت کے مطابق فتویٰ دینے والا ۔

mufti, n. سادہ کپڑے (وردی کے مقابلے میں) یا معمولی کپڑے جو ایسا شخص پہنے جو عموماً وردی پہنتا ہو ۔

mug, n. پیالہ ؛ مگ ؛ آبخورہ ؛ پینے کا برتن جو عموماً اسطوانی اور دستہ دار ہوتا ہے ؛ اس میں سمانے والی مقدار ؛ پیالہ بھر ؛ چہرہ ؛ مُنھ ؛ لٹکایا ہوا منھ یا ہونٹ ؛ چہرے کی عکسی تصویر ؛ ٹھگ یا بدمعاش ۔ (فعل متعدی) (عوامی) کسی کے چہرے کی عکسی تصویر لینا،اکثر مجرمانہ ریکارڈ کے لیے ؛ حملہ کرنا عموماً لوٹنے کی غرض سے ۔ (فعل لازم) (عوامی) مُنھ یا ہونٹ لٹکانا ؛ مُنھ چڑانا ؛ ضرورت سے زیادہ بننا یا مضحکہ خیز شکل بنانا ؛ مُنھ بنانا۔

mugger, n. لٹیرا ؛ قزاق ؛ مضحکہ خیز شکل بنانے والا یا بننے والا تاکہ لوگوں کو متوجّہ کر سکے ۔

mugger, n. [اردو] مگرمچھ ؛ جنوب مشرقی ایشیا کا آدم خور مگرمچھ ، جس کی لمبائی ۱۲ فٹ تک ہوتی ہے ۔

muggy, a. گھٹا ہوا (موسم)؛حبس والا ؛ ہُمس دار ؛ گرم اور حبس والا،مرطوب اور بند جیسے موسم ؛ گرم اور مرطوب ۔

muggily, adv. گُھٹن کے انداز سے ؛ حبس کی طرح سے ۔

mugginess, n. حبس ؛ گُھٹن ؛ اُمس ۔

mugwump, n. ۱۸۸۴ء میں امریکا کے صدارتی انتخابات کی مہم کے دوران وہ ری پبلیکن جس نے جماعت کے نامزد امیدوار جیمس جی بلین کی حمایت سے انکار کیا ؛ آزاد ووٹر جو خواہ کسی جماعت کا رُکن ہو یا نہ ہو ؛ متنازع سوال کے دونوں پہلوؤں کی حمایت یا وکالت کرنے والا ؛ غیر جانب دار ؛ سیاسی برتری کا مدعی ۔

mugwumpery, mugwumpism, n غیر جانب داری ؛ سیاسی برتری کا اِدّعا ۔

mugwumpian, a. غیر جانبدار ، سیاسی برتری کا مدّعی ۔

mugwumpish, a. غیر جانبدارانہ ۔

Muhammadan, Muhammedan, a., n. مسلمان ؛ دین اسلام کا پیرو ۔ دیکھیے : Mohammedan ۔

mukluk, muckluck, n. سیل یا رینڈیئر کی کھال کا بنا ہوا ایک قسم کا بُوٹ جس پر عموماً سمور کا استر ہوتا ہے اور اسے اسکیمو پہنتے ہیں ؛ ایسا ہی نرم تلے کا موکیشن سے مشابہ بُوٹ ۔

mulatto, n. مُلیٹو ؛ کاکیشیا اور حبشی نسل کے والدین کی مخلوط اولاد ؛ عموماً کاکیشیا اور حبشی مخلوط نسل کا کوئی فرد ؛ مُلیٹو کا گندمی رنگ ۔ (صفت) ملیٹو رنگ کا یعنی گندمی رنگ کا ۔

mulberry, n. شہتوت ؛ تُوت ؛ جلیبا ؛ تُوت قسم کے درخت کاسفید ،گہرا سرخ یا بینگنی رنگ کا خوردنی پھل ؛ شہتوت کا درخت ، جس کی ایک قسم کے پتے ریشم کے کیڑوں کو کھلائے جاتے ہیں ؛ گہرا سرخ یا بینگنی سا رنگ ۔

mulch, n. (گُلبانی) ملچ ؛ ادھ سَڑی گھاس ؛ کوئلے کی کائی ، گھاس پھوس یا کھاد جیسے نامیاتی مادے کی تہ جو پودوں کے اردگرد زمین کی زرخیزی بڑھانے کے لیے بچھا دی جاتی ہے ، یہ پالے ، کٹاؤ اور نقصان دہ جڑی بوٹیوں کی افزایش کو بھی روکتی ہے ۔ (فعل متعدی) (گُلبانی) پودوں یا جڑی بوٹیوں کو مَلچ سے ڈھانپنا یا محفوظ کرنا ۔

mulct, n. جُرمانہ ؛ ڈنڈ ؛ تاوان ؛ وہ جرمانہ یا سزا جو جرم یا غلط رویّے کی وجہ سے کسی شخص پر عائد کی جائے ۔ (فعل متعدی) جرمانہ یا قرقی کی سزا دینا ؛ حق مارنا ؛ ٹھگنا ؛ فریب دینا ؛

جعل سازی کرنا ؛ دغا بازی کرنا ۔

mule, n. خچّر ؛ ٹٹّو ؛ دوغلا میمل جو گدھے اور گھوڑی یا گدھی اور گھوڑے کے ملاپ سے پیدا ہوا ہو ؛ کوئی سا دوغلا جانور ؛ دونسلا ؛ دوغلا پودا ؛ بُلبل زرد اور برقش کی مخلوط نسل ؛ ایک قسم کی کاتنے کی مشین ، جس کے دو بیلن ہوتے ہیں ایک روئی کے لیے اور دوسرا کاتنے کے لیے ۔ (بول چال) ضدّی شخص ۔

mule, n. سلیپر ؛ بے پُشت سلیپر ؛ کھڑاؤں ۔

mule skinner, n. (بول چال) خچر بان ؛ استربان ۔

muleteer, n. خچر چلانے والا ؛ خچربان ؛ استر بان ۔

muley, mulley, a. گایوں کا ، خاص طور پر بے سینگ گایوں سے متعلق ؛ گاوا ؛ گاوی ؛ گنجا ۔ (اسم) بے سینگ کی گائے ؛ (کوئی سی) گائے ۔

muliebrity, n. عورت پن ؛ نسائیت ؛ نسوانیت ؛ زنانہ پن ۔

mulish, a. خچر جیسا ؛ بے قوف ؛ اڑیل ؛ ضدّی ، ہٹیلا ۔

mulishly, adv. بیوقوفانہ ضد سے ؛ ہٹ سے ؛ اڑیل پن سے ؛ ہٹیلے پن سے ۔

mulishness, n. ہٹ ؛ ضد ؛ اڑیل پن ؛ ہٹیلا پن ۔

mull, v.i. (بول چال) مطالعہ یا غور و فکر کرنا ، (اکثر اس کے بعد over آتا ہے)۔ (فعل متعدی) کسی چیز کو ناکام بنانا ۔ (قدیم ، برطانوی) ٹٹولنا یا اضطراری حالت میں پکڑنا جیسے رگبی یا کسی دوسرے کھیل میں گیند کو۔

mull, n. باریک سادہ ململ ؛ ریشم یا مصنوعی ریشم کا باریک کپڑا ۔

mull, v.t. مسالوں سے ذائقہ پیدا کرنا ، میٹھا بنانا یا گرم کرنا جیسے شراب کو۔

mullah, n. [تُرکی ، فارسی ، اُردُو] مُلّا ؛ مسلمانوں میں تعظیمی خطاب اس شخص کے لیے جو شریعت کا عالِم ، مدرّس اور فقیہہ ہو۔ فقیہہ ، عالم دین ۔

mullein, mullen, n. بُوصیر ؛ سفید بھنگ ، علفِ خنازیر کے خاندان کی ایک مضبوط بوٹی جس کے روئیں دار کھردرے پتّے اور گھنی عموماً زرد پھولوں کی بالیاں ہوتی ہیں ؛ اس قسم کا کوئی پودا ۔

mullein pink, dusty miller, rose campion, n. (نباتیات) گُلابی خاندان کی بُوٹی جس کے گہرے گلابی یا سفید پھول اور گھنے اُون جیسے بال ڈنڈیوں اور پتّوں کو ڈھانپے رہتے ہیں ۔

muller, n. چپٹا بٹّا یا مُوسَل جو روغن یا رنگوں کو پِسنے کے کام آتا ہے ؛ کوئی سا بھی پیسنے والا میکانی آلہ ؛ موسلی ، کھتکا ۔

mullet, n. مُلیٹ ؛ شاہ ماہی ؛ شاہ مچھلی ؛ جنس ملس (Mullus) کی کوئی سی مچھلی جس کے منہ پر دو لمبے گل مچّھے اور سُرخ رنگ ہوتا ہے ؛ جنس مُگل (Mugil) کی کوئی خاکستری رنگ کی لمبوتری (استوانہ نما) مچھلی ۔

mulligan, n. (بول چال) گوشت اور سبزیوں کا شوربہ ۔ (گالف) اسکور کے بغیر اضافی شاٹ جس کی غیر سرکاری کھیل میں اجازت ہوتی ہے لیکن ٹورنامنٹ میں نہیں ۔

mulligatawny, n. مسُور کا سُوپ ؛ شرق الہند کا شوربہ ۔

mullion, n. (فن تعمیر) میان پٹی ؛ چارچوب ؛ گز ؛ سلاخ ، کھڑکیوں ، پردوں یا دروازوں کی درمیانی عمودی تقسیم ؛ تختہ بندی کے تختوں کے درمیان تقسیم ۔ (فعل متعدی) (فن تعمیر) میان پٹیوں/حاشیوں/سلاخوں سے لیس کرنا یا ان کے ذریعے الگ کرنا ۔

mullioned, a. سلاخ دار ؛ حاشیہ دار ؛ میان پٹی والا ۔

mullite, n. تالیفی ایلومینم سِلی کیٹ جو اونچے درجۂ حرارت اور کٹاؤ کے مقابلے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔

multangular. a کئی زاویوں والا ؛ کثیر الزوایا ؛ کثیر پہلو۔

multicellular, a. کئی خلیوں والا ؛ کثیر الخلیات ۔

multicolor, a., n. کوئی بوقلموں نمونہ یا ترتیب ؛ کئی رنگوں والا ؛ کثیر الالوان ؛ بوقلموں ؛ کئی رنگوں والا ڈیزائن یا ترتیب ؛ رنگا رنگ نقش ۔ (طباعت) ایسی چھپائی کی مشین سے متعلّق جو بیک وقت کئی رنگ چھاپ سکتی ہو۔

multicolored, a. دو یا دو سے زیادہ رنگوں کا ؛ پچ رنگا ؛ رنگا رنگ ؛ بوقلمون ۔

multidimensional, a. کئی سمتوں والا ؛ ایک سے زیادہ پہلوؤں والا ؛ کثیر الاطراف ؛ ہمہ جہت ؛ ہمہ پہلو ؛ کثیر الابعاد ۔

multifarious, a. کئی قسموں کا ؛ کثیر الانواع ؛ متنوّع ؛ بوقلموں ؛ کئی مختلف حصوں سے بنا ہوَا ؛ رنگ برنگ ؛ انواع و اقسام کی ؛ قسم قسم کی ؛ طرح طرح کی ؛ کئی طرح کی ۔

multifariously, adv. مختلف انداز سے ؛ تنوُّع سے ؛بہ انواع و اقسام ؛ مختلف طرح سے ۔

multifariousness, n. تنوُّع ؛ رنگا رنگی ؛ رنگ برنگی ؛ بوقلمونی ۔

multifid, a. (نباتیات) کئی حصوں میں بٹا ہوا ؛ درزوں یا شگافوں کے ذریعے کئی حصوں میں منقسم ؛ کثیر الحصص ؛ کثیر شگاف (جیسے: a multifid leaf) ۔

multifidly, adv. کثیر الحِصص طور پر ؛ کثیر شگافی طور پر۔

multiflora rose, n. کثیر گُلہ گلاب ؛ خاردار گلاب کی بیل جس میں خوشہ دار خوشبو دار پُھول لگتے ہیں ۔

multiflorous, a. (نباتیات) کثیر گُلہ ؛ کثیر الازہار ؛ جس میں بہت سے پھول لگتے ہوں ؛ بہت سے پھولوں والا ۔

multifold, a. ہمہ پہلو ؛ تہ در تہ ؛ متنوِّع ؛ رنگا رنگ ؛ بھانت بھانت کا ؛ بوقلموں ۔

multiform, a. کثیر الاشکال ؛ کثیر الانواع ؛ متنوع ؛ کثیرالہیئت ؛ قسماقسم کا ؛ انواع و اقسام کا ؛ گوناگوں ۔

multiformity, n. کثیر النوعی ؛ تنوّع ؛ کثیر اشکالی ؛ رنگا رنگی ؛ بوقلمونی ۔

multilateral, a. کئی ضلعوں والی ؛ کثیر الاضلاع ؛ بسیار پہلو ؛ کثیر الاطراف ؛ تین یا زیادہ فریقوں یا قوموں پر مشتمل ؛ کثیر الفریق ؛ کثیر فریقی ۔

multilaterally, adv. بسیار پہلوئی انداز سے ؛ کثیر فریقی انداز میں ؛ کثیرُ الفریقی طریقے سے ۔

multilingual, a. کثیرُ اللِسان ؛ ہفت زبان ؛ کئی زبانیں جاننے والا ؛ کئی زبانیں بولنے والا ۔ (اسم) کئی زبانوں سے واقف شخص ۔

multi media, n. کثیر الذرائع ؛ کثیر ذرائع ابلاغ ۔

multimillionaire, n. کروڑ پتی ؛ بہت مالدار شخص ؛ وہ شخص جس کی دولت کا شمار کروڑوں میں کیا جائے ۔

multipara, n. (دایہ گیری) کئی بچّوں کو جنم دینے والی ؛ وہ عورت جس نے دو یا دو سے زیادہ بچّے جنے، ہوں یا جو دوسرا بچّہ جن رہی ہو یا جننے والی ہو ؛ کثیر زاعورت ؛ کثیر الاولاد عورت ۔

multiparous, a. کثیرزا ؛ کثیر الاولاد ؛ ایک وقت میں کئی یا ایک سے زیادہ بچّے جننے والی ۔ (نباتیات) کثیر شاخہ ؛ گُبھیا جس کی کئی شاخیں ہوں ۔

multipartite, a. کئی حصوں میں منقسم ؛ کثیر الحصص ؛ کثیر الاجزا ۔ (نباتیات) کثیر شگافے (multifid) سے بھی زیادہ گہرے شگاف والا ۔ (حکومت) کثیر الفریق ؛ کثیر الاقوام ؛ کثیر فریقی ۔

multiped, multipede, n. کثیر الرِّجل ؛ بہت پاؤں کا ؛ کئی پاؤں والا جانور ؛ کئی پا جانور ؛ حیوانِ کثیر پا ، جیسے چہل پائی ؛ ہزار پا ۔ (صفت) بسیار پا ؛ کئی پاؤں والا ؛ کثیرپا ۔

multiphase, a. کثیر المراحل ؛ کثیرہیئت ۔

multiphasic, a. کثیر پہلو ؛ کثیر المراحل ؛ کثیرہیئت ۔

multiple, a. کئی افراد ، حصص ، عناصر یا تعلقات پر مشتمل ؛ کثیر العناصر ؛ مکرّر ؛ متعدّد ؛ مرکب ؛ مضاعف ؛ کثیر العناصر ؛ مضرب ؛ حاصل ضرب ؛ انواع و اقسام کا ؛ گوناں گوں ؛ مختلف ۔ (نباتیات) مجموعی (پھل کا) ۔ (اسم) (ریاضی) ضَعف ؛ وہ عدد جس میں کوئی دوسرا عدد بغیر باقی کے تقسیم ہو سکے ، جیسے ۱۲ ضعف ہے ۳ کا ؛ دو یا زیادہ اعداد کا مشترک ضَعف جیسے ایسا عدد جس سے ہر ایک کو اس طرح تقسیم کیا جاسکے کہ باقی کچھ نہ بچے ۔ (برق) متوازی تاروں والے دَور (سرکٹ) کا ۔

multiple-choice, a. کثیر انتخابی ؛ ایسے سوال یا سوالوں کے مجموعے سے متعلّق جس میں دیے گئے جوابات میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہو ۔

multiple factors, n. (جینیات) کثیر العوامل ؛ مورثوں کے گروہ جو باہم عمل کےذریعے موروثی خصائص میں بعض مقداری ردو بدل پیدا کریں ۔

multiple sclerosis, n. مضاعفِ تصلب ؛ ایک خطرناک بیماری جس میں دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کے حصے سخت ہو کر رسولی ، اعصابی کمزوری اور دوسری کمزوریاں پیدا کرتے ہیں ۔

multiple shop, multiple store, n. (برطانوی) دُکان ؛ اسٹور جو اپنے جیسے اور اسٹوروں کے مجموعے کا رکن ہو جو عموماً ایک ہی مالک یا انتظامیہ کے تحت ہوں ؛ سلسلہ دار اسٹور ؛ سلسلۂ دُکان ۔

multiple star, n. (فلکیات) نجوم مضاعف ؛ ستاروں کا جمگھٹا جو بظاہر ایک ہی مرکز ثقل کے گرد گھوم رہا ہو ۔

multiplet, n (طبیعات) ضعفی خط ؛ طیف کا خط جو اسی طول موج والے کئی خطوط سے ترکیب پایا ہو ۔

multiple voting, n. مکرر رائے دہی ؛ ایک انتخاب میں ایک ووٹر کا کئی حلقہ ہائے انتخاب میں ووٹ ڈالنا جب کہ ایسا قانونی طور پر کیا جائے جیسے کہ برطانیہ میں ۱۹۱۸ء کی اصلاحاتِ انتخاب سے پہلے ہوتا تھا ؛ غیرقانونی طور پر کیا گیا ایسا عمل ۔

multiplex, a. ضعفی؛ کثیر العناصر ؛ مختلف العناصر ؛ مرکب ؛ ہمہ پہلو ؛ کثیر پہلو ، متنوع ۔ (مواصلات) ایک ہی تار یا چینل کے ذریعہ بیک وقت کئی پیغامات بھیجنے کے نظام سے متعلق ۔ (فعل لازم و متعدی) نشرکرنا ، جیسے اشارات کا ، متنوع ابلاغ کے نظام کے ذریعہ ؛ ایک ہی تار یا رابطہ کے ذریعہ بیک وقت متعدد پیغام بھیجنا ۔ (اسم) برقیاتی ضعفی دور یا نظام ؛ بیک وقت ایک ہی رابطہ سے متعدد پیغام بھیجنے کا نظام ۔

multipliable, multiplicable, a. قابلِ افزایش ؛ افزودنی ؛ قابلِ ضرب؛ ضرب پذیر ۔

multiplicand, n. (حساب) مضروب ؛ وہ عدد جس کو دوسرے عدد سے ضرب دی جائے ۔

multiplicate, a. متعدد ؛ کثیر ؛ تہ در تہ ؛ گوناگوں ۔

multiplication, n. ضرب ؛ ضرب دینے کا کام یا عمل؛ ضرب دیے جانے کی حالت ؛ افزایش ؛ حالتِ افزایش ؛ تعدّد ؛ بڑھاؤ ؛ اضعاف ؛ ازدیاد ۔ (حساب ، الجبرا) ضرب ؛ وہ عمل جس کے ذریعہ کسی دیے ہوئے عدد یا مقدار کو اسی عدد یا مقدار میں کئی مرتبہ جمع کیا جاسکے ۔

multiplication table, n. پہاڑا ؛ جدولِ ضرب ؛ جدول جو تمام سادہ اعداد کے ، کسی معینہ حد تک ، باہمی حاصل ضرب پر مشتمل ہو جیسے ۱۲ ضرب ۱۲ ۔

multiplicative, a. ضربی ؛ افزایش یا تعدّد کا رُجحان رکھنے والا ؛ اضعافی ؛ بڑھنے یا زیادہ ہونے کی صلاحیت کا حامل ۔

multiplicatively, adv. افزایش کے طور پر ؛ ازدیاد کے طریقے سے ؛ ضربی طور پر ۔

multiplicity, n. حالتِ تعدُّد ؛ ازدیاد ؛ افزایش ؛ کثرت ؛ زیادتی ؛ تنوع ؛ بہتات ؛ افراط ؛ ایک قسم کے افراد کا ہجوم ؛ بڑی تعداد ۔

multiplier, n. ضارب ؛ مضروب فیہ ؛ ضرب دینے والا ؛ حساب میں وہ عدد جس سے دوسرے عدد کو ضرب دی جائے ؛ بڑھانے والا ؛ بہتات کرنے والا ؛ آلۂ شِدّت افزا ۔ (طبیعات) وہ آلہ جس کے ذریعے کسی اثر کا دائرۂ عمل یا قُوّت بڑھائی جاتی ہے ۔

multiply, v.t. تعداد بڑھانا ؛ فطری پیدایش یا اضافے کے ذریعہ زیادہ کرنا ۔ (حساب) ضرب دینا ؛ کسی عدد کو اسی کے ساتھ مقررہ مرتبہ جمع کرنا ۔ (فعل لازم) تعداد میں بڑھنا یا تناسل کے ذریعہ زیادہ ہونا ؛ پھلنا پُھولنا ، پھیلنا ؛ بڑھنا ۔ (حساب) ضرب کے عمل کے ذریعہ حاصل ضرب معلوم کرنا ۔ (متعلّق فعل) ضرب سے ؛ ضرب کے طریقے سے ۔

multipliable, a. ضرب پذیر ؛ قابل ضرب ؛ قابلِ افزاش ۔

multi-ply, a. تہ دار ؛ تہ در تہ ؛ پرت دار ؛ کئی تہوں یا پرتوں سے بنی ہوئی ۔

multistage, a. کثیرالمراحل ؛ توانائی کے کئی ایسے مراحل والا ، جو یکے بعد دیگرے عمل پذیر ہوتے ہیں جیسے راکٹ یا میزائل ؛ کثیر المنازل ۔

multistory, multistoried, a. (فن تعمر) کئی سطحوں ، چھتوں یا منزلوں والا ؛ کئی منزلہ ، کثیر المنازل ۔

multitude, n. کئی ہونے کی حالت ؛ تعدُّد ؛ کثرتِ تعداد ؛ تعدادِ کثیر ؛ اجتماع ؛ لاتعداد ؛ ہجوم ؛ جم غفیر ۔

the multitude, آبادی ؛ اجتماع کے حوالے کے بغیر کثرتِ افراد ۔

multitudinous, a. تعدّد یا کثرت کا یا اس سے متعلق ؛ کثرت پر مشتمل ؛ انبوہی ؛ اجماعی ۔

multitudinously, adv. بہتات سے ؛ کثرت سے ۔

multitudinousness, n. کثرت ؛ بہتات ؛ ہجوم ۔

multivalent, a. (کیمیا) کثیر گرفتہ ؛ تین یا اس سے زائد گرفتگی کے ساتھ ؛ گرفتگی کے ایک سے زائد درجوں والا ؛ کئی معانی ، اقدار یا کششوں کا حامل ۔

multivalence, n. کثیر گرفتگی ؛ کثیر المعانی ؛ کثرت معانی ۔

multiversity, n. عظیم دانشگاہ ؛ جامعہ کبیر ؛کوئی بڑی یونیورسٹی جس سے بہت سے کالج اور شعبہ ہائے تدریس ملحق ہوں اور جہاں اساتذہ کی بڑی تعداد تدریس و تحقیق میں مصروف ہو ۔

mum, a. چُپ ؛ خاموش ۔ (فجائیہ) خاموش رہو ؛ چُپ ! ۔

mum's the word, اس بارے میں کچھ نہ کہو ۔

mum, v.i. بہروپ بھر کر اداکاری کرنا ۔

mum, n. جو کی شراب ؛ ایک قسم کا بوزہ (شراب) ۔

mum, n. گلِ داؤدی ۔

mumble, v.i., v.t. بڑبڑانا ؛ منھ ہی منھ میں بولنا ؛ اس طرح بولنا کہ سمجھ میں نہ آئے ؛ غیر واضح طریقے سے بولنا ؛ نرمی سے کاٹنا یا چبانا ؛ پپولنا ؛ دانتوں کے بغیر کھانا یا چبانا ؛ پوپلا منھ چلانا (بات کرنے یا کھانے کے لیے) ۔ (اسم) بڑبڑاہٹ ؛ چبانے کا عمل ۔

mumbler, n. بڑبڑیا ؛ پوپلے منھ سے کھانے یا چبانے والا ؛ پپولنے والا ۔

mumbingly, adv. بڑبڑاتے ہوئے ؛ بڑبڑانے کے انداز میں ، پپولتے ہوئے ۔

mumbletypeg, mumble-the-peg, چاقو ضرب ؛ ایک قسم کا کھیل جس میں ہاتھ کے مختلف انداز سے زمین میں مختلف طریقوں سے چاقو مارا یا گھمایا جاتا ہے ۔

Mumbo Jumbo, n. معبودِ باطل ؛ جُھوٹا دیوتا ؛ بعض افریقی قبائل کا دیوتا ۔ (چھوٹے m سے) کوئی بھی شے جس کی کورانہ پرستش کی جائے ؛ کوئی بے معنی رسم یا منتر ۔ (چھوٹے m سے) (عوامی) مصنوعی ، خودنما یا ناقابلِ فہم زبان ؛ غول ؛ بے معنی زبان ۔

mummer, n. نقاب پوش خصوصاً چھٹیوں کے میلے میں ؛ اداکار ، خُصوصاً خاموش سوانگ کا ؛ ناٹک کرنے والا ۔

mummery, n. نقاب پوشی ؛ ناٹک ؛ چُپ سوانگ ؛ ریاکارانہ تقریب ۔

mummify, v.t. حنوط کرنا ؛ مومیانہ ؛ ممی بنانا ؛ محنوط کرنا ؛ مصریوں کے طریقے پر لاش کو مسالا لگا کر محفوظ کرنا ۔

mummification, n. حنوط کاری ؛ تحنیط ؛ ممی بننے یا بنانے کا عمل ۔

mummy, n. ممی ؛ حنوط شدہ لاش ؛ مصریوں کے طریقے سے مسالا لگا کر محفوظ کی گئی لاش ؛ مصنوعی یا اتفاقیہ طور پر محفوظ ہونے والی انسانی لاش ؛ ممی سے مشابہ شے ؛ مومیائی ہوئی لاش ۔ (فعل متعدی) محنوط کرنا ؛ ممی بنانا ؛ مسالا لگا کر لاش محفوظ کرنا ؛ حنوط کرنا ۔

mump, v.t. (برطانوی ، بولی) بڑبڑانا ، جیسے چڑچڑے پن سے یا افسردگی سے ؛ چبانا ؛ کُترنا ؛ چبا کر کھانا ۔ (فعل لازم)(برطانوی ، بولی) غم زدہ ہونا؛ اداس ہونا ؛ ناراض ہونا ۔

mumps, n. (امراضیات) گلسوئے ؛ گلپھڑے ؛ کن پھیڑ ؛ کنٹھ مالا ؛ کن پیڑے ؛ ہپّو ؛ بیماری جس میں غدودِ لعاب میں سوزش کے سبب گردن اور گلا سُوج جاتا ہے ۔

munch, v.t., v.i. چبانا ؛ چباچبا کر کھانا (بعض اوقات آواز کے ساتھ) ۔

muncher, n. چبانے والا ؛ چبا چبا کر کھانے والا ؛ چپڑ چپڑ کرکے کھانے والا ۔

mundane, a. دنیاوی ؛ دنیا کا یا اس سے تعلق رکھنے والا ؛ ارضی ؛ عام ؛ معمولی ، بے شان و شوکت ۔

mundanely, adv. دنیاوی طریقے سے ؛ عام انداز سے ۔

mungo, n. منگو ؛ ایک قسم کا جھر جھرا کپڑا ؛ اُونی کپڑا جو پرانے اونی کپڑوں سے بنایا گیا ہو ۔

municipal, a. بلدیاتی ؛ مقامی حکومت خوداختیاری سے متعلق ؛ شہر کی بلدیہ یا بلدیہ کے شہریوں کے متعلق ؛ شہری ؛ قصباتی ؛ دیسی ۔

municipally, adv. بلدیہ کے ذریعے ؛ بلدیاتی طریقے سے ۔

municipality, n. میونسپلٹی ؛ بلدیہ ؛ وہ شہر ، قصبہ یا علاقہ جس کی اپنی مقامی حکومت ہو ؛ انتظامِ شہر کی مجلس ؛ بلدیہ کی حدود میں رہنے والی آبادی ۔

municipalize, v.t. بلدیہ بنانا ؛ بلدیاتی قانون کے تحت لانا ؛ مقامی حکومت کے زیر تسلط لانا ۔

municipalization, n. بلدیہ بنانے کا عمل ؛ بلدیاتی قانون کے تحت لانے کا عمل ۔

munificent, a. سخی ؛ فیّاض ؛ حاتم ؛ کریم ؛ داتا ؛ مخیّر ۔

munificence, n. سخاوت ؛ فیّاضی ؛ دریا دلی ؛ خیرات ؛ بخشش ؛ دادودہش ؛ دستگیری ؛ اعانت ۔

munificently, adv. فیّاضانہ طور پر ؛ سخاوت سے ؛ دریا دلی سے ۔

muniment, n. (جمع ، قانون) اسنادِ حقوق و مراعات ؛ وہ دستاویز جس کے ذریعے حقوق یا مراعات کا تحفظ کیا جاتا یا انہیں قائم رکھا جاتا ہے جیسے سند استحقاق یا منشور ۔

munition, n. (عموماً جمع) جنگ میں دفاع یا حملے کے لیے استعمال ہونے والا سامان ؛ گارود ؛ گولا بارود ؛ کسی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا سامان یا آلات ۔ (صفت) اسلحے یا سامانِ جنگ سے متعلق (جیسے : munition ship) ۔ (فعل متعدی) سامانِ حرب مہیا کرنا ؛ اسلحہ سے لیس کرنا ۔

muntin, n. (فنِ تعمیر) کھڑکیوں، جالی یا دروازے کے چوکھٹے کے اندر عمودی ٹیک ۔

muntjac, n. چکارا ؛ جنوبی اور مشرقی ایشیا اور ملحقہ جزیروں میں پایا جانے والا چھوٹا ہرن ، خصوصاً جاوا اور ہندوستان کا ؛ ایلا فوڈس (Elaphodus) جنس سے متعلق چین یا تبت کا کوئی چھوٹا ہرن ۔

mural, a. دیوار کا ؛ دیوار سے متعلق ؛ دیواری ؛ دیوار پر اُگا ہوا ؛ دیوار پر بنا ہوا ؛ دیوار کی طرح ؛ جداری ؛ دیوار جیسا ؛ فصیل سا ؛ دیوار پر لگا ہوا ۔ (اسم) دیواری تصویر ؛ جداری تصویر ؛ دیوار یا چھت پر بنائی گئی تصویر یا نقش و نگار ؛ دیوار گیر کاغذ جس پر دیوار کا دھوکا ہو ۔

muralist, n. دیوار پر نقش و نگار بنانے والا ۔

murder, n. قتل ؛ سوچی سمجھی بدنیتی کے ساتھ کسی انسان کا دوسرے انسان کو غیر قانونی طور پر قتل کرنے کا عمل ؛قتل عمد ۔ (فعل متعدی) جان سے مارنا جیسے کسی انسان کو دشمنی کی وجہ سے ؛ مجرمانہ طریقے سے قتل کرنا ؛ بے رحمی سے خون کرنا ، ہلاک کرنا ۔ (مجازاً) غلط استعمال کرنا یا ستیاناس کرنا ؛ مسخ کر ڈالنا ؛ سخت بے ضابطگی کرنا ؛ ٹانگ توڑ دینا (جیسے : to murder the queen's English) ۔ (فعل لازم) قتل کا مرتکب ہونا؛ ارتکاب قتل کرنا ۔

murderer, n. قاتل ۔

murderess, n. قاتلہ ۔

murderous, a. قاتلانہ ؛ قتل سے متعلق ؛ قتل کا مجرم ؛ قتل یا قتل کی خصوصیت کے ساتھ ، قتل کی صلاحیت یا ارادہ رکھنے والا ؛ خونخوار ؛ سفّاک ؛ خونی ؛ مہلک ؛ بے رحم ۔

murderously, adv. قاتلانہ طور پر ۔

murderousness, n. سفّاکی ؛ خونخواری ؛ خونریزی ۔

mure, v.t. قید کرنا ؛ بند کرنا ؛ محبوس کرنا ۔

murex, n. صدف ماہی ؛ صدف ارغوان ؛ جنس صدف ارغوانی سے تعلق رکھنے والا معدہ پاصدفیہ جو گرم علاقے کے سمندروں میں پایا جاتا ہے جس سے ارغوانی رنگ حاصل ہوتا ہے اور جس کی قدیم زمانے کے لوگوں کی نظر میں بڑی اہمیت تھی ؛ ارغوانی رنگ ۔

muriatic acid, n. نمک کے تیزاب (ہائیڈروکلورک ایسڈ) کا تجارتی نام ۔

muricate, muricated, a. نوک نوک ؛ کھردرا ؛ نوک دار ؛ تیز نکیلا ؛ پُرخار ۔

murine, murid, a. چوہے سے تعلّق رکھنے والا ؛ مُوشی ؛ مُوش نما ؛ فاری ؛ کترنے والی نوع موش سے تعلّق رکھنے والا جس میں گھریلو چوہے بھی شامل ہیں ۔ (اسم) چوہے کے قسم کا جانور ۔

murk, mirk, n. اندھیرا ؛ تاریکی یا اداسی ۔ (صفت) تاریک یا اداس ۔

murky, a. تاریک ؛ مبہم ؛ دُھندلا ؛ اُداس ؛ گہرا جیسے دُھند ۔

murkily, adv. اُداسی سے ؛ تاریکی سے ؛ دھندلے پن سے ۔

murkiness, n. اُداسی ؛ تاریکی ؛ دُھندلا پن ۔

murmur, n. سرسراہٹ ؛ بڑبڑاہٹ ؛ دھیمی مسلسل یا مسلسل دہرائی جانے والی آواز ، جیسے ندی کی ؛ دھیمی غیر واضح آواز یا بھنبھناہٹ ؛ دھیمی بڑبڑاہٹ والی آواز میں شکایت ۔ (طب) دل سے نکلنے والی آواز جو کسی بیماری کی علامت ہوتی ہے ۔ (فعل لازم) بڑبڑاہٹ یا بھنبھناہٹ پیدا کرنا ؛ بڑبڑانا ؛ بھنبھنانا ؛ غرّانا : شکایت کرنا ۔ (فعل متعدی) غیر واضح آوازیں نکالنا ؛ بڑبڑانا ۔

murmurer, n. بُڑبُڑیا ؛ بڑبڑانے والا ۔

murmuringly, adv. بڑبڑاہٹ سے ؛ شکایت کے طور پر ۔

Murphy bed, n. [بیسویں صدی کے امریکی موجد ڈبلیو ایل مرفی کا نام پر] مرفی بستر ؛ ایک پلنگ جسے استعمال کے بعد اس طرح پیچھے دھکیل دیا جاتا ہے کہ وہ کوٹھری یا الماری کے دروازے کے پیچھے چھپ جاتا ہے ؛ ٹوٹ واں پلنگ ؛ لپٹواں پلنگ ۔

murrain, n. (امراضیات) موکھر؛ مویشیوں کو لگنے والی کوئی سی بیماری جیسے کُھر اور مُنہ کی بیماری ۔

murre,
Atlantic murre, common murre, n. (طیوریات) تنگ منقار آک ؛ بطخ جیسا پرندہ جس کی چونچ پتلی اور نوکدار ، گردن چھوٹی ، اوپر کا حصّہ سیاہ ، نچلا حصّہ سفید ہوتا ہے ، جو بحراوقیانوس کے ساحل کے ساتھ ساتھ قطب جنوبی سے نوواسکوشیا (Nova Scotia) تک کے علاقے میں پایا جاتا ہے ؛ گلیموت ۔

murrey, n. شہتوت کا رنگ؛ شہتوتی رنگ؛ گہرا قرمزی سرخ رنگ ۔ (صفت) شہتوتی رنگ کا ۔

musaceous, a. (نباتیات) کیلے کا؛ موزی؛ جنس موزیہ سے تعلّق رکھنے والا جس میں کیلا بھی شامل ہے ۔

muscadine, n. مُشکِ انگور ؛ انگور کی بیل جو جنوبی امریکا میں اگائی جاتی ہے جس کے پھل کی جلد موٹی کا سنی رنگ کی اور خوشبو مشک جیسی ہوتی ہے ۔

muscae volitantes, n. آنکھ کے ترمرے ؛ وہ تارے سے جو زجاجی رطوبت میں خرابی یا کسی اور وجہ سے آنکھوں کے سامنے ناچتے نظر آتے ہیں ۔

muscarine, n. (کیمیا) مسکرین ؛ زہریلا الکلائیڈ جو بعض فُطرات میں پایا جاتا ہے ۔

muscarinic, a. مسکرینی ؛ ایسے الکلائیڈ کا یا اس سے متعلّق ۔

muscat, muscatel, muskat, n. مُشکِ انگور ؛ انگور کی ایک ایسی قسم جو عموماً ہلکے رنگ کی ہوتی ہے اور جس میں مشک کی مہک یا خوشبو ہوتی ہے اور شراب اور کشمش بنانے کے لیے اگائی جاتی ہے ؛ اس طرح بنائی گئی شراب؛ مشکِ انگور کی شراب ۔

muscatel,
muscat, muscadel, muscadelle, n. بڑی میٹھی تیز شراب جو مُشک انگور سے تیّار کی جاتی ہے ؛ مُشکِ انگوری شراب؛ مُشک انگور ۔

muscle, n. عضو ؛ پٹھا ؛ مچھلی ؛ عضلہ ؛ لمبے ریشوں پر مشتمل بافت جو تحریک پر سکڑ کے جسمانی حرکت پیدا کرتی ہے ؛ عضلاتی بافتوں پر مشتمل سکڑنے والا عضو ؛ جسمانی قُوّت؛ مؤثر توانائی (جیسے : .put muscle into the orders) ۔ (فعل لازم ، عوامی) قُوّت یا دھمکی کے ذریعے قبضہ کرنا یا اپنا راستہ بنانا(عموماً اس کے بعد in آتا ہے)۔ (فعل متعدی، عوامی) مجبور کرنا یا دھمکی دینا؛ مضبوط بنانا ۔

muscle bound, a عضلات کشیدہ ؛ جس کے پٹھے کھنچے ہوئے ؛ ضرورت سے زیادہ تنے ہوئے یا بے لچک ہوں جیسا کہ زیادہ ورزش کرنے سے ہو جاتا ہے ؛ اکڑے ہوئے پٹھوں والا ۔

muscle sense, n. احساسِ حرکتِ عضلہ ؛ حرکی حسیات ۔ دیکھیے : Kinaesthesia ۔

muscovado, muscavado, n. کھانڈ ؛ شکر ؛ کچّی شکر ؛ بُورا ؛ ناصاف چینی جسے گنّے کے رس کو پکا کر اور شیرہ نکال کر بنایا گیا ہو ۔

Muscovite, n. رُوسی ؛ ماسکو کے سابق صوبہ مسکووی کا باشندہ ،عموماً روس کا باشندہ ۔ (چھوٹے m سے) ہلکے رنگ کا عام ابرق ۔ (صفت) مسکووی کے باشندوں سے متعلق ؛روس سے متعلق ؛ روسی ۔

Muscovy duck, musk duck, n. مشک بطخ ؛ وسطی امریکا کی بڑی جنگلی بطخ جس کو پالتو بنا کر بکثرت پالا جاتا ہے ۔

muscular, a. پٹھے دار ؛ عضلی ؛ عضلاتی ؛ عضلات یا پٹھوں کا یا ان سے متعلق ؛ عضلات سے کیا ہوا یا عضلات پر منحصر (جیسے : muscular exertion) ؛ پلے ہوئے پٹھوں والا ؛ مضبوط ؛ توانا اور طاقتور، خاص طور پر جس میں خوبصورتی اور نزاکت کی کمی ہو۔

muscularity, n. (جسم کی) مضبوطی ؛ گٹھیلا پن ۔

muscularly, adv. مضبوطی سے ؛ طاقت اور قوّت سے ؛ گٹھیلے پن سے۔

muscular dystrophy, n. (امراضیات) عضلی سوءِ تغذیہ ؛ بیماری جو آہستہ آہستہ عضلاتی بافت کی بوسیدگی اور لاغری پر منتج ہوتی ہے ۔

musculature, n. (تشریح الاعضا) نظام عضلات ؛ عضو میں پٹھوں کی ترتیب ۔

Muse, n. (بعض اوقات چھوٹے m سے) روحِ شاعری ؛ شاعری اور فنون لطیفہ کی دیوی ؛ فنی تخلیق کو فیض دینے والی روح یاقوّت ۔ (کلاسیکی اساطیری) زیوس اور نیموسین (Zeus and Mnemosyne) کی نو بیٹیاں جنھیں فنونِ لطیفہ کی دیویاں سمجھا جاتا ہے ان میں سے ہر ایک کسی ایک فن کی دیوی مثلاً کیلیوپ (Cal-liope) رزمیہ شاعری اور اریٹو (Erato) رُومانوی شاعری کی دیوی ہے ؛ کوئی سی دیوی جو کسی فن لطیف کی حکمران ہو۔

muse, v.i. خاموشی سے سوچنا یا مراقبہ کرنا ؛ مستغرق ہونا ؛ محو ہونا ؛ سوچ یا فکر کے انداز میں بولنا ؛ پُرخیال انداز میں بولنا ۔ (فعل متعدی) (کسی چیز پر) غور و فکر کرنا ؛ غور و خوض کرنا ؛ خیالات میں گم ہو جانا۔

museful, a. غوروخوض کرنے والا ؛ محو خیالات میں غرق ؛ مستغرق ۔

musefully, adv. محویت کے عالم میں ؛ سوچ بچار کے انداز میں ؛ استغراق میں ۔

musingly, adv. عالمِ محویت میں ؛ استغراق کے عالَم میں ۔

musette, n. ایک چھوٹی فرانسیسی مشک بین جس میں ہوا دھونکنیوں کے ذریعے پیدا کی جاتی ہے ، یہ بین سترھویں صدی میں مقبول تھی ؛ ایک نرم دیہی نغمہ جس میں مشک بین کے انداز کی نقل کی جاتی ہے ؛ چھوٹی بانسری جو دوہری بانسری کی پیشرو تھی ؛ کندھوں کے تسموں کا چھوٹا تھیلا جسے فوجی استعمال کرتے ہیں ۔ نیز : musette bag, field bag ۔

museum, n. [فرعون (موسیس) کے ایک مقبرے کے نام پر] عجائب خانہ ؛ عجائب گھر ؛ میوزیم ؛ وہ عمارت جس میں ادب ، فنون ، سائنس ، تاریخ یا فطرت سے متعلق دلچسپ چیزوں کی نمایش کی جاتی ہے ۔

mush, n. دلیا ؛ مکئی کا دلیا ؛ نرم گودا ؛ کھانا عموماً مکئی کا کھانا ، جسے پانی اور دودھ میں اس حد تک اُبالا جائے کہ گاڑھا اور نرم ہو جائے ؛ کوئی نرم اور گاڑھی چیز ؛ کوئی بھی شے جو ناخوشگوار حد تک مضبوطی ، قوّت اور وقار سے عاری ہو۔ (بول چال) رقت آمیز جذبات یا جذباتی زبان ۔

mush, v.i. (بول چال ، کینیڈا ، شمالی امریکا) پیدل سفر کرنا ، خصوصاً برف پر کتّوں اور پھسلنے والی گاڑی کے ذریعے ۔ (اسم) ایسا سفر یعنی برف پر پیدل سفر۔ (فجائیہ) وہ صدا جو کتوں کی ٹیم کی جوڑی کو چلانے کے لیے لگائی جائے ؛ صدائے رحیل صوت رحیل ۔

mushroom, n. کُھمبی ؛ فُطر ؛ سماروغ ؛ کُلاہ باراں ؛ ککر متّا ؛ سانپ کی چھتری ؛ گودے والی خود رو فُطر ؛ کھمبی کی جنس سے تعلق رکھنے والی کوئی سی خوردنی قسم جس کی شکل چھتری جیسی ہوتی ہے ، اس سے مشابہ یا اس قدر تیزی سے پیدا اور بڑھنے والی کوئی بھی چیز ۔ (صفت) کُھمبی کی ، اس سے متعلق یا اس کی بنی ہوئی ؛ کھمبی سے مشابہ یا اس سے مشابہت کی یاد دلانے والی ؛ تیزی سے نشوونما پانے والی لیکن کم پایدار یا تھوڑی مدت رہنے والی ۔ (فعل لازم) کُھمبیاں اکٹھی کرنا ؛ کُھمبی کی صورتّ کا ہونا یا ایسی صورت اختیار کرنا ؛ پھوٹ نکلنا ؛ تیزی سے بڑھنا یا اضافہ ہونا ۔

mushy, a. نرم ؛ گاڑھا ؛ گودے والا ۔ (مجازاً) ناتواں جذباتی ۔

mushily, adv. نرمی سے ؛ جذباتی طور پر۔

mushiness, n. نرمی ؛ گاڑھا پن ؛ جذباتیت ؛ سماروغیت ۔

music, n. موسیقی ؛ غنا ؛ لَے ؛ راگ ؛ نغمہ ؛ سنگیت ؛ گانا ؛ آواز کی موزونی ؛ سماع ؛ ہم آہنگی ؛ علم موسیقی ؛ سرود ؛ راگ رنگ ؛ آوازوں کو با معنی نمونوں یا صورتوں میں ترتب دینے کا فن ، جس میں عموماً زیروبم ، ہم آہنگی اور تال شامل ہوتی ہے ؛ موسیقی کی ترتیب ؛ دُھن ؛ دُھن کی آواز جب یہ گائی یا بجائی جا رہی ہو ؛ نقشِ نغمہ ؛ تحریر نغمہ ؛ لکھی یا چھپی ہوئی دھن ؛ خوشگوار آواز یا آوازیں ؛ حُسن آواز ؛ ترخم ؛ سہولت تلفظ کے لیے تغیّر اصوات ۔

absolute music, قطعی موسیقی ، ساز کے عناصر ، جیسے متن ، بیان یا توضیح ؛ programme music کی ضد ۔

aleatory music, chance music اتفاقی موسیقی موسیقی جس میں دائنگی کا معا بجانے والے کی مدد یا اتفاق پر چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

electronic music, برقیاتی موسیقی ، موسیقی جس میں تجربہ گاہ میں برقیاتی طور پر پیدا کی ہوئی آوازیں بھی شامل ہوتی ہیں اور جن کو مقناطیسی فیتے پر محفوظ کیا جاتا ہے ۔

program music, پروگرام موسیقی ؛ ایسی موسیقی جو کسی ماورائے موسیقی خیال یا خیالات کے حوالے سے ترتیب دی جائے جیسے بیانیہ ، وضاحت یا متن ؛ absolute music کی ضد ۔

face the music, اپنی غلطی کا خمیازہ بھگتنا ؛ اپنی غلطیوں یا افعال و اعمال کے نتائج بھگتنا ، ان کا اعتراف کرنا اور ان کے نتائج کو قبول کرنا ۔

musical, a. موسیقی کا ؛ راگ کا ؛ اس سے یا اس کی تخلیق سے متعلق (جیسے : a musical instrument) ؛ موسیقی سے مشابہ یا اس قسم کا ؛ موسیقی کے لیے بنائی گئی یا اس کے ساتھ پیش کی جانے والی (جیسے : a musical comedy) ؛ موسیقی کا شوقین یا ماہر ۔ (اسم) محفل موسیقی ؛ نغماتی طربیہ ۔

musically, adv. موسیقی کے انداز میں ؛ موسیقی کے اعتبار سے ؛ بہ خوش آہنگی ؛ راگ کے طور پر ؛ موسقی کے ذریعے ؛ خوش الحانی سے ؛ ازروئے موسیقی ؛ سریلی آوازمیں ۔

musicality, musicalness, n. موسیقت ؛ خوش الحانی ؛ خوش گلوئی ؛ سُریلا پن ؛ نغمگتی ۔

musical chairs, n. کُرسی کھیل ؛ ساز کرسی ؛ کھیل جس میں کھیلنے

والوں کی کوئی بھی تعداد حصہ لے سکتی ہے ، جو دائرے میں بچھی ہوئی کرسیوں کے پیچھے چلتے ہیں ،جن کی تعداد کھلاڑیوں کی تعداد سے ایک عدد کم ہوتی ہے ، موسیقی بجتی رہتی ہے ، جوں ہی موسیقی رکتی ہے تمام کھلاڑی کرسیوں پر بیٹھنے کی کوشش کرتے ہیں جو کوئی نہ بیٹھ سکے وہ کھیل سے باہر نکل جاتا ہے ، ہر باری کے بعد ایک کُرسی کم کر دی جاتی ہے ، یہاں تک کہ دو کھلاڑی اور ایک کُرسی رہ جاتی ہے اس آخری کرسی پر جو بیٹھ جائے وہ بازی جیت جاتا ہے ۔

musical comedy, n. موسیقی آمیز طربیہ ؛ نغماتی طربیہ؛ مزاحیہ یا طربیہ ڈرامہ یا فلم جس میں جابجا موسیقی ، گانے اور رقص شامل ہوں ۔

musicale, n. محفل موسیقی؛ موسیقی پر مشتمل معاشرتی تفریح ۔

musical saw, singing saw, n. موسیقی آرا ؛ گائک آرا ؛ نغماتی آری ؛ ہاتھ سے کام کرنے والا آرا جس کا خمدار پھل سازندہ اپنے گھٹنوں کے درمیان پکڑ لیتا ہے ، اس پر نقارے کی چوب سے ضرب لگائی جاتی ہے یا وائلن کے گز سے بجایا جاتا ہے

music box, n. (موسیقی) موسیقی کا ڈِبّہ ؛ غنائی صندوقچہ ؛ ڈبہ جس میں موسیقی کا آلہ بند ہوتا ہے ، اس میں ایک نالی ہوتی ہے جس میں اس طرح دندانے بنے ہوتے ہیں کہ وہ گھومتے ہوئے سوئیوں سے ٹکراکر موسیقی کی ایک یا دو دھنیں میکانی طور پر پیدا کرتی ہے ۔

music drama, n. (موسیقی) غنائی ناٹک ؛ ایک طرح کی غنائی تمثیل (opera) جسے رچرڈ ویگنز نے شروع کیا تھا جس میں بیانیہ کے وقفے نہیں ہوتے اور اصل نغمے کی حامل موسیقی ڈرامائی حرکات و سکنات کے تابع ہوتی ہے ۔

music hall, n. سُرود خانہ ؛ بڑا کمرا جو موسیقی کی محفلوں کے لیے مخصوص ہو ۔ (برطانوی) وہ تھیئٹر جس کے پاس ورئٹی شو یا غنائی ناٹک دکھانے کا اجازت نامہ ہو۔

musician, n. موسیقار: سازندہ. موسیقی دان ؛ مُغنّی؛ وہ شخص جس کا پیشہ موسیقی ہو؛ موسیقی پیش کرنے یا دُھن بنانے کا ماہر۔

musicianly, adv. موسیقار/ماہر موسیقی کی طرح ۔

musicianship, n. مطربی؛ موسیقار کا پیشہ یا فن؛ نواگری ۔

music of the spheres, n. موسیقیِ افلاک ؛ ناقابل سماعت آہنگ جو قدیم فیثاغورثیوں کے مطابق سماوی اجسام کی حرکت سے پیدا ہوتا ہے ۔

musicology, n. موسیقیات ؛ علمِ موسیقی ؛ موسیقی کی طبیعیات ، نظریے اور تاریخ کا مطالعہ ۔

musicological, a. موسیقیاتی ؛ علمِ موسیقی سے متعلق ۔

musicologically, adv. موسیقیاتی طور پر۔

musicologist, n. موسیقیات دان؛ علم موسیقی کا ماہر یا محقق ۔

musing, a. خیالات میں گم ؛ سوچ میں ڈوبا ہوا ؛ محو ؛ مستغرق ۔ (اسم) محویت؛ استغراق ۔

musk, n. مُشک ؛ کستوری ؛ نرمشک ہرن (غزال ختن) کی ناف کے غدود سے رسنے والا مادہ جس کی خوشبو تیز اور دیرپا ہوتی ہے اور عطریات میں کام آتا ہے ؛ مشک نافہ؛ مشکِ ختن؛ دوسرے جانوروں کی ایسی ہی رطوبت؛ اس مادے کی نقل، مُشک کی خوشبو یا اس سے مشابہ خوشبو؛ غزال مِشک؛ آہوئے مشک ۔

musk deer, n. غزال مشکیں ؛ آہوئے مشک ؛ وسط ایشیا کا بے سینگ چھوٹا ہرن جس کے نر کے غدودِ ناف سے مشک خارج ہوتا ہے ۔

muskeg, n. دلدل ؛ گلابہ؛ دھسن ۔ (صفت) دلدلی ؛ گِلابی ؛ دلدلی جگہ یا اس سے متعلق (جیسے : the wild life in a muskeg valley) ۔

muskellunge, muskie, musky, n. نیزہ مچھلی؛ شمالی امریکا اور کینیڈا کی جھیلوں اور دریاؤں میں پائی جانے والی نوکیلی تھوتھنی والی مچھلی ۔

musket, n. تُپک؛ بھرمار؛ توڑے دار بندوق؛ مسکٹ ؛ تفنگ ؛ سو لہویں صدی میں بنائی گئی بڑے قُطر، ہموار نالی والی بندوق ۔

musketeer, Fr. mousquetaire, n. تفنگچی ؛ بندوقیا ؛ مسکٹ بردار سپاہی؛ بندوقچی ؛ تُپکچی ۔

musketry, n. بندوقیں بحیثیت مجموعی؛ بندوقچی بحیثیت مجموعی؛ دستی بندوقیں ؛ تفنگ ؛ چھوٹے ہتھیاروں کو چلانے کا ہنر یا حکمت۔

muskmelon, n. سردا ؛ کاشت کی جانے والی نباتی رینگنے والی کدو کے خاندان کی بیل ،جس کا پھل گودےوالا ، گول یا بیضوی ، اکثر پرشکن یا دانے دارچھلکا ،مشکین اور سبز سے زرد رنگ تک کا گودا ،میٹھا اور خوشبودار ہوتا ہے ؛ خربوزہ ؛ ڈُمیری؛ شمام ۔

Muskogean, Muskhogean, n. مسکوگی ؛ جنوب مشرقی امریکا کے شمالی امریکن انڈین لوگوں کا لسانی گروہ جس میں کوکٹا (Choctaw) ،یونانی ، سیمینول (seminole) ،یازو (Yazoo) اور دوسرے قبائل شامل ہیں ۔

musk ox, n مشک بیل ، بقری خاندان کا ہموار انگوٹھوں والے کھروں والا میمل جو شمالی امریکا کے قطبی علاقے میں پایا جاتا ہے جس کی کھال لمبے لمبے بالوں سے بھری ہوئی ، سینگ نیچے کومڑے ہوئے ، دُم بہت چھوٹی ہوتی ہے،اس کی مشکیں بو کی وجہ سے اسے یہ نام دیا گیا ہے ۔

muskrat, musquash, n. آبی چھچھوندر ؛ مشک موش ؛ شمالی امریکا کا بڑا ، آبی ، پوستین دار کُترنے والا جانور جس کی دُم لمبی ، قشری اور کم بالوں والی ، پچھلے پاؤں جزوی طور پر جھلّی والے ہوتے ہیں ، اس سے مُشک کی سی بو آتی ہے ؛ گرمُوش۔

musk rose, n. مشک گُلاب؛ بحیرۂ رُوم کے علاقے کی بیل کی مانند جھاڑی جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور خوشبو کستوری کی سی ہوتی ہے۔

musk turtle, n. مشک کچھوا ؛ شُمالی امریکا کا چھوٹا آبی کچھوا جو اپنی حفاظت کے لیے مشکیں لعاب خارج کرتا ہے ۔

musky, a. مشکیں ؛ مشک کی خوشبو یا ذائقے والا ؛ مشک کی مثال ؛ مشک جیسا ؛ خوشبودار ؛ مشک بار ؛ مشک بُو۔

muskiness, n. مشکنی ۔

Muslem, n. مُسلم ؛ مُسلماں ۔ دیکھیے : Moslem ۔

Muslim, n. دیکھیے : Moslem ۔

muslin, n. ململ ؛ تن زیب ؛ بتلا سوتی کپڑا جو مختلف

باریکیوں میں تیار کیا جاتا ہے۔اکثر نقش و نگار والا بُنا ہوا یا بیل بوٹوں والا ہوتا ہے ؛ نسبتاً بھاری کپڑا ، دُھلا ہوا یا کورا ۔

musquash, n. مُشک موش ۔ (برطانوی) مشک موش کا سمور۔

muss, n. (بول چال) چھینا جھپٹی ؛ ہاتھا پائی ؛ غیر منظم جدوجہد ، ہنگامہ یا ہُلڑ ؛ بے ترتیبی کی حالت ؛ افراتفری کا عالَم ؛ ناصاف اور گندہ ملغوبہ ۔ (فعل متعدی ، بول چال) بے ترتیب کرنا ؛ گندا یا لت پت کرنا ؛ الٹ پلٹ کرنا ۔

mussel, n. دو صمامی صدفیہ ؛ دو صمامی یا دو والو والا صدفیہ بالخصوص مائٹیالی خاندان (Mytilidae) سے تعلق رکھنے والا خوردنی سمندری صدفیہ ؛ موتی صدفیات (Unionide) خاندان سے متعلق تازہ پانی کا دو صمامی صدفیہ ۔

mussulman, n., a. دیکھیے : Moslem ۔

mussy, a. (بول چال) گندا ؛ بے ترتیب ؛ الٹ پلٹ ۔

mussily, adv. بے ترتیبی سے ۔

mussiness, n. بے ترتیبی ۔

must, Aux., v. چاہیے ؛ ضروری ہے ؛ لازم ہے ؛ فرض ہے ؛ لازماً ؛ اخلاقی اصول ، قانون ، حکم ، فرمان ، قوت کی دھمکی ، منطقی ضرورت یا فطری قانون سے مجبور یا پابند ہونا ؛ فرض کیا جانا (جیسے : It must be very late) ؛ یقینی ہونا (جیسے : Peace must follow) ۔ (اسم ، بول چال) لازمی یا ضروری چیز ۔ (صفت) لازمی یا ضروری ۔

must, n. پھپھوندی ؛ بوسیدگی ۔

must, n. شیرۂ انگور ؛ انگور یا دوسرے پھلوں سے نکالا ہوا بے خمیر رس ۔

mustache, moustache, mustachio, n. مونچھ ؛ بروت ؛ مردوں کے بالائی لب یا اس لب کے کسی نصف کے اوپر اگنے والے بال ؛ جانوروں کے مُنھ کے قریب اگنے والے بال ؛ پرندے کے سر یا گردن پر کی رنگدار پٹی جو مونچھوں کی یاد دلائے ۔

mustachio, n. دیکھیے : mustache ۔

mustachioed, a. مچھیل ؛ مُچھکڑ ؛ مچھل ؛ مونچھوں والا ۔

mustang, n. مستنگ ؛ مغربی شمالی امریکا کا چھوٹا جنگلی گھوڑا جو ہسپانیہ سے درآمد کیے گیے گھوڑے کی نسل سے ہے ۔

mustard, n. سرسوں ؛ توریا ؛ سرشف ؛ رائی ؛ خردل ؛ جنس شلغم (Brassica) کے رائی خاندان کی کوئی سی بُوٹی ، جن میں سے بعض قسموں کے بیجوں سے تجارتی پیمانے پر چٹنی ، اچار وغیرہ بنایا جاتا ہے ، اس کی اقسام سفید رائی (B. alba) اور سیاہ رائی (B.nigra) کے بیجوں سے تیار کی ہوئی لئی یا سفوف جو کھانے میں مصالحوں (مسالوں) کے طور پر یا طِبّی صورت میں لُپڑی یا دافع خراش دوا ، ضماد یا لیپ کے طور پر مستعمل ہے ۔

mustard gas, dichlorodiethyl sulfide, n. رائی گیس ؛ کیمیائی جنگ کا ہتھیار جس سے بافتیں تباہ ہو جاتی ہیں ، نظر جاتی رہتی ہے اور موت بھی واقع ہوتی ہے ، پہلی جنگ عظیم میں اسے پہلی مرتبہ جرمنی نے استعمال کیا تھا ۔

mustard plaster, n. (طِب) رائی کا لیپ ؛ ضماد خردل ؛ پٹی جسے پسی رائی اور آٹا لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ چپکنے والا کپڑا جس پر پسی ہوئی کالی رائی کا محلول لگا ہوتا ہے اور جس کے لگانے سے خارش دور ہوتی ہے ۔

musteline, a. سموری ؛ سمورنما ؛ راسوی یا سموری خاندان ۔ نیولے ، بدبودار نیولے اور اس کے قرابت دار جانوروں سے متعلق ۔

muster, v.t. اکٹھا کرنا ؛ جیسے فوجی دستوں کا ، خدمت ، معائنے ، پریڈ یا مشقوں کے لیے ؛ جمع کرنا یا یکجا کرنا جیسے معلومات وغیرہ ۔ (فعل لازم) اکٹھا ہونا ؛ جُڑنا ؛ ایک جگہ جمع ہونا جیسے سپاہیوں کا ۔ (اسم) معائنے یا خدمت کے لیے فوجی دستوں کا اجتماع ؛ جمع ہونے کا عمل ؛ مجمع ؛ اجتماع ۔ نیز: muster roll ۔

pass muster, زجروتوبیخ کے بغیر گزر جانا ، جیسے معائنے پر بہت سوں میں سے کسی ایک کا ۔

muster in or out, فوجی ملازمت میں بھرتی ہونا یا اس سے فارغ ہونا ۔

musth, must, n. [اردو] مستی ؛ جنسی اعصابی جنون اور خطرناک تنک مزاجی جو ہاتھی میں وقفے وقفے سے نمودار ہوتی ہے جس کے ساتھ ہی آنکھوں اور مُنھ کے گرد چکنا لعاب نکلنے لگتا ہے ۔ (صفت) مست ۔

musty, a. پھپھوندی لگا ؛ بدبودار ؛ بدذائقہ ؛ باسی ؛ اُبسا ہوا ؛ عمر کی وجہ سے خراب شدہ ؛ سال خوردہ ؛ فرسودہ ؛ بوسیدہ ؛ دقیانوسی ؛ سڑا ؛ گمسا ۔

mustily, adv. سڑے پن سے ؛ فرسودگی سے ؛ دقیانوسی انداز سے ۔

mustiness, n. بوسیدگی ؛ اُبساپن ؛ ترشی ؛ فرسودگی ؛ سال خوردگی ؛ دقیانوسیت ؛ باسی پن ۔

mutable, a. قابل تغیّر ؛ بدلنے یا بدلے جانے کے قابل ؛ تغیّر پذیر ؛ غیر مستقل مزاج ؛ مُتلوّن ۔

mutability, mutableness, n. غیر مستقل مزاجی ؛ تغیُّر پذیری ؛ بدلنے یا بدلے جانے کی صلاحیت ؛ تلوُّن ۔

mutagen, n. تقلّب آور دوا یا مادّہ ۔

mutagenic, a. (جینیات) تبدیلی پیدا کرنے کے قابل ؛ تقلُّب آور ؛ تغیر آور جیسے لاشعاعیں (x-rays) ۔

mutagenically, adv. تقلُّب آوری سے ، تغیُّر آوری سے ۔

mutant, n. (حیاتیات) تغیر پذیر یا تغیر یافتہ صورت ۔ (صفت) منقلب ؛ متغیّر ۔

mutate, v.t. بدلنا ؛ انقلاب لانا ؛ ترمیم کرنا ؛ تغیر پیدا کرنا ۔ (صوتیات) انتقال یا امالے کے ذریعے بدلنا ۔ (فعل لازم) تبدیلی ہونا ؛ انقلاب پذیر ہونا ۔

mutation, n. تبدیل کرنے یا ہونے کا عمل ؛ تبدیلی یا ترمیم جیسے صورت ، معیار یا فطرت میں ۔ (صوتیات) کسی بعد کی یا پہلے کی آواز کے پیش نظر حرف علت یا حرف صحیح کے ترکیبی مقام میں لطیف تبدیلی ۔ (حیاتیات) کسی مورث جسم نامی کی اولاد یا اس کے اخلاف میں اچانک قابل توارث تبدیلی ، جو لونیہ کی تبدیلی یا لونیات کی تعداد میں اضافے سے پیدا ہوتی ہے ؛ وہ عمل جس کے ذریعے یہ تبدیلی واقع ہوتی ہے ؛ عمل تغیُّر ؛ اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی انواع یا افراد ۔

mutational, mutative, a. تغیُّر پذیر ۔

mutationally, adv. تغیُّر پذیری سے ۔

mute, a. گُونگا ؛ لال ؛ گنگ ؛ ابکم؛ غیر ناطق ؛ چُپ ؛ خاموش یا گفتگو /بات چیت سے احتراز کرنے والا ؛ آواز نہ نکالنے والا؛ جس کی کوئی آواز نہ ہو ؛ بے آواز ؛ قوت گویائی سے محروم ؛ عارضی طور پر گویائی سے محروم (جیسے : mute with astonishment) ؛ ساکت ؛ صامت ؛ بے زبان؛ ناگفتہ ؛ خاموش (جیسے : a mute plea) ۔ (قانون) الزام کے جواب میں کوئی ردِ عمل ظاہر نہ کرنے والا یا کوئی جواب نہ دینے والا ، جیسے قیدی ۔ (صوتیات) بے آواز ؛ مخفی ؛ بے صوت ۔

mutely, adv. خاموشی سے ؛ زبانِ بے زبانی سے ؛ بِن بولے ؛ بغیر بات کیے ؛ زبانِ حال سے ۔

muteness, n. بے آوازی ؛ بے صدائی ؛ خاموشی ؛ گونگا پن ؛ بے صوتی ؛ سکوت ۔

mutism, n. سُکوت ؛ خاموشی ؛ گونگا پن ؛ بے صدائی ؛ بے زبانی ؛ بے نُطقی ۔

mute, n. گُونگا/قُوّتِ گویائی سے محروم شخص ؛ صمٌّ بکمٌ ؛ خاموش سوانگ اداکار ۔ (قانون) وہ قیدی جو الزام کے جواب میں خاموش رہے ۔ (صوتیات) حرفِ بے آواز ؛ مختفی ؛ معدولہ ۔ (موسیقی) وہ ترکیب جس کے ذریعے کسی آلے کی آواز کو دبایا یا خاموش کر دیا جائے ۔

mute, v.t. آواز کو روک دینا ؛ خاموش کرنا یا دبا دینا ، جیسے آلۂ موسیقی کی ؛ شِدّت کو کم کرنا جیسے رنگ کی ۔

muticate, muticous, a. (نباتیات) بے نوک ۔ (حیوانیات) دفاعی ڈھانچے جیسے پنجوں کے بغیر ؛ بے دفاع ؛ مُنڈا ۔

mutilate, v.t. مُثلہ کرنا ؛ کسی عضو یا اہم اعضا کو کاٹ ڈالنا ؛ اپاہج کر دینا؛ ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالنا؛ لنگڑا لُولا کر دینا؛ کسی چیز کا کوئی اہم حصہ نکال کر اُسے ناقص یا نامکمل بنا دینا ؛ قطع و برید کرنا ۔

mutilation, n. اعضا کاٹنے کا عمل؛ قطع اعضا ؛ قطع و برید ؛ کاٹ چھانٹ ۔

mutilator, n. اعضا کاٹنے والا ؛ قاطعِ اعضا؛ قطع و برید کرنے والا ؛ کاٹ چھانٹ کرنے والا ۔

mutineer, n. باغی ؛ بغاوت کرنے والا ؛ نافرمان؛ مفسد؛ غدر برپا کرنے والا ۔

mutinous, a. مفسِد ؛ بغاوت انگیز ؛ باغیانہ؛ بغاوت کی خصوصیات کا حامل؛ بغاوت میں مصروف یا بغاوت انگیز؛ سرکشانہ ؛ غدّار ؛ باغی ۔

mutinously, adv. باغیانہ؛ سرکَشانہ ؛ بغاوت انگیزی سے ؛ غداری سے ۔

mutinousness, n. غداری ؛ بغاوت ۔

mutiny, n. سرکَشی ؛ بلوا ؛ ہنگامہ ؛ تمرُّد ؛ شورش؛ فساد ؛ فتنہ؛ بغاوت ؛ آئینی ہئیت مقتدرہ کے خلاف بغاوت ؛ سالار کے خلاف ملاحوں یا سپاہیوں کی مزاحمت ؛ غدر ۔ (فعل لازم) بغاوت میں شامل ہونا ؛ بغاوت کرنا ؛ فوجی ، بحری ، فضائی افسروں کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا ؛ غدر ہونا ۔

mutt, n. (عوامی) دوغلا کُتّا ؛ بیوقوف ؛ کندذہن ؛ غبی شخص ۔

mutter, v.i.,v.t. بڑبڑانا ، کڑکڑانا؛ بڑبڑ کرنا؛ بُدبُدانا؛ ٹرانا؛ کھڑ کھڑانا؛ مُنہ ہی مُنہ میں کہنا؛ دھیمی آواز اور بند ہونٹوں سے الفاظ ادا کرنا؛ دھیمی بڑبڑاہٹ کی آواز پیدا کرنا ؛ دھیمے ، غیر واضح انداز میں بات کرنا ۔ (اسم) بڑبڑاہٹ؛ بڑبڑ ؛ بڑبڑا کر ادا کیے گئے الفاظ ؛ غیر واضح گفتگو ؛ مبہم بات ۔

mutterer, n. بڑبڑانے والا ۔

mutteringly, adv. بڑبڑانے کے انداز میں؛ بڑبڑاہٹ سے ؛ بڑبڑاتے ہوئے ۔

mutton, n. بکری کا گوشت ؛ بھیڑ کا گوشت ، پکا ہوا یا کچّا؛ مٹن ۔

muttony, a. بکری یا بھیڑ کے گوشت کا ۔

muttonchops, n. (جمع) گُل مچھے؛ بڑھی ہوئی قلمیں جو مونچھوں سے مل گئی ہوں ۔

mutual, a. باہمی؛ آپس کا؛ آپس کے لین دین کا ؛ باہمی داد و ستد کا ؛ طرفین /جانبین کا ؛ دوطرفہ ؛ آپس کی تبدیلی کا ؛ باہمی تبادلے کا ؛دو یا دو سے زیادہ سے تعلق رکھنے والا ؛ شروع یا نافذ ہونے والا ؛ دو یا دو سے زیادہ میں پایا جانے والا؛ مشترک ۔

mutually, adv. آپس میں ؛ باہمی طور پر ؛ جانبین سے ؛ دو طرفہ طور پر۔

mutual fund, open-end fund, n. سرمایہ کار کمپنی جو اپنا ذخیرہ (stock) بیچتی اور مختلف قسم کی ضمانتیں (securities) مع آمدنی/منافع کے خریدتی ہے ؛ مشترکہ سرمایہ ۔

mutualism, n. نظریۂ تعاون ؛ ہم زیستی ۔ (حیاتیات) دو یا زیادہ نامی اجسام یا عضویات کے درمیان باہمی رابطہ ، جس سے سب کو فائدہ پہنچے ۔ (عمرانیات) یہ نظریہ کہ فرد اور معاشرہ کے باہمی انحصار سے دونوں کو فائدہ ہوتا ہے ۔

mutualist, n. نظریۂ احتیاجِ باہمی کا قائل؛ معتقد تعاون؛ نظریۂ تعاون کا حامی ۔

mutualistic, a. باہمی ؛ تقابلی؛ نظریۂ احتیاجِ باہمی کا یا اس سے متعلّق ۔

mutuality, n. باہمی ربط ؛ تعاون ؛ باہمی انحصار ۔

mutualize, v.t. باہمی بنانا ۔ (معاشیات) کارپوریشن کے اکثریتی حصص (stock) کی ملکیت ملازمین یا گاہکوں کے ہاتھوں میں دینا ؛ کسی کاروبار میں کارندوں یا گاہکوں کو شریک کرنا ۔ (فعل لازم) باہمی بننا ؛ باہمی ہونا ؛ ربط باہم ہونا ۔

mutualization, n. تعاون ؛ کاروبار میں شرکت سازی۔

mutuel, n. (عموماً جمع) مشترک شرط ؛ ساجھے کی بازی ؛ گھڑ دوڑ کی وہ بازی جس میں جیتنے والے جیتی ہوئی رقم دوسرے بازی لگانے والوں کے ساتھ بانٹ لیتے ہیں ۔ دیکھیے : pari-mutuel ۔

muzhik, moujik, mujik, muzjik, n. رُوسی دہقان ۔

muzzle, n. تھوتھنی ؛ مُنہ ؛ بندوق یا پستول کا دہانہ ؛ منہ بند ؛ پوزی ؛ مُنہ چھینکا ۔ (فعل متعدی) مُنہ بند چڑھانا ؛ چھینکا چڑھانا ؛ (جانور کا) مُنہ بند کرنا؛ اظہار رائے پر پابندی لگانا ؛ زبان بندی کرنا ۔

muzzler, n. مُنہ بند ؛ چھینکا ۔

muzzle loader, muzzle-loader, n. بھرمار؛ منہ بھرنی بندوق؛ وہ بندوق جو منہ کی طرف سے بھری جاتی ہے ۔

muzzleloading, muzzle-loading, a. منہ بھرنی ؛

دہانے یا نالی یا مُنھ کی طرف سے بھری جانے والی ۔

muzzy, a. (عوامی) غائب الدماغ؛ جس کا ذہن حاضر نہ ہو ؛ الجھا ہوا ؛ ژولیدہ فکر؛ پراگندہ دماغ ۔

muzzily, adv. ژولیدہ فکری سے ؛ غائب الدماغی سے ؛ ذہن کے غیر حاضر ہونے کی حالت میں ؛ پراگندہ دماغی سے ۔

muzziness, n. پریشان خیالی ؛ ژولیدہ فکری ؛ غائب الدماغی ؛ پراگندہ دماغی ۔

my, pronominal., a. میرا ؛ میرے ؛ میری ؛ میں (I) کی حالتِ اضافی جو حالتِ توصیفی کے طور پر استعمال ہوتی ہے (جیسے : my face) ۔ (فجائیہ) حیرت کا اظہار کرنے والا (جیسے : .My,what a long book) ۔

myalgia, n. (امراضیات) پٹھوں کا درد ؛ دردِ عضلہ ؛ عضلاتی درد ۔

myasthenia, n. (امراضیات) پٹھوں کی کمزوری ؛ ضُعفِ عضلات ؛ عضلی ضُعف ۔

mycelium, n. (نباتیات) فُطرومہ ؛ فُطرومے کا ریشہ دار ڈھانچا جس سے اصلی فُطر کا جسم بنتا ہے ۔

Mycenaean, Mycenian, a. مائی سینیائی ؛ قدیم شہر مائی سینی کا یا اس سے متعلق ؛ کانسی کے عہد ۱۴۰۰ تا ۱۱۰۰ ق م میں بحیرۂ آژ کے علاقے میں پھلنے پھولنے والی تہذیب سے متعلق ۔

mycetozoan, n. فطرحوینی ؛ فُطر حُوینات کی رُکن ایک کُھمبی جس میں حیوانی اور نباتی دونوں خصائص ہوتے ہیں ۔ (صفت) فطرحوینی خصوصیات کی حامل ۔

mycology, n. (نباتیات) کھمبیوں کا مطالعہ ؛ فُطریات ؛ علمِ فُطرات ؛ کھمبیوں کا علم ؛ کسی ایک علاقے کی کھمبیاں ؛ کسی ایک قسم کی کھمبی کے خصائص اور زندگی کا عمل ۔

mycologic, mycological, a. فُطریاتی ؛ عِلمِ فُطرات سے متعلق ؛ کھمبیوں کے عِلم کا یا اس سے متعلق ۔

mycologically, adv. فطریات کی رُو سے ۔

mycologist, n. کھمبیوں کا عالم ؛ عِلمِ فُطرات کا ماہر ؛ فُطریات دان ؛ ماہر فطریات ۔

mycorrhiza, mycorhiza, n. (نباتیات) فطربیخ دوستی ؛ بافُطر زیستی ؛ کھمبی کا بعض دوسرے پودوں مثلاً صنوبر ، شاہ بلوط ، ثعلب مصری وغیرہ کی جڑوں سے باہم زیست کا تعلّق جس میں کھمبی کا فطرومہ ایک پیچیدہ کمیت بنا کر بیخی بافتوں کو گھیر لیتا اور بعض صورتوں میں ان پر حملہ آور ہوجاتا ہے ۔

mycorrhizal, mycorhizal, a. فطربیخ دوستانہ ؛ بافطر زیستانہ ۔

mycosis, n. (امراضیات) فُطریت ؛ مرضِ فُطری ؛ جسم پر یا جسم میں طفیلی فُطر کی موجودگی ؛ ایسے فُطر سے پیدا ہونے والی بیماری جیسے داد (ring worm) ۔

mycotic, a. فُطری ؛ مرضِ فُطری سے متعلّق ۔

mydriasis, n. پُتلی کا پھیلاؤ ؛ کشادگیِ مردمک ؛ اتشاع حدقہ ؛ بیماری یا دواؤں کی وجہ سے پتلی کی حد سے زیادہ کُشادگی ۔

mydriatic, a. کُشادگیٔ مردمک کا یا یہ بیماری پیدا کرنے والا ۔ (اسم) کشادگیِ مردمک کی دوا ۔

myelencephalon, n. (تشریح الاعضا) مؤخرِ دماغ ؛ موخر دماغ کا پچھلا حصہ جہاں راس النخاع (medula oblongata) نشوونما پاتا ہے ۔

myelencephalic, a. مؤخّرِ دماغ کا یا اس سے متعلق ۔

myelin, n. (تشریح الاعضا) مائیلن ؛ شحم اعصاب ؛ نرم ، سفید ، چربیلا مواد جس میں بعض عصبی ریشوں کا مغز یا محوری اسطوانہ ملفوف ہوتا ہے ۔

myelinic, a. شحم اعصابی ؛ شحم اعصاب سے متعلق ۔

myelinization, myelination, n. (تشریح الاعضا) شحم اعصابیت ؛ نخاعی غلاف سازی ؛ وہ عمل جس کے ذریعے شحم اعصابی کا غلاف بنتا ہے ۔

myelin sheath, n. (تشریح الاعضا) نخاعی غلاف ؛ مغزی غلاف ؛ بعض اعصابی ریشوں کو ملفوف کرنے والا نُخاعی غلاف ۔

myeloid, a. (تشریح الاعضا) مغزی ؛ نخاع نُما ؛ مغزِ عَظم سے مشابہ ؛ حرام مغز سے متعلق ۔

Mylar, n. (کیمیا) مائلر ؛ غباروں وغیرہ کے لیے پولیسٹر پلاسٹک کا تجارتی نام ۔

myna, mynah, n. [اردو : مینا] مَینا ؛ کوئی سی ایشیائی سار (starling)، خصوصاً جنس گرے کولا (Gracula) سے تعلق رکھنے والی مینا جس کی بعض قسمیں پالی جاتی ہیں اور انھیں نقالی گفتگو سکھائی جاتی ہے ۔

Mynheer, n. ولندیزی اصطلاح خطاب جو جناب ، صاحب (.Sir, Mr) کے مترادف ہے ۔ (چھوٹے m سے) ولندیزی باشندہ ۔

myocardiograph, n. عضلیۂ قلب نگار ؛ آلہ جو دل کے عضلات کی حرکات کا اندراج کرتا ہے ۔

myocardium, n. (تشریح الاعضا) دل کا عضلاتی مادّہ ؛ عضلیۂ قلب ۔

myocardial, a. عضلیۂ قلب کا یا اس سے متعلق ۔

myoelectric, a. (فعلیات) عضلہ برقی ؛ عضلہ بندی میں استعمال ہونے والے آلات کو حرکت دینے کے لیے اعصاب سے پیدا ہونے والی برقی قوّت سے متعلّق ۔

myogenic, myogenetic, a. عضلہ زاد ؛ پٹھوں میں پیدا ہونے والا ۔

myoglobin, n. (حیاتی کیمیا) مائیو گلوبن ؛ حمرۃ العضلہ ؛ پٹھوں کا حمرہ جو خون کے حمرہ (hemoglobin) کی طرح ہوتا ہے لیکن اس میں کاربن مونوآکسائڈ کم اور آکسیجن زیادہ ہوتی ہے ۔

myograph, n. عضلہ نگار ؛ عضلات کی حرکت ناپنے کا آلہ ۔

myology, n. عضلیات ؛ عِلمُ العضلات ؛ پٹھوں کا بیان ؛ عضلات کا عِلم ؛ تشریح الاعضا کا وہ شعبہ جس کا تعلّق عضلات سے ہے ۔

myologist, n. عالِم عضلیات ؛ عِلمُ العضلات کاماہر ۔

myologic, myological, a. عضلیاتی ؛ عِلمُ العضلات سے متعلق ۔

myoma, n. (امراضیات) عضلات کی بافتوں سے بنی ہوئی رسولی ؛ سلعۂ عضلہ ۔

myomatous, a. عضلات کی رسولی کا یا اس سے متعلق ؛ سلعۂ عضلہ سے متعلق ۔

myoneural, a. عضلی عصبی ؛ عضلات اور اعصاب سے متعلق ۔

myopia, n. (امراضیات) چُندھاپن ؛ ضُعف البصر ؛ ضُعفِ بصارت ؛ قریب نظری ؛ قریب بینی ؛ کوتاہ بینی ؛ آنکھ کی ایسی حالت جس میں تصویریں پردۂ چشم کے آگے مرکوز ہوتی ہیں جس کی وجہ سے چیزیں صرف اس صورت میں صاف نظر آتی ہیں جب وہ آنکھ سے نزدیک ہوں ؛ دور نظری یا دوربینی کا فُقدان ۔

myope, n. قریب نظر/قریب بین شخص ۔

myopic, a. قریب نظر ؛ قریب بین ۔

myopically, adv. قریب نظری سے ؛ قریب بینی سے ۔

myosotis, n. گُل وفا ؛ جنس گُل وفا کا کوئی سا پودا ۔

myriad, n. دس ہزار ؛ بے شُمار ؛ لامحدود بڑی تعداد ؛ لوگوں کابہت بڑا ہجوم ؛ جم غفیر ؛ انبوہ کثیر ؛ چیزوں کا بہت بڑا انبار ۔ (صفت) بے شمار ؛ ان گنت ؛ کثیر لیکن لا محدود ۔

myriapod, myriopod, n., a. (حیوانیات) کنکھجورا ؛ ہزار پا ؛ کثیرپا ؛ صدپایوں سے تعلق رکھنے والا ؛ لمبا ، جوڑدار ، حشرہ نما کثیر پا جس کے ہر جوڑ میں پاؤں کی ایک جوڑی ہوتی ہے یا ہزار پایوں سے تعلق رکھنے والا جس کے ہر جوڑ میں پاؤں کی دو جوڑیاں ہوتی ہیں ۔

myriapodous, a. ہزار پا یا صد پا کا یا اس سے متعلّق ۔

myrmecology, n. (حشریات)نملیات ؛چیونٹیوں کا مطالعہ ؛ چیونٹیوں کا علِم ۔

myrmecological, a. نملیاتی ۔

myrmecologist, n. ماہرِ نملیات ؛ عالِم نملیات ۔

myrmecophagous, a. مورخور ؛ نمل خور ، چیونٹیوں کو کھانے والا ؛ چیونٹیوں کو کھانے کے لیے موزوں بنایا ہوا جیسے نمل خور کے جبڑے ۔

myrmidon, n. پیرو کار یا سپاہی جو رضاکارانہ ناجائز احکام کی تعمیل کرتا ہو ۔ (بڑے M سے) یونانی روایت میں تھسلی کی جنگجو قوم کا فرد جس نے ٹرائے کی جنگ میں اپنے بادشاہ ایچلس (Achilles) کی پیروی کی ۔

myrobalan, n. ہڑ ؛ ہلیلہ ؛ جنس ہلیلہ کے بعض شرق الہندی پودوں کا خشک پھل جسے دبّاغ ، رنگریز اور روشنائی ساز استعمال کرتے ہیں ۔

myrrh, n. مُرّ ؛ مرمکی ؛ عرب اور مشرقی افریقہ کے چھوٹے درختوں خاص طور پر ببول کے درخت سے حاصل شدہ گوند جو طبّی طور پر مقوی دواؤں اور منجن میں استعمال ہوتا ہے ؛ قدیم زمانے کی قنطاریون یا مُر جو اب بھی لوبان اور عطر میں استعمال ہوتی ہے ۔

myrtle, periwinkle, n. مہندی ؛ حِنا ؛ آس ؛ حنا خاندان کی سدا بہار کاشت کی جانے والی جھاڑی جو بحیرۂ روم کے خطے میں پائی جاتی ہے جس کے پھول سفید خوشبودار اور پھل مہک دار ہوتے ہیں ؛ قدیم حنا جو محبت کی علامت اور عشق کی دیوی زہرہ کے نزدیک مُقدّس سمجھی جاتی تھی؛ سدا بہار رینگنے والی آرایشی بیل ،جو زمین ڈھانپنے اور کھڑکیوں کے گملوں میں اگایا جانے والا مقبول پودا تھا۔ اس کا تعلق کچلا خاندان سے ہے ،اس کے پھول زرد ، نیلے یا سفید ہوتے ہیں ۔

myself, pron. میں خود؛ میں نے خود ؛ میں ہی ، مَیں نے ہی ؛ اپنے تئیں ؛ اپنے کو؛ میں نے اپنے آپ کو ؛ میں (I) پر زور دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے: I myself am responsible) ؛ راجع الی الفاعل کے طور پر me کی ایک صورت جو فعل کے براہ راست یا بالواسطہ مفعول یا حرفِ ربط کے مفعول کے طور پر کام کرتا ہے (جیسے : I hit myself with a rake handle, gave myself a gift, I thought only of my self, after a time I was myself again) ۔

mystagogue, n. رموز و اسرار کی تعبیر کرنے یا تعلیم دینے والا ؛ تعبیر کُنندہ ؛ تبرکات کا دکھانے والا ؛ مُرشد ؛ عُلوم باطنی کا استاد ؛ مرشد یا پیر طریقت ؛ صوفی ۔

mystagogy, n. باطنیت ؛ طریقت ؛ اِسرار و رموز کی تعبیر یا تعلیم ۔

mystagogic, mystagogical, a. مرشدانہ ؛ باطنی انداز کا حامل ۔

mystagogically, adv. مرشدانہ انداز سے ؛ باطنی انداز سے ۔

mysterious, a. پراسرار ؛ اسراریت پسند ؛ رموز پسند ؛ جو منکشف یا واضح نہ ہو ؛ غیر منکشف یا غیر واضح ؛ ناقابل فہم ؛ انسانی ادراک سے ماورا ؛ مخفی ؛ پوشیدہ ؛ سرّی ؛ نہانی ؛ معمّے جیسا ؛ چیستان نما ۔

mysteriously, adv. پراسرار طریقے سے ؛ رازداری کے انداز سے ۔

mysteriousness, n. پُراسراری ؛ سرّیت ؛ اسراریت ؛ راز پسندی ۔

mystery, n. سرّ ؛ راز ؛ جو چیز خفیہ رکھی گئی ہو یا تشریح طلب یا نامعلوم ہو ؛ ناقابل وضاحت یا پریشان کن واقعہ یا معاملہ ؛ کوئی معاملہ ، چیز یا شخص جس کی پوری طرح وضاحت نہ کی گئی ہو اور اس وجہ سے تجسس یا تذبذب کاباعث ہو ؛ پُراسرار معاملے ، چیز یا شخص کی کہانی یا ڈرامائی پیشکش ؛ رمز یا ابہام ، جیسے کسی ایسی چیز کا جو معما ہو یا وضاحت طلب ہو ؛ مبہم ؛ گنجلک یا پراسرار کیفیت یا خصوصیت ۔ (عیسائیت) مذہبی رسم ، خصوصاً عشائے ربانی ۔ (جمع) عشائے ربانی کے عناصر ۔ (واحد) حضرت عیسیٰ کی زندگی کے سلسلے میں کوئی واقعہ یا منظر جو خاص اہمیت کا حامل سمجھا جائے ؛ معجزاتی ڈراما ، جو بعض اوقات انجیل کے کسی ایک موضوع تک محدود رکھا جاتا ہے ۔ (الٰہیات) وہ صداقت جو خدائی الہام کے بغیر معلوم نہ ہو سکے ۔ (جمع) قدیم کافرانہ مذاہب میں بعض رُسُوم جن میں صرف عارفوں ہی کو شرکت کی اجازت ہوتی تھی ؛ بعض ایسی رسوم یا راز جو صرف خصوصی طور پر شریک ہونے والوں محرموں/عارفوں کو معلوم ہوں (جیسے: the mysteries of the fraternity.) ؛ بھید ؛ مُعمّا ؛ چیستان ؛ پردۂ راز ؛ سِرّحقیقت ؛ سِرِمعرفت ۔

mystic, a. باطنی ؛ عارفانہ ؛ متصوفانہ ؛ انسانی عِلم یا ادراک سے پوشیدہ یا مخفی ؛ مخفی معانی عموماً مذہبی ، پر مشتمل ؛ پراسرار ؛ نہانی ؛ قدیم اسرار سے متعلق ؛ صوفیوں اور تصوف سے متعلق ۔ (اسم) صوفی ؛ متصوف ؛ عارف ؛ تصوف پر یقین رکھنے والا ؛ مخفی رسوم میں شامل یا شامل ہونے کا مجاز ۔

mystical, a. پراسرار ؛ باطنی ؛ متصوفانہ ؛ صوفیانہ ؛ عارفانہ ؛ نہانی ؛ مخفی ؛ پوشیدہ ؛ انسانی تجربے سے ماورا ؛ روحانی واقعہ سے متعلق وجدان یا بصیرت جو ادراک سے بالاتر ہو ؛ خدا سے رُوحانی رابطے سے متعلق ۔

mystically, adv. پوشیدہ ؛ راز کے طور پر ؛ باطنی انداز میں ؛ پراسرار طور پر ؛ تصوف کے انداز سے ؛ باطنی طریقے سے ؛ صوفیانہ طور پر ۔

mysticality, mysticaliness, n. باطنیت ؛ عرفان ؛ تصوف ؛ صوفیت ۔

mysticism, n. باطنیت ؛ علم باطن ؛ تصوف ؛ عرفان ؛ یہ نظریہ یا عقیدہ کہ انسان وجدانی طور پر بصیرت کے ذریعے ، جو کہ عام فہم یا حسی شعور کی نسبت زیادہ فوری اور براہِ راست طریقہ ہے، خدایا مذہبی صداقت کو جان سکتا ہے ؛ دل کی روشنی یا خاص انکشاف کے ذریعے اسرار وجود کے حل کی تلاش ؛ انسانی تجربات سے

خارج نظریات پر خواب نا رویائی غور اور ظن وتخمین۔

mystify, v.t. جان بوجھ کر الجھانا /راز بنانا ؛ مخفی کرنا ؛ پراسرار بنانا ، خوش اعتقادی سے کھیلنا ؛ مغلق یا پیچیدہ کرنا ؛ کرامات کے دعوے سے بے وقوف بنانا ؛ ابلہ فریبی کرنا ؛ عقل گم کر دینا ؛ حیران کرنا ؛ مبہم بنانا۔

mystification, n. پراسرار بنانے کا عمل ؛ ابلہ فریبی ؛ ابہام۔

mystique, n. غیر واضح پُراسرار عقائد ، جذبات ، اندازِ نظرو فکر جو کسی شخص ، تنظیم ، پیشے وغیرہ سے وابستہ ہوں ؛ غیر معمولی نقطۂ نظر ، اکثر پُراسرار ، جو کسی خاص مذہبی یا کسی اور جماعت کی خصوصیت ہو ؛ نہایت ترقی یافتہ ہنر یا خفیہ فن۔

myth, n. اسطور ؛ اسطورہ ؛ دیومالا ؛ داستان؛ دیوتاؤں کی کہانی؛ ایسی روایت یا کہانی جس میں دیوتاؤں یا دیگر رُوحانی ہستیوں ، ان کی اپنی اصل ، ابتدائی تاریخ اور ان سے منسوب شہ زوروں یا دنیا کی اصل کے بارے میں عقائد شامل ہوں؛ عام معنوں میں کوئی بھی من گھڑت کہانی؛ خرافات؛ ایسی چیز یا فرد جس کا حقیقت میں کوئی وجود نہ ہو؛ خیالی قصّہ ؛ افسانہ۔

mythic, mythical, a. اساطیری ؛ فرضی ؛ خیالی ؛ من گھڑت ؛ خرافاتی۔

mythically, adv. اساطیر کی طرح ؛ من گھڑت طریقے سے ؛ فرضی طور پر۔

mythicize, v.t. اساطیری انداز میں بیان کرنا ؛ من گھڑت افسانہ بنا کر پیش کرنا ؛ جی سے بنانا ؛ اسطور کی طرح تعبیر کرنا۔

mythicizer, n. افسانہ ساز ؛ اسطوری رنگ دینے والا۔

mythographer, mythographist, n. اساطیر نگار ؛ اساطیر یا ان کے بارے میں لکھنے والا ؛ اساطیر جمع کرنے والا۔

mythological, mythologic, a. اساطیری ؛ دیومالائی۔

mythologically, adv. اساطیری انداز میں۔

mythologist, mythologer, n. ماہر اسطور ؛ دیو مالا کا ماہر ؛ ماہر صنمیات۔

mythologize, v.i., v.t. اساطیر گھڑنا یا بیان کرنا ، اساطیر کی وضاحت کرنا ؛ اساطیر کے حوالے سے تعبیر کرنا ؛ اسطور کا رنگ دینا یا اس طرح وضاحت کرنا ؛ اساطیریات کے حوالے سے تعبیر کرنا۔

mythologizer, n. اساطیری رنگ دینے والا ؛ اساطیر گھڑنے والا ؛ اساطیر ساز۔

mythology, n. اساطیریات ؛ عِلمُ الاصنام؛ دیومالا ؛ صنمیات ؛ اسطوریات ؛ اساطیر کا مطالعہ؛ اساطیر کا مجموعہ جو کسی خاص شخص سے متعلق ہوں یا دیوتاؤں اور انسانوں کے افسانوی کارناموں کو بیان کریں (جیسے Teutonic mythology, Greek mythology)۔

mythomania, n. (طِبِ نفسی) جنون اسطوری ؛ افسانوی خبط ؛ جھوٹ اور مبالغہ آرائی کا شدید رُجحان۔

mythomaniac, n., a. افسانوی خبطی ؛ مجنون اسطوری ؛ جُھوٹ اور مبالغہ آرائی کا شدید رجحان رکھنے والا ؛ من گھڑت چیزوں کا خبط رکھنے والا۔

mythopoeic, a. اساطیر سازی سے متعلق۔

mythopoeism, n. اساطیر سازی۔

mythopoeist, n. اساطیر ساز۔

mythos, n. ماضی کے تجربات سے پیدا شدہ لوگوں کے عقائد اور خوف کو اسطور میں سمونا؛ اسطور؛ اساطیریات؛ دیو مالا ؛ صنمیات۔

myxoma, n. (امراضیات) سلعۂ مخاطی ؛ لعاب اور متعلقہ بافتوں پر مشتمل رسولی۔

myxomatosis, n. مخاطی مرض ؛ لعابی بیماری۔

myxomatous, a. لعابی بیماری کا یا اس سے متعلّق ؛ مخاطی مرض سے متعلق۔

N

N., n. انگریزی کا چودھواں حرفِ تہجّی اور گیارھواں حرف صحیح ؛ انفی (ناک سے نکلنے والی) آواز جس کی نمائندگی n کرتا ہے ؛ اس حرف (n) کی شکل کی کوئی چیز۔ (طباعت) طبع شدہ یا تحریر شدہ N یا n کی صُورت۔ (بڑے N سے) (کیمیا) نائٹروجن کی علامت۔ (چھوٹے n سے) (ریاضی) غیرمُعیّن عدد ؛ لامتناہی عدد۔

nab, v.t. (بول چال) جھپٹ لینا ؛ چھین لینا ؛ جلدی سے اُٹھا لینا ؛ دفعتاً یا اچانک پکڑ لینا ؛ اُچک لینا ؛ گرفت میں لے لینا ؛ دھرلینا ؛ موقع واردات پر گرفتار کر لینا۔

nabob, nawab, n. [اردو نوّاب کا بگاڑ] نواب ؛ ہندوستان کی مُغلیہ سلطنت میں صوبے کا عامل یا فوج کا سالار ؛ اعلیٰ اقتدار اور دولت کا مالک شخص ؛ دولت مند ؛ مُقتدر۔

nacelle, n. بذنہ ؛ ہوائی جہاز میں اِنجن کی حفاظت کے لیے ہموار وضع کا خانہ یا گوشہ ؛ ہوائی جہاز ، زپلن یا غبارے کا وہ محدُود حصّہ جو مسافروں ، ہوائی جہاز کے عملے یا سامان لے جانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

nacre, n. (فارسی) صدف ؛ نکر ؛ سیپ ؛ سیپی ؛ گھونگھا ؛ پر کی شکل کا ایک سمُندری کیڑا۔

nacred, a. سیپ کے مانند یا اس کی طرح استر رکھنے والا۔

nacreous, a. صدفی ؛ سیپ پر مشتمل یا اس سے مشابہ ؛ مروارید کی طرح آبدار ؛ موتی کی سی آب کا حامل ؛ موتی سا۔

Na-Dene, Nadene, n., a. ناڈینے ؛ شمال مغربی امریکا کے بعض انڈین قبائل میں بولی جانے والی زبانوں کے ذیلی خاندانوں کی لسانی ذیلی تقسیم ، جس میں ٹلنگٹ (Tilingit) ، ہیڈا (Haida) اور اتھاپاسکن (Athapaskan) شامل ہیں۔

nadir, n. [عربی ، فارسی: نادر] سمت النظیر ؛ سمتُ القدم ؛ سمت الرّاس کی ضِد ؛ فلک کا وہ خیالی نُقطہ جو سمتُ الرّاس کے مقابل اور کسی مُقررہ مقام یا شخص کے عین نیچے ہو۔ (مجازاً) سب سے پست درجہ ؛ پستی کی انتہا ؛ انتہائی زوال کا زمانہ ؛ انتہائی اضمحلال کا وقت۔